بیکڑیا یعنے بلخ کی نسبت گمان کیا گیا ہے کہ ابتدائی مسکن انسان کا ہی بت پرستی اور مسلک حلول - مشرقی قوم ایرین کا نکلکر کوہ ہندوکش کے ادہر کردیا اور وہ قوم ہندوستان مین آئے - مشرقی قوم ایرین کی حالات ہندوستان مین - اونکی حالت مین تدریجاً تنزل ہونا - شرک کا شایع ہونا - مغربی قوم ایرین یعنے ایرانیون کا احوال تورانیون کے ساتھ اونکا آمیختہ ہوجانا - اونکا تنزل - جو اصلاحین زردشت آئین اونکا مدت قلیل تک باقی رہنا - مزدق کا اپنے مسلک کو تعلیم کرنا - یہود اور اونکی حالت عیسائیون کا اپنے پیغمبر کے احکام کے خلاف کرنا - اونکا فسق وفجور - عرب کا احوال قبل شیوع اسلام کے - دہانکی بت پرستی اونکے حکایات وروایات کی کیفیت صفحہ ۸ - ۲۹

دوسرا باب

پیدایش حضرت خاتم الانبیاء - آنحضرت کی ابتدائی حالات - محاربات فجار - آنحضرتؐ کی تقدس ودرع کیوجہ سے آپؐ کا لقب الامین ہوگیا - آپؐ کا عقد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے - آپؐ کی خلوت پسندی - آپؐ کا تقرب خداوند عالم سے - آپؐ کے نفس قدسی پر حق کا منکشف ہونا آپؐ کی رسالت - سابق الاسلام لوگونکا حال - قریش کا اذیز ظلم وتعدی کرنا - مشرکین قریش کا آنحضرتؐ کو طمع دنیاوی دینا - بعض صحابہ کا حبش مین ہجرت کرنا - جعفر بن ابیطالبؓ کا نجاشی بادشاہ حبش سے تقریر کرنا - وفات حضرت ابوطالبؓ وحضرت خدیجہؓ صفحہ ۲۹ - ۸۴

تیسرا باب

قریش کا مسلمانون پر متواتر ظلم و تعدی کرنا - آنحضرت کا طائف مین تشریف لیجانا اہل طائف کی سوء ادبی آپکے ساتھ - سابق الاسلام اہل مدینہ مین - حلف اول - آنحضرتؐ کے نفس قدسی کا رفیع و عالی ہونا - بیان معراج - حلف ثانی - قریش کا آنحضرتؐ کے قتل پر آمادہ ہونا - آنحضرتؐ کا یثرب یعنی مدینہ منورہ مین ہجرت فرمانا - صفحہ ۵۳ - ۶۶

حاشیہ ۱ - ۲ - سنہ ہجری کا بیان -

چوتھا باب

احوال آنحضرتؐ مدینہ مین - احوال انصار و مہاجرین - تعمیر ہونا پہلے مسجد کا اسلام مین آنحضرت کا ارشاد کہ سب بنی آدم سے محبت اور خیر خواہی کرنا چاہیے - ۶۶ - ۷۰

پانچوان باب

آنحضرتؐ کے اوصاف حمیدہ اور خصال پسندیدہ آپکے فیاضانہ خیالات - یہود کی عداوت قریش کا بغض و عناد - قریش کا تیاری کرنا کہ مسلمانون پر حملہ کرکے مغلوب کرلین - عبداللہ بن جحش کا فوج لیکر دشمن کے تفحص و تجسس مین جانا - غزوہ بدر - مشرکین قریش کا منہزم ہونا - صفحہ ۸۳

حاشیہ ۱ - صفحہ ۸۱ - ۸۳ اسلام دین مسیحی مین ملائکہ اور شیاطین کا اعتقاد

حاشیہ ۲ صفحہ ۸۳ جس روایت مین لکھا ہے کہ آنحضرتؐ نے عقبہ کو سخت جواب دیا وہ روایت مصنوعی ہے

چھٹا باب

غزوہ بدر کا مقابلہ جنگ ہلوین برج سے - کفار قریش پر خواہش انتقام کا غالب ہونا - انکا یورش مدینہ پر - غزوہ احد - مسلمانون کا شکست کھانا - کفار کا نعش شہدا کو بڑی بیرحمی سے قطع کرنا - مسلمانون کو ممانعت قطعی ہونا کہ کفار کی توہین نکرین - کفار کا بہت سے مسلمانون کو مقام بئر المعونہ مین فریب سے قتل کرنا - یہود اور اونکی عداوت - بنی قینقاع اور اونکا اخراج - بنی نظیر اور

اونکی مخالفت - اونکا جلاے وطن ہونا - ایک اور سازش مسلمانون کے استیصال کے لیے - محاصرۂ مدینہ بنی قریظہ اور اونکی بغاوت - دشمنون کا محاصرہ سے بازآنا - بنی قریظہ اور اونکی تعذیر صفحہ ۱۰۲ - ۱۰۷

ساتوان باب

آنحضرتؐ کا جود و کرم نسبت دشمنون کے - صلح حدیبیہ - شرائط صلح - قاصدان آنحضرتؐ کا قرب و جوار کے بادشاہون پاس جانا - صفحہ ۱۰۷ - ۱۱۷

آٹھوان باب

یہود کا دوبارہ آمادہ جنگ ہونا - فوج اسلام کا خیبر پر جانا - یہود کا استغفاے قصور کرنا - شرائط عفو قصور - حجۃ التکمیل - مؤتہ پر فوج اسلام کا جانا تاکہ یونانیون سے سفیر اسلام کے قتل کا انتقام لین - اہل مکہ کا شرائط صلح حدیبیہ کے خلاف ورزی کرنا - مسلمانون کا اونکے گوشمالی کے لیے جانا - آنحضرتؐ کا سلوک اہل مکہ کے ساتھ - قبائل صحرائی کا مسلمانون پر حملہ کرنے کی تیاری کرنا - اونکا منہزم ہونا - آنحضرتؐ کا اسیران قبائل صحرائی کو رہا کر دینا - صفحہ ۱۱۷ - ۱۲۷

نوان باب

سنہ نہم ہجری - قاصدون کا جابجا سے آنحضرتؐ کی خدمت مین آنا - عرب پر قیصر روم کی فوج کشی کا افواہ مشہور ہونا - فوج اسلام کا سرحد پر روانہ ہونا - شہادت عروہ اور مطیع اسلام ہونا اہل طائف کا - دختر حاتم طائی کی خاطر مدارات - حج کرنا ابوبکر صدیق کا حضرت علیؓ کو آنحضرتؐ کا حکم فرمانا کہ کفار کو بالاعلان منع کرو کہ کعبہ کے قریب نہ جائین - اس ممانعت کے وجوہ - سر ولیم میور صاحب کی اس قول کی تردید کہ آنحضرتؐ نے ایک مدت مدید تک یہود و نصاریٰ کو (العیاذ باللہ) فریب دیکر آخر الامر انسے قطع تعلق کر لیا - صفحہ ۱۲۷ - ۱۳۵

دسوان باب

سنہ دہم ہجری - آنحضرتؐ کی رسالت کی تکمیل - آپکا اعظم [illegible] دینا - آنحضرتؐ کا شرف

وفضیلت تمام مہذبان اخلاق ومصلحان بنی آدم پر حجۃ الوداع - آنحضرت کا خطبہ - آخری سال آنحضرتؐ کی عمر شریف کا - آنحضرتؐ کی وفات - آپ کے خصائل وعادات صفحہ ۱۳۵-۱۴۴

گیارھوان باب

معانی حقیقی ومجازی لفظ اسلام کی قوانین اسلامیہ کے اصول وبنیاد قبل شیوع اسلام عرب مین اعتقاد الوہیت - یہود کا اعتقاد نسبت باری تعالیٰ کے - اونکا حضرت موسیٰ اور عزرا کی عامیانہ پرستش کرنا - اونکا طرافیم ہست کی عبادت کرنا - نصاریٰ کا اعتقاد الوہیت - اونکا حضرت مسیح وحضرت مریم کی پرستش کرنا - توحید باریتعالیٰ صرف آنحضرتؐ ہی نے تعلیم فرمائی - قرآن مجید مین باریتعالیٰ کی توحید وعظمت وجلال کا اظہار - قرآن مجید مین ہر قسم کی بت پرستی کی بیخ کنی اور تفصیح صفحہ ۱۴۶-۱۵۱

بارھوان باب

اعمال مذہبی اسلام مین - حقیقت نماز - پیروان زردشت مین کیا تھی - یہود مین کیا تھی عیسائیون مین کیا تھی - مسلمانون مین کیا ہی - مکارم اخلاق مسلمانون کے نزدیک کیا ہی - فریضہ صوم - یہود وعیسائیون مین - مسلمانون مین - وہ حالات جنمین روزہ رکھنا مسلمانون مین فرض ہے - اسلام مین رہبانیت کا مکروہ ومذموم ہونا - عمل نیک نہادی عیسائیون مین - قوانین اسلامیہ کا زکوٰۃ کے باب مین عمدہ اور فیاضانہ ہونا - فریضہ حج - اوسکے فوائد - آنحضرتؐ کے احکام کے اوصاف مخصوصہ - اسلام کا تمام عالم کی مناسب حال ہونا اور اوسکی نیک نہادی سب بنی آدم سے - اسلام مین خیر وشر دونو کا خیال - یہ دین اعلیٰ اعلیٰ درجہ کے علم وعمل کا جامع ہی - مختصر کیفیت اسلام کی جو قرآن مجید سے ثابت ہی ۱۵۲-۱۷۷

تیرھوان باب

تردید اس قول کی کہ اسلام بزور شمشیر قائم ہوا - مسلمانون کی ابتدائی لڑائیون کا مقابلہ عیسائیون کی لڑائیون کے ساتھ - جو مراسم ایک قوم کو دوسری قوم کے نسبت بجالانے چاہئین

وہ قبل بعثت آنحضرتؐ کسیکو معلوم نہ تھے - اہل کلیسا کا دیگر اہل مذاہب کو ستانا - اسلام کا رفق و مدارا دیگر اہل مذاہب کے ساتھ آنحضرتؐ کی غزوات اور مسلمانون کی ابتدائی لڑائیون کی تحقیق - اثبات اس امر کا کہ اسلام نے کسی قوم پر تعدی و دست درازی نہین کی - ۱۶۹-۱۹۶

چودھوان باب

تعدد ازواج - اوسکی اصل - کل اقوام سلف مین رائج تھا - سینٹ اکسٹاین کا قول جواز تعدد ازواج کے باب مین - چھٹی صدی عیسوی مین مسلمان جرمن کے اقوال اس باب مین - زوجہ واحدہ کا رسم ممالک یورپ مین کیونکر جاری ہوا - قوانین اسلامیہ در باب تعدد ازواج اس فعل کا عقلاً ممنوع ہونا - قوانین اسلامیہ متعلقہ تعدد ازواج کی حکمت - تعدد ازواج کی حلت مصالح وقت پر موقوف ہے - ترقی تہذیب و شائستگی سے یہ رسم عقلاً ممنوع ہوگیا - قوانین اسلامیہ کی لینت و ملائمت - اونکا تمام مدارج ترقی کے موافق ہونا - اس امر کی تحقیق کہ آنحضرتؐ کی متعدد ازواج کرنے کی کیا وجہ ہوئی - قدیم قومون مین طلاق کا رائج ہونا - قانون طلاق جسطرح اوسکی تصریح حضرت عیسیٰ نے فرمائی ہے - احکام اسلام در باب طلاق - اسلام نے عورتون کی حالت مین بڑی اصلاح کی ہے - عورتون کی عزت و حرمت اسلام نے جاری کی ہے - ۱۹۶-۲۲۳

پندرھوان باب

پردہ فروشی کی اصل - اس امر کی تحقیق کہ آیا دین مسیحی مین ممنوع ہے یا نہین - احکام اسلام مانع پردہ فروشی ہین - پردہ فروشی اسلام مین مکروہ ہے - ۲۲۳-۲۳۲

سولھوان باب

حیات آخرت کا اعتقاد تدریجی تکمیل عقل سے پیدا ہوا - روز قیامت کا اعتقاد اہل مصر مین - یہود مین قوم ایرین مین پیروان زردشت مین - یہود کا اعتقاد مسیح کے باب مین - اوس اعتقاد کی اصل منشاء عیسائی روایات کی حقیقت واقعی - حضرت عیسیٰ اور حواریین کے دلمین آسمانی سلطنت کا خیال ہونا

بہشت و دوزخ کا اون اقوال کے موافق جو حضرت عیسیٰ کیطرف منسوب کیے گئے ہین - حضرت مسیح کی رجعت کا خواب و خیال - یہ خیال کیونکر دفع ہوگیا حیات آخرت کا اعتقاد اسلام مین - کمال تدریجی خصائص بشری سے ہے - حیات دنیا و حیات آخرت کا اعتقاد جو قرآن سے ثابت ہے - ۲۳۳-۲۵۲

سترھوان باب

عرب کا علم و فضل قبل بعثت آنحضرتؐ - آنحضرتؐ کا اصول عملی کو جاری کرنا - آنحضرتؐ کے احکام و ہدایات سے مذہب معقول پسند کا پیدا ہونا - تواتر خلافتون کے حالات - علم معقول پسند اسلام مین - مسلمانون کے حالات بعہد خلفاے عباسیہ - مسئلہ جبر و اختیار - مسائل فرقہ معتزلہ - وصفاتیہ - معتزلہ کے اقوال اس زمانہ کے فلاسفہ کے آرا پر ترجیح رکھتے ہین - اسلام مین مسلک قدما کا غالب آنا - فرقہ شیعہ - فرقہ اہل سنت و جماعت - فرقہ صوفیہ - صوفیہ کے نزدیک کل اعمال نیک عشق پر موقوف ہین - ممالک یورپ مین تصوف کا ماخذ اسلام ہوا - آنحضرتؐ کے احکام مین علم کے فضائل بکثرت لکھے ہین - ۲۵۲-۲۷۶ -

اٹھارھوان باب

اسلام کی ملکی حقیقت - اسلام نے ملکی آزادی کو مقدس گردانا ہے - دنیا کی قومون کو آزاد کردیا - مسلمانون کے حالات بعہد خلفاے راشدین - ۲۷۶-۲۸۰ -

انیسوان باب

مسلمانون مین ترقی علوم و فنون - طریقہ استخراجیہ استدلال اونکو خوب معلوم تھا - طبیعیات مسلمانون کا فن نقاشی و سنگ تراشی مین ظاہر البیت مرتبہ ہونا - مسلمانون مین علم ادب قرآن مجید اور اوسکے اوصاف مخصوصہ - تاریک مسلمانون سے جنھون نے کارنمایان عقل کے میدان مین ہوئے ہین وہ سب آنحضرتؐ کی تعلیم و تلقین کی برکت سے ہوے ہین - مسلمانون نے ممالک یورپ مین تہذیب و شائستگی مذہب معقول پسند جاری کیا - دین سچی مذہب معقول پسند کے خلاف ہے -

عرب کی حالت علم کا نازل ہونا علم کے دنیا کی ترقی کا سبب ہونا - اسلام کے موافق ہونا - ابتدائی ترقی و وسعت کی وجہ - ۲۰۲-۲۳۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

مہتدیان اخلاق و مصلحان بنی آدم مین (حضرت) محمدؐ کا پایہ سب سے بلند ہی اور بیشک آپ خاتم الانبیاء و المرسلین ہین - دنیا مین ترقی اور تہذیب کا آغاز خاص خاص اشخاص کے ذریعہ سے زمانۂ سلف مین سرزمین بیکٹریا[۱] مین ہوا اور اوسکا انجام اوسی یادگار زمانہ مین حجاز کے پہاڑون اور گھاٹیون مین ہوا - پھر اوسوقت سے جو ترقی عقلی اور اخلاقی عالم مین ہوئی تو مجموعی ہوئی - یعنے تاکیانئی[۲] اور زردشت اور انبیاء بنی اسرائیل اور حواریینؑ کا زمانہ گذر گیا - بانی اسلام کی سوانح عمری اور اونکے مواعظ و نصایح پر مخالفین و معاندین نے زبان طعن کھولی ہی اور اگرچہ اسپنیم اور پریڈو اور ڈی ہربلاٹ اور اور بعض متعصبین ہنوز باقی ہین مگر اب انسان نے جو روشن ضمیری اور حق بینی تدریجاً حاصل کی ہے وہ اس امر سے بخوبی ظاہر ہے کہ تمام ممالک عیسائی کے خیالات مین باطناً ایک تغیر ہوتا جاتا ہی اور اُس کار عظیم کے ادراک مین جسکو پیغمبر عربیؐ نے ساتوین صدی عیسوی مین انجام دیا اب عیسائی تعصب و نفسانیت کو چھوڑکر آزادی اور انصاف پسندی

[۱] یہ لاطینی نام بلخ اور اوسکے نواح کا ہی ۱۲ [۲] بانی مذہب بدہ جسکا اصلی نام گوتم ہی ۱۲

اختیار کرتے جاتے ہین - چنانچہ انگلستان مین مارس اور اسٹینلی اور کارلائیل اور امریکا مین امرسن اور پارکر اور چیننگ اور ڈریپر جنمین سے ہر عالم فرید عصر اور علامۂ دہر تھا - ان سب علماء نے نہایت دقت نظر سے تحقیق و تفتیش کر کے اس بات کی گواہی دی ہے کہ اسلام اون مکروہ نامون کا ہرگز سزاوار نہین ہی جو متعصبین نے اسکے رکھے ہین بلکہ اسلام بنی آدم کے شکریہ کا مستحق ہی - اسی روشنضمیری اور صفائی عقل سے جو رفتہ رفتہ پھیلتی جاتی ہے اور اسی باطنی ہمدردی سے جو سرایت کرتی جاتی ہے عالی ظرف اور بلند خیال لوگون کو یہ امید ہوتی ہے کہ آخرکار تمام ملل و ادیان مثل شیر و شکر باہم آمیختہ ہوکر ایک عظیم الشان گروہ بنی آدم کا ہوجائیگا

پیغمبر عربی کا تذکرہ موالفین و مخالفین دونون نے لکھا ہی - چنانچہ مورخین یورپ مین دیئل اور سپرینگر اور نولڈیک اور کاسن ڈی پرسیول اور سیوری اور ڈوزی اور اور بہت سی مورخین اسلام اعلی درجہ کے گذرے ہین - مگر باستثناء کاسن ڈی پرسیول اور ڈوزی ان سب مورخون نے ایک ایک خاص مسئلہ گڑھکر اوسکو ثابت کرنا چاہا ہے -

سپرینگر نے اپنی کتاب مین جھوٹا فلسفہ ایسا ٹھونسا ہی کہ اکثر اوس سے ایک نفرت پیدا ہوتی ہے - گو اس مورخ نے ہزار چاہا ہے کہ اپنا تعصب و نفسانیت ظاہر نہونے دے اور منصفانہ نکتہ چینی پر اکتفا کرے مگر اوسکا تعصب اسلام سے اس سے صاف ظاہر ہے کہ اوسنے زبردستی پیغمبر اسلام کا مقابلہ سویڈن برگ کے ساتھ کیا ہی اور ضرع کے توضیح مین اپنی علمیت اسقدر صرف کی ہے کہ مورخ نہین باقی رہا بلکہ ہاجی ہوگیا ہی اور آنحضرت نے جو کفار عرب کے رسوم و اعمال قبیحہ کی مذمت فرمائی ہے اوسپر بھی اس مورخ نے ناحق طعن کیا ہے حالانکہ یہ طعن اگر بانی اسلام پر صادق آتا ہے تو

اس زمانہ کے سوفسطائی سے پوچھیے تو ایسا ہی طعن بعینہ وہ اور بانیان مذاہب پر بھی کریگا۔

اس سوخ کی کتاب مین جو فی الواقع ایک عجیب وغریب کتاب ہی ایک بہت بڑا عیب یہ ہی کہ صحیح اور مصنوعی روایات کو برابر رکھا ہے بلکہ مصنوعی روایات کیطرف ظاہرا رجحان پایا جاتا ہے۔

میور صاحب کے تذکرۂ پیغمبر اسلام مین یہ قبح نہین ہے کہ بہت سا فلسفہ بھر دیا ہو بلکہ یہ حسن ہے کہ جو کچھ مصنف نے لکھا ہی دل سے لکھا ہی۔ اسیوجہ سے مسلمانون کو اور بیشتر زیادہ توجہ کرنا لازم ہے اور جو جو چھوٹا مسئلہ اور مصنوعی روایت اوسمین بیان کی ہے اوسکی تردید کرنا واجب ہی۔ مگر جس نیت سے مصنف نے یہ کتاب تصنیف کی ہے، اگر اوسکا لحاظ کیا جاے تو منصف مزاجون کو خواہ مخواہ شبہ پیدا ہوگا کہ اسکا مصنف تعصب سے بالکل پاک نہین ہے۔ چنانچہ خود مصنف نے دیباچہ مین صاف صاف لکھدیا ہی کہ یہ کتاب مین نے اس غرض سے تصنیف کی ہے کہ پادریون کو مسلمانون سے مباحثہ کرنے مین مدد ملے۔

میور صاحب اور سپرنگر صاحب ان دونون کی تاریخین حاشہ واقدی اور اوسکے کاتب کی تواریخ پر مبنی ہین حالانکہ ان دونون کو اہل اسلام نہایت ضعیف اور غیر محتاط سمجھتے ہین چنانچہ واقدی کی نسبت ابن خلکان[1] لکھتا ہی کہ "وہ جو احادیث واقدی سے مروی ہین وہ ضعیف سمجھے جاتے ہین اور واقدی کی راست گوئی مین کلام کیا گیا ہے"

جتنی کتابین اسلام کی ابتدائی حالات مین تصنیف کی گئی ہین اون سب مین

---

[1] تاریخ ابن خلکان جلد ۲ صفحہ ۶۲ - ۱۲

کاسن ڈی پرسیوال کی کتاب نہایت عالمانہ اور منصفانہ اور مین جمیع الوجوہ اولی و افضل ہے - اگر یہ مورخ اسلام کے ساتھ ہمدردی نہین رکھتا ہی تو تعصب بھی نہین رکھتا ہے اسنے شارع اسلام اور پیروان اسلام کو دشنام نہین دیا ہی اور گو اوس زمانہ کے مصالح اور ضرورتون کو وہ خوب نہین سمجھا ہے تاہم ایسا صاف باطن ہی کہ اوسنے مغالطہ دہی کرکے اور جھوٹ سچ مسئلے گڑھکے اپنی رائے اون واقعات کی نسبت نہین لکھی ہے جو ایسے لوگون مین اور اوس زمانہ مین گذرے جو ہم لوگون سے اور اس زمانہ سے کچھ نسبت ہی نہین رکھتے -

ایک اور تاریخ بھی زبان فرانسیسی مین ہے جو لائق تعریف ہی یعنی سیڈلاٹ کی تاریخ عرب مین بہت شرح وبسط کے ساتھ اور بلا رد و رعایت بیان کیا ہی کہ مسلمانون نے دنیا مین کیا کیا - ہمارے برادران دینی ان مورخین کے بھی نہایت ممنون و شکر گذار رہین یعنے اسٹز - دوسچ - بارتھالمی سینٹ ہلیر - ڈیونپورٹ گبن - اور کارلائیل - کہ انھون نے بہت کوشش کرکے اسلام کو قسیس معاندین کے طعن و تشنیع سے بچایا ہے -

اس مختصر رسالہ مین مجھکو منظور ہے کہ پیغمبر اسلام کی سوانح عمری اور اونکے مواعظ و نصایح مین جو عمدہ اوصاف ہین اونکو ایک عام پسند طرز سے بیان کرون اور اکثر ناظرین کے دل سے ظنون فاسدہ اور تعصبات بیجا کو دفع کرون اور یہ ثابت کرون کہ اسلام آدمی کے لیے عجب نعمت عظمی ہے اور دین مسیحی نے انسان کو جزئی ترقی بخشی تھی مگر اسلام نے انسان کو اعلی مدارج کمال پر پہونچا دیا - الحاصل اسلام آثار حکمت الٰہی مین سے ایک اثر ہے جسکے ذریعہ سے خالق عالم ہمکو ہمارے وجود کے مقصود اصلی تک پہونچاتا ہے - مین نے اپنی آراء کو صاف صاف بیان کیا ہی

پس جن ناظرین کو مجھسے اختلاف رائے ہو اونسے اوس عفو کا سائل ہون جسکے مستحق صاف گو آدمی ہمیشہ ہوتے ہین - جن مورخین کے اقوال کو مین نے اس کتاب مین نقل کیا ہے نہایت احتیاط سے نقل کیا ہے - شاید بعض حضرات میرے کلام کو اظہار علمیت پر محمول کرین مگر اس قسم کی کتاب مین جیسے مین اب ہدیہ ناظرین کرتا ہون صواب ہی کی جانب خطا کرنا بہتر ہے یعنی اسناد نقل کرنے مین بہت صحت و احتیاط ملحوظ رکھنی چاہیئے نہ غفلت و عدم مبالات - یہ مختصر تذکرہ پیغمبر اسلام کا مین نے خاص کر ابن ہشام اور ابن اثیر کے تصنیفات سے تالیف کیا ہے - گو ابن ہشام کو سیور صاحب نے بہت ٹوکا ہے مگر وہ سب سے زیادہ محتاط اور معتبر وقایع نگار آنحضرت کا ہمیشہ رہیگا - اور ابن اثیر نے اپنی ساری باوقار تاریخ مین ایسی جودت و ذہانت ظاہر کی ہے اور اوسکا طرز تحریر ایسا پاک و پاکیزہ اور لطیف ہے اور اوسکا علم و فضل ایسا عمیم و وسیع ہے کہ یورپ کے اعلی درجہ کے مورخون کا ہم پایہ کہنا اوسے بیجا نہین ہے -

اب مین اپنے وطن مالوف کو مراجعت کرنے پر تیار ہون - (گو خدا سے دعا مانگتا ہون کہ مجھے پھر اس ملک مین آنا نصیب ہو) اور اس دیباچہ کے آخر مین کچھ اپنی ذاتی کیفیت عرض کرتا ہون امید کہ ناظرین اوسکو نا ملائم نہ تصور فرمائینگے اہل انگلستان سے زیادہ خلیق اور متواضع مین نے کسی ملک کے لوگ نہین دیکھے - ادنی و اعلی ہمیشہ مجھسے بڑی خلق و مروت سے پیش آئے ہین - اور اونکی سرد مہری کا حال جو مین نے کتابون مین دیکھا ہے تجربہ اور مشاہدہ مین ہمیشہ اوسکے خلاف پایا مجھے یقین ہے کہ انگلستان مین بیشتر اکثر صاحبون سے ایک نیاز باطنی اور خلوص قلبی حاصل کرلیا ہے اور اس ملک سے جو محبت مجھکو ہوگئی ہے اوسکا اثر یہ ہوا ہے

کہ اپنے ملک سے مجھکو اور زیادہ الفت ہوگئی ہے۔ جن دوست آشناؤن بلکہ غیرون نے بھی اس عالم مسافرت مین مجھپر لطف و کرم فرمایا ہے اونکا شکریہ تہ دل سے ادا کرتا ہون۔ اور اس موقع کو غنیمت جانکر اون احباب سے بھی نیازمندی اور شکرگزاری کا اظہار کرتا ہون جنھون نے اس کتاب کی تالیف مین میری اعانت کی ہے خاصتہ ڈاکٹر روسٹ صاحب اور آرسی چلڈرس صاحب کا شکرگذار ہونے سے ہون کہ اونھون نے مجھکو انڈیا آفیس[۱] کے کتب خانہ مخزن العلوم کو استعمال مین لانے دیا۔

منمقام انر ٹمپل جنوری ۱۸۳۳ء

پہلا باب

پہلے مجملاً یہ بیان کیا جاتا ہے کہ جب دین اسلام پیدا ہوا تھا اوسوقت دنیا کی قومون کے دینی اور تمدنی حالت کیا تھی تاکہ بخوبی معلوم ہوجاے کہ پیغمبر اسلام نے عالم اخلاق مین کیا کیا کارنمایان کیے۔ کیونکہ یہ ضرور تسلیم کرنا پڑیگا کہ جو علل و اسباب بنے[۲] ناصری کی بعثت کا باعث اغسطوس قیصر کے عہد مین ہوے اونکا اثر اون ذلیل قیاصرہ[۳] روم کے زمانہ مین اور زیادہ قوی ہوا جو پیغمبر عربی کے زمانہ بعثت مین سریر آرائی سلطنت روستہ الکبری ہوئی۔

تاریخ کی دھندلی شفق مین عجیب و غریب شکلین دکھائی دیتی ہین اور نئے نئے تماشے سرزمین بیکڑیا[۴] مین ہوتے معلوم ہوتے ہین جسکو ام البلاد کے لقب سے ملقب کیا

[۱] یعنی سکرٹری آف اسٹیٹ کا دفتر ۱۲ مترجم [۲] یعنی حضرت عیسیٰ ۱۲ مترجم [۳] اس زمانہ مین جسٹن قیصر قسطنطنیہ مین اور کسرے نوشیروان تاصفون یعنے المدائن مین بادشاہ تھا ۱۲ مؤلف [۴] جغرافیہ دانایان عرب نے بیکڑیا یعنے بلخ کا نام اُم البلاد لکھا ہے ۱۲ مولف۔

لکن اس طریق کو کبھی یہ شرف نہین حاصل ہوا کہ مذہب یا ملت کا مصداق ہو سکے۔ در اصل یہ مسلک فقرا اور زاویہ نشینون کے موافق تھا اور عوام پر اسکا اثر کبھی نہین ظاہر ہوا۔ اور باوجودیکہ زمانہ اس سے موافق رہا مگر پھر بھی اسکو کامیابی نہین حاصل ہوئی۔ آخر کو یہ مسلک ہندوستان سے بالکل زائل[۵۱] ہوگیا جب مسلک بودہ کا استیصال ہندوستان سے ہوگیا تو برہمنون کا مذہب دوبارا جاری ہوا۔ بتخانے فسق و فجور کے گھر بنگئے۔ فحش اور افعال شنیعہ کو مذہب نے جائز رکھا۔ موت اور شہوت کے دیوتا عوام الناس کے محبوب معبود بنگئے۔ اشتروت[۵۲] اور مولک کے ناچ رنگ اور شراب کباب کے بیہودہ جلسے اور نامون سے اور پیرایون مین ہونے لگے۔

یہ حال تو لوگون کے اعمال دینی کا تھا۔ اونکی تمدنی حالت بھی حد سے زیادہ ابتر اور خراب تھی۔ اوس مبہم و مشکوک زمانہ مین بھی جسکو اصطلاح مورخین مین ویدون کا زمانہ کہتے ہین عورتون کا حال ایسا اچھا نہ تھا جیسا اب بعض مورخین ہندوستان نے بیان کیا ہے۔ عورتین جوے اور کشتیون مین ہار دیجاتی تھین اور اونکو سارے گھر کا کام ماما اصیلون کا کرنا پڑتا تھا اور ایک ایک عورت کو ایک گھرانے کے متعدد بھائیون کی جورو بننا پڑتا تھا۔ مگر جب برہمنون کا دور ہوا عورتون کا حال اور زیادہ سقیم ہوگیا۔ برہمنون کے واضع[۵۳] قوانین نے عورتون کا

---

۵۱ ہنٹر صاحب کی تاریخ بنگالہ اور میری چٹھیان جو مسلک بودہ اور مذہب براہمہ مین فرق کے باب مین اخبار الشیعہ مین چھپے ہین اور ویلسن صاحب کی تواریخ ہند جلد ۱ صفحہ ۱۷۰ و ۱۸۲۔ ملاحظہ ہون ۱۲۔ مؤلف ۵۲ شاید یہ کنعانی بتون کے نام ہین ۱۲۔ مترجم ۵۳ اس سے مراد منو ہے ۱۲۔ مترجم۔

ذکر ایسی ذلت وحقارت سے کیا ہی اور اونکو بالکل لونڈیان بنادیا ہی کہ معاذ اللہ-

فارس یعنے سلطنت خسروان ایران کے دینی حالت کو اور زیادہ مفصل بیان کرنا چاہیئے- فارس کا حال اسوجہ سے اور زیادہ غور طلب ہی کہ یہ ملک اسلام کے مولد سے قریب ہی اور اس ملک کا نہایت قوی اثر ہمیشہ مسلمانون کے خیالات پر ہوا کیا ہے بلکہ دین مسیحی اور ملت یہود پر بھی اسکا یہ تو ضرور پڑا ہے —

قوم ایرین کے دو ٹکڑے ہوکر ایک ٹکڑا فارس اور ہندوستان کیطرف چلا گیا اور ایک ٹکڑا شام وعرب کی سمت جاکر اپنے نبی عم سام ابن نوحؑ کی اولاد سے ملگیا-

اس قوم کی شرقی اور مغربی دونون شعبون مین الوہیت کے مفہوم مین گونہ قیام واستقلال حاصل ہوگیا تھا اور کسی شخص ملہم من اللہ کے فیض سے ایسا ہوا تھا- مگر وہی اسباب جنسے ہندوستان کی قوم ایرین کو تنزل ہوا تھا ایرانیون پر بھی اپنا اثر دکھلا رہے تھے- اونھون نے قدیم تورانی قومون کو جو اونسے پیشتر آکر ایران مین بسی تھین نکالدیا تھا یا مغلوب کرلیا تھا- اور وہ تورانی قومین ایسی شدید مادہ پرست تھین کہ اونکی مادیت نے اونکے قرب وجوار کے ایرانیون کی ناقص روحانیت پر غالب آکر اوسکو بھی غارت کردیا- پیروان افراسیاب اور کیکاؤس کی باہمی مخالطت کا دائمی اثر ایرانیون کے دین وایمان پر پڑا-

---

لہ فرانسیسی تاریخ (مطبوعہ شہر پاریس ۱۸۶۹ء) جلد ۱ صفحہ ۱۰- ملاحظہ ہو اہر مختلف احکام جو بانی شاستر ہنودنے اس باب مین دیے ہین وہ بھی ملاحظہ کیجیے- چنانچہ منو کا قول ہے کہ "عورتین اپنے بستردن اور بسبون اور زیور کو پسند کرتے ہین اور بخس خواہشین رکھتے ہین اور غصہ ور ہوتی ہین اور نمکحرام طبع اور بدچلن ہوتی ہین- عورتون کو شب ورز محکوم وسطیع رکھنا چاہیئے"- ٹڈ صاحب کی تواریخ ہند جلد ۱- صفحہ ۲۲۰ ملاحظہ ہو- ۱۲ مترجم

اور تیخ قوتون یعنے سردار اور پریا وغیرہ کی حالت دریافت کرنا ہو تو تھوزیسین سوخ فرانسیسی کی تاریخ دیکھیے جو کہ کیمیے

وہ پیچیدہ نظام فلکی (یعنے علویات) جسکا اعتقاد صابئین[۱] یعنے ستارہ پرستون کو تھا اوسکا اثر پیش دادیون کے عہد سلطنت مین ایرانیون پر بھی کچھ رہگیا - الغرض - ان اسباب سے مغربی قوم ایرین بہت جلد اپنے قرب وجوار کی قومون کی ہم مشرب ہوگئی اور آثار و علامات کی پرستش جو غالبًا اونکے قدیم مین رائج تھی آتش پرستی سے مبدّل ہوئی - عبرانی قومون کے اسیر ہوکر مدتہاے مدید تک بلاد فارس کے قریب آوارہ وطن رہنے سے غالبًا وہ اصلاح مذہب وقوع مین آئی جو دارا کے عہد سلطنت مین ہوئی - متضاد مذہبون مین فعل وانفعال اور کسر وانکسار ضرور ہوا - بنی اسرائیل نے زردشت کے دین مہذب پر ایک گہرا اور دائمی سکہ وجود واجب الوجود کا بٹھا دیا اور ایرانیون سے اونھون نے علویات کی ربوبیت کا اعتقاد اور یہ مسئلہ اخذ کیا کہ فاعل خیر و شر دو خدا علیحدہ علیحدہ ہین - اوسوقت سے بنی اسرائیل کا اعتقاد یہ نہین رہا کہ خدا ہی شیطان کو گنہگار دن کے منھ مین ڈال دیتا ہے بلکہ اوس زمانہ سے عبرانیون کی مذہبی اور اخلاقی تاریخ مین شیطان بھی اہرمن کی طرح ایک رکن اعظم ہوگیا

---

[۱] انھین کو مورخین کی اصطلاح مین ہسیرین کہتے ہین اور انکی سلطنت قاہرہ کو جو فرات و دجلہ کے دوآبہ مین تھی سلطنت عشریا یا بل کہتے ہین ۱۲ مترجم [۲] پانچ قدیم سلطنتون کی تاریخ مصنفہ رالنس صاحب جلد ۲ صفحہ ۲۳۴ - ۲۲۱ - ملاحظہ ہو - اور ایک عجیب وغریب کتبہ قوم آسیرین کے زمانہ کا جسکا ترجمہ لینارمنٹ صاحب نے اپنی تاریخ ممالک مشرقی جلد ۱ صفحہ ۴۲ مین لکھا ہے وہ بھی ملاحظہ طلب ہے - بقول رالنس صاحب مورخ مذکور محققین پہلی قوم آسیرین چند آسمانی خداؤن کا اعتقاد رکھتے تھے اور اوسکا مذہب تقریبًا توحیدی تھا (رالنس صاحب کی تاریخ جلد ۲ صفحہ ۲۳ - اور لینارمنٹ صاحب کی تاریخ جلد ۱ صفحہ ۴۵۲ - ملاحظہ ہو -) اگر یہ قول صحیح ہے تو حضرت ابراہیمؑ کی خروج کا باعث یہی ہوا ہوگا کہ ترقی مال و دولت سے اور نیچ قومون کے ساتھ خلط ملط کرنیسے لوگون کے اعتقادات خراب ہوگئے تھے ۱۱ مؤلف [۳] توریت کتاب السلاطین باب ۲۳ صفحہ ۲۳ - ۲۱ - ۱۲ مؤلف

جو اصلاحین دارا[۱] کے عہد سلطنت مین زردشت نے کین کئی سو برس تک اونکا اثر کامل باقی رہا - لکن آخر الامر اوسکے مذہب کا بھی وہی انجام ہوا جو ہر ایک ایسے مذہب کا ہوتا ہے جسکے معتقدون مین باہم ہمجنسی اور انسانی ہمدردی نہین ہوتی اگر نہ وہ صوفیانہ خیالات ہوتے ہین جو ایک عالم گیر مذہب کے لیئے ضرور ہین - پیغمبر اسلام کے زمانہ کے پیشتر گروہ کے گروہ فاتحون کے مثل ایک طوفانی بگولے کی اوس سرسبز و شاداب ملک کو صاف کرتے ہوئے چلے گئے اور کل نظام تمدن اور طریقہ اخلاق کو خاک مین ملا دیا - پہلے اس ملک کو اہل مقدونیہ نے فتح کیا اوسکے بعد رنگا رنگی قومون نے اوسکو پامال کیا پھر ایشیائی کوچک کی بہت سی وحشی قومون نے جو کچھ یونانی تھین اور کچھ ایشیائی اور کسی قاعدہ اخلاقی کے پابند نہ تھین اوسپر یورش کیا اوسپر طرہ یہ کہ خود فاتح جلد باز اور ناخدا ترس تھا - ان سب وجوہ سے زردشت کا دین خالص مغشوش ہوگیا - اوس شراب خوار بادشاہ[۲] جائر نے جسکو عمر بھر یہی فکر رہی کہ کسطرح ایشیا کو خطۂ یونان بنا دیجیئے موبدون پر جو گویا قوم فرس کی ناک تھی ظلم و تعدی از حد کی اور بادشاہان سلقوسیہ کے عہد مین اوس قوم کو بالکل برخلاف ہوتا گیا

---

[۱] ابن اثیر نے دبستان مذاہب مین اس بادشاہ کا نام گشتاسپ ابن لہراسپ لکھا اور [illegible] بیان کی ہے جو اون حالات سے مشابہ ہے جو اس زمانہ مین اوس عہد کے سکونن سے روایات ہوگئی [illegible] جلد ۱ صفحہ ۵ ملاحظہ ہو - ۱۲ مؤلف [illegible] یعنی فارس ۱۲ سترجم [illegible] یہ سکندر اعظم کی فتح [illegible]

اسکندر اعظم ۱۲ سترجم [illegible] جب مقدونیہ کے بادشاہ سکندر اعظم نے شراب کے نشہ مین مست ہوکر [illegible] مین آگ لگادی تو [illegible] کی مذہبی کتابین سب جلکر رہگئین - بقول طبری اور ابو محمد مصطفے (جسنے ایک تاریخ گشتاسپ کی تصنیف کی ہے) کتب مجوس سونے اور پرسیپولیس یعنی اصطخر کے بادشاہی کتب خانون مین جمع رہتی تھین - تاریخ ابن الاثیر بھی جلد ۱ صفحہ ۱۸۲ - ملاحظہ ہو سکندر کے ظالم ہونے کی نسبت کتاب تاریخ ثانی ملوک الارض مصنفہ حمزہ اصفہانی عربی مین صفحہ ۴۱ - اور لاطینی مین صفحہ ۲۹ - ملاحظہ ہو

انطیاقوس بادشاہ وہ کافر تھا جو یہود کو موحد سمجھکر اوسسے جلتا تھا پھر پیروان زردشت کو جنکا مسلک اشراقی تھا کیا چین لینے دیتا۔ بادشاہان پارتھین کے عروج سے بھی مذہب زردشت کو اور جلد زوال آگیا۔ جن صوبون مین امن و امان تھا اونمین ہیودین (مجوس) صابئین اور قالدیون کے مذہب سے مخلوط ہوگیا اور جہان جہان یہ دین اپنی ہیئت اصلی پر باقی رہا تو صرف اون ملاؤن[1] کے دلون مین رہا جو اون مقامات مین جاکر چھپے تھے جہان کسی کا گذر نہ ہوتا تھا۔ افسوس ہے انھین گوشہ نشین ملاؤن پر دین زردشت کا خاتمہ ہوگیا۔ ساسانیون کے عہد دولت مین اگر دین زردشت کے اصلاح کی امید تھی تو انھین دساتیر مجوس سے تھی۔ اردشیر بابکان ایک نئی سلطنت کا بانی ہوا مگر یہ امر مشکوک ہے کہ اوسکی بلند ارزوئین کہانتک برآئین اوسکے عہد مین فارس کے خود سرے نے عود کیا اور اوسنے قومی حیات کا جامہ از سر نو پہنا۔ مگر اوسکا طرز تمدن اور اوسکا طریقہ دینی ایسا زائل ہوگیا تھا کہ اوسکو دوبارا قائم کرنا بادشاہون کے امکان سے بھی باہر تھا۔ شاید قدیم زمانہ کی علوم کتابون مین رہگئی ہون مگر لوگون کے دلون سے اونکا اثر اوسیطرح جاتا رہا تھا جسطرح گشتاسپ اور رستم کا نام اونکے صفحہ خاطر سے محو ہوگیا تھا۔ الغرض دینی زردشت کا خاتمہ ہو چکا تھا کہ بہمن[2] اردشیر نے فارسیون مین اوس معبود کی پرستش جاری کی جسکا نام مصر اتھا اور جو نیم مرد اور نیم عورت تھا۔ بڑا غضب تو اوسوقت ہوا کہ جب صدی ششم عیسوی کے ابتدا مین ایک شخص مزدق نامسے نے لوگون کو حکم دیدیا کہ مال اور نسوان مین

[1] یعنی پارسیون کے علماے دین جنکو دساتیر مجوس بھی لکھتے ہین ۱۲ مترجم [2] تاریخ حمزہ اصفہانی صفحہ ۴۶۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۸۵۔ اور تاریخ حبیب السیر ملاحظہ ہو۔ بہمن اردشیر کا بھائی تھا جسکا حال ذونن موخ یونانی نے بڑے شد و مد سے لکھا ہے۔ ۱۲ مؤلف

اوسیطرح سب شریک ہوجائین جسطرح آگ اور پانی اور گھاس سب کا مال ہوتا ہے اور کسیکی ذاتی ملکیت نہ رہنے پائے بلکہ ہر شخص اس دنیا کے رنج و راحت مین شریک ہو[۱] ایک فرقہ پیرو[۲] وان زردشت کا ایسا تھا جسمین بہنون اور اور محرمات شرعیہ کے ساتھ شادی کرنا جائز تھا۔ اس رسم قبیح کے اعلان سے خود فارسیون مین بھی جو لوگ پاک نفس تھے اونکو کراہیت معلوم ہوئی۔ مذدق اپنے تئین زردشت کا خلیفہ کہتا تھا آخر کو وہ مارڈالا گیا مگر اوسکے مسائل جڑپکڑ چکے تھے اور فارس سے وہ سب مغ[۳] ملکون مین پھیل گئے

ان سب خرابیون سے ظاہر تھا کہ فارسیون کے اخلاق از حد خراب ہوگئے تھے اور خود اونکی بداعمالیون سے اوپر بہت جلد زوال آنے والا تھا۔ یہ ادبار اگرچہ کسریٰ نوشیروان کے اوصاف ذاتی کی وجہ سے چند مدت تک نہین آنے پایا مگر اوسکے مرنے کے بعد رفتہ رفتہ آتا گیا۔ لکن ایک نبی مبعوث ہوچکا تھا جسکی برکت قدم سے دنیا کا رنگ بدل گیا۔

موسائیون پر بھی صدہا آفتین نازل ہوتی گئین اور سب سے زیادہ بلاء عظیم طیطوس اور ہیڈرین[۴] قیاصرہ روم کی لڑائیان تھین۔ خانوادہ بنی اسرائیل[۵] بالکل تباہ و برباد ہوگیا۔ اوس خاندان کے لوگ مفرور ہوکر سارے دنیا مین جاے پناہ ڈھونڈتے پھرتے تھے مگر جہان گئے اپنا غرور و نخوت اور اپنی قساوت قلب یعنی سنگدلی

---

[۱] ترجمہ انگریزی دبستان مذاہب کا دیباچہ ملاحظہ ہو اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۱۔ صفحہ ۴۸۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۱۴۸۔ اور تاریخ حبیب السیر اور مالکم صاحب کی تاریخ فارس صفحہ ۱۰۴ بھی ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۲] فیگ معبدون مین بھی ایسی شادی جائز تھی ۱۲ مؤلف [۳] گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت روم جلد ۴۔ باب ۵۲ صفحہ ۸۹ اور اوسکا حاشیہ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۴] علاوہ مورخین عیسائی اور یوسفوس مورخ یہودی کے ناظرین شائقین کو تاریخ ابن الاثیر جلد ۱۔ صفحہ ۲۲۹۔ اور تاریخ حمزہ اصفہانی صفحہ ۷۳۔ و ۷۴ کا بھی حوالہ دیا جاتا ہے ۱۲ مؤلف

جسکی بجو مذمت صدہا انبیا نے کی ہے اپنے ساتھ لیتے گئے۔ یہود نے غیر ملکون مین عافیت گزین ہوکر اگلے زمانہ کے ناشائستہ حرکتین پھر کرنی شروع کین اونکو ایک نئی کی امید تھی مگر اس امید کے ساتھ شدید تعصب اور رندی وعیاشی بھی شریک تھے۔ حضرت عیسیٰ آئے بھی اور چلے بھی گئے مگر یہود پر کچھ اثر اونکی رسالت کا نہین محسوس ہوا۔ وہ تمام بنی آدم مین برادرانہ لطف ومحبت پیدا کرنے آئے تھے اور گو ایک نہایت سرکش اور مغرور قوم مین پیدا ہوئی تھی مگر حلم وخاکساری اپنا شعار رکھا اور اپنے حوارین پر نہایت لطف وشفقت فرماتے تھے اور سب کے دلی خیر خواہ تھے۔ الغرض اونکی پاک نفسی اور عالی ظرفی اور زہد وتقوی کا سکہ بنی آدم کے دل پر بیٹھ گیا مگر اونکے مزاج مین ویسا استقلال نہ تھا جیسا حضرت موسیٰ کی طبیعت مین تھا جس سے ایک غدار اور مرتد قوم کے دل مین اونکا خوف سما گیا تھا۔ اسی عدم استقلال کیوجہ سے حضرت عیسیٰ پر اونکی امت کا وار چل گیا۔

حضرت عیسیٰ کے حوارین مین سب سے زیادہ بزرگ اور ذی کمال پولوس حواری تھا۔ باوجودیکہ حضرت مسیح نے روح القدس کا وعدہ فرمایا تھا تاہم کوئی حامی اور موئید اونکے پاک کلام[۵۱] کا ہونا ضرور تھا جو علماے یہود اور حکماے مشرکین کو اونھین کے علوم سے قائل کرتا۔ اسی غرض سے خود حضرت عیسیٰ نے ہاتف غیب کی صدا پر عمل کرکے ایک تیرھوان حواری بنایا جسکا نام ساؤل تھا (بعد اُسکے پولوس ہوگیا) اور جو بڑا عالم متبحر علوم[۵۲] یہود اور علوم یونان کا تھا۔ جنسے اور حوارین محض ناواقف تھے

---

[۵۱] ہر شخص جسنے کتاب مسمی بہ اشیا (یہ ایک عورت یونانی بڑی علامہ اور شاعرہ وغراء تھی) دیکھا ہے وہ خوب جانتا ہے

[۵۲] یہودیون نے اسکندریہ کی گلیون مین کیا غدر مچا رکھا تھا۔ مگر ان صورتون مین شہر بہلے عیسائیون کیطرف سے ہوا تھا اسکندریہ کے یہودیون سے تو عرب کے قبائل یہود بہتر تھے ۱۲ مؤلف [۵۳] یعنی انجیل ۱۲ مترجم [۵۴] موسیم صاحب کی تاریخ

فی الواقع پولوس حواری نے دین مسیحی کی تائید مین بڑی بڑے کارنمایان کیے۔ اونہی اپنے مرشد کی سیدھی سادی احکام و نصایح مین فلسفہ ذیثاغورث کی نہایت دقیق اصول داخل کردیئے اور یہ وہ فلسفہ تھا جسمین عقول عشرہ اور تثلیث کا مسئلہ مشرقی ملکون سے اخذ کرکے داخل کیا تھا۔

اپنے اور بیگانہ یعنے یہود اور غیر یہود کے فرق سے خود حواریین مین باہم حسد پیدا ہوا چنانچہ پطرس[1] اور پولوس حواریون کی باہمی عداوت مشہور ہی۔ نمالیا فرقہ ابنیہ کے جو اعتقادات تھے وہی اصل حواریین کے تھے۔ اونھین حواریین سے حضرت عیسیٰ بے تکلفانہ ہم کلام رہتے تھے اور اونھین کا قول ہے کہ تمام افعال نفسانی و جسمانی سے حضرت عیسیٰ کے بھی معلوم ہوتا ہی کہ وہ بھی مثل ہمارے بشر ہین۔ اونھون نے اونکو صغر سن سے شباب تک اور شباب سے سن کہولت تک دیکھا تھا اور اونکے قد کو دراز ہوتے اور عقل کو بڑھتے دیکھا تھا اونکا اعتقاد اونکی نسبت اسوجہ سے معتدل رہا کہ وہ جانتے تھے کہ یہ انسان ہین مگر پھر جو اس اصل اعتقاد مین فرق آگیا اور چند در چند شکلین اسکی پیدا ہوگئین اور مختلف فرقے مانند دسوطیہ[2] و مارسینیہ و فطر نوسیہ وغیرہ حادث ہوتے گئے تو اصل نیس تک ۳۲۱ء مین منعقد ہوئے تھے اور جسمین حضرت مسیح کے الوہیت رہبان و قسیسین نے قائم کردی یہ سلسلہ اختلاف آرا اور مختلف فرقون کا

---

[1] امیر صاحب کی تاریخ کلیسیائے مسیحی جلد ۱ صفحہ ۲۹ و ۳۰ ملاحظہ ہو ۱۲ [2] فرقہ دسوطیہ کے اعتقاد مین حضرت مسیح پوری خدا تھے اور فرقہ مارسینیہ کے لوگ اونکو خدا سے شبیہ سمجھتے تھے اور اونکو مسیح ۴ ابن اللہ کہتے تھے مسکونیہ کچھ خفیف سا شائبہ جسمانیت اسوجہ سے عطا کیا تھا کہ انسان خاکی بنیان کو نظر آئین۔ اور فرقہ فطر نوسیہ کا یہ اعتقاد تھا کہ مٹی کے ساتھ باپ بھی مصلوب ہوگیا۔ لوشیم صاحب اور گبن صاحب اور نیانڈر صاحب کی تاریخین جلد ۲ صفحہ ۵۰ اور ۲

برابر جاری رہا - غیر لوگ جنھون نے حضرت مسیح کو جائہ بشریت مین کبھی نہ دیکھا تھا اونکو اونکی الوہیت کا اعتقاد کر لینا کیا مشکل تھا علی الخصوص جبکہ وہ اجنبی لوگ خواہ مشرکین تھے خواہ حکماء خواہ یونانی تھے خواہ غیر یونانی عیسائی ہونے کے قبل بھی ایک قسم کے شرکاء باری تعالے کے گردانتے تھے -

قسطنطین اعظم کے بظاہر عیسائی ہوجانے سے دین مسیحی سلطنت روم مین خوب رونق پکڑ گیا - اور بت پرستی کا قلعہ تمام ہوا - اگرچہ عظیم ترین اور بہترین قیاصرہ[۱] روم کے کدو کاوش سے بت پرستی کچھ دنون اور شائع رہی مگر اوسکو زوال آچکا تھا چنانچہ گبن صاحب مورخ فرماتے ہین کہ - بت پرستی کے فنا ہوجانے کے بعد عیسائی زہد و تقوی کو اپنا شعار گردانکر بہانیت پر قناعت کرتے مگر اونمین تخم نفاق بو چکا تھا اور اونکو بھی فکر رہتی تھی کہ اپنے پیغمبر کی ماہیت کو دریافت کرین یہ کہ اونکے احکام پر عمل کرین[۲] "

ہمارا جی نہین چاہتا کہ عیسائیون کی باہمی جھگڑاون کو تفصیلاً بیان کرین کہ کیسا جنگ و جدل ہوا اور کیسے کیسے خون[۳] ریزیان ہوئین اور کیسی قبیح اور مکروہ زبان مین وہ اپنے پیغمبر اور اونکی والدہ کی الوہیت پر بہاثے کرتے تھے اور ایک دوسرے کو کسقدر لعنت ملامت کرتا تھا - یہ بھی ہمارا جی نہین چاہتا کہ اون افعال

---

[۱] شاید اس سے جولین قیصر مراد ہے جسنے بت پرستی کو سلطنت روستہ الکبری مین دوبارا رواج دیا اور جسکے عہد مین ہزارہا عیسائی مرتد ہوگئے - ۱۲ - مترجم [۲] گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت روم جلد ۴ - باب ۲۰ - صفحہ ۳۳۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۳] دین مسیحی پر ایک دھبہ ایسا لگ گیا کہ قیامت تک نہ مٹے گا - وہ یہ ہے کہ ہیپاشیا نامی ایک یونانی عورت کو کہ بڑی علامہ اور نہایت حسین اور خوش مذاق تھی ایک نصرانی نے جسکو اب عیسائی لوگ ولی سمجھتے ہین ناحق مار ڈالا - ڈریپر صاحب نے اپنی تاریخ جلد ۱ - صفحہ ۳۱۰ - و ۳۱۴ - مین اوس مقتولہ یونانیہ کے علم و فضل کی بڑی تعریف لکھی ہے ۱۲ مؤلف

شنیعہ کو بیان کرین جو خود علماے نصاری کے فتوی سے قسطنطنیہ کے دربار قیصری مین ہوتے تھے - اس مقام پر ناظرین کو صرف اون لڑائیون کیطرف متوجہ کرنا ضرور ہے جو فرقہ مونافیسائٹ[۵۱] اور فرقہ مونوتھلائیٹ[۵۲] مین ہوئین اور اون مسائل کا ذکر کرنا بھی لازم ہے جنکے باب مین عیسائیون مین اختلاف عظیم واقع ہوا اور وہ بدترین اور خبیث ترین خواہشہاے نفسانی جو سب طماعون کو دامنگیر رہتی ہے خواہ وہ دنیاوی ثروت کے خواہان ہون خواہ دینی عظمت کے طالب اونپر غالب آگئے - اس مقام پر اسیقدر کافی ہے کہ اوس زمانہ مین جو کیفیت دین مسیحی کی تھی اوسکی نسبت خود ایک عالم عیسائی کا قول بجنسہ نقل کردیا جاے وہ لکھتا ہے کہ -

"قسطنطنیہ کا اسقف[۵۳] یا تو قیصر کا تابع و فرمان بردار مانند غلامون کے ہوتا تھا یا اوسکا حریف غدار ہوتا تھا اور کتر اوسکی خودسری اور مطلق العنانی کو اپنے عالمانہ جبروت سے روکتا تھا - اور ادنے درجہ کے پادری چاہے خفیہ کیسی ہی تعلیم و تلقین لوگون کو کرتے ہون مگر ظاہرا اونکو اتنے قوت و ملکت اور دولت و عزت حاصل تھی جس سے اونکو طمع پیدا ہوتی تھی اور فسادات برپا کرتے تھے مگر اتنی قدرت اونکو نہ تھی کہ خلق اللہ کے نفوس کو اپنے قابو مین لاکر اعمال نیک اونسے کراتے اور اوس بے فیض زمانہ کے فسق و فجور کو دفع کرتے اور تضاد حقوق مین موافقت پیدا کرتے اور تخالف قومون مین مصالحت کرتے - الغرض اونھون نے حکومت کی تو عوام کو خوف اور وسواس دلا دلا کر کے نہ یہ کہ اونکی تعظیم و تکریم اور لطف و محبت حاصل کرکے اونکو اپنا شکر گذار بنالیا ہو - وہ تنزل[۵۴] کرکے ورطۂ جہالت مین مبتلا ہوتی گئے

---

[۵۱] اس فرقہ کے اعتقاد مین حضرت عیسیٰ کی الوہیت اور بشریت باہم مخلوط ہوکر ایک حقیقت واحدہ ہوگئی ۱۲ [۵۲] اس فرقہ کا یہ اعتقاد تھا کہ مسیح کے ماہیتین دو تھین مگر دونسے ایک ہی ارادہ ظاہر ہوتا تھا ۱۲ مترجم [۵۳] یعنی پاطریارک ۱۲ [۵۴]

اور بدترین جاہلیت یعنی ایک کہنہ و پارینہ تہذیب کی پابند رہے۔ رہبانیت نے اکثر اون لوگون کو جو اپنی جودت و لیاقت سے اپنے اہل وطن کو فائدہ پہونچا سکتے تھے گوشہ نشین اور تارک الدنیا بنا دیا مگر راہبونکا کچھ اثر اوس زمانہ کے طرز معاشرت اور طرز تمدن پر نہوا الا اوسوقت جبکہ اونکے گروہ کے گروہ اکٹھا ہوکر ملکی فسادات یا مذہبی اختلافات پر آمادہ ہوگئے۔ اون لوگون نے دنیا سے کنارہ کشی کی لیکن بعض راہبین جنگلون اور بیابانون مین اور بعض خانقاہون مین رہا کرتے تھے جنمین کوئی شخص نہجاتا یا آتا تھا اور خود وہ اپنی نجات اخروی سے تو مطمئن تھے مگر اور سب خلق اللہ کو جہنم کے حوالہ کر دیا تھا[1] الغرض علمائیون مین شرارت اور بدمعاشی پھیلی ہوئی تھی۔ اونکے پیغمبر نے جو زہد و تقوی اور حلم و انکسار اور رحم و مروت کا حکم فرمایا تھا اوسکی پابندی و ذکر تو کرتے تھے بلکہ اوسکے بدلے آپس مین بھی اور اہل مذاہب سے بھی بغض و عناد رکھتے تھے۔

جو ملک ایشیائی ترکی مین دریائے فرات کے مغرب کی طرف واقع ہین اونکو پہلے پارتھیون اور رومیون نے تخت و تاراج کیا پھر فارسیون اور قسطنطنیہ والون نے لڑا لڑا کر یہانتک کہ وہ بالکل تباہ و برباد ہوگئے۔ اور روان کے لوگون کی اخلاقی خرابی سے بھی زیادہ اونکی تمدنی حالت ابتر ہوگئی تھی۔ پیروان حضرت مسیح نے اوس خرابی کو کم نہین کیا بلکہ اور بہت زیادہ کر دیا۔ فرات و دجلہ کے دوآبہ مین جو ملک تھا اوسمین دین نیوس اور مخرب و محرف مذہب عیسائی مین جنگ و جدل رہتا تھا۔ فرقہ نسطوریہ اور فرقہ حقہ مین بڑے شدید لڑائی رہتی تھی اور مانیشین اور بعض پیغمبران اثنات مین جو جھگڑے ہوے اونسے مغربی ایشیا مین ایک حشر مچا رہا

[1] علمین صاحب کی تاریخ کلیسائی دوم جلد ۱۔ دیباچہ صفحہ ۴۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف۔

افریقہ پر فتح کی آندھیاں چل گئی تھیں۔ کیسی کیسی خونریزی اور قتل و قمع ہوا تھا اور پیروان اور علماء دین مسیح میں کیسی کیسی بدعتیں جاری ہوئی تھیں جنسے مصر اور دیگر صوبجات افریقہ متعلقۂ سلطنت رومۃ الکبریٰ میں اخلاق کا نام و نشان بھی نہ باقی رہا تھا۔ اور یورپ میں لوگوں کے اخلاقی حالت شاید اس سے بھی بدتر تھی۔ نرسی جو اپنے ملک کا بڑا محسن تھا قسطنطنیہ کی بازار میں علانیہ جوتیوں کی ٹھوکروں کے سامنے دن دہاڑے سے زندہ جلا دیا گیا۔ اور روم قدیم کی گیرائس اسقف اعظم کی آنکھوں کے سامنے جو اسکے ہم مذہبوں میں باہم روایت تھی اونکی تعصبین باہم کشت و خون کرتے تھے اور اونکے عیسائیوں کے خون سے زمین لالہ زار ہوتی تھی۔ یہود نے تشریون اور رومیوں اور یونانیوں کے ستم و جفا سے بھاگ کر عرب میں آکر پناہ لی تھی۔ مگر وہ اپنے دین کے ساتھ اپنا کشیدہ دماغ بھی لیتے آئے تھے اور وہی نفاق شاید اونکے مصائب و آلام کا باعث ہوا تھا۔ عیسائی فرقوں میں سے فرقہ نسطوریہ اور فرقہ یعقوبیہ نے بھی عرب میں بسائی تھیں۔ ان دونو فرقوں میں عرب کی حکومت کے لیے ایسی سخت عداوت

---

۱۱ گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت روم جلد ۴۔ باب ۴۷ صفحہ ۲۰۰۔ ۱۲ مؤلف

۱۲ سلطان اعظم تذاری۔ ۱۳ گرسچے ۱۲ ۱۴ متعصب عیسائیوں کی زبان سے اس قدر ہے کہ اونکو کسی مسلمان کا قسطنطین ریا کار کے شہر میں ہونا کیسا مکروہ معلوم ہوتا ہے اونکو نرسی کا بازار قسطنطنیہ میں زندہ جلا دیا جانا گوارا ہے اور یہ بھی گوارا ہے کہ ایک بادشاہ اپنی عیال و اطفال سمیت بانواع عقوبات قتل کیا جاوے اور یہ بھی گوارا ہے کہ ایک زن ضعیفہ کو راہبین اسکندریہ کی بازار روان میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالیں مگر یہ گوارا نہیں ہے کہ ایک غریب بے شر مسلمان سلطان فوکس اور تھیوڈورا کے پاک شہر کو اپنے قدم سے نجس کردے ۱۲۔ مؤلف

پیدا ہوگئی تھی جس سے اوس ملک کی نہایت سرسبز و شاداب صوبون مین بڑی خونریز لڑائیان ہوئین - مجوس اور صابئین بھی عرب مین موجود تھے علی الخصوص قبیلہ بنی حمیر مین - مگر اکثر قبائل عرب قبیح ترین اقسام بت پرستی مین آلودہ تھے - حیوانات - نباتات - غزال - اسپ - شتر - درخت خرما - اور غیر ذی روح اشیاء مثل پتھر وغیرہ کے اونکے معبود تھے - باری تعالے کے وجود کی بھی کچھ قائل تھے مگر صرف نفسی چند وجود باری کے معتقد تھے جنھون نے دام بت پرستی سے بچکر ایک قسم کی حکیمانہ دہریت اختیار کی تھی جسمین کم و بیش خیالات باطلۂ دینی و دنیوی اونکے قرب و جوار کے صابئین اور یہود و نصاری کے مخلوط تھی انمین سے بعض[۵۱] ایک رب الارباب کے وجود کے قائل تھے اور اوس زمانہ کے خبیث مادہ پرستی سے بیزار ہوکر ایک نجات دہندہ کے ظہور کی شب و روز منتظر رہتے تھے اور اونکو اپنے دلمین یقین کلی تھا کہ وہ ہادی خلق ضرور اور جلد ظہور فرمائیگا -

یہ امر بالکل خارج از بحث ہے کہ آیا بت پرستی کا رواج عرب مین قدیم زمانہ سے تھا یا اخیر زمانہ مین ہوا - یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ قبائل عرب مین بت پرستی نے بہت مضبوط جڑ پکڑلی تھی -

اکثر بتون پر آدمیون کی قربانیان چڑھائی جاتی تھین - ہر قبیلہ کے خاص خاص بت اور خاص خاص مندر یا شیوالے تھے اور مختلف مندرون کے

---

[۵۱] تاریخ ابن الاثیر جلد ۱ - صفحہ ۳۰۸ وغیرہ ملاحظہ ہو ۱۲ - [۵۲] ان نفسے چندکی تعداد اور انکی نوعیت کو اسپرنگر صاحب نے اپنی کتاب کے صفحہ ۱۲ مین تفصیلاً لکھا ہے تاکہ معلوم ہو کہ آنحضرت کی بعثت کے قبل بھی اسلام موجود تھا - مگر ہم کہتے ہین کہ اسیطرح یہ بھی قیاس کرسکتے ہین کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے وجود سے پیشتر دین مسیحی موجود تھا - ۱۲ مؤلف -

پیرودن اور بجاریون مین اکثر خونریزی کی نوبت آتی تھی - مگر کعبہ شریف کی عظمت سب کے نزدیک مسلم تھی - بلکہ یہود اور صابئین بھی وہان آکر نذرین چڑھاتے تھے اس معبد کی تولیت پر قبائل عرب جان دیتے تھے کیونکہ عرب کی نظرون مین اسکے متولیون کو نہایت معزز خدمات اور اختیارات حاصل رہتے تھے - جب آنحضرت پیدا ہوے اوسوقت آپ ہی کے خاندان سے کعبہ شریف کی تولیت متعلق تھی اور آپکے جدامجد معظم و محترم رئیس اوس خدا پرستون کی سلطنت کے تھے جو کعبہ کے گردوپیش قائم تھے -

پس عرب کے اخلاق اور مذہب کا یہ حال تھا - نہ مذہب عیسوی اور نہ دین موسوی اونکو مرتبہ انسانیت مین اوج و رفعت بخش سکا - چنانچہ میور صاحب فرماتے ہین کہ - "عیسائیون نے عرب کو پانچ سے برس تعلیم و تلقین کی اسپر بھی کچھ اکا دوکا عیسائی کہین نظر آتے تھے - یعنی بنی حارث نجران مین اور بنی حنیف یمامہ مین اور کچھ بنی طئی تیمہ مین عیسائی تھے باقی خیریت - مذہب عیسائی سے دین موسوی بمراتب زیادہ عرب مین قوت رکھتا تھا اور یہ دین اپنے پیشوا ذوالنواس کی ہدایت سے کبھی کبھی لوگون کو یہودی بنانے کی کوشش کرتا تھا مگر اس دین سے یہودی بنانے کی قوت زائل ہوچکی تھی - بالآخر - عرب کو من حیث المذہب دیکھیے تو اوسکی سطح پر عیسائیون کی ضعیف کوششون کی کچھ خفیف سی موجین لہراتی نظر آتی ہین اور یہود کی قوت بھی کبھی کبھی بڑی شدت سے طغیانی کرتی نظر آتی ہے - مگر بت پرستی اور بنی اسمعیل کے سخیف اعتقادات کا دریا

---

۵۱ شہرستانی کے ملل نحل صفحہ ۴۳۰ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۲ لینارنٹ صاحب کی تواریخ مشرق جلد اصفحہ ۳۴۲ و ۳۵۰ - اور تاریخ شہرستانی صفحہ ۴۳۱ - ملاحظہ ہو - ۱۲ مؤلف ۵۳ کاسن ڈی پرسول صاحب کی تاریخ عرب

جلد ۱ صفحہ ۲۰۰ و ۲۰۱ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

ہر سمت سے جوش مارتا ہوا کعبہ سے آکر ٹکراتا تھا جس سے بخوبی ظاہر تھا کہ جو دین[1] اور جو طریقہ عبادت مکہ مین جاری تھا اوسنے تمام عرب کے قلوب کو جکڑ لیا تھا۔

عرب کی ملکی حالت یہ تھی کہ سب قبائل مین باہم اسقدر حسد اور نفاق تھا اور اختلاف قوم اور تخالف مذہب کی وجہ سے ایک دوسرے کا ایسا عدو سے جانی تھا کہ اسی باہمی خصومت و عناد کے باعث سے اہل عشر اور اہل بابل اور یونانیون اور رومیون اور فارسیون نے مختلف صوبجات شمالی و شرقی اور اضلاع جنوبی و مغربی پر قبضہ کر لیا تھا۔ اور اہل حبش نے تو یہانتک کیا تھا کہ حجاز پر حملہ کر کے پایا تھا کہ قوتی[2] سعد کو خاک مین ملا دین مگر عبد المطلب کی چالمزدی اور حب الوطن سے افواج حبش کو مکہ کے سامنے شکست ہوئی۔ جب بیس برس اہل حبش نے خوب ظلم و تعدی کر لی تب مین کے ایک مشہور رئیس سیف ابن ذوالیزدان نے بادشاہ فارس کی اعانت سے اونکو اپنے ملک سے نکالدیا۔ جب اس رئیس سے بھی عیسائیون نے مار ڈالا تو مین کی حکومت جو اوسنے نوشیروان عادل کی ماتحتی مین کی تھی فارسیون کے ہاتھ لگی اور مین ایک صوبہ[3] سلطنت فارس کا ہوگیا۔

یون تو بادشاہان قسطنطنیہ[4] وظائفون عرب کے مختلف صوبجات پر براہ راست حکمرانی کرتے تھے لکن علاوہ اسکے دو بہت بڑے رئیس قبائل عرب کے یعنی امیر قبیلہ غسان اور امیر قبیلہ حیرہ بھی قیصر روم اور خسرو ایران کے مطیع و فرمان بردار تھے اور اون خونریز اور بے سود لڑائیون مین جو فارسیون اور رومیون مین ہوئین اور

---

[1] سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۱۔ دیباچہ ملاحظہ ہو ۱۲ [2] یعنی کعبہ شریف ۱۲۔ سترجسم

[3] تاریخ ابن الاثیر جلد ۱۔ صفحہ ۲۲۴ و ۲۲۷۔ اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱۔ صفحہ ۱۳۸۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۲۱۷۔ و ۲۱۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [4] یعنی قیصر روم اور خسرو ایران ۱۲

جنمین ان دونون ملکون کے لوگون کی خونریزی بافراط اور عبث ہوئی گو اکثر پیرایان[1]
زردشت کیطرف تھا پیروان حضرت مسیح کیجانب نہ تھا بنی غسان اور بنی حرہ ایک
دوسرے کے مقابل مین صف آرا اور جنگ آزما ہوئے۔ پس جزیرہ نمائی عرب
جیسی متغایر اجزا سے مرکب تھا اور مختلف ملل و ادیان اوسمین رائج تھے ویسی ہی
مختلف روایات و حکایات بھی اوس ملک مین مشہور تھے کیونکہ غیر مہذب اور نا ترتیب یافتہ
قومون کا قاعدہ ہی کہ واقعات کو افسانہ و حکایت کے پیرایہ مین بیان کرتے ہین
اور اونکا واہمہ ایسا خلاق ہوتا ہے کہ نہ صرف نزدیک کی چیزون کو دلفریب اور
ہوش ربا بنا دیتا ہے بلکہ دور کی چیزون کو بھی عظیم الشان بنا کر دکھا دیتا ہے۔
اور جسقدر مختلف درجہ کی تہذیب و تربیت ہوتی ہے اوسیقدر مختلف افسانہ و حکایات
ہوتے ہین جنمین کچھ نہ کچھ اصلیت و واقعیت ضرور ہوتی ہے۔ یمن مین اور جنوب
مغرب کے ملک مین بنی حام اور بنی سام جو مثل قوم ایرین کے بنی حام کی تقلید کرتے
تھے اور یہود و نصاری یہ سب قومین اپنے اپنے افسانے اور حکایات عرب مین
اپنے ساتھ لیتے آئی تھین۔ اور جتنا زمانہ گذرتا گیا اوتنے ہی یہ افسانے اور
حکایات مضبوط و مستحکم ہوتے گئے۔ گو بادی النظر مین وہ بے اصل و بنیاد معلوم
ہوتے ہین لیکن اگر غور سے دیکھیے تو کچھ نہ کچھ اصلیت و واقعیت اونمین ہمیشہ پائی
جاتی ہے۔ مثلاً شداد اور اوسکے باغ ارم کے افسانہ مین ایک عظیم الشان سلطنت
کی تصویر دکھائی دیتی ہے جسنے مصر تک فتح کر لیا تھا یعنے شداد کی قوم ایک عظیم الشان

[1] علی الخصوص جب خسرو پرویز نے اپنی محسن مارس قیصر روم اور اوسکے بال بچون کے خون ناحق کا
انتقام شدید رومیون سے لیا تو حق پیروان زردشت یعنی خسرو پرویز ہی کیطرف تھا۔ گبن صاحب کی
تاریخ زوال سلطنت روم جلد ۴۔ صفحہ ۲۰۲ و ۲۰۳۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف۔

گروہ تھا جسنے بڑی بڑے مکانات تعمیر کیے تھے اور جو تہذیب و شائستگی مین قالدیون کے ہمپایہ تھا اور جسکا مذہب اہل بابل کے مذہب سے مشابہ تھا۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ قوم ایسی تھی جسکے نزدیک ترقی اور اصلاح افعال شنیعہ کے ارتکاب اور فحش رسوم کے بجالانے پر موقوف تھی۔ قوم عاد اور قوم ثمود پر نزول عذاب الٰہی کے حال سے جسمین روایت اور افسانہ اور تاریخ یہ تینون چیزین مخلوط ہین اوس عذاب الیم کی کیفیت معلوم ہوتی ہے جو بنی سام یعنے اہل عشر اور عرب کے فتح کی غرض سے بنی حام پر نازل ہوا تھا۔

لینارمنٹ صاحب کی تواریخ زمانہ قدیم جلد ۲ صفحہ ۲۹۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف لکھا ہی کہ قوم عاد کو عرب بنی یقطان نے مغلوب و مقہور کرکے نیست و نابود کردیا اور قوم ثمود کو اہل عشر نے بسر کردگی قدار الاحمر غارت کردیا۔ خود عرب تین بڑی قسمون پر منقسم ہین (۱) عرب البائدہ یعنے وہ عرب جو اب بالکل نیست و نابود ہوگئی ہین اور جنمین وہ بنی حام داخل تھی جنھون نے بنی سام سے پیشتر آکر عرب مین بستیان بسائی تھین اور بنی ارم جو شام اور قنیسیہ اور اور ملکون مین ہی رہتے تھے (۲) عرب العاربہ یا متعربہ یعنی اصلی عرب اور سچے بنی سام جنکے نسبت منقول ہے کہ بنی قحطان یا بنی یقطان کی نسل سے تھے اور جنھون نے جنوب کی سمت جاکر قدیم باشندون کو تہس نہس کردیا۔ عرب بنی یقطان جو دراصل خانہ بدوش تھے ان ملکون کے باشندگان اصلی پر جاکر مسلط ہوئے جو بنی حام اور ستارہ پرست تھے۔ اونکا وطن اصلی وہ ملک تھا جہان سے اولاد حضرت ابراہیم علیہ السلام آئی تھی اور اونکے وطن اصلی کا ٹھیک پتا اونکے دو بزرگون کے ناموں سے لتا ہے یعنی "حضرموت" جسکے معنی قالدیہ کے سر حد مین اور "عبر" جسکے معنی وہ شخص ہے جو دریا پار سے آیا تھا اس سے کنایہ بابل مراد ہے جسکو اب عراق عرب کہتے ہین اور جو دریاے فرات کے ساحل راست پر واقع ہے لینارمنٹ صاحب کی تاریخ مشرق جلد ۲ صفحہ ۲۹۳ - ملاحظہ ہو - (۳) عرب المستعربہ یعنی وہ عرب جنھون نے عرب مین بود و باش اختیار کرلی تھی اور بنی سام اور اولاد حضرت ابراہیم علیہ السلام سے تھی جو بہ صلح و آشتی یا بزور شمشیر جزیرہ نماے عرب مین گھس گئے تھے اور عرب بنی یقطان مین شادی بیاہ کرکے دین بسگئے تھے۔ تاریخ ابن الاثیر جلد ۱ صفحہ ۵۵-۵۰ - اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱ صفحہ ۵ - اور الخطبات الاحمدیہ علی العرب و السیرۃ المحمدیہ

۱۲ ملاحظہ ہو تاریخ سید امیر علی خان بہادر ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

بنی اسرائیل یعنے اولاد حضرت یعقوبؑ ظلم اعداء سے بھاگ کر عرب مین آئے تھے اور اپنے روایات اور افسانے بھی اپنے ساتھ لیتے آئے اور اونکے قصص و حکایات بھی عرب کے افسانون مین شریک ہوگئے تھے سب کے بعد جو قبائل بنی سام کے عرب مین آئے تھے وہ خود اپنے تئین حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے جانتے تھے اور اونکے قرب وجوار کے لوگ بھی اونکو یہی سمجھتے تھے۔ اور یہ یقین ابا عن جدّ چلا آیا تھا اور اسکو ایک وثوق و اعتبار حاصل ہوگیا تھا۔

عیسائی فرقون مین سے فرقہ مانکیہ جب سلطنت فارس اور ممالک روم سے بالکل نکالدیا گیا تو عرب مین آکر امان لی اور اس آزاد ملک مین قدیم فرقہ دسوطیہ اور مارسینہ اور والنطنیہ کے لوگ بھی موجود تھے ان سب نے اپنے اعتقادات اور روایات کو شایع کیا جو چند مدت مین اوس ملک کی روایات مین مل گئے۔ یہ سبب فرقے نصاری کے اپنے اپنے مذہب مین فرقہ حقہ سے زیادہ نخیتہ تھے جو ان بیچارون پر ظلم کرتا تھا اور ان سب کا اعتقاد یہ تھا کہ الٰہ مجسم یا ابن اللہ اور کلمۃ اللہ جو ابدی وازلی تھا اور انوار الٰہی مین سے ایک نور اور لمعات کبریائی مین سے ایک لمعہ تھا مصلوب نہین ہوسکتا تھا اور نہین ہوا اور وہ کلمات جزع وفزع جو عیسائیون نے حضرت عیسیٰ کیطرف منسوب کیے ہین کہ صلیب پر آپ نے فرمائے تھے آپکی زبان مبارک سے ہرگز نہین نکلے۔ الحاصل اونکا یہ اعتقاد تھا کہ جس شخص کو صلیب دیگئی وہ اور ہی شخص تھا عیسیٰ روح اللہ نہ تھا جو اعداء کے دست تعدی سے بچکر جہان سے آیا تھا پھر وہین چلا گیا[۱]۔ یہ اعتقاد[۲] گو بے اصل تھا

---

[۱] بوسابر صاحب کی تاریخ فرقہ مانکیہ جزو اول ۲ باب ۴ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف [۲] رشیم اور گبن صاحب کی تاریخ ملاحظہ ہو۔ ۱۲۔ مؤلف۔

مگر حضرت عیسیٰ کے ابن اللہی سے کچھ مناسبت رکھتا تھا اور فی نفسہ بعض ظنون و قیاسات غالب پر مبنی تھا۔ بالیٹ جسکو ٹرلین عالم عیسائی لکھتا ہے کہ دل سے عیسائی تھا اور سکا دل سے یہ چاہتا کہ کسیطرح حضرت عیسیٰ کی جان بچ جاے۔ خود ہیرڈ حاکم یہودیہ کا چاہتا کہ بنی ناصری قتل سے محفوظ رہے تاکہ مین اور زیادہ بدنام نہو جاؤن۔ اور تیرہ و تار ہونا اوس سحر کا جبکہ اوس محسن بنی آدم کو کشان کشان لے گئے تاکہ رات بھر جو ظلم و ستم اور بے ادبیان اوس جناب سے کی تھین اونکی تکمیل صبح کو کرین۔ اور اوس عبرت انگیز اور ہیبت خیز واقعہ کے وقوع کے وقت زمین و آسمان کا تیرہ و تار ہو جانا۔ ان سب واقعات سے ظن غالب یہی پیدا ہوتا ہے کہ بیگناہ بچ گیا اور گنا ہگار اپنی سزا کو پہونچا۔ بفادیکر یلہ

قبل بعثت پیغمبر اسلام یہ روایات گو نفس الامر پر مبنی ہین مگر عیسائیون کے واہمہ نے انکو ضرور رنگا ہی لوگون کے دلون مین خوب راسخ ہو گئے ہونگے اور سارے عرب مین خوب مشہور اور زبانزد خلائق ہونگے لہذا جب پیغمبر اسلام نے اپنے دین اور اپنے شرایع و احکام کو جاری فرمایا اوسوقت ان روایات کو خاص و عام مین شایع دیکھا۔ پس اونھون نے انھین روایات کو لیکر اور انکو

لہ عیسائی حضرت عیسیٰ کی نسبت ابن اللہیت اور الوہیت مین تواخی پیدا کرنے کے لیے بہت سی واہیات مسئلے کرا عاکر آئین ۱۲ مؤلف ۲ بگنٹ صاحب کی تاریخ کلیسای مسیحی صفحہ ۱۲۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۳ حضرت عیسیٰ ۱۲ مترجم ۴ ملیمن صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۲۴۸ و ۲۴۹ - ملاحظہ ہو - اگر کسی بات سے گمان غالب پیدا ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ بچ گئے اور اونکے بدلے یہودا اسکریوتی مصلوب ہوا اوس مفصل حال سے پیدا ہوتا ہے جو لوقا کی انجیل باب ۲۲ صفحہ ۳۰ مین لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ نے مرکر جی اٹھنے کے بعد اپنے بدن پر ہاتھ لگانے دیا تاکہ اونکے خونیدہ حواریین کے دل کو تسکین ہو جو اونکو ایک روح سمجھتے تھے اور اونکا گوشت ناخنکر اونکو سکوں ہو

ہ اور تحقیق کا شوق رکھتے ہون تو ہمارے ہندوستان کے اندر بھی سچے عیسائی مذہب کے بہت سے عالم موجود ہین ان سے دریافت کرین مؤلف

آلہ گرد انکر عرب اور اور گرد و نواح کی قومون کو تیہ جہالت اور وادی ضلالت سے نکالکر راہ راست اور جادۂ حق پر لگا دیا۔

دوسرا باب

(حضرت) محمد نجیب الطرفین تھے اور خاندان بنی ہاشم سے تھے جو اشرف شرائف قریش تھا اور آپکے جد امجد عبد المطلب خانہ کعبہ کے متولی تھے جس سال حملہ آور ان حبش یعنے اصحاب الفیل طیراً ابابیل کا لقمہ ہوے جو عرب کی تاریخ مین ایک یادگار سال ہے اوسی سال آپ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ بارھوین تاریخ ماہ ربیع الاول کو (جو سنہ اسلامیہ کا تیسرا مہینہ ہے) سنہ ۴۰ جلوس سیمنت مانوس کسری نوشیروان عادل مین جو جسٹینین قیصر روم کا ہمعصر اور ہمسر تھا آپ پیدا ہوئے۔

آپ شفقت پدری اور مہر مادری سے محروم رہے کہ بچپن مین یہ دو چیزین عجب نعمت عظمی ہوتی ہین۔ والد ماجد آپکے ولادت کے پیشتر انتقال کر چکے تھے اور چھ ہی برس کا سن آپکا تھا کہ مادر گرامی نے بھی وفات کی۔ اوس طفل یتیم کا تکفل اوسکے جد بزرگوار کو کرنا پڑا جو اوسکے عاشق زار تھے۔ عبد المطلب نے بستر بیماری پر اپنے یتیم پوتے کو اپنے فرزند ارجمند ابو طالب کے سپرد کیا جو آپ کے والد ماجد عبد اللہ کے

لہ اس سال کو عام الفیل اسوجہ سے کہتے ہین کہ حبش کی فوج کے ساتھ بہت سے ہاتھی تھے۔ اس واقعہ کی جو کیفیت مشہور ہے اوس سے بخوبی ظاہر ہے کہ افسانے و حکایات نا تربیت یافتہ قومون مین کیونکر پیدا ہو جاتے ہین۔ حملہ آوران حبش کسی وبائی بیماری سے ہلاک ہوے شاید چیچک سے اور لفظ الحصبات جسکے معنی دانون کے ہین اور انکریون کے بھی ہین اس قصہ کی اصل اور ماخذ ہے کہ آسمان سے پتھر برسے اوس سے اصحاب الفیل ہلاک ہوے۔ سیوطی صاحب کا نمذکورہ پیغمبر اسلام جلد ۱۔ دیباچہ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف

لہ ابن الاثیر نے اپنی تاریخ جلد ۱ صفحہ ۳۰۳ مین آپکا سن ولادت سنہ ۴۱ جلوس نوشیروان عادل قرار دیا ہے مگر کاسن ڈی پرسول نے اپنی تاریخ جلد ۱ صفحہ ۲۸۱-۲۸۲ مین قوی وجوہ یقین کرنے کے لکھے ہین کہ سنہ ۴۰ جلوس کسرے نوشیروان صحیح سنہ ولادت آپ کا ہے

برادر حقیقی تھے۔

سن طفولیت آپؐ کا ابو طالب کے گھر مین بسر ہوا۔ آپؐ کو خداوند عالم نے ایسے اوصاف حمیدہ عطا فرمائے تھے کہ جس سے آپؐ ہی سابقہ پڑا وہ آپکا فریفتہ ہوگیا۔ مورخین اسلام نے ایک عجب دردانگیز حکایت اوس محبت کے بیان کی ہے جو چچا بھتیجے مین تھی۔ ابو طالبؑ نے سفر شام پر عزیمت کی اور آنحضرت کو اپنے لڑکون کے ساتھ مکہ مین چھوڑا۔ ابو طالبؑ اونٹ پر سوار ہونے کو تھے کہ آپؐ آکر اونسے چمٹ گئے اور چلائے کہ اے چچا مجھکو اپنے ہمراہ لیتے چلیئے۔ ابو طالبؑ کا دل بھر آیا اور اپنے یتیم بھتیجے کو اپنے ہمراہ سفر تجارت مین لیتے گئے۔ اون دونون بزرگوارون نے شام کا سفر اکھٹا ہو کر کیا۔ ایک مقام پر جسکا نام بصرہ تھا مقام کیا تو ایک عیسائی راہب بحیرہ نامی سے ملاقات ہوئی اوس راہب نے آپ کے چہرۂ مبارک سے آثار عظمت و جلالت اور اعلیٰ درجہ کے کمالات عقلی اور محامد اخلاق دریافت کرکے کہا کہ یہ لڑکا اپنے ملک کا آزاد کنندہ اور اپنے اہل وطن کا نجات دہندہ ہوگا۔ اور اوسنے اپنا یہ اعتقاد ابو طالب کو سمجھا کر اونسے کہا کہ اس لڑکے کو خوف و خطر اور شر اعدا سے بہت بچانا۔ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد فجار کی لڑائیان قریش اور بنی ہوازن مین شروع ہوگئین اور رُک رُک کر نو برس تک ہوتی رہین۔ انمین سے دو لڑائیون مین آنحضرت گو سن شریف کل چودہ پندرہ برس کا تھا اپنے چچا کے ساتھ گئے اور کعبۂ شریف کے جوانمرد اور وطن دوست متولی و محافظ کا لائق پوتا اپنے تئین کر دکھایا[۵۱]

---

[۵۱] طبری نے اپنی تاریخ جلد ۲ صفحہ ۴۴ مین اور ابن الاثیر نے اپنی تاریخ جلد ۲ صفحہ ۲۰ مین لکھا ہے کہ جب یہ لڑائی گذری اوسوقت آپؐ کا سن شریف کل نو برس کا تھا مگر ابو الفدا نے تیرہ برس کی عمر لکھی ہے ۱۲۔ مؤلف [۵۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۱۴-۱۱۷ اور تاریخ ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۲۶-۲۷۔ اور تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۴۵-۴۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۵۳] تاریخ ۴

[۵۰] ابن ہشام صفحہ ۱۱۲۔ اور تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۲۰۔ اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۱۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

اس زمانہ سے پچیس برس کی عمر تک آپ پھر کسی معرکہ مین شریک نہین ہوئے آپکی خلق و محبت اور وفا شعاری اور دیانت داری اور راست گوئی اور اعیب کردار و رفتار سے آپ کے اہل وطن آپ کے دوست اور خیر خواہ ہو گئے اور آپکا لقب الامین ہو گیا۔ پچیس برس کی عمر مین آپ نے پھر دوبارا سفر شام کیا اور اپنے ہم قبیلہ خدیجہؓ کا اسباب تجارت لیکر اوس ملک مین تشریف لے گئے۔ اور خدیجہ ایک متمول بی بی قریش کی قوم سے تھین۔ جو خدمت آپ کے سپرد کیگئی تھی اوسکو آپ ایسی دانشمندی اور ایمانداری سے بجالائے کہ خدیجہ کے دل مین آپکی جگہہ ہو گئی اور نہایت ممنون و شکر گذار آپکی ہوئین۔ آخر کو آپؐ کی شادی حضرت خدیجہ کے ساتھ قرار پائی اور نکاح ہوا جس سے سب خوش ہوئے اور سب نے پسند کیا۔ وہ جنکے والد خویلد حجاز کی لڑائیون مین مارے گئے تھے یا اوس سے پیشتر مر چکے تھے اونکے چچا عمرو ابن اسد نے رخصت کیا۔

اس عقد سے آنحضرت کی وقعت اپنے اہل وطن مین زیادہ ہو گئی۔ آپؐ اپنی زوجہ کے عاشق زار تھے اور بکمال لطف و شفقت اونکے حال کے نگران رہتے تھے۔ اور اونکے معاملات کا انتظام اور اونکے حقوق کا تحفظ دانشمندی اور دور اندیشی کے ساتھ فرماتے تھے۔ جب آپؐ کے دایہ حلیمہ خاتون نے حاضر ہو

لہ ابن الاثیر نے اپنی تاریخ جلد ۲ صفحہ ۲۸ مین اس باب مین صاف صاف لکھا ہے قولہ ان الذی زوجها عماعمرو ابن اسد وان اباها مات قبل الفجار قال الواقدی وهو الصحیح ان اباها توفی قبل الفجار یعنی جو دیکھا ابن الاثیر اور اور معتبر مورخین اسلام نے مثل ابن ہشام وغیرہ کے صاف یہ لکھا ہے تاہم سر ولیم میور صاحب اور ڈاکٹر ویل اور ڈاکٹر اسپرنگر کے معاندانہ اور تعجب آمیز تاویل کو تسلیم کر لیا ہے جو انھون نے آنحضرت اور خدیجہ کے عقد کے باب مین کی ہے اور صرف اسوجہ سے تسلیم کی ہے کہ وہ تاویل خلاف قیاس ہے اور آنحضرت کی توہین کا باعث ہے۔ (سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۱ صفحہ ۲۲ و ۲۵ اور حاشیہ ملاحظہ ہو) اس امر کا فیصلہ مین ناظرین کی رائے پر چھوڑتا ہون کہ آیا سر ولیم میور صاحب کا قول منصفانہ ہے یا متعصبانہ۔ ایڈیٹر

اپنے افلاس کا حال آپ سے عرض کیا تو آپ نے خدیجہ سے اونکی سفارش کی
اور خدیجہ نے اوس نر پیر بدویہ کو چالیس بھیڑوں[۱] کا گلہ دیدیا - جبتک خدیجہ زندہ
رہین آپ تعدد ازدواج کی رسم سے جو عرب مین رائج تھا کبھی متمتع و مستفید نہین ہوئے
خدیجہ کی حین حیات آپ کو جو محبت اونکے ساتھ تھی اوسمین لغزش نہین ہوئی -
اور بعد اونکی وفات کے جب وہ آپؐ کو یاد آئین آپ پر اوسوقت بڑی رقت طاری
ہوئی - جب خدیجہ کی شکر گذاری اور محبت سے آپ نے افکار دنیا سے نجات پائی
تو مراقبہ اور یاد الٰہی مین ہمہ تن مصروف ہوگئے -

اسوقت تک آنحضرت دنیا کے حال سے ناواقف تھے - اب آپؐ نے اپنی اہل وطن
مین اسطرح سے ایک نام پیدا کر لیا کہ ایک قدیم سازش کو جسے حلف الفضول کہتے ہین
اور جو قدیم زمانہ مین اس غرض سے ہوا تھے کہ اندرون دیوار ہاے مکہ شر و اور
بدعتین نہونے پائین دوبارا قائم کرنے مین آپ نے بخوبی شرکت اور اعانت
کی - ایسے ایسے ظلم اور بدعتین روز روشن مین ہوتی تھین کہ ہر شخص جسمین ذرہ بھی
بو انسانیت کی پائی جاتی تھی حیران و پریشان اور انگشت بدندان ہوتا تھا - ان
بدعتون کے انسداد کے لیے اہل مکہ کے چار[۲] پانچ بڑے بڑے خاندانون نے ضعفا اور مظلومین
کی حفاظت کیواسطے ایک جدید معاہدہ باہم کیا - اس سازش مین آنحضرتؐ ایک بہت
بڑے محرک و مؤید تھے اور آپ ہی کی حسن سعی سے حلف الفضول دوبارا قائم ہوئی -

---

[۱] تاریخ ابو الفدا جلد ۱ - صفحہ ۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۲۰ - ملاحظہ ہو
مؤلف [۳] یعنے بنی ہاشم جس خاندان سے خود آنحضرت تھے اور بنی مطلب اور بنی اسد اور خاندان
زہرہ ابن کلاب اور تیم ابن مرۃ - تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۲۹ - اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱
صفحہ ۳۳۰ - ۳۳۴ - ملاحظہ ہو ۱۱ - مؤلف -

پینتیس برس کی عمر مین آپ نے ایک بہت بڑی مشکل کو حل کیا - وہ مشکل یہ تھی کہ جب کعبہ دوبارا تعمیر ہونے لگا تو اسمین تکرار ہوئی کہ حجر الاسود کہان پر رکھا جائے اور قبائل عرب مین ایسا جھگڑا ہوا کہ باہم جدال وقتال کا خوف ہوا

اور اسی زمانہ مین آپ نے ایک ایسا کارنمایان حب الوطن کا کیا جو ہمیشہ تاریخ مین یادگار رہیگا اور جس سے ہمارے سب مورخون نے سوائے ابن خلدون کے چشم پوشی کی ہے - ہنوز کعبہ دوبارا تعمیر نہ ہیچکا تھا کہ آپ نے مکہ معظمہ کو اوس خفیہ سازش سے بچا لیا جو اوسکی خودسری اور آزادی مٹانے کے لیے کیگئی تھی - عثمان ابن حویرث ایک عرب نصرانی تھا جسنے قسطنطنیہ کے دربار قیصری مین دین مسیحی قبول کرلیا تھا اور قیصر روم سے مال وزر لیکر حجاز مین آیا تھا تاکہ مکہ مین یونانیون کی عملداری کرادی - اوسکا ارادہ ظاہر ہوگیا اور وہ سازش ناکام[1] رہی اور یہ خاص آنحضرتؐ کے حسن سعی سے ہوا - مغربی قومین یعنے اہل یورپ ان واقعات کی اسقدر تعریف کرتے ہین کہ سنتے سنتے آدمی کا دل اوب جاتا ہے کہ سسرو نے کٹالاین کے فریب کو ظاہر کردیا اور بروٹس نے اپنے محسن و مربی جولیس قیصر کو قتل کرڈالا یا اتھنس کے دو نوجوان قتل عمد کے مرتکب ہوے اور ان واقعات کو کہتے ہین کہ یہ بہت بڑے کارنمایان آزادی کی تاریخ مین ہوے ہین - مگر پیغمبر اسلامؐ نے جو اپنے مولد و موطن کو قسطنطنیہ کے قیصر ان ظالم و خودسر کے زیر حکومت ہوجانے سے بچایا تو ایسا امر عظیم کیا کہ بنی آدم کی دعائیں واہ ہی واہ کی[2] کے مستحق ہوگئے - پس اسطرح سے آنحضرتؐ اپنے ملک کی خدمتگذاری ایسی جانفشانی

[1] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱ صفحہ ۳۲۵ - اور میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۴۴ - طاحظہ ہو

[2] یہ ایک بہت بڑا نامی و گرامی خطیب رومی تھا ۱۲ مترجم [3] یونان کے قدیم بایہ تخت کا نام ہے ۱۲ مترجم

سے کر چکے تھے۔ اور آپؐ نے اپنے عم نامدار ابو طالبؑ کا بارسنت و احسان اسطرح اپنی گردن سے اوتارا کہ اونکے فرزند ارجمند (حضرت) علیؑ کو خود تعلیم و تربیت کیا۔ ابو طالبؑ کثیر الاولاد تھے اور اتنی مقدرت نہ رکھتے تھے کہ اوسطرح اونکی پرورش و پرداخت کرتے جیسا اونکے شایان مرتبہ تھا۔ آنحضرت جو خدیجہ سے عقد کر کے متمول ہو گئے تھے اور عباس ابن عبد المطلب یہ دو شخص سب اہل مکہ سے زیادہ مستغنی تھے جب اوس ملک مین شدید قحط پڑا تو آپ نے اپنے چچا عباس کو سمجھایا کہ ابو طالبؑ کے بیٹون مین سے ایک بیٹے کو آپ متبنّٰی بنائین اور ایک بیٹے کو مین متبنّٰی بناؤنگا۔ پس عباس نے جعفر ابن ابو طالب کو اور آنحضرتؐ نے علیؑ ابن ابیطالب کو اپنا فرزند بنایا۔ اور عقیل ابن ابیطالبؑ اپنے والد[1] پاس رہے۔

آپؐ کے سب بیٹے صغیر السن مر گئے تھے۔ مگر (حضرت) علیؑ کی محبت مین آپ اپنے فرزندون کے غم کو بھول گئے اور اونکا عقد اپنی دختر نیک اختر فاطمہؑ کے ساتھ کر دیا جس سے محبت و جان نثاری کا سلسلہ طرفین سے خوب مضبوط و مستحکم ہو گیا۔

قریب اسی زمانہ کے آپ نے اپنے اہل وطن پر اپنی رحیمی و کریمی ایسی ظاہر کر دی اور ایسی انسانیت و مروت کو کام فرمایا جسکا عدیل و نظیر تاریخ عالم مین درج نہین ہوا ہے۔ ایک نوجوان عرب زید ابن حارث کو ایک قبیلہ مخالف نے اسیر کر کے حضرت خدیجہ کے ایک بھتیجے کے ہاتھ بیچ ڈالا اوسنے اوسے خدیجہ کو نذر دیا۔ آنحضرت کو اوس غلام عربی کے غربت پر ترس آیا اور خدیجہ سے فرمایا کہ اسے مجھے دیدو تو

[1] تاریخ ابن ہشام جلد ۱۔ صفحہ ۱۰۹۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۲۹۹۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۲۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

اور اوسکو لیکر اوسیوقت آزاد کر دیا - کچھ دنون بعد زید کا باپ جو اپنے بیٹے کا عاشق زار تھا مکہ مین آیا کہ دیت دیکر اوسکو چھڑا لے - آنحضرت نے زید سے فرمایا کہ تجھے اختیار ہے کہ میرے پاس رہ یا اپنے باپ کے ساتھ چلا جا - مگر زید نے اپنی محسن و مربی پاس رہنا پسند کیا - لکن جس حال مین آپ تھے خواہ ایسی ایسی فیاضی کے کامون مین مصروف تھے خواہ اپنے ہم وطنون کو اعداء کی تدبیرین باطل کرنے مین مدد دیتے تھے خواہ امور عامۂ خلائق کے طے کرنے مین مشغول تھے آپ کا دل ہمیشہ اور ہر وقت اپنی امت کے اصلاح حال مین لگا رہتا تھا - آپ نے جو دو سفر ملک شام مین کیے تھے تو ایسے اخلاقی عیوب اور تمدنی خرابیان مشاہدہ فرمائی تھین جو قیاس سے باہر ہین - خود اپنے ہی ملک پر جو نظر کی تو اپنے امت کو جہالت و ضلالت کے دریا مین ڈوبا ہوا پایا - آپ کا رحیم و کریم دل بندگان خدا کو ایسی ذلیل حالت مین دیکھکر خون کے آنسو رویا - ایک ناصح ملہم کے چشم بصیرت سے آپ نے دیکھ لیا کہ میری امت کی تمدنی اور ملکی ترقی کے سب امیدین اسپر موقوف ہین کہ اسکے اخلاق مین اصلاح کیجائے -

خواہ عیال و اطفال مین رہتے تھے خواہ خلوتکدہ مین ہر وقت اور ہر جگہ اپنے مراقبہ مین مصروف رہتے تھے اور تنہائی اور خلوت گزینی کے تو آپ عاشق تھے - ہر سال ماہ رمضان مین آپ اپنے عیال و اطفال کے ساتھ کوہ حرا پر بسر فرماتے تھے اور اپنی اوقات عزیز عبادت خدا اور غربا و مساکین کی خبر گیری اور تواضع مین گذارتے تھے

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۶۰-۱۶۱ - اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱ صفحہ ۲۴۰-۲۴۷ - لاحظہ ہو مؤلف

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۰۲ - اور تاریخ ابن الاثیر صفحہ ۲۰ - اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۱۲ - اور تاریخ طبری جلد ۲ - صفحہ ۳۹۱ - لاحظہ ہو - طبری نے ماہ رجب کو لکھا ہے ۱۲ - مؤلف

اس پہاڑی پر آپؐ ساری ساری رات مراقبہ اور یاد الٰہی مین مصروف رہتے تھے اوس خالق عالم کے تصور مین رہتے تھے جو کسیکو دکھائی نہین دیتا مگر سب مین بسا ری و طاری ہے - روحانی شاعری اس سے زیادہ کیا ہوگی کہ لکھا ہے کہ شجر و حجر آپکے ساتھ تسبیح و تہلیل کرتے تھے اور آپؐ کو اوس کار عظیم پر راغب کرتے تھے جو خالق برحق و قادر مطلق نے آپؐ کو تفویض کیا تھا - ان متبرک اوقات مین آپؐ وہ مشاہدات قلبی اور ارواح ملائکہ ملاحظہ فرماتے تھے جو کاشف و مبین اون اعتقادات حقہ کے تھے جو آپؐ نے عالم کو تلقین فرمائی - اکثر ایسا ہوا ہے کہ عالم شہود کے تیرہ و تار رہسون مین ایک جلیل القدر آدمی کی روح نے کچھ قوتون کا ادراک کیا ہے جو غیر متعقل ہین گو غیر مرئی نہون اور اونھین قوتون سے انسان نے بڑے بڑے کارنمایان کیے ہین چنانچہ صموئیل نبی سے لیکر جو اگلے زمانہ مین ایک غیب دان تھا اور زمانہ قدیم کے دود آلود افق کے نیچے کھڑا ہوا کیسی ہولناک پیشین گوئیان کر رہا ہے حضرت عیسیٰؑ تک جو صحرا مین کھڑے ہوے اپنی امت کے انجام بد اور اپنے کام کی عظمت مین غوطہ زن کر رہے ہین اور خدائے برحق کے کلام پاک کو بگوش ہوش سن رہے ہین اور حضرت عیسیٰؑ سے آنحضرتؐ تک جو جبل حرا پر اپنے خلوتکدہ مین مصروف مراقبہ ہین ان قوتونکا سلسلہ برابر جاری رہا اور کبھی نہین ٹوٹا - شب دیجور کے سناٹے مین اور سحر کے خوش آیند خاموشی مین اور عین خلوت و تنہائی مین جب کوئی ہمدرد

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۰۱ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۲ پولوس حواری کو جو کثرت سے رویا اور الہامات ہوا ایک وہ بھی اسی سلسلہ مین داخل ہین گو اسٹراس صاحب اپنے تذکرہ عیسیٰ مسیح جلد ۱ صفحہ ۱۴۱ مین فرماتے ہین کہ پولوس حواری کو جو رویا اور الہامات ہوے وہ مرض کے دورہ کے اوقات مین ہوتے تھے اور وہ مرض غالباً صرع تھا جسکا ذکر خود حواری موصوف نے اپنے کلام مین کیا ہے - ۱۲ - مؤلف -

انسان قریب نہ تھا ایک صدا آسمان سے باد صبا کی خفیف سی جھونکے کیطرح آپ کے کان مین آئی کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ "تو ہی وہ شخص ہے۔ تو ہی پیغمبر خدا ہے"۔ یا عالم خواب مین ہاتف غیب کی ندا آئی کہ۔ پڑھ اپنے پروردگار کے نام سے" ایسے وقت مین نفس پر ایسا زور پڑا کہ اوسنے ایک خواب کی کیفیت پیدا کی اور ارواح صالح آسمانی نظر آئی جو خداوند عالم اور انسان کے درمیان پیامبری کرتے ہین چنانچہ ایک عالم کا قول ہے کہ "خداوند برحق اپنے پیغمبرون کو خود پسند کر لیتا ہے اور اونسے ایسی آواز سے کلام کرتا ہے جو صداے رعد سے بھی زیادہ بلند و قوی ہے یہ وہی صداے باطنی ہے جس سے خدا ہم سب سے کلام کرتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ صدا اتنی خفیف ہو جائے کہ اچھی طرح سنائی بھی نہ دے اور یہ بھی ممکن ممکن ہے کہ اوسمین سے ربانیت و حقانیت جاتی رہے اور انسانیت آجائے یعنی دنیا دارون کی زبان ہو جاے اور یہ بھی ممکن ہے کہ برگزیدگان الٰہی کو اوس صدا مین اوسکی کیفیت اصلی یعنے حقانیت محسوس ہو اور اگر اونکی گوش حق نیوش مین وہ آواز ہاتف غیب کی معلوم ہو"

پیغمبر اسلام کا تقرب اور تعلق خداوند عالم سے اوس قسم کا نہ تھا جیسا اون خود پسندون کو ہوتا ہے جو ترک دنیا کر کے جنگلون بیابانون مین زندہ در گور رہتے ہین۔ اور صرف اپنی ہی نفس کے لیے رہبانیت اختیار کرتے ہین۔ بلکہ آپ نے اسقدر جد و جہد اور سرگرمی و جانکاہی کی تو فقط اسلیے کی کہ اپنی امت کو قید بت پرستی سے آزاد کرین۔ آپ کو اپنی بعثت کا حال اوسوقت منکشف ہوا جبکہ آپ کو عین مراقبہ اور کمال حزن و ملال کے عالم مین اوسی ہاتف غیب کی صدا محسوس ہوئی

لہ یعنی فرشتے ۱۲۔ مترجم ۵۲ یہ قول پروفیسر سیکس میئولر کا نقل کیا ہے ۱۲ مؤلف۔

جتنے انبیاء و مرسلین کو جو آپؐ کے پیشتر گذرے تھے حکم رسالت سنایا تھا۔ یعنی پردۂ غیب سے صدا آئی کہ اے وہ شخص جو اپنی چادر مین لپٹا ہوا ہے اوٹھ اور تنبیہ کر اور اپنے پروردگار کی بزرگی ظاہر کر۔[۵۱]

پس غور کیجئے کہ اوسوقت کسقدر قلق اور اضطراب آپ کے قلب پر طاری ہوا جیسا کہ حدیث مین وارد ہوا ہے کہ قبل اسکے کہ آپؐ کو اپنی مبعوث برسالت ہونیکا یقین ہوا اسقدر اضطراب آپؐ کو ہوا کہ قریب تھا کہ اپنے تئین ہلاک کر ڈالین کہ اتنے مین ایک صدا آپ کے دل سے آئی کہ اس قلق و اضطراب کو دور کر اور بنی آدم کا فرض جو تجھپر ہے اوسکو ادا کر۔ یہ صدا اوسی پروردگار عالم کی تھی جسنے آپ کو اپنی اُمت کو نجات دینے کے لیے خلعت رسالت عنایت فرمایا تھا۔

الغرض۔ یہ آواز غیب سنکر آپ اوٹھے اور جس کام کا حکم ہوا تھا اوسکے کرنے پر آمادہ ہوے۔ پس اوسوقت سے آپ کے تمام عمر بنی آدم کی بہتری کی کوشش مین بسر ہوگئی۔ کیسی کیسی ایذائین مشرکین کے ہاتھ سے آپ کو پہونچین اور کیا کیا توہین و تذلیل ہوئی مگر آپؐ کے پاے ثبات مین لغزش نہ آئی اور آپ وعظ و نصیحت اور تنبیہ و تہدید فرمایا کیے۔

پہلے جس شخص نے آپؐ کے رسالت کا اقرار کیا وہ حضرت خدیجہ کبریٰؓ تھین جب آپ نے عالم اندوہ و یاس مین اونسے اوس انتشار و اضطرار کی کیفیت بیان کی جو قبل اسکے طاری ہوئی تھی کہ آپؐ کا قلب نور الٰہی سے منوّر ہو تو خدیجہؓ نے آپؐ کو تشفی دی اور عرض کیا کہ مجھے یقین ہے کہ آپؐ کو خداوند عالم نے اپنے

---

۵۱ یا ایھا المدثر قم فانذر وثیابك فطھر وربك فکبر قرآن مجید سورۃ المدثر ۱ تا ۷ مترجم

۵۲ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۲۵ - ۲۶ - اور تاریخ طبری جلد ۲ - صفحہ ۲۹۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

بندون کی ہدایت و اصلاح کے لیئے منتخب فرمایا ہے اب جو آپ کی رسالت ظاہر ہوگئی
تو سب سے پہلے خدیجہؓ اپنی قوم کی بت پرستی کو ترک کرکے دل سے آپؐ کا ایمان
لائین اور خدائے رحمن و رحیم کی عبادت مین بصفائی قلب آپؐ کی شریک ہوئین
ابتدا مین آنحضرت نے اپنے دل کا حال صرف اپنے متعلقین سے بیان
کیا اور چاہا کہ اونکے بزرگون کے اعمال قبیحہ اونسے ترک کرادین - حضرت خدیجہؓ
کے بعد حضرت علیؑ آپ پر ایمان لائے[1] - اکثر ایسا ہوتا تھا کہ آنحضرت مکہ کے قرب و جوار
کے دیہات کی تنہائی مین اپنی زوجہ اور اپنے عموزادہ کو لیجاکر خداوند عالم کی
نعمات لاتعدّ و لاتحصیٰ کا شکر بجالاکے تھے ایک مرتبہ اثنائے رکوع مین ابوطالبؑ
نے اونکو دیکھ لیا اور آپ سے پوچھا کہ "اے میرے بھتیجے یہ کس دین کی پیروی
تو کر رہا ہے" پیغمبرؐ خدا نے فرمایا کہ "یہ دین خدا کا اور اوسکے ملائکہ اور انبیاء کا
اور ہمارے جدّ امجد ابراہیم خلیل اللہ کا ہے - خدا نے مجھکو بھیجا ہے کہ اوسکے
بندون کو راہ راست بتاؤن اور آپ اے چچا جان سب سے برگزیدہ بندہ اوسکے
ہین - پس مناسب ہے کہ مین آپ کو دین حق کیطرف دعوت کرون اور سزاوار ہے
کہ آپ اوس دین کو قبول فرماکر اوسکے شایع کرنے مین میری اعانت رعایت فرمائین"
ابوطالبؑ نے ایک جوانمرد کہن سال عرب کے طنطنہ سے کہا کہ "اے پسر برادر
مین اپنے باپ دادا کے مذہب کو نہین ترک کرسکتا - مگر باللہ العظیم جبتک مین
زندہ ہون کیا مجال کسیکی کہ تیرا بال بیکا کرسکے" تب اپنے فرزند ارجمند علیؑ
کی طرف مخاطب ہوکر اوس بزرگوار نے پوچھا کہ تیرا کیا مذہب ہے - حضرت علیؑ
نے عرض کیا - کہ مین ایمان لایا خدا کا اور اوسکے پیغمبر کا اور مین اوسکا

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۰۹ - اور تاریخ ابوالفداء صفحہ ۱۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

پیرو ہوں"، ابو طالب نے فرمایا "اے فرزند اوسکی پیروی کر کہ وہ تجھے نیکی کیطرف ہدایت کریگا"

تھوڑی مدت کے بعد زید ابن حارث جسنے باوجود آزاد ہوجانے کے آنحضرتؐ کا ساتھ نہین چھوڑا مشرف بہ اسلام ہوا۔ بعد اوسکے ایک سرآمد گروہ قریش یعنی عبداللہ ابن ابی قحافہ جو بعد ازان تاریخ اسلام مین بہ لقب ابو بکر مشہور ہوئی اسلام سے مشرف ہوے۔ اونکی وجہ سے چند اور اشخاص بھی اسلام لائے اور آنحضرتؐ کو مسلمانون کی تعداد بڑھنے سے خوشی ہوئی۔ رسولؐ عربی کے سوانح عمری مین ایک یادگار واقعہ جو نہایت قوی دلیل اونکے احکام کے الہامی ہونے کے بعد اور اونکے ایمان کامل اور توکل علی اللہ کے ہی یہ ہے کہ اونکے عزیزان قریب یعنی اونکی زوجہ اور اونکا پیارا چچازاد بھائی اور اونکے مخصوص دوا قف کار اصحاب اونکے رسالت کا اعتقاد کامل اور اونکے لہم من اللہ ہونے کا یقین واثق رکھتے تھے یہ لوگ اونکے حال سے خوب واقف تھے۔ اور اونکے ساتھ رہتے تھے اور اونکے حرکات وسکنات کے نگران رہتے تھے اور یہی سب سے زیادہ سچے اور وفادار پیرو اونکے تھے۔ اگر یہ مرد اور عورتین جو نہایت شریف القوم اور فہمیدہ وسنجیدہ تھین اور دریاے جلیل کے ماہی گیرون سے زیادہ یقیناً جاہل وعامی نہ تھین ذرا سی علامت بھی دنیاداری یا مکروزور یا عدم ایمان کی اپنے پیغمبر مین پاتین تو آنحضرتؐ کو جو تہذیب اخلاق اور اصلاح بنی آدم کی امیدین تھین وہ سب دم بھر مین خاک مین

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۵۹ - ۱۶۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۴۲ - ۴۳ - اور سرولیم میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۱ صفحہ ۹۹ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف لہ ایک مورخ نے لکھا ہے کہ اسلام لانے سے پیشتر ابو بکر کا نام عبد الکعبہ تھا ۱۱ مؤلف لہ یہ دریا بحر شام کے صوبہ بیہودیہ مین واقع ہے اور اسکے کنارے حضرت عیسیٰ اور حواریین گشت کیا کرتے تھے ۱۲ مترجم لہ یعنی حواریین

ملجائین - اونھون نے آپ ہی کی خاطر کیا کیا مصائب اور صدمات اُٹھائے اور کیسے کیسے عقوبات جسمانی اور آلام روحانی کے متحمل ہوئے اور اپنی قوم و قبیلہ سے خارج کر دیئے گئے یہانتک کہ موت تک گوارا کی - کیا وہ ایسا کرتے اگر ذرا بھی علامت ارتداد کی اپنے پیشوا مین پاتے لکن اگر یہ لوگ ایسا اعتقاد قلبی اور ایمان کامل آپ کی رسالت پر نہ لاتے تو بھی یہ کوئی دلیل اسکی نہین ہوسکتی کہ اسکا کوئی انکار یا اسمین کوئی شبہ کرسکے کہ بہت بڑا کام آپ نے دنیا مین کیا اور آپ صاف باطن اور پاک اعتقاد تھے - اب خود حضرت عیسیٰؑ کو دیکھیئے تو اپنے عزیزان قرب سے اونکی کچھ نہ چلی - اونکے بھائی[1] اونپر ہرگز نہ ایمان لائے بلکہ ایک دفعہ تو یہ نوبت پہونچی کہ اونھون نے حضرت مسیحؑ کو مسلوب الحواس سمجھکر چاہا کہ گرفتار کرلین - بلکہ حواریین بھی اپنے اعتقادات مین راسخ نہ تھے - شاید یہ مزلت قدم اور ضعف اعتقاد اونکی قصور عقل سے پیدا ہوا ہو یا خود حضرت عیسیٰ کے اقوال مین اختلاف سے پیدا ہوا ہو جیسا بشپ لمیئن[2] صاحب کی راے ہے لکن اسکے واقعیت کا انکار نہین ہوسکتا - آنحضرتؐ کے اقربا اور اصحاب کا راسخ الاعتقاد اور کامل الایمان ہونا سب سے زیادہ شہادت قطعی آپ کے صدق نیت اور حقیت مذہب کی ہے -

---

[1] یوحنا کی انجیل باب ۷ - آیت ۵ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] حالانکہ انھین لوگون کو حضرت عیسیٰؑ نے بہ ترجیح اپنی والدہ اور بھائیون کی مان اور بھائی فرمایا ہے - مرقس کی انجیل باب ۳ - آیت ۲۱ - اور متی کی انجیل باب ۱۲ - آیت ۴۶ - ۴۹ - اور مرقس کی انجیل باب ۳ - آیت ۳۲ - ۳۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] لمیئن صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ - صفحہ ۲۵۴ - ۲۵۵ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [4] سر ولیم میور صاحب نے اسکا اقرار نہایت قطعی طور سے کیا ہے اور فرمایا ہے کہ حواریین خوف و خطر کی آہٹ پاتے ہی فرار ہوئے سر ولیم میور صاحب کا مذکورہ پیغمبر اسلام صفحہ ۲۷ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

تین برس تک آپؐ نے خفیہ کوشش کی کہ اپنی امت سے بت پرستی کو چھڑوادین
آخرالامر آپؐ نے چاہا کہ اپنے تمام اہل قبیلہ کو اپنے گھر مین جمع کرکے اپنی رسالت کے
مقاصد اونکو سمجھائین - وہ سب حاضر ہوئے مگر ابو طالبؑ کو طعنہ[1] دیا کہ تمھارا فرزند
محمدؐ پر کیا جان نثاری کر رہا ہے - جب اپنے اہل قبیلہ اور بنی عم پر کچھ اثر آپ کے
موعظہ کا نہوا تو آپ نے علانیہ سب کو تلقین کرنا شروع کیا - لکن یہین بھی بہت کم
کامیابی حاصل ہوئی - آپ نے قریش کے بتون کی اسقدر مذمت کی اور اونکو ایسی
توہین و تہدید کی اور اونکے طریقہ عبادت کو کہ نہایت قبیح و مذموم تھا ایسا زور و شور
سے رد کیا کہ اونکو اوسیطرح طیش آگیا جیسا حضرت عیسیٰؑ کی زجر و توبیخ سے
علماء یہود کو غصہ آگیا تھا - کفار قریش نے کئی مرتبہ ابو طالبؑ کو سفیرون کے
ذریعہ سے کہلا بھیجا کہ اپنے بھتیجے کو منع کیجیے کہ ہمارے دین کو علانیہ رد نہ کیا کرین
پہلے تو ابو طالب نے سفیران قریش کو اپنی شیرین[2] کلامی سے ٹالدیا - لکن
جب آپؐ نے اونکے بتون کے عیوب کے اظہار مین اور زیادہ اصرار فرمایا
تو اونھون نے آپؐ کو کعبہ سے نکالدیا جہان آپ موعظہ فرماتے تھے اور
سب اکھٹا ہوکر ابو طالبؑ کی خدمت مین آئے - اور عرض کیا کہ "ہم آپ کو

---

[1] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۴۴ - ۴۷ - اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۱۵ - ۱۶ - وانذر عشیرتک الاقربین قرآن مجید سورۃ الشعراء آیت ۲۱۴ - [2] تاریخ طبری جلد ۲ - صفحہ ۴۰۱ - ملاحظہ ہو -
اس موقع کے نزدیک یہ آیات قریب اسی زمانہ کے نازل ہوئی تھی - قل انما یوحی الی انما الھکم الہ واحد
فھل انتم مسلمون فان تولوا فقل اذنتکم علی سواء وان ادری اقریب ام بعید ما
توعدون انہ یعلم الجھر من القول ویعلم ما تکتمون وان ادری لعلہ فتنۃ لکم ومتاع الی حین
قال رب احکم بالحق وربنا الرحمن المستعان علی ما تصفون قرآن مجید سورۃ الانبیاء آیات ۱۰۹ - ۱۱۲ -

کبیر السن اور جلیل القدر جانکر آپؐ کا اعزاز و اکرام کرتے ہین مگر اوس اعزاز و اکرام کے بھی آخر کچھ حد و پایان ہے - بہ تحقیق کہ اب ہمکو یہ کسیطرح گوارا نہین ہے کہ آپ کے بھتیجے ہمارے معبودون کی تقبیح اور ہمارے اباء و اجداد کی مذمت کرتے ہین - پس یا تو آپ اونکو اس فعل سے باز رکھین یا خود اونکے شریک ہو جائیے تاکہ اس جھگڑے کو باہم لڑکر طے کر لین اور یہانتک جنگ ہو کہ فریقین مین سے ایک فریق فنا[1] ہو جائے - ،، یہ کہکر وہ چلے گئے ابو طالب رض کو اپنی قوم سے علحدہ ہو جانا منظور نہ تھا نہ یہ گوارا تھا کہ اپنے بھتیجے کو مشرکین کے دست تجسس مین چھوڑ دین - اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بُلاکر قریش کی تقریر بیان کی اور عرض کیا کہ اس کام سے باز آئیے جو آپ نے اختیار کیا ہے - آنحضرت ؐ یہ سمجھے کہ چچا اپنا دست شفقت میرے سر سے اوٹھایا چاہتے ہین - مگر اوسوقت بھی آپؐ کے ارادہ مین فرق نہین آیا - اور آپ نے کمال استقلال فرمایا کہ - ،، اے چچا اگر یہ لوگ آفتاب کو میرے داہنی طرف اور ماہتاب کو میرے بائین جانب لے آئین اور مجھکو اس کام کے ترک کرنے پر مجبور کر دین بہ تحقیق مین اس سے باز نہ رہونگا تا اینکہ دین خدا ظاہر و آشکار ہو جاے یا مین ہی اس کوشش مین ہلاک ہو جاؤن - ،، مگر اپنے حامی و حافظ سے

---

[1] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۴۷ - اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۶۷-۱۶۸ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

جدائی کا سخت صدمہ[1] آپ کو ہوا - اور آپؐ آبدیدہ ہوکر رخصت ہونے لگے اوسوقت ابو طالبؑ نے چلاکر کہا "اے میرے بھائی کے بیٹے تو جا جو چاہ سو کہہ - قسم خدا کی مین تجھے ہرگز ہرگز نہ چھوڑون گا" قریش نے پھر کوشش کی کہ ابو طالبؑ کو سمجھا بوجھا کر اونکے بھتیجے کو لے لین - اور اونکے مبادلہ مین ایک نوجوان آدمے کو بنی مخزوم مین سے دینے کو کہا مگر کچھ پذیرا نہوا - ابو طالبؑ نے صاف[2] کہدیا کہ ہرچہ بادا باد مین اپنے بھتیجے کی نصرت وحمایت ضرور کرونگا - اس سے قریش کی آتش غضب اور زیادہ افروختہ ہوئی اور اونھون نے پھر ایذا رسانی کی دعملی دینی شروع کی - اوس بزرگوار (ابو طالبؑ) نے آنحضرت کے اقربا یعنے بنی ہاشم کو غیرت دلائی کہ اپنے قبیلہ کے ایک معزز وممتاز شخص کو شر اعداء سے بچاؤ اور مخالف قبائل کے تیر حسد کا نشانہ نہونے دو - ابو طالبؑ کی اس استدعا کو سب بنی ہاشم نے قبول کیا سوائے ابو لہبؑ[3] کے -

---

[1] سر ولیم میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام ۲ جلد ۲ - صفحہ ۱۶۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

[2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۶۹ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۴۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

[3] اس مشرک کی بی بی ام جمیل کو قرآن مجید مین حمالۃ الحطب اسواسطے لکھا ہے کہ یہ عورت اون مقامات پر جہان آپ عبادت اور مراقبہ کرنے کو تشریف لیجاتے تھے کانٹے بچھا دیتے تھے ۱۲ - مؤلف -

مگر قریش کو روز بروز زیادہ طیش آتا گیا اور اگرچہ ابتدا مین ابو طالب کے رعب اور سطوت سے اتنا ہوا کہ آپ کے قتل کی کوشش کفار قریش نہ کر سکے مگر آپ کو اور صحابہ کبار رضہ کو طرح طرح کی ذلتین اور اذیتین پہونچانے لگے۔ جہان آپ جاتے تھے وہان وہ بھی پہونچتے تھے اور جب آپ اور آپ کے اصحاب نماز مین مصروف ہوتے تھے اوسوقت پتھر مارتے تھے اور جب آپ کھانا کھاتے تھے اوسوقت غلیظ پھینکتے تھے۔ اور کعبہ کے قریب آپ کو نماز نہ پڑھنے دیتے تھے۔ الغرض اونھون نے ایذا رسانی کا ایک سلسلہ قائم کر لیا تھا اور ہر ایک خاندان نے اپنا ذمہ کر لیا تھا کہ اس نئے مذہب کو گلا گھونٹ کر مار ڈالین گے۔ ایک پہاڑی جسکا نام رمضاء ہے اور ایک مقام جسکو بطحاء کہتے ہین شدید ظلم و تعدی کے گھر ہو گئے۔ جن مردون اور عورتون کو قریش نے دیکھا کہ بت پرستی چھوڑ دیتے ہین اونکو جلتی ہوئے ریگستان مین چھوڑ دیا اور جب وہ بھوک اور پیاس کے مارے مرنے لگے تو اونسے کہا کہ یا ان بتون کو پوجو یا مرجانا قبول کرو۔ بعض اونمین سے مرتد ہو گئے مگر اکثر مسلمین و مسلمات اپنے دین و ایمان مین ثابت قدم رہین۔ مشرکین قریش نے یاسر اور اونکی زوجہ سمیعہ کو انواع عقوبات سے قتل کیا اور اونکے بیٹے عمار کو سخت اذیتین پہونچائین۔ اکثر آنحضرتؐ نے بچشم خود دیکھا کہ اصحاب وفادار پر کیسی کیسی ظلم و ستم ہو رہے ہین اور اون مصائب و الام کا تحمل اونھون نے اوسطرح کیا جیسا شہیدان راہ خدا کو

لہ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۵۰ - اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۰۵ - اور اس باب کے آخر مین جو حاشیہ لکھا ہے وہ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

زیبا ہے۔ مگر ابتداء اسلام مین صرف یہی لوگ نہین شہید ہوئے جسطرح فرعون نے حضرت عیسیٰؑ کو مال دنیا کی طمع دلائی تھی اوسیطرح قریش نے بھی آپ کی خدمت مین حاضر ہوکر دنیاوی عزت اور دنیاوی عظمت کی طمع آپ کو دے کہ راہ حق کو چھوڑدین چنانچہ راوی کہتا ہے کہ ایک روز آپ مسجد حجر مین بیٹھے ہوئے تھے اور اوس سے تھوڑی دور ایک گروہ صنادید قریش کا تھا اونمین سے عتبہ ابن ربیعہ نے آپ کے قریب آکر عرض کیا کہ "اے پسر برادر تو صاحب اوصاف حمیدہ اور عالی خاندان ہے۔ مگر اب تو نے ہماری قوم مین تخم نفاق بویا ہے اور ہمارے قبائل مین تفرقہ ڈالدیا ہے۔ تو ہمارے دیوتاؤن اور دیبیون کی مذمت کرتا ہے اور ہمارے اباء واجداد کو کافر اور بت پرست بناتا ہے۔ اب ہم ایک بات تجھسے کہتے ہین خوب سونچکر جواب دے کہ آیا اسکو قبول کرلینا تیرے حق مین بہتر ہوگا" آنحضرتؐ نے فرمایا کہ "کہہ اے ابوالولید کیا کہتا ہے مین تیری بات کو خوب سنونگا" عتبہ نے کہا کہ "اے پسر برادر۔ اگر تو اس ادعاء رسالت سے مال و دولت حاصل کرنا چاہتا ہے تو ہم تجھکو اتنی دولت جمع کردینگے کہ ہم مین سے کسی پاس نہین ہے۔ اگر تجھکو عزت و وقار حاصل کرنا منظور ہے تو ہم تجھکو اپنا سردار اور رئیس بنائین گے اور کوئی بات بے تیرے نہ کرینگے اگر تجھکو بادشاہت مطلوب ہے تو ہم تجھکو اپنا بادشاہ بنائین گے اور اگر شیطان تجھپر غالب آگیا ہے تو ہم اطباء کو بلائین گے اور اونکو مال دیکر تیرا علاج کرائین گے" جب عتبہ کی تقریر تمام ہوئی تو آپ نے پوچھا کہ "یا ابا الولید تیرا کلام تمام ہوا" اوسنے کہا "ہان یا محمدؐ" آپ نے فرمایا اب میری سُن۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم تنزیل من الرحمن الرحیم کتاب فصلت ایاتہ قرانا عربیا لقوم یعلمون بشیرا ونذیرا فاعرض اکثرھم فھم لا یسمعون وقالوا قلوبنا فی اکنۃ

ما تدعونا الیہ وفی اذاننا وقر ومن بیننا وبینک حجاب فاعمل انا عاملون
قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد فاستقیموا الیہ واستغفروہ
ویل للمشرکین الذین لا یؤتون الزکوۃ وھم بالاخرۃ ھم
کافرون ان الذین امنوا وعملوا الصالحات لھم اجر غیر ممنون
جب رسول اللہ ان آیات کو پڑھ چکے تو عتبہ سے فرمایا کہ "تو نے سنا۔
اب جیسا تیرے نزدیک مناسب[۱] ہو ویسا کرو"

آپ کے اصحاب وفادار پر روز بروز زیادہ شدائد گذرتے تھے جنکو دیکھنے سے آپ کو بڑا قلق ہوتا تھا لہذا آپ نے اونسے ارشاد فرمایا کہ حبش میں چلے جاؤ اور وہیں رہو تاوقتیکہ قریش کی آتش غضب کچھ فرو ہو۔ بعض صحابہ نے تعمیل ارشاد آنحضرت فوراً کی اور حبش کو روانہ ہوے۔ اونکی تعداد ۱۵۔ نفر تھی اسکو تاریخ اسلام میں ہجرت اولی کہتے ہین اور سال پنجم بعثت آنحضرت (۶۱۵ عیسوی) میں یہ واقعہ گذرا۔ ان مہاجرین کے شریک اکثر اور صحابہ بھی ہوے جنھون نے راہ خدا میں بڑی بڑی سختیان اوٹھائی تھین یہانتک کہ اونکے تعداد ۸۲ یا ۸۳۔ مرد۔ اور ۱۸۔ عورتون تک پہونچی[۲]۔ مگر قریش کی عداوت قلبی نے حبش میں بھی اون بزرگوارون کو چین نہ لینے دیا۔ قریش نے نجاشی بادشاہ حبش پاس قاصد بھیجے کہ ان فراریون کو پکڑکر ہمارے پاس

---

[۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۸۵ - ۱۸۶۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

[۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۰۸ — اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۸۵ - اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۲۰ - ملاحظہ ہو - ۱۲

بھیجدہ کہ ہم انکو قتل کرین - اور اونپر یہ الزام قائم کیا کہ اپنے آبائی مذہب کو ترک کرکے ایک نیا دین اختیار کیا ہے - بادشاہ حبش نے مہاجرین کو طلب کرکے پوچھا کہ کیا یہ الزام سچ ہے جو دشمنون نے تمپر لگایا ہے - اور اونسے سوال کیا کہ "وہ نیا دین کیا ہے جسکی خاطر تمنے اپنے باپ دادا کی مذہب کو چھوڑ دیا اور نہ ہمارا دین قبول کیا نہ اور کسی قوم کا مذہب اختیار کیا" جعفر ابن ابوطالب نے کہ حضرت علیؑ کے حقیقی بھائی تھے تمام مہاجرین کی طرف سے نیابتاً یہ کلام کیا "اے بادشاہ ہم جہالت اور ضلالت کے خندق مین گرے ہوے تھے - ہم بتون کو پوجتے تھے اور مُردار کھاتے تھے اور فحش بکتے تھے اور کوئی صفت انسانیت کی ہم مین نہ تھی اور مراسم مہمان نوازی اور ہمسایہ پرستی سے بالکل نابلد تھے اور زبردستی کے سوائے کوئی شرع یا قانون نہ جانتے تھے کہ اتنے مین خدا نے ہمین مین سے ایک ایسے شخص کو پیدا کیا جسکی شرافت نسب اور صدق مقال اور تدین اور صفائی باطن سے ہم خوب آگاہ ہین - اونسنے ہمکو توحید باری تعالےٰ کیطرف دعوت کی اور ہمکو یہ تعلیم کیا کہ خدا کا شریک کسیکو نہ گردانو اور بتون کی پرستش نکرو اور سچ بولا کرو اور امانت مین خیانت نکرو اور اپنے ہم جنسون پر رحم کرو اور حق الجار یعنی ہمسایہ کے حقوق کی نگہداشت کرو اور عورتون کو بُرا نہ کہا کرو اور یتیمون کا مال نہ کھا جاؤ اور گناہون سے بچے رہو اور معصیت پر اقدام نکرو اور نماز پڑھو روزہ رکھو زکوٰۃ دو - ہم اونپر ایمان لائے ہین اور اونکے احکام و نصائح کو قبول کرلیا ہے علی الخصوص اس حکم کو کہ خدا کی عبادت کرو اور اوسکا کوئی شریک نہ گردانو اسوجہ سے ہماری قوم ہمسے خلاف ہوگئی ہے اور ہمپر ظلم و جفا کرتی ہے کہ خداوند عالم کی عبادت کو ترک کرکے لکڑی اور پتھر وغیرہ کے بتون کی پرستش پھر اختیار کرین -

اونھون نے ہمکو ایسی ایسی ایذائین دین کہ ہمکو کہین امان نہ ملی آخر کو تیرے ملک مین آکر امان لی - اب تو ہمکو اونکے ظلم و جفا سے بچائیگا، بادشاہ حبش نے قریش کے کہنے کو کچھ نہ سُنا اور اونکے سفیر خائب و خاسر مکہ کو پھر گئے

اسلام کی تاریخ مین اس مقام پر کچھ تامل کرکے اس عبرت انگیز قصہ کے معنی مین غور کرنا لازم ہے - جعفر ابن ابوطالب کے اس کلام مین آنحضرت کے کل احکام و نصائح کا ملخص موجود ہے - کسی شخص کی تقریر مین یہ جوش و خروش نہین پایا جاتا جس ولولہ اور طنطنہ سے جعفر نے اپنے ستم رسیدہ برادران دین اور نبی عم کیطرف سے نجاشی سے گفتگو کی ہے -

آنحضرتؐ کے اصحاب تو معاندین کے ظلم و ستم سے اور ملکون مین عافیت گزین ہوئی تھی مگر آپ خود اپنے مقام پر موجود تھے اور ہر قسم کی تذلیل و توہین اور ایذا گوارا کرکے اپنی رسالت کا اعلان فرما رہے تھے - مشرکین قریش نے پھر آپ کی خدمت مین حاضر ہوکر اور مال دنیا اور اعزاز ظاہری کی طمع دیکر چاہا کہ آپ کو اپنے فرض سے باز رکھین - مگر آپ نے ویسا ہی ایمان و ایقان مین ڈوبا ہوا جواب اب بھی دیا جیسا پہلے دیا تھا اور فرمایا کہ - مجھے نہ مال دنیا کی ہوس ہے نہ اعزاز کی طمع نہ شاہی و فرمانروائی کی خواہش مجھے خدا نے بھیجا ہے اور حکم کیا ہے کہ تمکو حیات ابدی کی بشارت دون - مین تمسے خداوند عالم کے کلام کو بیان کرتا ہون اور تمکو نصیحت کرتا ہون - اگر تم قبول کروگے اوس چیز کو جو مین تمھارے واسطے لایا ہون تو دنیا و آخرت دونو مین تمھارا بھلا ہوگا - اگر تم میری تنبیہ و تذکیر کو نہ سنوگے تو مین صبر کرونگا اور خدا پر چھوڑ دونگا

۱؎ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۶۱ - اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۱۹ - ۲۲۰ - ملاحظہ ہو المؤلف

کہ میرے اور تمھارے درمیان انصاف کرے"۔ کفار نے عرض کیا کہ اپنی رسالت کے اثبات مین معجزے دکھائے۔ ملاحظہ کیجئے کہ آپ نے کیا جواب دیا کہ "خدا نے مجھے معجزے دکھانے کے لیے نہین بھیجا ہے بلکہ تعلیم و تلقین کے لیے بھیجا ہے اگر تم قبول کروگے اوس چیز کو جو مین تمھارے واسطے لایا ہون تو دنیا و آخرت مین رستگار ہوگے۔ اگر تم میری نصیحتون کو نہ مانوگے تو مین صبر کرونگا اور خدا پر چھوڑ دون گا کہ میرے اور تمھارے درمیان انصاف کرے"۔ اس کلام معجز نظام کی بلاغت کو آجتک بھی کوئی نہین سمجھا۔ خوارق عادت کا انکار کرکے آپ نے اپنی رسالت کی سچائی کو بالکل اپنے احکام و نصائح پر موقوف رکھا ہے۔ آپ کا کلام اون دشمنان خدا اور بت پرستون سے ہمیشہ یہی رہا کہ "جو مین کہتا ہون اوسکو بگوش ہوش سنو تاکہ دنیا و آخرت مین رستگار ہو۔ مین ایک بشر مثل تمھارے ہون گو تمھارے لیے بشارتین اور خوشخبریان لایا ہون"۔ اسکا جواب جو کفار ناہنجار نے دیا اوس سے وہ شدید بغض و عناد ٹپکتا ہے جو اوائل قرن سیمی مین ابتداع حواریین اور علماء نصاری سے مشرکین روم و یونان نے ظاہر کیا تھا۔ قریش نے عرض کیا "تو آپ کو معلوم ہو اے محمدؐ کہ ہم آپؐ کو ہرگز ہرگز وعظ نہ کہنے دینگے تاوقتیکہ ہم یا آپ ہلاک نہو جائین"

سلہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۸۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

سلہ سر ولیم میور صاحب نے عجیب و غریب تقریر اس مقام پر لکھی ہے۔ وہ فرماتے ہین کہ "وہ یہ ہرگز دوسے خالی نہین ہے کہ اگر آپؐ کی دعوی کے ثبوت مین معقول شہادت پیش کیجاتی تو کیا مکہ کے بت پرستی آپ کی تعلیم و تلقین سے بلا فساد و نزاع زائل ہو جاتی"، مشرکین قریش کیطرح سر ولیم میور صاحب کو آپ کے مواعظ و نصائح سے اطمینان نہین ہے تاوقتیکہ اونکے اثبات مین خوارق عادت نہ عمل مین لائے جائین اگر حضرت مسیح کیطرح ہمارے پیغمبر بھی دیو اور بھوت کو اوتار دیتے تو کفار قریش کو

سہ اور اسی وجہ سے ناظرین موجودہ کفار کو آپ کی رسالت کا یقین نہ آتا ۱۲ مؤلف۔

مگر آپؐ کو فضل خدا پر بھروسا تھا اور وہ صدائے باطنی جسکو آپ سچے دل سے خدا کی آواز سمجھتے تھے کہ ملائکہ کے ذریعہ سے خداوند عالم کلام کر رہا ہی آپ کے معین و مددگار رہے اور آپ بدستور موعظہ فرماتے رہی اور معاندین کی عداوت اور ایذا رسانی کو کچھ نہ مانا - باوجود اسقدر مقابلہ اور مزاحمت کے آپؐ کے مواعظ و احکام تدریجاً قوت پکڑتے گئے - کیا ممکن تھا کہ سچائی کا تخم جو اسطرح بویا گیا بارور نہوتا - اعراب یعنی صحرانشین عرب نے اور دور دور سے سوداگر جو مکہ معظمہ کی قومی میلہ مین آتے تھے اونھون نے دیکھا کہ ایک نیا آدمی عجیب کلام کر رہا ہے اور اوسکے دشمن اوسکو ساحر و مجنون کہتے ہین اور بڑے خوف اور تعجب سے سُنا کہ کس جوش و خروش سے بت پرستون کو تنبیہ کر رہا ہے اور کس جذبہ اور ولولہ سے پتھر اور لکڑی کے بتون کی مذمت اور اونکے قبیح اعمال و افعال کی ہجو کر رہا ہے - اس نئی روشنی کو اور اس تازہ حیات روحانی کو وہ بادیہ نشینان عرب اور وہ تاجران طائف و شام سے اپنے ساتھ اپنے وطن مین لیتے گئے گو ہنوز اوسکی حقیقت سے آگاہ نہوے تھے - جسقدر ہجو و مذمت مخالفین آپؐ کی کرتے جاتے تھے اور جسقدر دشنام دیتے تھے اوسیقدر آپؐ کا کلام پاک اور زیادہ مشہور ہوتا جاتا تھا - ایک شخص نے یثرب[1] سے اہل مکہ کو خط لکھا اور اوسمین زمانہ سلف کی مثالین لکھکر اونکو ترغیب دی کہ ملکی جھگڑون اور لڑائیون مین اپنے تئین نہ پھنساؤ - اور یہ بھی اونکو مشورہ دیا کہ اس نئے واعظ کے وعظ کو سُنو اور لکھا کہ "ایک معزز آدمی نے ایک

[1] یثرب کا نام مدینہ اوسوقت تک نہین ہوا جبتک آپ وہان تشریف لیگئے - ہجرت مقدسہ کے بعد اوسکا لقب مدینۃ النبی ہوگیا - ۱۲ - مؤلف -

مذہب اختیار کر لیا ہے پھر اوسکو کیون ستاتے ہو کیونکہ آدمی کے دل کا حال تو خدا ہی خوب جانتا ہے۔ دین حق کی پیروی کرو۔ ہماری آنکھین تپ لگی ہوئی ہین۔ راہ راست پر وہی لوگ جاتے ہین جو سب سے بلند مقامات کو ہمیشہ پیش نظر رکھتے ہین "

قریب اسی زمانہ کے آپ کو یہ مسرت ہوئی کہ آپ کے چچا حمزہ نے اور ایک مشہور و معروف شخص عمر نے اسلام قبول کیا۔ فی الواقع حضرت حمزہ شجاعت اور سخاوت اور عظم شان مین حضرت علیؓ کے ہم پایہ تھے۔

جسقدر حمزہ اور عمر کے اسلام لانے سے اس دین کو قوت ہوئے اوسیقدر ابو طالبؑ اور خدیجہ رضؓ کے انتقال کرنے سے ضعف ہو گیا (سنہ ۶۱۹ع) اوس معظم و مکرم سردار بنی ہاشم نے اپنے بھتیجے کی ساتھ بڑی وفاداری و جانفشانی کی تھی۔ اونکی وفات کے پیشتر قریش نے خود اونکو اور تمام بنی ہاشم کو تین سال علی الاتصال مکہ مین محصور رکھا اور اونکی ایذا رسانی مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا صرف اسلیے کہ کسیطرح آنحضرتؐ کو ہمارے حوالہ کر دین۔ یہ محاصرہ اوس سازش کا نتیجہ تھا جو قبائل عرب نے آپ کے خلاف کی تھی۔ رسد اور پانی کے نہ پہونچنے سے بنی ہاشم جان بہ لب ہو گئے تھے کہ آخر مین بیرونی لڑائیون کی وجہ سے کفار قریش کی سازش شکست ہو گئی اور بنی ہاشم کی جان بچی۔

---

۵۱ ہاشم ابن عبد مناف آنحضرتؐ کے جد امجد اور عبد المطلب کے والد کا نام ہے ۱۲۔ مولف

۵۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۳۰۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۶۶۔ ۶۸۔ اور تاریخ ابو الفداء صفحہ ۱۲۔ ۲۲۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲۔ مؤلف

اس واقعہ کے چند مہینہ کے بعد ابو طالبؑ نے انتقال کیا - اونکے مرنے سے آنحضرتؐ کو یہ صدمہ ہوا کہ نہ صرف رئیس خاندان مرگیا جسنے بنی ہاشم کو باہم متفق رکھا تھا بلکہ آپؐ کا حامی و مددگار قضا کرگیا جسنے آپ کو شر اعدا سے بچایا تھا - اور خدیجہ کے مرنے کا صدمہ بھی اسیقدر آپ کو ہوا کیسے کیسے مصائب و آلام مین صرف ایک خدیجہ نے آپؐ کا ساتھ دیا تھا اور آپ کو تسلی اور دلاسا دیتے رہین اور ابو طالب کے مرنے کے ساتھی جو خدیجہ نے بھی انتقال کیا تو آنحضرتؐ پر کوہ[۵۱] مصیبت ٹوٹ پڑا -

تیسرا باب

ابو طالبؑ کے مرنے سے قریش نے دست تعدی آنحضرتؐ پر اور زیادہ دراز کیا - بنی ہاشم اپنے رئیس کے مرجانے سے آپؐ کی حفاظت کما حقہ نکرسکے اور جواذیتین اور ذلتین مشرکین قریش آپؐ کو پہونچا رہے تھے اونمین اور زیادہ شدت[۵۲] ہوئی -

---

۵۱ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۶۹ - ۷۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

حاشیہ متعلقہ باب ۲

سر ولیم میور صاحب کے نزدیک کاسن ڈی پرسول کا یہ قول غلط ہے کہ رصفار اور بطحا مقامات کے نام تھے - بلکہ سر ولیم میور صاحب اپنے تذکرۂ پیغمبر اسلام جلد ۲ - صفحہ ۱۲۹ - مین لکھتے ہین کہ رصفار اور بطحا سے اوس زمین کی نوعیت مفہوم ہوتی ہے - اس زمین پر مشرکین قریش نے اصحاب بنی پر عقوبت کی تھی مین اپنے قول کی اور کاسن ڈی پرسول کے کلام کی تصدیق مین صرف اسقدر عرض کرتا ہون کہ ان مقامات کے موجود ہونے مین کچھ شک نہین ہے علی الخصوص رصفار کو مورخین اسلام نے لکھا ہے کہ ایک مقام متصل مکہ کے تھا پانچ ایک مشہور شاعر حکیم ثنائی کا شعر ہے کہ ؎ جو علت ہست خدمت کن چو بے علمان کہ زشت آید + گرفتہ چنین احرام و کی خفتہ در لطحا + ۱۲ مؤلف ۵۲ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۶۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

اپنے عمّ محترم اور حامی و مددگار کے مرجانے اور اپنے مونس و غمخوار زوجہ کے وفات پانے سے آپ کی کمر ٹوٹ گئی اور یاس ہوگئی کہ اب قریش بت پرستی سے نہ باز آئین گے۔ پس آپ نے عزم بالجزم کیا کہ طائف مین جاکر وہان کے لوگون کو توحید باری تعالے تعلیم فرمائین۔ اپنے غلام وفادار زید ابن حارث کو ہمراہ لیکر آپ بنی ثقیف[1] مین تشریف لیگئے۔ مگر آپ کے کلام سے کچھ اثر اون لوگون پر نہوا بلکہ اونکو بھی طیش آیا۔ اور اونھون نے آپ کو شہر سے نکالدیا اور ایک انبوہ کثیر کفار کا سیٹی بجاتا ہوا اور پتھر مارتا ہوا شام تک آپ کے عقب مین چلا گیا اور جب شام ہوئی تو آپ کو تن تنہا چھوڑکر چلے گئے۔ چلتے چلتے آپ کے پاے مبارک مین چھالے پڑگئے اور خون جاری ہوا اور خستہ و پریشان ہوکر ایک درخت خرما کے نیچے جہان بھوکے پیاسے مسافر دم لیتے تھے آپ نماز مین مصروف ہوے۔ اور دست دعا سوے آسمان بلند کرکے باچشم گریان آپ نے یہ استغاثہ کیا کہ "خداوندا یہ عبد ضعیف اور بندہ ذلیل تیری جناب مین شکایت لایا ہے مین انسان کی نظر مین ذلیل و خوار ہون۔ اے غفور و رحیم تو ہی غریبون کا والی اور ضعیفون کا پشت و پناہ ہے اور تو ہی میرا پروردگار ہے۔ پس مجھکو چھوڑ نہ دے اور غیرون کا اور دشمنون کا شکار مجھے نہ بنا۔ اگر تو مجھسے راضی ہے تو پھر مجھکو کیا پرواہے۔ مین تیری وجہ قدرت کے نور مین پناہ لیتا ہون جسنے تاریکی کو پراگندہ کردیا ہے اور دنیا و آخرت مین سلامتی بخشی ہے۔ خداوندا اپنا غضب مجھپر نہ نازل کر اور میری مصیبتون کو اوسطرح دفع کر جیسا تیری مشیت کا مقتضی ہو۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ

---

[1] یعنی اہل طائف مؤلف [2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۷۹-۲۸۰ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۷۰-۷۱ - لاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

نہایت شکستہ دل ہوکر آپؐ نے مکہ کو مراجعت فرمائی - اور چند مدت وہان قیام کیا مگر گوشہ نشینی اختیار کی - گو کبھی کبھی موعظہ فرماتے تھے لکن صرف حج کے زمانہ مین جب اور اور ملکون کے لوگ مکہ مین آکر جمع ہوتے تھے تو اونکو تلقین فرماتے تھے باین امید کہ شاید انمین سے کوئی شخص ایمان لائے اور اپنی قوم کو دین حق جاکر سکھائے جیسا طبری نے اپنی تاریخ مین لکھا ہے -

ایک روز آپؐ نہایت ملول و غمگین ان نیم تاجرون اور نیم حاجیون کو موعظہ فرما رہے تھے کہ چھ آدمیون کا ایک غول آیا وہ سب شہر یثرب سے آئے تھے اور آپسمین کچھ گفتگو کر رہے تھے - آپؐ نے اونسے فرمایا کہ بیٹھ کر میرا کلام سنو - اور وہ بیٹھکر آپؐ کا کلام سننے لگے - آپؐ کے حسن عقیدت اور صدق مقال کا اثر اونپر ایسا ہوا کہ فوراً مشرف بہ اسلام ہوے (سنہ ۶۲۰ء) اور اپنے شہر کو مراجعت کرکے برق خاطف کے مانند اس خبر فرحت اثر کو مشہور کر دیا کہ عرب کے سرزمین مین ایک پیغمبر پیدا ہوا ہے جو ہمکو وحدہ لاشریک کی طرف دعوت کرتا ہے اور جو لڑائی جھگڑے صدہا برس سے ہم مین ہو رہے ہین اونکو موقوف کر دیگا -

سال آیندہ یہ اہل یثرب اپنے وطن کو واپس گئے اور اور چھ شخصون کو بطور نائب یا سفیر اُن دو بڑے قبیلون کے جو اوس شہر مین رہتے تھے اپنے ہمراہ لیتے آئے - اوسی مقام پر جہان پہلے چھ شخص مسلمان ہوے تھے یہ چھ آدمی بھی دین خدا مین شامل ہوے - اسکو اہل تاریخ کی اصطلاح مین حلف عقبۂ اولے کہتے ہین اور وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جس پہاڑی پر یہ گفتگو ہوئی تھی

---

۵۱ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۰۶ - ۲۰۷ - اور تاریخ طبری جلد ۲ - صفحہ ۴۳۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ مولف

۵۲ یعنی قبیلہ اوس اور قبیلہ خزرج ۱۲ - مولف -

اوسکا نام عقبہ[۱] تھا۔

اونھون نے یہ عہد کیا کہ "خدا کا شریک کسیکو نہ گردانین گے اور چورے نہ کرینگے اور زنا محصنہ وغیر محصنہ دونو نہ کرینگے اور اپنے بچون کو قتل نکرینگے اور غیبت و بدگوئی سے پرہیز کرینگے اور ہر امر حق مین رسول اللہ کی اطاعت کرینگے اور مصیبت و راحت مین اونکے شریک حال[۲] رہین گے"

یہ حلف کرکے وہ اپنے وطن کو پھر گئے اور صحابہ نبی مین سے ایک صحابی کو اپنے ساتھ لیتے گئے کہ ارکان اولیہ اسلام یعنے اصول دین اونکو تعلیم کرین اور اب دین اسلام اہل یثرب مین جلد جلد شایع ہونے لگا۔

جو زمانہ مابین حلف اول اور حلف ثانی منقضی ہوا وہ بھی منجملہ اون زمانون کے تھا جو آپ پر نہایت صعب گذرے۔ آپ کا خدا پر توکل کرنا اور آپ کی جلالت قدر اور عظمت مرتبت جیسے اس زمانہ مین ظاہر ہوگئی ویسی کبھی نہین ہوئی۔ آپ کو یہ دیکھکر بڑا رنج ہوتا تھا کہ میری امت بت پرستی مین سخت گرفتار ہے۔ مگر پھر آپ کو اس امید سے تسکین ہوتی تھی کہ آخر کو حق ہے غالب آئیگا۔ شاید آپ اوسوقت تک زندہ نہ رہین مگر جیسی تاریکی آفتاب کی روشنی سے دفع ہوجاتی ہے ویسے ہی حق سے باطل دفع ہوجائیگا۔ اس زمانہ کی نسبت سر ولیم میور صاحب جیسے متعصب شخص کی زبان سے بھی چند کلمات حق احیانا نکل گئے ہین۔ وہ فرماتے ہین کہ "پیغمبر اسلام اسطرح سے

---

[۱] تاریخ اسلام مین اس معاہدہ کو حلف النساء بھی کہتے ہین بمقابلہ بیعت ثانیہ کی جسمین یثربیون نے حلف کیا تھا کہ مسلمین کو بزور شمشیر مشرکین کے حملون اور ذلتون سے بچائین گے۔ ۱۲ مؤلف

[۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۸۹۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۷۳ و ۷۴۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف۔

اعدا کے نرغہ مین گھرے ہوے تھے اور فتح مبین کے منتظر تھے اور ظاہر ایسے یار و مددگار تھے اور اونکے اصحاب کا چھوٹا سا گروہ گویا شیر کے منھ مین تھا تاہم آپ کو اوس قادر مطلق پر بھروسا تھا جسکا رسول آپ اپنے تئین سمجھتے تھے اور آپ کے پائے ثبات مین یک سر مو لغزش نہ ہوتی تھی - غرض - اس عالم مصیبت و تنہائی مین آپ ایسے عالی مرتبہ و جلیل الشان معلوم ہوتے ہین کہ کتب مقدسہ سماویہ مین آپ کا عدیل و نظیر کوئی نہین دکھائی دیتا سواے اوس بنی اسرائیل کے نبی کے جسنے خداوند عالم سے یہ شکایت کی تھی کہ مین اکیلا رہگیا ہون[1] -

اسی زمانہ مین وہ مشہور خواب ہوا جسکو معراج کہتے ہین اور جسمین شعراء اور محدثین نے ایسی ایسی طبع آزمائی اور خامہ فرسائی کی ہے - قرآن مجید کے سادہ الفاظ پر اونھون نے خوب زرق برق اور نہایت لطیف روایتین منڈھی ہین - وہ

[1] مرولیم میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۲۲۸ ملاحظہ ہو - اسکے بعد جو فرمایا ہے وہ انہین صاحب کے لیے مخصوص ہے یعنے آگے چلکر فرماتے ہین کہ وہ نہین - یہ تماشا اور زیادہ تعجب انگیز اسوجہ سے ہے کہ انبیاء بنی اسرائیل پر خداوندی نازل کرتا اور وہ معجزے دکھلاتے تھے - مگر پیغمبر اسلام نے تو خود اعتراف کیا ہے کہ مین معجزہ نہین دکھا سکتا" الی آخرہ قولہ - ہم اس مورخ سے پوچھتے ہین کہ وحی کی ماہیت مین فرق کرنیکا کیا معیار آپنے قرار دیا ہے یا آپ کو بھی کوئی خاص وحی نازل ہوئی ہے کہ آپ پیغمبر اسلام کا مقابلہ انبیاء بنی اسرائیل کے ساتھ کرتے ہین - معلوم ہوتا ہے کہ وہی تعصب و نفسانیت جسنے مشرکین عرب کو اس بات پر آمادہ کیا تھا کہ اپنے پیغمبر سے اونھون نے یہ معجزہ طلب کیا کہ نہرین اور دریا جاری کرو اور آسمان کو زمین پر اتار لاؤ اور ایک مکان طلاے احمر کا بناؤ اس زمانہ مین بھی موجود ہے کہ ہم دیکھتے ہین کہ انیسوین صدی مین ایک مورخ کنھیر و شور سے لکھتا ہے کہ پیغمبر اسلام نے اظہار معجزہ سے عجز ظاہر کیا - ہر زمانہ کے معقول پسند لوگ پیغمبر اسلام کے اوس لاجواب جواب کو جو آپنے مشرکین عرب کو دیا تھا ہمیشہ پسند کرینگے وہ جواب یہ ہے سبحان ربنا ما کنت الا بشرا رسولا یعنے پاک ہے خداوند عالم مین نہین ہون مگر ایک انسان اور پیغمبر فرشتے زمین پر نہین چلتے ورنہ خدا فرشتون کو

الفاظ یہ ہین۔ سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی بارکنا حولہ لنریہ من ایاتنا انہ ھو السمیع البصیر اور دوسری آیت یہ ہے واذ قلنا لک ان ربک احاط بالناس وما جعلنا الرویا التی ارینا ک

معراج کے باب مین مولوی سید احمد خان صاحب الخطبات الاحمدیہ علی العرب و السیرۃ المحمدیہ خطبہ ۱۱ صفحہ ۳۴۴ مین فرماتے ہین کہ "معراج کی نسبت مسلمانون کو صرف یہ اعتقاد رکھنا واجب ہے کہ رسول اللہ صلعم نے خواب مین دیکھا کہ مکہ سے اور شلیم یعنے بیت المقدس کو مجھے لیئے جاتے ہین اور اوسے عالم رویا مین آپ نے بعض اعظم آیات الٰہی کو مشاہدہ فرمایا۔ ناظرین کو معلوم ہوگا کہ پیغمبر کا خواب بھی ایک قسم کی وحی[1] ہوتی ہے۔"

سال آیندہ (سنہ ۶۲۲ ع) وہ اہل یثرب جنہون نے قبول کر لیا تھا پھر شخص مکہ کو پھر آئے اور اپنے بت پرست بھائیون کو بھی اپنے ہمراہ لیتے آئے۔ اور آنحضرت سے عرض کیا کہ ہمارے شہر مین تشریف لیجیئے۔ مگر وہ بت پرست اپنے ہمراہیون کے ارادہ سے آگاہ نہ تھے اوس سن سان[2] رات کو جب سب دشمنان خدا خواب راحت مین تھے وہ حامیان دین مبین اوسی پہاڑی کے نیچے جمع ہوے جسپر حلف امانت ہوئی تھی

[1] میرے نزدیک سر ولیم میور صاحب کا یہ قول بالکل صحیح ہے کہ "متقدمین نے معراج کو ایک خواب قرار دیا ہے نہ یہ کہ واقعی سفر جسمانی ہو۔ اور ابن ہشام نے بھی اپنی تاریخ کے صفحہ ۱۷۷ مین بعض احادیث کو نقل کیا ہے جنسے ثابت ہوتا ہے کہ معراج رویا تھا۔ مگر ہم پوچھتے ہین کہ جب عیسائی اسکے قائل ہین کہ حضرت عیسیٰ اور حضرت الیاس بھین جسم خاکی دوبارا زندہ ہوکر آسمان پر چلے گئے تو پھر وہ اون مسلمانون کو اپنے سے کم معقول پسند کیون جانتے ہین جو اپنے پیغمبر کے بھین جسم خاکی آسمان پر چلا جانے کے معتقد ہین ۱۲ مؤلف

[2] یعنے یوم اول و یوم ثانی تشریق کی رات کو اور ایام تشریق وہ تین دن ہین جو بعد اداے مناسک حج آتے ہین ۱۲ مؤلف

آنحضرتؐ اپنے چچا عباس کو ہمراہ لیکر وہان تشریف لیگئے اور عباس گو مسلمان نہوے تھے مگر ترقی اسلام مین نہایت سرگرم رہتے تھے۔ عباس نے تقریر شروع کی اور اہل یثرب سے بیان کیا کہ اسلام قبول کرنے سے اور پیغمبر اسلام کو اپنے شہر مین بلانے سے کیا کیا ضرر اونکو پہونچین گے۔ اون سب نے یک زبان ہوکر کہا کہ ہم اس دین کو قبول کرتے ہین گو ہم جانتے ہین کہ بہت سے خطرون مین ہم گھرے ہوے ہین۔ اونھون نے عرض کیا "یارسول اللہ آپؐ کلام کرین اور اپنے لیے اور اپنے خدا کے لیئے جیسا عہد چاہیئے ہمسے لے لیجئے" آنحضرتؐ نے اسکے جواب مین حسب دستور چند آیات قرآن مجید تلاوت فرمائے تب تمام حاضرین کو دین خدا کی طرف دعوت کیا اور دین اسلام کے فضائل[1] کو بیان کیا۔ اہل یثرب نے عہد اول کا اعادہ کیا کہ سوائے خدائے یگانہ وبرحق کے کیسکی عبادت نہ کرینگے اور اسلام کے احکام کو بجا لائین گے اور ہر امر حق مین آنحضرتؐ کا اتباع کرینگے اور آپ کو اور آپؐ کے عورتون کو اپنے عیال[2] و اطفال کیطرح شر اعدا سے بچائین گے۔ اور اونھون نے عرض کیا کہ "یارسول اللہؐ اگر ہم خدا کی راہ مین شہید ہو جائین تو کیا جزاء ہمکو ملیگی"؟ آپؐ نے فرمایا کہ "راحت[3] ابدی"۔ پھر اونھون نے عرض کیا کہ "جب آپؐ کا اقبال یاوری کرکے تو ہمکو چھوڑ کر پھر اپنی قوم سے نہ ملجائے گا"؟ آنحضرتؐ نے مسکرا کر فرمایا کہ "نہین ہرگز نہین۔ تمھارا خون میرا خون ہے اور مین تمھارا ہون تم میرے ہو"

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۹۶۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۶۷، ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳۔ صفحہ ۷، ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳۔ صفحہ ۷۔ اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۲۹۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۷۷، ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

اونھون نے عرض کیا کہ اچھا پھر ہاتھ بڑھایئے اور ہر شخص نے آپؐ کے ہاتھ مین اپنا ہاتھ دیکر آپؐ سے بیعت کی۔ ہنوز یہ معاہدہ ختم نہوا تھا کہ ایک شخص مکّی نے جو دور سے تماشا دیکھ رہا تھا ایک صدائے مہیب بلند کی جس سے اون نفوس قدسیہ کو جو وہان جمع تھے ایک دہشت اور ہول پیدا ہوا۔ مگر آنحضرتؐ نے ایسے استقلال کے ساتھ کلام کیا کہ اونکا انتشار و اضطرار دفع ہوگیا۔

تب آنحضرتؐ نے اونمین سے بارہ معزز آدمیون کو باستصواب کل قوم اپنا وکیل یا ایلچی منتخب کیا۔ اونکو نقبا[1] کہتے ہین۔ پس حلف ثانی عقبہ کا خاتمہ بالخیر اسطرح ہوا۔

اوس جاسوس مکی نے اس شوری کی خبر تمام شہر مین مشہور کردی۔ مشرکین قریش کو آنحضرتؐ اور آپؐ کے اصحاب کے اس جرأت وجسارت پر سخت تعجب ہوا اور بہت سے لوگ اکٹھا ہوکر اہل یثرب کے کارروان مین گئے اور کہا کہ اون لوگون کا نام ہمین بتاؤ جنھون نے محمدؐ کے ساتھ عہد و میثاق کیا ہے۔ لکن جب کچھ پتا اون لوگون کا نہ لگا جو اس شورے مین شریک ہوے تھے تو اوس کاروان کو جانے دیا اور کچھ تعرض نہ کیا۔ یہ اعتدال و ملائمت جو قریش نے اس معاملہ مین ظاہر کی صرف ایک مقدمہ اوس شدید ظلم و تعدی کا تھا جو اونھون نے بعد ازان آنحضرتؐ اور صحابہ رضوان اللہ علیہم پر کیا۔ اصحاب وفادار روز بروز خوف اور مہلکہ مین مبتلا ہوتے جاتے تھے۔ یہانتک کہ آنحضرتؐ کو خوف ہوا کہ

---

[1] ابن ہشام صفحہ ۲۹۷-۳۰۰- ملاحظہ ہو- اس حلف مین بجز ۲ مرد و زن شریک ہوے تھے اور یہ ماجرا ماہ ذی الحجہ مین گذرا اور اس مہینہ کے باقیماندہ ایام مین اور محرم اور صفر مین آنحضرتؐ نے مکہ مین قیام فرمایا اور ربیع الاول مین مدینہ روانہ ہوے- تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۷۸- ملاحظہ ہو ۱۲- مؤلف-

ان سب کو قریش یکبارگی کر ڈالینگے اور آپ نے اونکو یہ مشورہ دیا کہ فوراً یثرب مین جاکر امان لو۔ پس قریب تہتر اصحاب کے مع اہل و عیال دو دو تین تین آدمی کرکے مکہ سے مدینہ کو چلے گئے جہان بڑی گرمجوشی سے لوگون نے اونکا استقبال کیا۔ اسطرح سے شہر مکہ کے محلے اجڑ گئے اور عتبہ ابن ربیعہ نے اون ویران محلون کو جو کسی زمانہ مین ایسے آباد تھے دیکھکر ایک آہ سرد دل پر درد سے کھینچی اور یہ پرانا شعر پڑھا "ہر ایک مسکن گو وہ کتنے ہی مدت تک آباد رہا ہو ایک نہ ایک دن برباد ہوجائیگا۔ اور اوسپر باد خزان چل جائیگی" پھر اوسنے غمگین ہوکر کہا کہ "یہ سب ہمارے بھتیجے نے کیا ہے جسنے ہماری جماعت کو پراگندہ کردیا ہے اور ہمارے امور کو خراب کردیا ہے اور ہم[۵۱] مین نفاق پیدا کردیا ہے"

جو حال حضرت عیسیٰؑ کا ہوا تھا وہی کیفیت حضرت خاتم الانبیاءؐ کی بھی ہوئی صرف فرق اتنا ہوا کہ حضرت عیسیٰؑ نے خود فرمایا ہے کہ "یہ نہ سمجھو کہ مین زمین پر صلح کرنے آیا ہون۔ مین صلح کرنے نہین آیا ہون بلکہ تلوار کرنے کو آیا ہون۔ کیونکہ مین اسلیئے آیا ہون کہ بیٹے کو باپ سے اور بیٹی کو ماں سے اور بہو کو ساس سے لڑوا دون[۵۲]" مگر حضرت خاتم الانبیاءؐ کو دیکھیے کہ جس[۵۳] شخص نے قبائل عرب مین تفرقہ ڈالنے کی تہمت آپؐ کو لگائی ہے وہ سب مشرکین عرب سے زیادہ سخت عداوت آپؐ سے رکھتا تھا۔

اس تمام زمانہ مین قریش کا دریائے غضب جوش مار رہا تھا اور ہر وقت بلکہ ہر ساعت آپؐ کے ہلاکت کا خوف تھا مگر آپؐ نے اوس خوف کو ہرگز نہ مانا سب اصحاب

---

[۵۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۱۶۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲۔ مؤلف [۵۲] متی کی انجیل باب ۱۰۔ آیت ۳۴ و ۳۵ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف [۵۳] یعنی عتبہ ابن ربیعہ ۱۲۔ مترجم ۱۲۔

یثرب کو روانہ ہو چکے تھے اور آپ تن تنہا رہگئے تھے صرف آپ کے جان نثار علی ؓ اور ایک مرد پیر ابوبکر ؓ آپ کے پاس رہگئے تھے۔

اس عرصہ مین مکہ کے آسمان پر ابر ظلم چھاتا جاتا تھا۔ باین خوف کہ مبادا آنحضرت بچکر نکلجائین قریش نے دار الندوہ یعنے مشورہ خانہ مین جمع ہوکر بہت جلد مشورہ کیا اور اور روسار قبائل کو بھی شریک مشورہ کیا۔ اب اونکی جان پر آنبنی تھی۔ وہ کمیٹی بڑے غضب کی کمیٹی تھی۔ اونکے دل مارے دہشت کے ہل رہے تھے۔ بحث اسمین ہوئی کہ حبس دوام کی سزا دیجاے یا جلاوطن کے بعد اوسکے قتل تجویز ہو لکن اگر ایک شخص قتل کرنے کے لئے تجویز کیا جاتا تو بنی ہاشم اوس سے اور اوسکے عیال و اطفال سے ضرور انتقام لیتے۔ آخر الامر اس مشکل کو ابوالجہل نے حل کیا۔ اوسنے یہ صلاح دی کہ چند جری آدمی مختلف خاندانون سے منتخب کرکے بھیجے جائین اور وہ سب یکبارگی آپ پر تلوارین ماریں تاکہ اس خون ناحق کا قصاص سب سے لینا لازم آئے لہذا آنحضرت کے اقربا انتقام[1] لینے سے قاصر رہین۔ یہ تجویز منظور ہوئی اور چند نوجوان عالی خاندان اس قتل کے لیے منتخب کئے گئے۔ جون جون شب تاریک ہوتی گئی وہ قاتل آپ کے بیت الشرف کے گرد جمع ہوتے گئے۔ رات بھر وہ اس انتظار مین رہے کہ علی الصباح جب آپ مکان سے نکلین گے اوسیوقت قتل کر ڈالین گے۔ اور کبھی کبھی دروازہ کے سوراخ سے جھانک کر دیکھتے تھے کہ آپ اسوقت تک بستر مبارک پر

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۲۲ - ۳۲۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۷۹ ملاحظہ ہو - اور قرآن مجید سورۃ ۸ - آیت ۳۰ بھی ملاحظہ ہو - ابن ہشام لکھتا ہے کہ ابوجہل کے اس تجویز کی تائید ایک اجنبی آدمی کے جو ایک شیخ نجدی کے بھیس مین آیا تھا اور جسکو بعض روایات مین شیطان لعین لکھا ہے ۱۲ - مؤلف

ہین - لکن اس عرصہ مین اوس عقل حیوانی نے جو آدمی کو اپنے حفظ جان پر آمادہ رکھتی ہے اور جسکی ہدایت سے نبی ناصری اکثر اعدا سے بچتے پھرے رسول کی کو بھی اوس خوف سے آگاہ کر دیا - آپ نے چاہا کہ قاتلون کا خیال بستر ہی پر جما رہے اور آپ نے اپنی چادر سبز اپنی جان نثار و فرمان بردار علی کو اڑھا کر ارشاد کیا کہ یا علی تم میرے بستر پر پڑے رہو - یہ فرما کر آپ اوسطرح کھڑکی سے نکل گئے جسطرح حضرت داؤد نکل گئے تھے آپ ابو بکر کے مکان پر تشریف لیگئے اور اوس شہر غدار سے اون دونو صاحبون نے ساتھ ہجرت فرمائی - وہ بزرگوار چند روز مکہ کے جنوب مین ایک پہاڑی پر ایک غار مین پوشیدہ رہے - اس پہاڑی کا نام جبل الثور ہے -

اب قریش کے طیش کے کچھ حد و پایان نہ تھی - یہ خبر وحشت اثر سنکر کہ قاتل ناکام پھر آئے اور آنحضرت بچکر نکل گئے اونکو آگ لگ گئی اور چارون طرف سوار دوڑا دیے اور آپ کے سر مبارک پر انعام مقرر کیا - ایک یا دو مرتبہ کفار آپ کو ڈھونڈھتے ہوئے اتنے قریب آگئے کہ مارے خوف کے مرد پیر ابو بکر کا دل تھرانے لگا - اونھون نے کہا "ہم تو وہی آدمی ہین" آپ نے فرمایا "نہین ہم تین ہین - خدا ہمارے ساتھ ہے" فی الواقع خدا اونکا حافظ تھا - تین دن کے بعد قریش نے اوس جستجو کو کم کر دیا - اس

لہ بشپ لین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ - صفحہ ۲۵۳ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۲۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۸۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۳ تاریخ ابو الفدا صفحہ ۱۱۶ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۴ سراونٹ کا انعام کیا تھا - تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۲۹ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۸۱ - ملاحظہ ہو - ۱۲ مؤلف ۵ قولہ تعالے ثانی اثنین اذ ھما فی الغار اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا الی آخر قولہ تعالے ۱۲ - قرآن مجید

تمام مدت مین عائشہ بنت ابی بکر آنحضرت اور آپ کے یار غار کے لیے کھانا لے آتی تھین جسکو وہ تناول فرماتے تھے۔ تیسرے دن شب کو وہ بزرگوار اوس غار سے نکلے اور بڑی مشکل سے دو اونٹ تلاش کرکے ناگزیر راہون سے یثرب کو گئے۔ مگر یہ ناگزیر راہین بھی مخوف و مخدوش تھین۔ آپ کے سر مبارک پر جو انعام کثیر مقرر کیا گیا تھا اوسکی طمع مین بہت سے سوار مکہ سے آئے تھے اور ابتک آپ کو تلاش کر رہے تھے۔ ایک سوار خونخوار نے اون دو مسافرون کو دیکھ ہی لیا۔ اور اونکا تعاقب کیا۔ ابو بکرؓ کے دل مین پھر ہول سمایا اور چلائے کہ "اب ہم قتل ہوے"۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کیون ڈرے جاتے ہو خدا ہمکو بچائیگا"۔ جب وہ بت پرست آنحضرتؐ کے قریب پہونچا تو اوسکا گھوڑا الف ہوا اور وہ گر پڑا۔ اوسپر اسقدر ہیبت و خوف طاری ہوا کہ آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ میرے قصور کو معاف فرمائیے کہ مین نے ناحق آپ کا تعاقب کیا اور اوس معافی کی تصدیق بھی کر دیجئے۔ ابو بکرؓ نے ایک پارۂ استخوان پر اوسکو معافی لکھدی۔

وہ دونون مسافر برابر چلے گئے اور کسی نے اونکو نہین ستایا یہانتک کہ ارض یثرب مین پہونچے۔ ماہ جون ۶۲۲ء مین ایک روز نہایت شدید گرمی مین آنحضرتؐ نے ناقہ سے اُتر کے اوس ارض مقدس پر قدم مبارک رکھا جو اوسوقت سے آپ کا وطن اور جاے پناہ ہوگیا۔ سب سے پہلے ایک یہودی نے ایک برج پر سے آپ کو دیکھا اور اسطرح سے اس آیۂ وافی ہدایہ کی تصدیق و تکمیل

لہ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۸۱۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف ۵۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۲۱ ۔ ۳۲۲۔ اور تاریخ ابن الاثیر صفحہ ایضاً ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

ہوئی کہ دے وہ[۱] لوگ جنکو کتاب دیگئی ہے پہچانتے ہین اوسکو اسطرح جسطرح اپنے لڑکون کو پہچانتے ہین [۲] آنحضرت اور آپ کے صحابی نے تین[۳] روز ایک دیہ مین قیام فرمایا جسکا نام قبہ تھا اور جو یثرب کے جنوب مین دو میل کے فاصلہ پر واقع تھا اور جسکی خوبصورتی اور سرسبزی و شادابی مشہور تھی - اسی مقام پر حضرت[۴] علی آپ سے آکر ملے جنکو آنحضرتؐ کی ہجرت فرمانے کے بعد کفار نا ہنجار نے سخت اذیتین دی تھین - حضرت علیؓ نے مکہ سے چلکر پیادہ پا سفر کیا اور دن بھر چھپے رہتے تھے اور رات کو سفر کرتے تھے کہ مبادا[۵] قریش اونکو گرفتار کرلین -

بنی عمرو ابن عوف نے جو قبہ کے مالک تھے آپ سے عرض کیا کہ ہماری گانون مین تا دیر قیام فرمائیے - مگر آنحضرتؐ کو اپنے فرض کا بڑا خیال تھا لہذا ایک جماعت صحابہؓ کی ہمراہ آپ یثرب کو تشریف لیگئے - آپ یوم جمعہ ۱۲ - ربیع الاول کو وقت صبح یثرب مین داخل ہوے جو بقول کاسن ڈی[۶] پرسول مطابق ۲[۷] جولائی ۶۲۲ء کے تھی -

پس ہجرت مقدسہ کی تکمیل اسطرح سے ہوئی اور اسی واقعہ سے سنہ اسلامیہ یعنی سنہ ہجری شمار کیا جاتا ہے

[۱] الذین اٰتینا ھم الکتاب یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم [۲] یعنی دوشنبہ و سہ شنبہ و چہار شنبہ و پنجشنبہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۳۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۸۳ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۳] تاریخ ابو الفدا صفحہ ۱۱۶ - حاشیہ ۵۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۴] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۸۲ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف - [۵] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳ - صفحہ ۱۷ - ۲۰ - ملاحظہ ہو - ۱۲ - مؤلف [۶] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۳۵ - اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۳۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

حاشیہ ۱ - متعلقہ باب ۳

سنہ ہجری سترہ برس بعد ہجرت مقدسہ کے خلیفہ ثانی نے جاری کیا تھا مگر یہ سنہ اوسوقت سے نہین لیا گیا ہے کہ جو وقت آنحضرتؐ کے مکہ سے ہجرت فرمائی تھی یعنے ۱۲ - ربیع الاول بلکہ سال کی پہلی قمری مہینہ یعنے محرم کی پہلی تاریخ سے

سنہ ہجری شروع ہوا ہی اور جس سال یہ سنہ مقرر ہوا تھا اوس سال یکم محرم ۱۵- جولائی کو پڑی تھی ۱۲ مؤلف

حاشیہ ۲- متعلقہ باب ۳

بارہ اسلامی مہینے یہ ہین- محرم الحرام (پاک مہینہ) صفر المظفر (سفر و سیاحت کا مہینہ) ربیع الاول (پہلا مہینہ فصل بہار کا) ربیع الثانی (دوسرا مہینہ فصل بہار کا) جمادی الاول (پہلا مہینہ گرمی کا) جمادی الثانی (دوسرا مہینہ گرمی کا) رجب المرجب (معزز مہینہ) شعبان المعظم (درختون مین کلیان لگنے کا مہینہ) رمضان المبارک (گرمی کا مہینہ) شوال المکرم (ملنے کا مہینہ) ذیقعدہ (استراحت اور صلح کا مہینہ) ذی الحجہ (حج بیت اللہ کا مہینہ) قدیم زمانہ مین عرب سال قمری ۳۵۴- روز ۸- گھنٹہ ۸ ثانیہ کا رکھتے تھے اور ہر سال کی تقسیم بارہ مہینون پر کرتے تھے اور مہینہ کبھی ۲۹- دن کا ہوتا تھا کبھی ۳۰ دن کا- اور ہر تیسرے سال ایک مہینہ لوند کا اضافہ کرتے تھے تاکہ اونکا سال رومیون اور یونانیون کے سال شمسی کے مطابق ہوجاے اور تاکہ اونکے مہینے ٹھیک موسم مین پڑا کرین- اس لوند کو نسئی کہتے تھے اور گو یہ حساب ٹھیک نہ پڑتا تھا تاہم اس سے مہینون اور فصول مین ایک توافق رہتا تھا- نسئی اسوجہ سے موقوف کردیگیا کہ بعض رسوم مذہبی بت پرستون کے لوند کے برسون مین ہوتے تھے اور جب سے نسئی موقوف ہوا مہینون کے ناون اور فصول مین کچھ نسبت یا علاقہ باقی نہین رہا- ۱۲- مؤلف

چوتھا باب

جسوقت سے آنحضرت مدینہ یثرب مین داخل ہوے اوسوقت سے آپ کی سوانح عمری خوب مفصل و مشرح معلوم ہوتی ہین- اوسوقت سے آپ رئیس قوم اور مقنن اور حاکم اعلی ہوگئے اور آپ کی تاریخی حالات اوس سلطنت جمہوری کے حالات کے ساتھ مخلوط ہوگئے جو آپ کے بدولت قائم ہوئی تھی-

بنی اوس اور بنی خزرج یہ دو قبیلے اپنے کہنہ اور خونریز لڑائیون کو اسلام کے برادرانہ لطف و محبت کے جذبہ مین بھول گئے اور علم اسلام کے گرد جمع ہوکر ایک اسلامی حکومت جمہوری کے مرکز بنگئے- جو تفرقہ اونمین قدیم سے چلا آتا تھا وہ بالکل رفع ہوگیا

اور لقب انصار سے وہ سب بزرگوار ملقب ہوے جنھون نے مصیبت کے وقت اسلام کی اعانت کی تھی اور وہ وفادار گروہ جسنے اسلام کی محبت مین اپنے وطن مالوف کو ترک کیا تھا اور ہر ایک رشتہ محبت کو قطع کرکے جلاء وطن اختیار کیا تھا مہاجرین کے لقب سے ملقب ہوا۔ مہاجرین و انصار مین زیادہ موافقت پیدا کرنے کے لیئے آنحضرت نے صیغہ اخوت اونمین قائم کیا جس سے وہ رنج و راحت مین ایک دوسرے کے وابستہ ہو گئے۔

اب یثرب کا قدیم نام بدل گیا اور مدینہ النبی یا فقط مدینہ کہلانے لگا۔ اور فوراً ایک مسجد بنائی گئی جسکی تعمیر مین خود آنحضرتؐ نے اپنے دست مبارک سے مدد دی۔ اور مہاجرین کے رہنے کے لیے برابر مکانات بننے لگے۔ جس زمین پر مسجد بنی ہے وہ دو بھائیون کا مال تھا اونھون نے اوسکو ہبہ کرنا چاہا۔ مگر چونکہ وہ دونون یتیم تھے لہذا آنحضرتؐ نے اونکو وہی قیمت عنایت کی جو قرار پائی۔ اس مسجد کی عمارت اور قطع سادی تھی اور اوس بے ریا دین کے لیے موزون و مناسب تھی جو آپ نے اپنی امت کو تلقین فرمایا تھا۔ اوسکی دیوارین اینٹ اور گارے کی تھین اور اوسکے سقف لیف خرما کے تھے۔ ایک حصہ اوس مسجد کا اون لوگون کے لیئے مخصوص کر دیا گیا جو گھر بار نہ رکھتے تھے۔

اس بے تصنع عبادت گاہ مین جملہ امور نہایت سادگی سے برتے جاتے تھے آنحضرتؐ بے فرش زمین پر استادہ ہو کر یا درخت خرما پر تکیہ کرکے موعظہ فرماتے تھے اور آپ کی جان بخش و جان فزا کلام کو سنکر اصحاب وفادار وجد کر جاتے تھے آپ فرمایا کرتے تھے کہ وہ شخص بندگان خدا سے اور اپنی اولاد سے محبت نہ کرے خدا اوسکو دوست نہ رکھیگا۔ اے مسلمانو جو شخص تم مین سے کسی برہنہ کو کپڑے پہنائے گا

خداوند عالم اوسکو استبرق بہشت سے ملبوس[1] فرمائیگا۔"

ایک خطبہ مین آپ نے انفاق فی سبیل اللہ یعنے خدا کی راہ مین دینے کا ثواب یہ بیان فرمایا۔ "جب خدا نے زمین کو پیدا کیا تو وہ ڈگمگانے لگے اوسوقت اوسنے پہاڑون کو پیدا کرکے زمین کو قائم کیا۔ تب فرشتون نے پوچھا خداوندا تیری خدائی مین کوئی چیز پہاڑون سے بھی قوی ہے خداوند عالم نے جواب دیا کہ لوہا پہاڑ سے بھی قوی ہے کہ اوسکو کاٹ ڈالتا ہے۔ پھر ملائکہ نے پوچھا خدا کیا تیری مخلوقات مین کوئی چیز آہن سے بھی زیادہ قوی ہے۔ ارشاد ہوا ہان آتش آہن سے بھی قوی ہے کہ اوسکو پگھلا دیتی ہے۔ پھر اونھون نے پوچھا کہ کوئی چیز تیری خدائی مین آگ سے بھی قوی ہے۔ فرمایا ہان پانی آگ سے بھی زبردست ہے کہ اوسکو بجھا دیتا ہے۔ اونھون نے عرض کی بارالہا پانی سے زبردست کوئی چیز تیری خدائی مین ہے۔ فرمایا ہان ہوا پانی پر بھی غالب آکر اوسکو حرکت دیتی ہے۔ اونھون نے عرض کی الٰہی ہوا سے بھی کوئی چیز قوی تر تیری خدائی مین ہے۔ ارشاد ہوا ہان وہ مرد نیک جو زکات دیتا ہے۔ اگر وہ اپنے داہنے ہاتھ سے میری راہ مین دے اسطرح سے کہ بائین ہاتھ کو خبر نہو تو وہ سب چیزون پر غالب آجاتا ہے۔" آپ نے جو نیکی کی تعریف کی ہے اوسمین ہر قسم کی مہربانی عموماً داخل ہے۔ آپ فرمایا کرتے تھے کہ "ہر ایک نیک کام نیکی مین داخل ہے۔ کسی برادر مومن کو دیکھکر مسکرا دینا یہ بھی نیکی ہے۔ اپنے ہمجنسون کو امور نیک کرنے کی ترغیب دینا زکات دینے کے برابر ہے۔ گمراہ کو راہ راست بتا دینا نیکی ہے اندھون کو مدد دینا نیکی ہے۔ راستہ سے پتھر اور کانٹے اور اور موانع کو ہٹا دینا نیکی ہے

[1] یہ حدیث ابو ہریرہؓ سے مشکات کتاب ۲۲ - باب ۲ - جزو ۱ - مین مروی ہے ۱۲ - مؤلف

پیاسے کو پانی پلانا نیکی ہے۔"

دوسری حدیث مین آپ نے فرمایا ہے کہ "آدمی کا سچا ذخیرۂ آخرت وہ نیکی ہے جو دنیا مین اپنے ہمجنسون سے کرتا ہے۔ جب وہ مرجاتا ہی تو پوچھتے ہین کہ کیا مال چھوڑکر مرا ہے۔ لکن نکیرین قبر مین اوس سے یہی سوال کرتے ہین کہ کیا نیک کام تو دنیا[۱] مین کرکے آیا ہے۔"

ایک صحابی نے عرض کی "یارسول اللہ میری ماں اُم سعد مرگئی ہے سب سے عمدہ صدقہ اوسکی بخشش کے لیے کیا دون۔ آنحضرتؐ نے ریگستان کی شدید گرمی کا تصور کرکے فرمایا "پانی"۔ ایک کنوان اوسکے نام سے کھدوا اور پیاسون کو پانی پلوا"۔ اوس شخص نے اپنی ماں کے نام سے ایک کنوان کھدوا کر کہا "یہ کنوان میری ماں کے نام کا ہے اسکا[۲] ثواب اوسکی روح کو پہونچے"۔

آنحضرتؐ نے زبان سے کلمۂ خیر کہنے کی بھی بڑی تاکید فرمائی ہے۔ چنانچہ حدیث مین وارد ہوا ہے کہ ایک شخص ابوجاریہ نامی بصرہ کا رہنے والا مدینہ مین آیا اور آپ کو نبی برحق یقین کرکے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیے کہ اوسپر عمل کرون۔ آنحضرتؐ نے ارشاد کیا کہ کسیکی غیبت نہ کیا کر"۔ ابوجاریہ کہتا ہے کہ اوسوقت سے مین نے کسی شخص کو بُرا نہین کہا خواہ وہ حُر ہو خواہ عبد[۳]"

اسلام کے احکام معمولی اخلاق پر بھی حاوی ہین۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ

---

[۱] اس حدیث کے راوی ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ ہین ۱۲۔ مؤلف [۲] یہ حدیث مشکات کتاب ۲۲۔ باب ۲۲۔ جزو ۲۔ مین ابوہریرہ سے مروی ہے ۱۲۔ مؤلف [۳] اس حدیث کو سورہ ھل اتی کے اس آیت سے ملائ ویطعمون الطعام علی حبہ مسکیناً ویتیماً واسیراً انما نطعمکم لوجہ اللہ لا نرید منکم جزاءً ولا شکورًا

"جب[1] کسی گھر مین داخل ہو یا باہر نکلو تو صاحب خانہ کو سلام کرو- دوست آشنا اون اور راہ چلتون کے سلام کا جواب دو- سوار کو چاہیئے کہ پیدل پر سلام مین تقدیم کرے اور چلنے والا آدمی نشستہ کو سلام کرے اور چھوٹا گروہ بڑے گروہ کو اور خرد بزرگ کو سلام[2] کرے -"

پانچوان باب

سنہ ہجری یعنے از ۱۹- اپریل ۶۲۲ء تا ۷- مئی ۶۲۳ء

مدینہ اور اوسکے قرب وجوار کے یہودیون سے اس نئی سلطنت (اسلامیہ) کو بڑا خوف رہتا تھا- پہلے ان یہودیون کو یہ امید ہوئی تھی کہ محمد ہے وہ نبی آخر الزمان ہین جنکے بدولت ہمارے صدہا سال کی آرزو مین بر آئینگی یعنے وہ مسیح آپ ہی ہین جسکی خبر توراۃ مین دی ہے اور آپ ہی ظالمون سے ہمارا انتقام لینگے- مگر آپ کے دین کی آزادی دیکھکر اونکو یاس ہو گئی اور طیش آگیا- اور آپ کے عدوے جان ہو گئے - مدینہ مین آنحضرت کی آشتی اور دعا سے خلائق ایسی برانگیختہ ہوئی کہ چند مدت تک یہودیون نے مجبوری آپ کے ساتھ دوستانہ برتاؤ رکھا آپ نے چاہا کہ اونکو اپنا شریک اور ہمدرد بنالین --

---

[1] اس حدیث کو اس آیہ قرانی ہدایہ سے ملائی واذا حییتم بتحیۃ فحیوا باحسن منہا او ردوہا اور ان آیات کو بھی ملاحظہ کیجئے یا ایہا الذین امنوا لا تدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتی تستانسوا و تسلموا علی اہلہا ذلکم خیر لکم لعلکم تذکرون فان لم تجدوا فیہا احدا فلا تدخلوہا حتی یوذن لکم وان قیل لکم ارجعوا فارجعوا ہو ازکی لکم واللہ بما تعملون علیم فاذا دخلتم بیوتا فسلموا علی انفسکم تحیۃ من عند اللہ مبارکۃ طیبۃ کذلک یبین لکم اللہ ایاتہ لعلکم تعقلون

[2] یہ حدیث مشکات کتاب ۲۳- باب ۱- جزو ۱- مین ابو ہریرہ سے مروی ہے اور کتاب الاستیذان مین صحاح ترمذی و مسلم و بخاری سے اسکو نقل کیا ہے- مجالس الابرار بھی ملاحظہ ہو ۱۲- مؤلف-

آیندہ واقعات سے معلوم ہو جائیگا کہ موسائیون کی قساوت قلب دفع کرنے مین آپؐ کسقدر کامیاب ہوے۔

مدینہ مین داخل ہوتے کے ساتھی آنحضرتؐ نے ایک فرمان عام یہود کے نام جاری کیا اور اونکے تمام ملکی حقوق کو قائم رکھا اور اپنے رسوم و اعمال مذہبی کو بجالانے کی پوری آزادی اونکو بخشی۔ ابتک تو ناظرین نے ملاحظہ کیا کہ آنحضرتؐ صرف ایک واعظ یا ناصح کی حیثیت رکھتے تھے مگر اب دیکھیے کہ آپ نے حقوق و فرائض عباد کو خواہ وہ شخصی ہون خواہ نوعی ایسی حذاقت کے ساتھ مقرر فرمایا جس سے ثابت ہو گیا کہ آپؐ کی عقل اکمل عقول تھی اور نہ صرف اپنے زمانہ مین آپ خیر البشر تھے جیسا سر ولیم میور صاحب نے تسلیم کیا ہے بلکہ سب زمانون مین تھے۔ اس فرمان کے مضامین عجیب و غریب ہین۔ کچھ قواعد عامہ اسمین سے منتخب کرکے درج ذیل کیے جاتے ہین "بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ فرمان محمد رسول اللہؐ نے تمام مسلمین کو خواہ وہ قریش ہون خواہ اہل یثرب اور سب لوگون کو چاہیے کسی قوم اور مذہب کے ہون جنہون نے مسلمانون سے صلح و آشتی رکھی ہے لکھدیا ہے" بعد اوسکے دیت یعنی خون بہا کے شرائط بیان کرکے اور چند حکیمانہ قواعد اس باب مین مقرر فرماکر کہ مسلمانون کو ایک دوسرے کی نسبت کیا فرائض ادا کرنے چاہئین فرمایا ہے کہ "صلح اور جنگ کی حالت سب مسلمانون کے لیے عام ہوگی اور کسی مسلمان کو یہ اختیار نہوگا کہ اپنے برادران ایمانی کے دشمنون سے صلح یا جنگ کرے۔ یہود جو ہماری حکومت اسلامیہ سے تعلق رکھتے ہین تمام ذلتون اور اذیتون سے بچائے جائینگے۔ اور ہماری امت کے ساتھ مساوی استحقاق اونکو ہماری نصرت و حمایت اور حسن سلوک کا

حاصل رہیگا۔ یہود ان بنی عوف و بنی نجار و بنی حارث و بنی جشم و بنی غالب و بنی اُوس اور سب ساکنان یثرب مسلمانون کے ساتھ ملکر ایک قوم سمجھی جائینگی اور وہ اپنے اعمال مذہبی کو ویسی آزادی کے ساتھ بجالائین گے جیسے مسلمان اپنے رسوم دینی کو ادا کرتے ہین۔ اور یہود کی حفاظت و حمایت مین جو لوگ ہین یا جو اونسے دوستی رکھتے ہین اونکو بھی تحفظ اور آزادی حاصل رہیگی۔ مجرمون کا تعاقب کیا جاے گا اور اونکو سزا دیجائیگی۔ یہود مسلمانون کی شرکت یثرب کو سب دشمنون سے بچانے مین کرینگے۔ اور وہ سب لوگ جو اس فرمان کو قبول کرینگے یثرب مین محفوظ و مامون رہینگی۔ مسلمین اور یہود کے دوست آشنا کا بھی ویسا ہی اعزاز کیا جائیگا جیسا خود اونکا کیا جائیگا۔ سب سچے مسلمان اوس شخص سے بیزار رہین گے جو کسی گناہ یا ظلم و نا انصافی یا بغاوت کا مرتکب ہوگا اور کوئی شخص کسی مجرم کی حمایت نکریگا گو وہ اوسکا کیسا ہی عزیز قریب ہو۔" اسکے بعد کچھ احکام حکومت جدید اسلامیہ کی اندرونی انتظام کی نسبت لکھکر اس عجیب و غریب فرمان کے آخر مین یہ فقرہ لکھا ہے "آیندہ جو تنازعات درمیان اون لوگون کے ہونگے جو اس فرمان کو قبول کرینگے اونکا فیصلہ خداوند عالم کے حکم کے موافق رسول اللہ فرمائین گے۔"[1]

اس فرمان سے وہ قبیح رسم دفع ہوگیا جو اب تک عرب مین جاری تھا کہ مظلوم ظالم سے انتقام لینے مین اپنی ذاتی قوت یا اپنے اعزا کی طاقت پر بھروسا کرتا تھا اور دادرسی اور عدل گستری جنگ و جدل پر موقوف تھی۔ اس فرمان کیوجہ سے آپ حاکم اعلی اپنے قوم کے بنگئے اور یہ منصب حکومت آپ کو بحیثیت نبوت و رسالت بھی

[1] اس فرمان کی غرابت کیوجہ سے مین نے اسکی عبارت کی توضیح کی ہے تاکہ اسکی واقعی عمدگی ناظرین کو خوب معلوم ہوجاے ۱۲ مؤلف

حاصل ہوا اور اوس عہد و پیمان کی روسے بھی حاصل ہوا جو آپؐ کی امت نے آپؐ سے کیا تھا۔

پانچوان باب

سنہ ہجری یعنے از ۷ مئی سنہ ۶۲۳ع تا ۲۶ اپریل سنہ ۶۲۴ عیسوی

پہلے اس فرمان مین یہ تین قبائل یہود یعنی بنی نظیر اور بنی قرائظہ اور بنی قینقاع داخل نہ تھے جو مدینہ کے گرد و نواح مین رہتے تھے۔ مگر چند مدت کے بعد اونھون نے بھی بطیب خاطر ان شرائط کو قبول کر لیا۔

آنحضرتؐ کی اس عنایت اور فیاضی سے یہود کو کچھ تسکین نہین ہوئی اور اونکو جو ایک عداوت قلبی آپؐ سے تھی اوسمین کچھ خفت نہین ہوئی۔

علاوہ یہود کے آنحضرتؐ کو اور آپؐ کے اصحاب کو مدینہ کے اندر منافقین کا خوف لگا ہوا تھا۔ عبداللہ ابن اُبَی کا فریق جو کسی زمانہ مین دعوی بادشاہت کا رکھتا تھا ایک اجنبی گروہ کو اپنے مین شامل دیکھکر ہمیشہ خار کھاتا تھا اور بت پرستون یعنے مشرکین قریش کے ساتھ شریک ہوکر ہمیشہ یہی کوشش کرتا تھا کہ پیغمبر اسلام کے عالی حوصلون کو خاک مین ملا دی۔ وہ منافقین[1] مشرکین مکہ سے ہمیشہ نامہ و پیام رکھتے تھے اور جو کچھ مدینہ مین گذرتا تھا اوسکی اطلاع اونکو برابر دیتے تھے اور مشرکین قریش کو خوب معلوم ہوتا جاتا تھا کہ اب مسلمانون کی تعداد کتنی ہے۔ اور یہ بھی وہ خوب جانتے تھے کہ یہود نے صرف مصلحت وقت دیکھکر آنحضرت سے صلح کر لی ہے اور اونکو یقین کلی تھا کہ جونہین وہ ہمکو زیر دیوار مدینہ دیکھینگے آنحضرتؐ سے منحرف[2] ہوکر ہمارے شریک ہو جائینگے۔

---

[1] یعنی اتباع عبداللہ ابن اُبی ۱۲۔ [2] اللہ اکبر۔ جب ان یہودیون سے پوچھا گیا کہ دین اسلام کو پسند کرتے ہو یا شرک و بت پرستی کو تو اونھون نے بے سانحہ جواب دیا کہ بت پرستی ہمکو گوارا ہے مگر پیغمبر اسلام کے احکام گوارا نہین ۱۲۔ مؤلف

پس اب مشرکین مکہ کو اس امر مین تردد ہوا کہ آیا اوسوقت تک توقف کرین جبتک ہماری کاروان باہر سے واپس آئین یا یکایک مدینہ پر دھاوا کردین - اونھون نے پہلے شق پر عمل کرنا منظور کیا - لہذا آنحضرتؐ پر فرض ہوگیا کہ ایسی تدبیر کرین کہ مشرکین قریش مدینہ پر دفعۃً حملہ نہ کرسکین - اب آنحضرتؐ صرف اپنی امت کی ناصح ہی نہ تھے بلکہ اونکی جان و مال کے حافظ بھی تھے اور آپؐ کی بربادی عین اونکی بربادی تھی پس آپ پر فرض تھا کہ غنیم کو روکنے کی تدبیر کرین قبل اسکے کہ صدہا قبائل مشرکین یکبارگی مسلمانون پر حملہ آور ہون پس اس غرض سے اور اسواسطے بھی کہ غنیم کے مورچے جو بیرون شہر تھے اونکو شکست کرکے اون قبائل کو اپنا شریک کرلین جو حوالی مدینہ مین رہتے تھے اور جنسے یہ خوف تھا کہ جب کفار باہر سے حملہ کرینگے تو یہ بھی اونکے شریک ہوجائینگے آنحضرتؐ نے اپنے چچا حمزہ ابن عبد المطلب اور اپنے چچازاد بھائی عبیدہ ابن حارث اور اور چند سردارون کو تھوڑی فوج لیکر روانہ کیا -

---

لہ اس مقام پر مین اس قول مشہور کو اختیار کرتا ہون کہ قریش نے مسلمانون پر حملہ کرنے مین اوسوقت تک توقف کیا جبتک کہ اونکے کاروان شام سے واپس آئین کیونکہ وہ سوچے کہ اوسوقت جو سب ملکر حملہ کرینگے تو مسلمانون کو بالکل تہس نہس کردینگے میرے نزدیک قریش ایسے غریب و مسکین اور بیدار نہ تھے جیسا اونکا بعض جنیدہ اورون نے شمل میور صاحب و ویل صاحب و سپرنگر صاحب کے بیان کیا ہی - قرآن مجید سے زیادہ سچی تاریخ اوس زمانہ کی کوئی نہین ہے - سورۃ ۱۹ - آیت ۱۲ - مین لکھا ہی کہ "وہ لوگ جنھون نے خود بخود تمپر حملہ کیا" اس آیت مین صلح حدیبیہ کیطرف اشارہ نہین کیا ہی کیونکہ حدیبیہ مین تو کفار نے صرف نقض عہد کیا تھا نہ یہ کہ اہل مدینہ پر حملہ کیا ہو بلکہ انجمالی کا قول صحیح ہے کہ اس آیت مین مشرکین قریش کا مسلمانون پر حملہ آور ہونے کا ذکر ہی - علامہ زمخشری کی تفسیر کشاف مطبوعہ مصر صفحہ ۲۱۴ - اور تفسیر حسینی صفحہ ۲۰۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

لہ یعنی بنی ضمرہ اور بنی مدلج اور اور شعبے قبیلہ کنانہ کے جو کفار قریش کے شریک ہوکر حملہ کرتے تو سارے مدینہ کو غارت کرڈالتے ۱۲ - مؤلف

جیسا اعراب یعنی صحرائی عربون کا قاعدہ ہے ویسا ہی ہوا کہ جب ان دو فوجون مین مقابلہ ہوا کبھی گشت وخون کی نوبت نہین آئی بلکہ رجز خوانی کرکے یا چند تیر مارکے دونو لشکر علیحدہ ہوگئے۔ مگر اتنی مدت بیکار پڑے پڑے قریش بہ تنگ آگئے۔ وہ اپنے ارادہ کی اطلاع اسطرح مسلمانون کو دیچکے تھے کہ اونکے مشہور سردار قرض[۱] ابن جابر فہری نے مدینہ کی سرحد پر حملہ کیا تھا اور شہر کی دیوار تک آکر لوٹ مار کی تھی اور بہت سی اونٹ پکڑلے گیا تھا۔ مسلمانون نے اوسکا تعاقب مقام صفوان تک کیا جو قریب چاہ بدر کے تھا مگر وہ غارت گر مال غنیمت کو لیکر حدود مکہ مین جا پہونچا[۲]۔

سال آیندہ ماہ رجب مین (نومبر ۶۲۳ء) مدینہ مین خبر آئی کہ اہل مکہ سامان جنگ کر رہے ہین۔ مسلمانون مین سے عبداللہ ابن جحش کہ بڑا دلیر شخص تھا آٹھ آدمیون کے ساتھ دشمن کے سراغ رسانی کو فوراً بھیجا گیا۔ اوس سے زبانی صرف اتنا کہدیا گیا کہ مکہ کی سمت چلے جاؤ اور ایک سربمہر خط دیکر اوس سے کہدیا کہ اثنائے راہ مین اسکو کھولکر پڑھنا اور جو اسمین لکھا ہو اوسپر عمل کرنا۔ جب شہر مدینہ سے دور نکل گیا تو عبداللہ ابن جحش نے اوس خط کو کھولکر پڑھا اوسمین لکھا تھا کہ اپنی فوج کو نخلہ تک لیجانا جو نصف راہ پر ما بین طائف اور مکہ واقع تھا اور وہانسے دشمن کے حرکات وسکنات کی نگران رہو اور اوسکے ارادون کو دریافت کرو[۳]۔ عبداللہ نے مقام نخلہ مین ایک جگہ پوشیدہ ہوکر دیکھا کہ ایک چھوٹا سا کاروان چلا جاتا ہے وہ اپنی ہمراہی عربون کی شرارت کو روک نہ سکا اونھون نے اوس قافلہ پر حملہ کرکے ایک آدمی کو قتل کیا اور دو آدمیون کو گرفتار کرکے مع مال غنیمت مدینہ لیگئے۔

[۱] تاریخ طبری صفحہ ۴۷۸۔ اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۱۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۲۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۳] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۲۴۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۸۷۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۴۸۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

اس فعل سے آنحضرت کو بڑا ملال ہوا اور آپ نے عبداللہ کو سخت ملامت کی اور فرمایا کہ "تو نے ایسی حرکت کیوں کی۔ مین نے تجھکو حکم کیا تھا کہ لڑنا نہین" عبداللہ ابن جحش نے جو کفار پر یہ زیادتی کی تو یہود اور مشرکین کو آنحضرتؐ کی غیبت و بدگوئی کرنے کا ایک حیلہ[1] ہاتھ آگیا۔ جو مسلمان ابتک قریش کے قبضہ مین تھے اونھون نے آنحضرتؐ سے پوچھا یا کہ اس بدگوئی کا کیا جواب دیا جائے آپ نے اسکے جواب مین یہ آیت تلاوت فرمائی۔ "وہ[2] تجھسے مقدس مہینون کے باب مین پوچھتے ہین۔ کہہ تو کہ ان مہینون مین لڑائی کرنا بڑا گناہ ہی مگر لوگون کو خدا کی راہ سے بہکانا اور خدا پر ایمان نہ لانا اور اوسکے بندون کو اوسکے گھر سے نکالدینا اوسکی نزدیک اس سے بھی زیادہ گناہ ہی" وہ دو قیدی فورًا رہا کردیے گئے۔ اس عرصہ مین قریش مسلمانون پر یکبارگی حملہ کرنے کا سامان کر رہے تھے۔ مکہ کے کاروان سے وطن مراجعت کرچکے تھے اور اثنار راہ مین تھے۔ سب سے بڑا کاروان شام کا مال اور روم سے اسباب جنگ لیکر غرقریب

[1] جیسا اس زمانہ مین مورخین عیسائی کے ہاتھ آیا ہی ۱۲۔ مؤلف [2] یسألونك عن الشهر الحرام قتال فيه قل قتال فيه كبير وصدّ عن سبيل الله وكفر به والمسجد الحرام واخراج اهله منه اكبر عند الله والفتنة اكبر من القتل ولا يزالون يقاتلونكم حتى يردّوكم عن دينكم ان استطاعوا ومن يرتدد منكم عن دينه فيمت وهو كافر فاولئك حبطت اعمالهم في الدنيا والاخرة واولئك اصحاب النار هم فيها خالدون قرآن مجید سورۃ البقر آیت ۲۱۴ اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۵۴ - اور تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۴۷۶ - ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [3] عبداللہ ابن جحش کے اس معاملہ مین کچھ اور بھی عرض کرنا ضرور ہی - وہ خط اوسکو اسلئے دیا گیا تھا کہ جس رستہ سے وہ گیا تھا اوسکی خبر کفار کو نہو جائے جیسا کہ خود میور صاحب نے تسلیم کیا ہی (تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۱ حاشیہ ملاحظہ ہو) اگر آنحضرتؐ عبداللہ کو کاروان قریش پر حملہ کرنے کا حکم دیا ہوتا تو عبداللہ پہلے مشورہ کرکے نہ لڑتا بلکہ صرف آنحضرتؐ کے حکم کی پابندی کرتا ۱۲

مگر حقیقت یہ ہی کہ آنحضرتؐ نے جحش کو لڑنے کی ممانعت نہین کی تھی جیسا کہ طبری جلد ۲ صفحہ ۴۷۶ مین لکھا ہی ۱۲۔ مؤلف

کہ مین داخل ہونے والا تھا۔ وہ عقل حیوانی جو آدمی کو اپنے نفس کی حفاظت پر آمادہ کرتی ہے مسلمانون کو اسکا باعث ہوے کہ اونھون نے چاہا کہ یہ کاروان ہمارے دشمنون تک کسیطرح نہ پہونچنے پائے چونکہ اہل مدینہ اہل مکہ کو اپنا قریب[1] جانکر اونکی ترقی تجارت پر حسد کرتے تھے لہذا اونھون نے اس موقع کو غنیمت سمجھکر چاہا کہ ملک شام کی تجارت ہمارے شہر مین آجائے پس اہل مکہ کے ارادون کو باطل کر دینے مین اونھون نے دل سے مسلمانون کی اعانت کی۔ اس کاروان کا قافلہ سالار ابوسفیان ابن حرب تھا اور اسمین ہزار اونٹ تھے۔ تیس سے چودہ آدمی مدینہ سے روانہ ہوے کہ اس کاروان کو راہ مین روکین۔ مگر ابوسفیان کو اوسیوقت خبر مل گئی اور اونھنے مکہ سے کمک منگوائی۔ حسب الطلب اوسکے ایک ہزار جوان خوب[2] مسلح و مکمل ہوکر مکہ سے روانہ ہوا۔

اوس کاروان اور اوسکے محافظون کی اُمید مین مسلمان وادی بدر تک چلے گئے مگر اونکی آمد کی خبر سُنکر ابوسفیان مکار اوس راہ کو چھوڑکر دوسرے رستہ سے بحفاظت تمام مکہ پہونچ گیا[3]۔ وہان سے اونھنے ابوجہل کو جو شجاعان مکہ کا افسر تھا ایک قاصد کی زبانی کہلا بھیجا کہ اب وہ کاروان معرض خوف مین نہین ہے لہذا تیرا پھیر آنا مصلحت ہے۔ ایک فریق نے قریش کے ابوسفیان کی اس مشورہ کو بگوش ہوش سُنا مگر ابوجہل مغرور نے کہا کہ پھر جانا کیسا جبتک محمد کو خاک مین نہ ملا لینگے

---

[1] جیسے آنحضرت کے جد امجد ہاشم ابن عبد مناف نے یہ رسم قرار دیا تھا کہ دو بڑے بڑے قافلے علاوہ چھوٹے چھوٹے قافلون کے تجارت کرنے کے لیے ہر سال جایا کرین یعنے موسم سرما مین ایک قافلہ یمن کو جایا کرے اور موسم گرما مین دوسرا قافلہ شام کو جایا کرے تب سے قریش کی تجارت مین بے انتہا ترقی ہوئی تھی۔ ۱۲۔ مؤلف

[2] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۹۲۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۴۸۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۳۴۔ اور تاریخ طبری جلد ۲۔ صفحہ ۴۸۹۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۹۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

اور اپنی شجاعت و جوانمردی کو اخلاف و آیندگان کے لیئے یادگار نہ چھوڑینگے تب تک یہان سے قدم نہ ہٹائینگے - پھر ابوجہل نے کہا کہ "بدر کو بڑھ چلو اور چاہ بدر کے قریب تین روز[۱] قیام کرو اور خوب کھاؤ پیو تاکہ تمام عرب کو یہ معرکہ معلوم ہوجاے اور سب ہمسے ہمیشہ خائف و ترسان رہین" اسطرح سے اپنے فتح کا یقین کرکے وہ بدر پر پہونچا اور وہان اون لوگون کو جما ہوا پایا جو مکہ سے بھاگ آئے تھے - جب آنحضرتؐ نے دیکھا کہ لشکر کفار اپنے کثرت پر نازان آگے بڑھتا چلا آتا ہے تو آپؐ نے دست دعا سوے آسمان بلند کیئے جیسا آپ سے پہلے انبیاء بنی اسرائیل نے کیا تھا اور دعا کی کہ "خداوندا اس فوج قلیل کو قتل نہونے دے یا اللہ اپنے وعدۂ نصرت کو فراموش نکر - خداوندا اگر یہ فوج قلیل ہلاک ہوجائیگی تو کوئی تیری عبادت خالص کرنیوالا زمین پر[۲] باقی نہ رہیگا"

تین شخص قریش مین سے آگے بڑھے اور عرب کی رسم کے موافق مبارز طلبی کی یعنی تین شخصون کو فوج اسلام سے اپنے مقابلہ کے لیئے طلب کیا حمزہ ابن عبدالمطلب اور علی ابن ابیطالبؑ اور عبیدہ ابن حارث اونکے مقابلہ کو میدان مین آئے اور مظفر و منصور پھرے - بعد اوسکے جنگ مغلوبہ ہوئی - پہلے تو فتح مذبذب رہی مگر آنحضرتؐ نے ایسی فصیح و بلیغ تقریر سے مسلمانون کو جوش دلایا کہ آخر وہی غالب آئے - اوس روز بڑی سخت آندھی آئی اور ایک جھکڑ ہوا کا اس زور سے آیا کہ معلوم ہوا کہ مسلمانون کیطرف سے فرشتے آسمان سے اُترکر لڑ رہے ہین - فی الواقع آنحضرتؐ کو اور صحابہ رضوان اللہ علیہم کو اوس جوش و ولولہ کے عالم مین

[۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۳۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۹۲ - ملاحظہ ہو - تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۹۰ ۴ مین دس روز لکھے ہین ۱۲ مؤلف [۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۴۲ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۹۲ - ۱۲ سرشف

وہ جھکڑ ہوا کا اور وہ گرد و غبار کا بلند ہوتا کہ گویا عناصر دشمنان خدا سے لڑتے تھے یہی معلوم ہوا کہ گویا ملائکہ ہوا کے گھوڑوں پر سوار کفار نابکار کو رگیدتے چلے جاتے ہین کیونکہ قدیم عیسائیون کیطرح اوس زمانہ کے مسلمانون کو بھی تمام نعمات الٰہی اور تعلقات بشری اور انقلاب روزگار اور گردش زمانہ مین خدا کی قدرت نظر آتی تھی - الغرض مشرکین مکہ نے شکست فاحش کھائی اور بڑا نقصان اوٹھایا - اکثر سرداراونکے مارے گئے اور ابوجہل خود اپنے غرور و نخوت کے نذر ہوگیا بہت سے کفار کو مسلمین نے اسیر کرلیا مگر اونمین سے صرف دو شخص قتل کئے گئے ان دونون کی عداوت قلبی پیروان مذہب جدید سے مشہور و معروف تھی اور عرب مین جو دستور لڑائی کا تھا اوسکے موافق وہ اپنے کردار زشت کی سزا کو پہونچے باقیماندہ اسیران کفار سے مسلمان بڑی انسانیت سے پیش آئے - آنحضرتؐ نے

لہ قد کان لکم ایۃ فی فئتین التقتا فئۃ تقاتل فی سبیل اللہ واخری کافرۃ یرونھم مثلیھم رای العین واللہ یؤید بنصرہ من یشاء ان فی ذلک لعبرۃ لاولی الابصار ولقد نصرکم اللہ ببدر وانتم اذلۃ فاتقوا اللہ لعلکم تشکرون اذ تقول للمؤمنین الن یکفیکم ان یمدکم ربکم بثلثۃ الاف من الملائکۃ منزلین بلی ان تصبروا وتتقوا ویاتوکم من فورھم ھذا یمددکم ربکم بخمسۃ الاف من الملائکۃ مسومین وما جعلہ اللہ الا بشری لکم ولتطمئن قلوبکم بہ وما النصر الا من عند اللہ العزیز الحکیم - قرآن مجید سورۂ آل عمران آیات ۱۱ - و ۱۱۹ - و ۱۲۰ و ۱۲۱ اور سیور صاحب کا تذکرۂ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۱۰۶ - اور حاشیہ متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۴۴ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۹۶ - ملاحظہ ہو سر ولیم میور صاحب نے لکھا ہے کہ جب ابوجہل کا سر کاٹکر آنحضرت کے سامنے لائے تو آپ نے بآواز بلند فرمایا کہ "یہ سر مجھکو عمدہ سے عمدہ اونٹ جو تمام عرب مین ہو اوس سے بھی زیادہ پسند ہے" مگر مینے کسی کتاب مین آپکا یہ قول نہین دیکھا ہے - جہان کہین یہ قول لکھا ہے غلط اور مصنوعی ہے - کیونکہ اگر یہ قول صحیح ہوتا تو ابن ہشام اور ابن الاثیر اور ابوالفدا اور طبری انمین سے کوئی مورخ تو اپنی تاریخ مین اسکو ضرور نقل کرتا ۱۲ مؤلف

لہ انمین سے ایک کا نام نظر بن الحارث تھا جسکا ذکر قرآن مجید سورۃ ۸ - ۳۲ مین اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۱۴۱ مین بھی ہے - اور دوسرے کا نام عقبہ بن ابومعیط تھا جو مسلمان کو بڑی بیرحمی سے ستایا کرتا تھا

حکم قطعی فرمایا کہ ان مصیبت زدون کی عزت کرو اور انکے حال پر رحم کھاؤ جن مسلمانون کے سپرد آپ نے اون قیدیون کو کیا تھا اونھون نے اونکے بارے مین آپ کے حکم کی تعمیل دل سے کی یعنے اپنا خاص کھانا اونکو کھلایا بلکہ اپنی غذا مین سب سے اچھی روٹیان اونکو کھلا دیتے تھے اور خود چند دانہ خرما پر قناعت کرتے تھے۔ اونمین سے جو لوگ متمول تھے اونھون نے قسم کھائی کہ اب مسلمانون سے کبھی نہ لڑین گے اور وہ بھی رہا کر دیئے گئے۔ آنحضرتؐ کے ارشاد کے بموجب اونمین سے جو لوگ کسیقدر ذی علم تھے وہ اس شرط سے رہا کر دیئے گئے کہ اطفال مدینہ کو تعلیم دیا کرین۔

مال غنیمت کے تقسیم پر لشکر اسلام مین بڑا جھگڑا ہوا۔ اوسوقت تو آنحضرتؐ نے رفع نزاع اسطرح کر دیا کہ سب پر مال غنیمت برابر تقسیم کر دیا۔ مگر چونکہ ایک غدار قوم مین اس نزاع سے لامحالہ خرابیان پیدا ہوئین لہذا آنحضرتؐ نے ایک خاص قانون اموال غنیمت کی تقسیم کے نسبت جاری کیا جو سورۂ انفال مین لکھا ہے تاکہ آیندہ اسمین کبھی جھگڑا نہو۔ اس قانون کے بموجب مال غنیمت کو تقسیم کرنا رئیس قوم کی رائے پر موقوف رہا اور خمس لینے اوسکا یا نچوان حصہ بیت المال کے لیے رکھا گیا۔ اس خمس سے جسمین رسول اللہ کا حق بھی داخل ہے کہ آپ سردار امت تھے

---

۱۲ مؤلف

۱؎ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۴۵۹۔ اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۲۔ صفحہ ۷۹ ملاحظہ ہو۔ سیور صاحب فرماتے ہین کہ وہ یہ تعمیل حکم آنحضرتؐ اشراف مدینہ نے اور جن مہاجرین پاس مکانات تھے اونھون نے اپنے اپنے گھرون مین رکھا اور بڑی خاطر و مدارات کی۔ چند روز کے بعد اونمین سے ایک قیدی نے کہا کہ خدا آباد رکھے اہل مدینہ کو کہ انہون نے ہمکو سواری پر چڑھایا اور خود پیدل چلے اور ہمکو گیہون کی روٹی کھلائی اور خود خرما پر قناعت کی۔ سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۱۲۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

۲؎ سیل صاحب اس مقام پر لکھتے ہین کہ عجب بات ہے کہ پیغمبر اسلام کے اصحاب مین جنگ بدر کے مال غنیمت پر بھی ویسی ہی نزاع پیدا ہوئی جیسی حضرت داود کی فوج مین تقاسم کے مال غنیمت پر جھگڑا ہوا تھا۔ جو لوگ لڑائی مین شریک ہوئے تھے اونھون نے یہی کہا کہ جو لوگ اپنے گھرون مین بیٹھے رہے اونکو مال غنیمت مین کچھ حصہ نہ ملنا چاہیے۔ اور وہ ان صورتون مین یہی

غربا و مساکین اور ایتام اور مسافرون کی پرورش کیجاتی ہے۔

لہ واعلموا انما غنمتم من شی فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربی والیتمی والمساکین وابن السبیل ان کنتم اٰمنتم باللہ وما انزلنا علی عبدنا یوم الفرقان یوم التقی الجمعان واللہ علی کل شی قدیر

سورۃ انفال آیت ۴۲۔ ہر چند مال غنیمت کو تقسیم کرنا رئیس قوم کی رائے پر موقوف رکھا گیا تھا لکن چند رسوم کا ہمیشہ لحاظ رکھا جاتا تھا جو خلفاء راشدین کے عہد میں نظیریں ہوگئیں اور خمس کا قاعدہ اور زیادہ محدود ہوگیا۔ ایم کوپری صاحب مورخ فرانسیسی کی تاریخ جزء ۱ صفحہ ۳۴۵ مطبوعہ شہر پارس ۱۸۵۱ء ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

حاشیہ متعلقہ باب ۵

قرآن مجید کے بعض آیات مین یہ مضمون کہ ملائکہ فوج خدا اپنے لشکر اسلام کی کمک کو آسمان سے نازل ہوئی ایسی خوبصورتی اور بلاغت سے لکھا ہے کہ زبور کی بلیغ ترین آیات سے بلاغت مین کسیطرح کم نہین ہے۔ فی الواقع ایک ہی مذاق شاعری دونون آسمانی کتابون کے ان آیات مین پایا جاتا ہے۔ زبور داؤد آیت ۴۸ ملاحظہ ہو۔ غالباً آنحضرتؐ کو بھی مثل حضرت عیسیٰ اور دیگر انبیاء و مصلحان نبی آدم کو وجود ملائکہ کا انکار کیا ہے تو خدا اور انسان کے درمیان پیامبری کرتے ہین۔ اگر اس زمانہ کے عقلاء نے وجود ملائکہ کا انکار کیا ہے تو اونکا انکار کرنا اسکی دلیل نہین ہوسکتی کہ ہم اپنے اسلاف اور بزرگان دین کی اعتقادات کی توہین کرین۔ ہماری یہ بد اعتقادی بھی اوسیطرح وہم اور وسوسہ کی مصداق ہوسکتی ہے جسطرح اونکی اس اعتقاد کو ہم وہم و وسوسہ کہتے ہین۔ صرف فرق اتنا ہے کہ ہمارا وہم عدم وجود ملائکہ پر جما ہوا ہے اونکا وہم اونکے وجود پر قائم ہوگیا تھا جن چیزونکو ہم اس زمانہ مین اصول طبیعی سمجھتے ہین اونھین کو اوس زمانہ کے لوگ ملائکہ اور پیامبران آسمانی خیال کرتے تھے عقل بشری اس امر کے ادراک سے قاصر ہے کہ آیا خدا اور انسان کے درمیان بھی کچھ چیزین اوسیطرح متوسط ہین جیسا لاک صاحب حکیم کا قول ہے کہ انسان اور حیوانات کے درمیان متوسط چیزین موجود ہین۔

غالباً آنحضرتؐ بھی مثل حضرت عیسیٰؑ کے اوس بانی شر یعنے شیطان کے وجود خارجی شخصی کا اعتقاد کرتے تھے مگر آپؐ کے کلام پاک کو امعان نظر سے دیکھیے تو اوسمیں شیطان کا صرف وجود ذہنی مفہوم ہوتا ہے جسکو آپؐ نے ایسی مناسب و موزون الفاظ سے بیان فرمایا ہے کہ بمفاد تکلموا الناس علی قدر عقولھم پیروان حق بین کے سمجھ مین آگیا۔ چنانچہ ایک شخص نے آپؐ سے پوچھا کہ یا رسول اللہ شیطان کہان رہتا ہے

آپ نے فرمایا انسان کے دل مین -

وجود ملائکہ اور وجود شیطان کے اعتقاد سے عجیب وغریب قصص وحکایات دین اسلام اور دین مسیحی دونون مین پیدا ہوگئے ہین - عیسائیون کیطرف سے اولیا مسیحی اور ملائکہ آسمان سے اوتر کر لڑے مگر مسلمانون نے حتی الامکان اولیا کو تو بالاے طاق رکھا صرف ملائکہ کی حمایت کو دنیاوی ٹرائیون مین قبول کیا - عیسائی راویون نے اوس یہودی فریسی کو جسنے حضرت عیسیٰ کو ورغلانا تھا شیطان مجسم وحقیقی قرار دیا ہے - کو بعض جرمنی مورخون نے اوس مغوی کو سردار علماے یہود لکھا ہے اور ملٹن صاحب شب نے اوسکو سردار علماے یہود اور شیطان یعنی دونون بیان کیا ہے مگر یہ حکمت کی ہے کہ ناظرین پر چھوڑ دیا کہ جو چاہو سمجھ لو - علی ہذا القیاس روایت ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرتؐ محراب کعبہ مین نماز پڑھ رہے تھے اور کفار آپ کو بہت ستا رہے تھے اور آپ سورہ والنجم کے تلاوت کرتے کرتے اس آیت پر پہونچے افرأیتم اللات والعزیٰ ومنات الثالثۃ الاخریٰ اوسوقت کئی مشرک موجود تھے - اونمین سے ایک نے بایں خیال کہ مبادا آنحضرتؐ ہمارے بتون کی تعریف کرین یہ کلمات کہے کہ یہ بت ہمارے خداے بزرگ ہین اور انکی شفاعت ہمارے کام آئیگی مسلمانون کو اوسوقت یہ نہ معلوم ہوا کہ یہ کلمات کون کہہ رہا ہے پس وہ سمجھے کہ یہ شیطان لعین ہے جسکی مذمت قرآن مجید مین اکثر مقامات پر کی ہے - محدثین اسکو بھول گئے کہ جس چیز کی مذمت آنحضرتؐ نے کی ہے وہ نفس امارہ ہر جو مبدا شر ورہے اور جو اوس مشرک کو ان کلمات کے کہنے کا باعث ہوا تھا اور یہی قرار دے لیا کہ وہ شخص آدمی نہ تھا بلکہ شیطان تھا سید احمد خان صاحب کی الخطبات الاحمدیہ علی العرب والسیرۃ المحمدیہ صفحہ ۴۶ - ۴۷ خطبہ ۶ - ملاحظہ ہو -

کتاب تھیولوجی آن دی باسس آف لائٹ صفحہ ۴۰۱ - ۴۰۴ - جلد ۱ - مین باسناد کثیرہ لکھا ہے کہ حواریین اور تابعین حواریین حضرت مسیحؑ اعتقاد کامل ملائکہ اور شیاطین کے وجود خارجی شخصی کا رکھتے تھے اور کسیقدر اونکے اجسام کو نوری یا ناری جانتے تھے مگر بمہ وجوہ انسان سے مشابہ سمجھتے تھے - یہ اعتقاد حواریین کو لامحالہ خود حضرت مسیحؑ سے پہونچا ہوگا جنکی نسبت رہن صاحب مورخ فرانسیسی لکھتے ہین کہ حضرت مسیحؑ کا اعتقاد ان امور کی نسبت اوس زمانہ کے لوگون سے مختلف نہ تھا - رنین صاحب کا تذکرہ حضرت مسیحؑ صفحہ ۲۶۷ مطبوعہ ۱۸۶۳ء ملاحظہ ہو - ۱۲ مؤلف -

حاشیہ ۲ متعلقہ باب ۵

یہ روایت بالکل غلط ہے کہ جب عقبہ ابن ابو معیط کو قتل کرنے لے چلے اور اوسنے فریاد کی کہ میرے بال بچون کی اب کون خبر لیگا تو آنحضرتؐ نے یہ جواب ترش دیا کہ "آتش جہنم" - یہ روایت فی نفسہ خلاف عقل ہے اور آپ کے آداب اخلاق کے ایسی خلاف ہے کہ اسکی صحت وصلیت کی تحقیق کرنا کچھ ضرور نہین ہے کیونکہ

سب انکے قائل ہین کہ بچون پر شفقت کرنا اخلاق محمدی مین داخل تھا اور آپ نے تیمون پر شفقت کرنی اور اونکی حفاظت وحراست کرنے کو فرض عین قرار دیکر ہمیشہ تاکید اکید اسکی فرمائی ہے اور فرمایا ہے کہ خدا کو یہ فعل بہت پسند ہے۔ مگر چونکہ مورخین عیسائی اس روایت پر انگشت بدندان ہین لہذا اسکی اصل کا پتا لگانا ضرور ہے۔ اسکی اصل یہ معلوم ہوتی ہے کہ آنحضرتؐ نے عقبہ کے لڑکون کو صبیان النار فرمایا تھا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ عقبہ قبیلہ بنی عجلان سے تھا جسکی ایک شاخ بعض گھاٹیون مین قریب صفرا کے رہتے تھے اور وہ شاخ نموالنار کے لقب سے مشہور تھی۔ غالباً عقبہ کی اولاد کو صبیان النار آپ نے اسیوجہ سے فرمایا تھا۔

ایک اور روایت کو بھی معاندین نے بگاڑ کر لکھا ہے۔ وہ یہ ہے کہ جب مشرکین قریش کی لاشین دفن ہونے لگین اوسوقت آنحضرتؐ نے اونکی بُری تقبیح کی۔ طبری نے اس روایت کو یون لکھا ہے کہ آنحضرتؐ اوس گڑھے کے قریب بیٹھ گئے جسمین کفار کی لاشون کو دفن کرنا قرار پایا تھا اور ایک ایک مشرک کی لاش اوسمین ڈالتے جاتے تھے اور اوسکا نام لیتے جاتے تھے اوسوقت آنحضرتؐ نے یہ کلمات فرمائے کہ "اے بنی عم تمنے مجھے جھوٹا کہا درحالیکہ اور لوگ میرا ایمان لاچکے تھے۔ تمنے مجھکو میرے گھر سے نکالدیا درحالیکہ اور لوگون نے مجھکو قبول کرلیا۔ بس دیکھو تمھارا کیا انجام ہوا۔ افسوس ہے خدا کا وعید پورا ہوا۔" ان الفاظ سے رحم اور ترس ظاہر ہے مگر معاندین نے انکو بغض وعداوت پر محمول کیا ہے ۱۲۔ مؤلف

چھٹا باب

سنہ ہجری مطابق سنہ ۶۲۴ عیسوی

کامیابی ہمیشہ ایک بہت بڑا معیار سچائی کا ہوتا ہے اور یہ کچھ اجلاف پر منحصر نہین ہے۔ دین مسیحی کے ابتدا مین بھی ایک عالم یہود نے یہی کہا تھا کہ "ان عیسائیون کو انکے حال پر چھوڑ دو اگر یہ جھوٹے ہین تو یہ خود فنا ہوجائینگے ورنہ تم خود غارت ہوجاوگے۔" اگر قسطنطین اعظم کو جو سب سے پہلا عیسائی بادشاہ تھا یہ وہم نہ ہوا ہوتا کہ مین نے آسمان پر ایک نور کی صلیب دیکھی ہے اور اگر اوس صلیب کی برکت سے

اوسکی فتح نہوئی اور اوسکو تخت سلطنت نہ مل گیا ہوتا تو خدا جانے دین مسیحی کا کیا انجام ہوتا۔ غزوہ بدر کا فتح ہونا اسلام کے حق مین ویسا ہے اکسیر اعظم ہوگیا جیسا جنگ[1] ملوین برج کا فتح ہونا دین مسیحی کے فروغ کا باعث ہوا تھا۔ اوسیوقت سے دین مسیحی قیاصرہ روم کے تخت سلطنت پر متمکن ہوکر حکمرانی و فرمانروائی کرنے لگا۔

فی الواقع مسلمانون کو جنگ بدر کا فتح ہونا بہت مبارک ہوا۔ اسمین کچھ تعجب کا مقام نہین ہے کہ نبی اسرائیل اور قدیم عیسائیون کیطرح مسلمانون کو بھی بت پرستون پر فتح مبین حاصل کرنے مین خدا کی قدرت دکھائی دیتی تھی۔ اگر مسلمان شکست کھاتے تو فرمائیے اونکا کیا انجام ہوتا۔ سب کے سب مار ڈالے جاتے

ہنوز آنحضرتؐ اس جہاد مین مصروف تھے کہ آپؐ کے ایک صاحبزادی حضرت رقیہ نے انتقال کیا جو عثمانؓ سے منسوب تھین جنکو حبش سے مراجعت کئے ہوئے چند ہی مدت گذری تھی۔ مگر مشرکین قریش کی آتش غضب ایسی افروختہ تھی اور خواہش انتقام ایسی شدید تھی کہ آپؐ کو رقیہ کا ماتم برپا کرنے کی مہلت نہ ملے۔ جو ہین اسیران قریش اپنے وطن مین صحیح سلامت پہونچے ابوسفیان دو سو سوار جرار لیکر بعزم پیکار مکہ سے نکلا اور قسم کھائی کہ اب مکہ مین پھر کر نہ آونگا تاوقتیکہ محمد اور اونکے مہاجرین و انصار سے مقتولین بدر کا انتقام نہ لے لونگا۔ ابوسفیان

[1] یہ لڑائی ۳۱۲ء مین قسطنطین اعظم اور میگزنشیس میکسنٹیس مین ہوئی تھی اور قیصر مذکور کو جو اسمین شکست ہوئی اوسکو عیسائی فتح مبین اپنے دین کے سمجھتے ہین۔ گبن صاحب مورخ مشہور نے تاریخ زوال سلطنت روم جلد ۳۔ باب ۲۰ مین اس جنگ صلیبی کی خوب ہجو لکھی ہے اور بڑی طبع آزمائی اور خامہ فرسائی اسکے بیان مین کی ہے۔ یہ یادگار لڑائی اوائل قرن مسیحی مین مقام سیکسا رُبرا پر ہوئی تھی جو روم قدیم سے نو میل کے فاصلہ پر ایک چھوٹی سی ندی گریمرا نامی پر واقع تھا جسپر ایک پل بنا ہوا تھا جسکا نام ملوین برج تھا۔ ۱۲ مؤلف

جھپٹتا ہوا آیا یہانتک کہ مدینہ سے چند میل کے فاصلہ پر پہونچ گیا اور مسلمانون کو غافل پاکر حملہ کیا اور لوگون کو قتل کیا اور کھیتون کو تاراج کیا اور نخلہاے خرما کو جلادیا جو عرب کی خاص غذا تھی - اہل مکہ نے بورون مین ستو بھر کے رکھ لیا تھا کہ لڑائی مین کام آئیگا - جو ہین مسلمانون نے مدینہ سے نکلکر چاہا کہ قاتلون سے انتقام لین مشرکین مکہ گھوڑون کی باگین موڑ موڑ کر بھاگے اور ستو کے بورون کو پھینکدیا کہ گھوڑون کا بوجھ کم ہوجاے - لہذا مسلمانون نے مضحکہ کی راہ سے اِس لڑائی کا نام غزوۃ السویق رکھا ہے -

واشنگٹن آرونگ صاحب مورخ کے استاد کے موافق اِس زمانہ مین ایک اور واقعہ ایسا گذرا جس سے ثابت ہوا کہ آپ بڑے کریم النفس ہین ایک روز آپ ایک درخت کے نیچے اپنے لشکر سے دور تن تنہا سو رہے تھے کہ ایسا غل ہوا کہ آپ بیدار ہوگئے تو دیکھا کہ ایک کافر جو آپ کا جانی دشمن تھا شمشیر برہنہ لیے ہوئے آپ کے سر پر کھڑا ہوا ہے اور کہہ رہا ہے کہ اے محمد اب آپ کو کون بچا سکتا ہے - آنحضرتؐ نے فرمایا خدا بچائیگا - اوسوقت اوس کافر پر ایسا رعب طاری ہوا کہ اوسکے ہاتھ سے تلوار گر پڑی اور آنحضرتؐ نے اوسکو اوٹھاکر گھمایا اور فرمایا کہ اب تجھکو کون بچائیگا اے کافر - اوسنے کہا افسوس ہے میرا بچانیوالا کوئی نہین ہے - آپ نے ارشاد کیا کہ - خیر - رحم کرنا مجھسے سیکھ لے - یہ فرماکر آپ نے اوسکی تلوار اوسکو پھیر دی - اوس سنگدل کا دل آپ کے اِس رحم سے موم ہوگیا اور بعد اوسکے وہ مدت العمر آپ کی وفاداری وجان نثاری مین سرگرم وغایت قدم رہا -

یہ خفیف لڑائی جو مسلمین وکفار مین ہوئی صرف ایک مقدمہ تھا اوس جنگ عظیم کا جو عنقریب ہونیوالی تھی - مشرکین مکہ انتقام لینے پر بہمہ تن آمادہ تھے

اور ایک اور جنگ کا سامان کر رہے تھے - اونکے قاصدون نے قبیلہ بنی تہامہ اور بنی کنانہ کو بھی اپنا شریک کر لیا - اب انواج کفار کی تعداد تین ہزار تک پہونچ گئی تھی اور سب سپاہی مسلح و مکمل تھے اور انمین سات سے سوار زرہ پوش تھے اور سب کو یہی خواہش تھی کہ مسلمانون سے کسیطرح انتقام لیجیے - یہ فوج باقاعدہ چھوٹے چھوٹے قبائل عرب کے لیے اور اسیطرح بلاے بے درمان تھے جسطرح اردشیر بادشاہ فارس کا بے انتہا لشکر یونانیون کے لیے ایک آفت عظیم تھی - وہ فوج تابرہ بسرداری ابوسفیان لعین بڑھتے چلے آئے اور کسی نے اوسکو نہین روکا یہانتک کہ اوسنے مدینہ کے شمال و مشرق مین ایک مقام پر خوب مضبوط مورچہ باندھ لیا اور اوسمین اور شہر مدینہ مین صرف کوہ اُحد اور اوسکی گھاٹی حد فاصل رہگئی اس مقام پر بحفاظت تام مورچہ باندھکر فوج کفار نے اہل مدینہ کے کھیتون اور باغون کو تاراج کرنا شروع کیا -

اہل مدینہ کو اپنے باغات وغیرہ کے تاراج ہونے سے بہت غصہ آیا اور صحابہ رضوان اللہ علیہم کو بھی حمیت اسلام دامنگیر ہوئی - اون سب نے ایسا اصرار و الحاح کیا کہ آنحضرتؐ ہزار آدمی کو ساتھ لیکر کفار کے مقابلہ کو مدینہ سے باہر نکل آئے - یہود نے اپنی عداوت کو ہزار چھپایا مگر نہ چھپ سکے - آخر کو عبداللہ ابن اُبی سردار منافقین تین سو منافقین کو لشکر اسلام سے جدا کر کے لیگیا - اونکے جانے سے آنحضرتؐ کی فوج مین گھٹکر کل سات سے آدمی رہگئے جنمین کل دو گھوڑے تھے تاہم گروہ مجاہدین برابر قدم بڑھائے چلا گیا - اور نخلہاے خرما مین سے گذر کر کوہ اُحد پر پہونچ گیا رات بھر فوج اسلام اوس پہاڑ کے کھوہ مین پڑی رہی صبح کو نماز فجر ادا کر کے میدان مین چلی آئی - آنحضرتؐ نے کوہ اُحد کے نیچے فوج کو صف آرا کیا اور چند کماندارون کو

عقب لشکر ایک بلندی پر تعینات کرکے اونکو حکم قطعی دیا کہ جو کچھ ہو سو ہو خبردار تم اپنے مقام سے نہ ہٹنا۔ بلکہ فوج مخالف کے سوارون کا مقابلہ کرنا اور لشکر اسلام کے میمنہ اور میسرہ کو اونکے حملون سے بچانا۔ مشرکین مکہ کو اپنی کثرت پر بڑا گھمنڈ تھا اور اپنے تیون کو قلب لشکر مین رکھکر وہ فوراً امید ان مین چلے آئے۔ اور اونکے سردارون کی بیبیان لڑائی کے گیت گاتی جاتی تھین اور ڈھول بجاتی جاتی تھین پہلے تو قریش نے بڑے زور و شور سے حملہ کیا مگر مسلمانون نے بڑی بہادری سے اونکو پس پا کر دیا۔ حضرت حمزہ لشکر کفار کو منتشر و پریشان دیکھکر مسلمانون کو لیکر اونکے قلب لشکر مین گھس گئے اور خوب تلوار چلی۔ مسلمانون کے فتح گویا ہو چکی تھی کہ وہ کماندار آنحضرتؐ کے حکم کو فراموش کرکے اور کفار کے فرار کو غنیمت جانکر مال غنیمت کے طمع مین مورچہ چھوڑ کر چلے گئے۔ خالد ابن ولید سردار قریش فوراً اونکی اس غلطی سے آگاہ ہو گیا اور سوارون کو سمیٹ کر فوج اسلام کے عقب پر آکر گرا۔ اور لشکر قریش کے پیادے بھی پھر پڑے اور مسلمانون کو روا و پشت دونون طرف سے گھیر لیا اور جنگ عظیم ہوئی اور بعض شجاع ترین سرداران فوج اسلام قتل ہوے۔ یعنے حضرت حمزہ اور اور کئی بہادر مارے گئے۔ حضرت علیؑ جنھون نے مشرکین کے پہلے رجز کا جواب دیا تھا اور جناب عمرؓ اور

لہ ابن ہشام نے اپنی تاریخ صفحہ ۵۹۲ مین یہ گیت نقل کیے ہین۔ اونمین سے بعض کا ترجمہ یہ ہے۔ "شاباش اے بنی عبد الدار شاباش اے حامی و مددگار عورتون کے۔ اپنی تلوارون سے دشمن کو قتل کر دے۔" دوسرا شعر کیا خوب کہا ہے "ہم بیٹیان ہین نسل صبح کی۔ ہم محل کے فرش کو اپنے پائے نازک سے روندتے ہین اگر دشمن کا مقابلہ مردانہ وار کرو تو ہم تمکو گلے سے لگائین گے اور جو بھاگو گے تو ہم تمسے بیزار ہو جائینگے اور تمسے نفرت کرینگے" تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۰۱۔ بھی ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

لہ اسی نافرمانی کی طرف اس آیت مین اشارہ ہے منکم من یرید الدنیا و منکم من یرید الاخرۃ ثم صرفکم عنھم لیبتلیکم و لقد عفا عنکم واللہ ذو فضل علی المؤمنین قرآن مجید

لہ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۱۹۔ اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۲۹۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

ابوبکرؓ بھی زخمی ہوے۔ مگر کفار کو اصل مطلب آنحضرتؐ کی ذات خاص سے تھا اور اب چند ہی اصحاب آپؐ کے گرد رہگئے تھے اور قلب لشکر سے آپؐ بالکل جدا ہوگئے تھے۔ پس کفار نے متواتر اور شدید حملے کرنے آپؐ پر شروع کیئے اصحاب وفادار جلد جلد شہید ہوکر آپؐ کے سامنے گرتے جاتے تھے۔ گو آپ کے زخمون سے برابر خون جاری تھا مگر ادن جان نثارون کو اوس عالم مین بھی آپؐ نہین بھولے اور اوس وفادار کو دعاے خیر دی جسنے آپؐ کی پیشانی مبارکؐ سے خون کو پاک کیا۔ لکن خدا نے فضل کیا کہ حضرت علیؓ چند بہادرون کو لیے ہوے عالم ہراس مین قلب لشکر مین لڑ رہے تھے اور لڑتے لڑتے اوس پہاڑی پر ایسی مقام پر پہونچے جہان دشمن کے حملون سے محفوظ تھے اور چونکہ اونکو گمان تھا کہ ہمارے آقا شہید ہوگئے ہین لہذا بڑا اطمینان اونکو تھا۔ مگر جب اونھون نے دیکھا کہ ہمارے بھائی بند میدان جنگ کے دوسری سمت تک لڑ رہے ہین تو وہ قلب لشکر کفار مین گھس گئے اور وہانتک گھسے چلے گئے جہان پر بعض مجاہدین جان باز تک آپؐ کو کفار کے حملون سے بچا رہے تھے آنحضرتؐ کو زندہ دیکھکر اونکی جان مین جان آئی اور بڑی جانبازی

لہ طبری نے لکھا ہے کہ طلحہ ابن عبداللہ علمدار لشکر کفار کہ نہایت مرد شجاع تھا حضرت علی ابن ابیطالبؑ کے سامنے آکر اور شمشیر آبدار کو گھما کر کہنے لگا کہ تم مسلمان کہتے ہو کہ ہمارے مقتولین جہنم مین جاینگے اور تمھاری مقتولین بہشت مین دیکھو اب مین تمکو بہشت مین بھیجے دیتا ہون۔" اسکا جواب حضرت علیؑ نے یہ دیا کہ۔" بسم اللہ ایسا ہی کر۔" اور ادون دونون مین تلوار چلنے لگی اور طلحہ زمین پر گرا۔ اور چلایا کہ اے میرے چچا کے بیٹے اب میرے حال پر رحم کر۔" حضرت علیؑ نے فرمایا مین تجھپر رحم کرونگا اور تجھکو داخل جہنم نہ کرونگا۔" تاریخ طبری جلد ۳۔ صفحہ ۲۵۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

لہ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۱۴۔ اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۱۴۴۔ مین جنگ احد کی تاریخ ۷۔ شوال لکھی ہے اور ابن ہشام نے ۱۵۔ شوال لکھی ہے اور بعض مورخین نے ۱۱۔ شوال لکھی ہے۔ مگر کاسن وڈی پرسول نے اپنی تاریخ عرب جلد ۲ صفحہ ۹۶ مین ۱۱ شوال کو ترجیح دی ہے کہ تمام روایات کا اتفاق ہے کہ وہ روز شنبہ ۱۱۔ شوال تھی (۲۶ جنوری ۶۲۵ء) ۱۲۔ مؤلف

کرکے وہ آپ کو کوہ احد کے اوپر چڑھا لیگئے - اور وہان پہونچ کر بھر دم لیا - حضرت علیؓ اپنے سپر مین ایک چھیل سے پانی لائے اور آن حضرتؐ کی روے مبارک پر اور زخمون پر چھڑکا اور آپؐ نے اصحاب کو نماز ظہر بیٹھے بیٹھے پڑھائی - مشرکین قریش لڑتے لڑتے ایسے تھک گئے تھے کہ اپنی فتح کی تکمیل نہ کرسکے یعنے نہ مدینہ پر حملہ کرسکے نہ مسلمانون کو کوہ اُحد سے نکال سکے - آخر شہیدون کی لاشون کو بڑی بیرحمی سے پامال کرکے وہ مدینہ کی سرحد سے چلے گئے - ہندہ بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان اور اور نسوان قریش نے بڑی بیرحمی و سنگدلی سے مسلمانون سے انتقام لیا یعنی وہ ملعونہ حضرت حمزہ کے جگر کو چیر کر کھا گئے اور شہدا کے گوش و بینی کو کاٹ کر اور انکے ہار بناکر اپنے گلے مین پہنے -

یہ بے ادبیان جو اون اشقیا نے شہدا کی لاشون سے کین تو مسلمانون کی آنکھون مین خون اُتر آیا - یہانتک کہ خود آنحضرتؐ پر ایسی رقت طاری ہوئی اور ایسا غیظ آیا کہ آپؐ نے مسلمانون کو حکم دیدیا کہ اب جو تمھاری فتح ہو تو تم بھی کفار قریش کی لاشون کے ساتھ یہی سلوک کرنا - مگر آپؐ ایسے رحمدل تھے کہ آپؐ کی طبیعت نے اِس بیرحمی کو ہرگز گوارا نہ کیا اور جب وہ غصہ جاتا رہا تو یہ

---

۵۱ شاید بعض ناظرین کو یہ نہ معلوم ہوگا کہ آنحضرتؐ خود کبھی کفار سے نہین لڑے - کیونکہ آپؐ اپنے منصب رسالت کی وقعت اِسمین سمجھتے تھے کہ اپنے ہاتھ سے کسی کو لڑائی مین قتل کریں - چنانچہ غزوات مجاربن آپ اپنے چچا کے ساتھ رہے اور صرف اتنا کیا کہ زخمیون کو میدان جنگ سے اوٹھا لائے - بعد ازان جو لڑائیان مسلمین اور کفار مکہ مجاربن ہوئین گو اون لڑائیون مین لشکر اسلام کی فتح ہی خود آنحضرتؐ نے کی اور کیسی کیسی سخت اور خونریز لڑائیون مین آپؐ کیسے ثبات و استقلال کے ساتھ کھڑے رہے مگر آپؐ نے خود کبھی تلوار نہین کھینچی - جنگ احد مین جبوقت حضرت علیؓ اور بعض مجاہدین آپؐ کو محروح اور خستہ حال دیکھکر میدان جنگ سے اوٹھا لیجانے لگے اور سوقت ایک کافر نیزہ تانکر آنحضرتؐ کیطرف دوڑا - گو آپ بہت ضعیف و ناتوان تھے آپؐ نے اوس شقی کے ہاتھ سے نیزہ چھین لیا - اور وہ شقی گھوڑے پر سے گر پڑا اور خود اوسی کا نیزہ اوسکے لیے تیر اجل ہوگیا ۱۲ - مؤلف ۵۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۹۰ اور تاریخ ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۱۱۵ - ۱۲۶ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۶ - اور تاریخ ابو الفدا صفحہ ۶۴ ۶۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

الہامی کلمات آپ کے زبان مبارک پر جاری ہوے "ظلم پر صبر کرو تحقیق صبر کرنیوالے رستگار ہونگے" پس اوس روز سے لاشوں کو پامال کرنے کا رسم قبیح جو اگلے زمانہ مین سب قومون مین جاری تھا مسلمانون مین قطعاً حرام ہوگیا۔

مدینہ مین مراجعت کرنیکے تھوڑے عرصہ کے بعد آنحضرتؐ نے اصحاب وفادار کو جمع کرکے دشمن کا تعاقب کیا تاکہ کفار کو معلوم ہو کہ مسلمانون مین اتنی قوت ہے کہ دشمن کو مزا دے سکتے ہین۔ ابوسفیان یہ سنکر مکہ کی سمت بھاگ گیا مگر راہ مین دو شخصون کو اہل مدینہ مین سے قتل کرتا گیا۔ پھر اوس شقی نے آنحضرتؐ سے کہلا بھیجا کہ مین عنقریب پھر آکر آپ کو اور آپکے پیروان حق بین کو قتل و قمع کرونگا۔ آنحضرتؐ نے کیا جواب دندان شکن دیا ہے کہ توکلت علی اللہ

اس خونریز لڑائی کا اثر فوراً ظاہر ہوگیا کہ قرب وجوار کے اعراب نے مدینہ کی مزاحمت کرکے لوٹنا شروع کیا۔ گو آنحضرتؐ نے تدبیر کرکے اون غارتگرون کو جلد دفع کیا مگر اسمین سے بعض قبائل بعض صحابہ کو اس حیلہ سے لیگئے کہ ہم آپ کے ہاتھ پر اسلام لائینگے اور اون بیچارون کو قتل کرڈالا چنانچہ ایک مرتبہ ستر مسلمان سبیل حیلہ ایک چشمہ کے قریب جسکو بئر المعونہ کہتے ہین قبیلہ بنی عامر اور قبیلہ بنی سلیم کی غداری مین شہید ہوے۔ ان شہیدان راہ خدا اور مقتولین

لہ وان عاقبتم فعاقبوا بمثل ما عوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصابرين۔ قرآن مجید سورۃ النحل آیت ۱۲۷۔ اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۵۹۴ - ۵۹۵ - اور تفسیر کشاف علامہ زمخشری مطبوعہ مصر صفحہ ۴۴۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

۵۲ یہود اپنے قیدیون کو زندہ جلا دیتے تھے اور مقتولین کی لاشون کو بڑی بیحرمی سے پامال کرتے تھے۔ اور رومیون اور یونانیون اور فارسیون مین بھی یہی رسم قبیح جاری تھا۔ دین مسیحی نے بھی اس ہولناک دستور مین کئی اصلاحین کی اور سولھوین صدی عیسوی تک عیسائی زندہ آدمیون کے اعضا کو کاٹ کاٹ کر اونکو مارڈالا کرتے تھے ۱۲ مؤلف۔

۵۳ الذين قال لهم الناس ان الناس قد جمعوا لكم فاخشوهم فزادهم ايمانا و قالوا حسبنا الله ونعم الوكيل قرآن مجید سورۂ آل عمران آیت ۱۷۲۔ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۵۹۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

گروہ غامین سے دو شخص زندہ رہگئے تھے وہ مدینہ کی سمت بھاگے آتے تھے کہ اونمین سے ایک نے راستہ مین دو عربون کو دیکھا اور اونکو اپنا دشمن سمجھکر قتل کر ڈالا - یہ دونون عرب بنی عامر سے تھے اور رسول اللہ اونکو امان دیچکے تھے مگر یہ امر اوس مرد مسلمان کو معلوم نہ تھا - پس جب اوسنے مدینہ مین پہونچکر یہ قصہ آنحضرتؐ سے بیان کیا تو آپؐ کا دل بھر آیا اور آپؐ نے بے ساختہ فرمایا کہ اون دونون عربون کو مین نے امان دی تھی پھر تونے اونکو کیون مار ڈالا - اوس مسلمان نے عرض کیا یا رسول اللہ مین اس سے واقف نہ تھا[1] -

بنی عامر نے آنحضرتؐ سے کہلا بھیجا کہ ہمارے اہل قبیلہ جنکو آپؐ کے صحابی نے قتل کیا ہے اونکے دیت یعنی خون بہا ہمکو دیجئے - آنحضرتؐ جانتے تھے کہ میرے اصحاب پر اداون لوگون پر جنھون نے اوس فرمانؐ عام کو قبول کر لیا ہے دیت کا روپیہ دینا واجب ہے - پس مسلمین کے ساتھ بنی نظیر اور بنی قریظہ اور دیگر قبائل یہود کو بھی یہ دیت کا روپیہ دینے مین شرکت کرنا لازم ہوا - آنحضرتؐ چند اصحاب مخصوصین کو ہمراہ لیکر پہلے بنی نظیر پاس تشریف لیگئے اور اونسے اونکا حصہ خون بہا کا طلب کیا - اونھون نے ظاہر مین آپؐ کے ارشاد کو قبول کر کے عرض کیا کہ کچھ دیر توقف فرمائیے - آنحضرتؐ ایک مکان کی دیوار سے لگے

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۰۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۱ - ۱۳۲ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۴۸ ملاحظہ ہو مؤلف [2] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۳ ملاحظہ ہو - مؤلف [3] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۳ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۵۰ - ملاحظہ ہو - میور صاحب نے اس واقعہ کو خوب نکاہا ہے میور صاحب کو کوئی سند اس قول کی نہین ملی ہے کہ یہود پر اوس فرمان کے بموجب اس دیت مین شریک ہونا واجب تھا - الحمد للہ کہ مین اونکو اسکی سند بتلائے دیتا ہون - تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۵۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۳ - مین صاف لکھا ہے کہ بیشک یہود ان بنی نظیر و بنی قریظہ کو اس دیت مین شریک ہونا واجب تھا - ۱۲ - مؤلف -

بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے ایسے آثار بد مشاہدہ فرمائے کہ آپ فوراً جان گئے کہ یہ شقیا میرے قتل کے درپے ہین۔

ہمکو احوال سابق کا اعادہ کرنا لازم ہے تاکہ یہود کی عداوت کے وجوہ معلوم ہوجائین۔ سابق مین بیان کیا گیا کہ جب سے آنحضرت مدینہ مین تشریف لائے تھے اوسوقت سے یہود آپ سے عداوت قلبی رکھتے تھے اور آپ کے تاک مین رہتے تھے اونھون نے چاہا کہ آپ کے اصحاب مین نفاق والدین اور آپ کی اور صحابہ کی غیبت و بدگوئی کیا کرتے تھے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ وہ اشقیا قرآن مجید کے الفاظ کو اسطرح زبان دبا کر اور توڑ پھوڑ کر پڑھتے تھے کہ اونسے مکروہ معنی پیدا ہوتے تھے اور صرف اتنی ہی شرارت نہ کرتے تھے بلکہ چونکہ وہ اعلی درجہ کی تعلیم یافتہ اور عقیل تھے اور فرقہ منافقین سے اتفاق رکھتے تھے اور خود اونمین خوب اتفاق تھا (برخلاف عرب کے جنمین باہم سخت نااتفاقی تھی) لہذا وہ ایک نہایت خطرناک قوم اوس سلطنت جمہوری مین تھی جو شارع اسلام کے زیر حکومت قائم ہوئی تھی۔ تاریخ یافتہ قومون مین شاعرون کا وہی مرتبہ ہوتا ہے اور ویسا ہی اقتدار رکھتے ہین جیسا اہل اخبارات اس زمانہ مین رکھتے ہین۔ شعرائے یہود چونکہ نہایت ذی علم و ذی شعور تھے لہذا اہل مدینہ پر خوب حاوی ہوگئے تھے۔ اور اس قوت کو اونھون نے اسمین صرف کیا کہ مسلمانون مین نفاق ڈالنے لگے اور اونمین اور فریق مخالف مین بغض و عداوت کو بڑھانے لگے۔ جنگ بدر مین مشرکین مکہ کا شکست کھانا جیسا اہل مکہ کو شاق گذرا تھا ویسا ہی یہود کو بھی سخت ناگوار ہوا تھا۔ اس لڑائی کے بعد ایک معزز یہودی کعب ابن اشرف کہ قبیلہ بنی نظیر سے تھا مشرکین قریش کے شکست پر علانیہ اظہار حزن و ملال کرکے مکہ کو روانہ ہوا

اور وہان کے لوگون کو عالم غیظ مین اور کمال ملول ومحزون دیکھ کر کوئی دقیقہ اونکی تقویت وتحریص کرنے مین فروگذاشت نہین کیا۔ اونسنے آنحضرتؐ اور صحابہؓ کی ہجو کی اور جو اہل مکہ جنگ بدر مین قتل ہوے تھے اونکی مرثیہ وتبکار کی اور اپنے پُرتاثیر کلام سے قریش کی خواہش انتقام کو ایسا برانگیختہ کیا کہ جنگ احد مین اونھون نے مسلمانون سے انتقام لیا جب اوسکا مطلب حاصل ہوگیا تو وہ اپنے وطن کو پھر آیا جس سلطنت جمہوری کا وہ شریک تھا اوسی کے خلاف اوسنے علانیہ کارروائی کرنی شروع کی حالانکہ وہ اوس قبیلہ سے تھا جسنے مسلمانون کے ساتھ عہد کیا تھا اور جسنے یہ حلف کر لیا تھا کہ اس سلطنت کو اندرونی اور بیرونی خطرہ سے بچائینگے۔ جب یہ دغاباز منافق مدینہ مین پہونچا تو قتل کیا گیا۔ ایک اور یہودی ابورافع نامی بھی قتل کیا گیا جو قبیلہ[1] بنی نظیر سے تھا اور جسنے مدینہ کے نواح کے قبائل کو مسلمانون کے خلاف بھڑکایا تھا۔

ان دونون منافقون کے قتل ہونے سے اور اونکے برادران دینی یعنے قبیلہ بنی قینقاع کے مدینہ کی سرحد سے نکالدیے جانے سے یہودان بنی نظیر کو آنحضرتؐ سے سخت عداوت ہوگئی۔ بنی قینقاع کے جلاوطن ہونے کا احوال ایسا دلچسپ ہے کہ رسول اللہ صلعم کے اس مختصر تذکرہ مین اوسکا ذکر کرنا نامناسب ہے۔ اور قبائل یہود تو زراعت پیشہ تھے مگر قبیلہ بنی قینقاع ایک کھیت یا نخیل خرما بھی نہ رکھتا تھا۔ اس قبیلہ کے لوگ اکثر اہل حرفہ تھے اور سب قسم کے صناع اور کاریگر تھے۔ اسکندریہ کے یہود کیطرح یہودان بنی قینقاع بھی بُرے

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۵۴۸ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۷ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۱ - اور تاریخ کاسن دی پرسول جلد ۳ صفحہ ۸ - اور حاشیہ ۲ متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۸ اور تاریخ کاسن دی پرسول جلد ۳ صفحہ ۹ - ۸۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف -

شریر اور غدار اور نہایت فاسق و فاجر تھے - ایک روز ماہ شوال سنہ ہجری (مطابق فروری سنہ ۶۲۴ع) مین ایک نوجوان لڑکی مدینہ کے بازار مین دودھ بیچنے کو آئی - نوجوان یہود نے حرمت نسوان اور مہمان نوازی کے اصول کو بالاے طاق رکھکر اوس نوجوان عورت کی ہتک حرمت اور آبروریزی کی - ایک مسلمان راگیر اوس عورت کا شریک ہوگیا اور خوب مارپیٹ ہوئی اور جو یہودی اوسکی آبروریزی کے درپے تھا وہ مارا گیا - تب تمام یہودیون نے جو وہان موجود تھے اکٹھا ہوکر اوس بیچارے مسلمان کو قتل کر ڈالا - غرض ایک ہنگامۂ عظیم برپا ہوا - اور مسلمانون کو اپنے برادر ایمانی کے شہید ہونے سے ایسا غیظ آیا کہ تلوارین لیکر دوڑے اور بہت خونریزی ہوئی اور طرفین کے بہت سے لوگ مارے گئے - جو ہین آنحضرتؐ نے اس فساد کی خبر سُنی فوراً اوس مقام پر خود تشریف لیگئے اور آپؐ کی تشریف آوری سے مسلمانون کا طیش کم ہوگیا آپؐ فوراً سمجھ گئے کہ اگر ایسے ہنگامے اور فسادات جائز رکھے جائینگے تو اسکا انجام بُرا ہوگا - اور مدینہ ایک جنگ گاہ ہوجائیگی جسمین مخالف فریقون کے لوگ بلا مزاحمت اور بلا عقوبت ایک دوسرے کو قتل کرینگے - یہود نے صریحاً اور عمداً شرائط معاہدہ کے خلاف ورزی کی تھی - پس اس پیمان شکنی کا مواخذہ کرنا واجب تھا ورنہ امن و امان اور حفظ مال و جان بخیر تھا - لہذا آنحضرتؐ فوراً محلہ بنی قینقاع مین تشریف لیگئے اور یہود سے فرمایا کہ یا اسلام قبول کرکے امت مرحومہ مین داخل ہو یا مدینہ سے نکل جاؤ - یہود نے بہت سخت جواب دیا - انھون نے عرض کیا کہ "اے محمدؐ[1] اپنی قوم

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۵۴۵ - ملاحظہ ہو - طبری نے جو تقریر بنی قینقاع کی لکھی ہے اوسمین اور اس کلام مین کچھ تھوڑا سا فرق ہے - مگر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ بنی قینقاع کی تقریر خشونت آمیز اور ملال انگیز تھی نہین معلوم کیون صاحب موئر نے ایسی نرم تقریر جیسی اونکی تاریخ مین لکھی ہے کہان سے نقل کی ہے ۱۲ - مؤلف -

(قریش) کو شکست دیکر نازان نہ ہو۔ آپ کو ایسے لوگون سے سابقہ پڑا جو ہنر جنگ سے محض ناواقف تھے۔ اگر آپ ہمسے بھی ویسا ہی برتاو کیا چاہتے ہین تو ہم آپ کو دکھلا دینگے کہ لڑنیوالے ایسے ہوتے ہین" تب اونھون نے قلعہ بند ہوکر آنحضرتؐ کی حکومت کو کچھ نہ مانا۔ اونکو محکوم و مطیع بنالینا فرض عین تھا لہذا اونکے قلعون کا محاصرہ فوراً کیا گیا۔ پندرہ روز کے بعد وہ صلح پر راضی ہوے۔ پہلے یہ صلاح ٹھہری کہ انکو سخت سزا دینی چاہیے مگر آنحضرتؐ کا خلق طبیعی اور رحم جبلی مقتضی عدل و انصاف پر غالب آگیا اور بنی قینقاع صرف جلا وطن کردیے گئے۔[1]

یہ سب واقعات یہود ان بنی نظیر کے دل مین کھٹک رہے تھے۔ اب وہ اس فکر مین تھے کہ موقع ملے تو پیغمبر اسلام سے کسیطرح اپنا پیچھا چھڑائین۔ پس آنحضرت کے مدینہ مین داخل ہونیکو وہ بہت غنیمت سمجھے۔ مگر اونکی نیت فاسد کو آنحضرتؐ اپنی چشم بصیرت سے فوراً پہچان گئے جیسا سابق مین بیان کیا گیا اور فوراً وہان سے چلے گئے اور اسطرح تشریف لیگئے کہ یہود کو کچھ شبہ نہین پیدا ہوا ورنہ وہ آپ کی اور صحابہؓ کے قتل کی تدبیر کرچکے تھے۔

اب بنی نظیر کی بھی بعینہ وہی کیفیت ہوگئی تھی جیسے پہلے بنی قینقاع کی تھی اونھون نے خود اپنے اعمال زشت سے اپنے تئین اوس فرمان عام کے دائرہ سے

---

[1] بعض مورخین نے لکھا ہے کہ عبداللہ ابن ابی ابن ابی سلول کی التجا سے آنحضرتؐ بنی قینقاع سے چند شخصون کو سزاے موت دینے سے باز رہے۔ مگر یہ امر ملے نہین ہوا ہے گو بعض مورخین نصاری نے اسمین بہت قیل و قال کی ہے ۱۲۔ مؤلف ۵۲ اگر آنحضرتؐ یا اصحاب وفادار ذرا بھی شک یا بدگمانی ان یہودیون کی نسبت ظاہر کرتے تو وہ اپنی جان پر کھیل جاتے اور جو کرنا تھا وہ کر گذرتے لہذا آنحضرتؐ تنہا چلے گئے اور صحابہ کو رہن چھوڑ گئے جس سے یہود کو گمان ہوا کہ آپ بہت دور نہین گئے ہین اور جلد پھر آئینگے ۱۲۔ مؤلف۔

خارج کر دیا تھا - لہذا مدینہ مین داخل ہوتے کے ساتھی آنحضرتؐ نے اونکو وہی پیغام کہلا بھیجا جو بنی قینقاع کو کہلا بھیجا تھا - منافقین اور عبداللہ ابن ابی کی حمایت پر بھروسا کر کے بنی نظیر نے جواب ترش دیا - مگر جب عبداللہ ابن ابی کی مدد سے اور یہود ان بنی قریظہ کی کمک سے یاس ہو گئی تو بنی نظیر پندرہ روز کے محاصرہ[1] کے بعد صلح کے ملتجی ہوے - جو پیغام اونھون نے پہلے بھیجا تھا وہی پھر دوبارا بھیجا اور اقرار کیا کہ مدینہ کی سرحد سے باہر چلے جائین گے - اونکو اجازت دی گئی کہ سوائے آلات حرب کے اور سب مال منقولہ اپنے ساتھ لیتے جائین - مدینہ سے جانے کے پیشتر اونھون نے اپنے مکانات کو منہدم کر دیا تاکہ مسلمان انمین نہ رہ سکین - آنحضرتؐ نے اونکے اراضی کو اور اسباب جنگ کو جسے وہ اپنے ساتھ نہ لیجا سکے تھے انصار کی رضامندی اور استحسان سے مہاجرین مین تقسیم کر دیا جنکے رزق کا دارومدار اسوقت تک اہل مدینہ کی فیاضی پر تھا - باوجودیکہ مہاجرین و انصار مین باہم برادرانہ لطف و محبت تھی مگر آنحضرتؐ خوب جانتے تھے کہ اہل مدینہ کی اعانت سے اونکی بسراوقات نہین ہو سکتی - لہذا آنحضرتؐ نے انصار کو جمع کر کے پوچھا کہ تم مجھکو اجازت دیتے ہو کہ یہود کے مال کو تمھارے غریب و نادر بھائیون پر تقسیم کر دون جو مکہ سے میرے ہمراہ آئے ہین - اون سب نے بالاتفاق عرض کیا "یارسول اللہ - یہود کا مال ہمارے بھائیون کو دیدیجئے بلکہ ہمارے مال کا ایک جزو بھی اونکو دیدیجئے - ہم برضا و رغبت آپ کو اجازت دیتے ہین -" پس آنحضرتؐ نے وہ مال مہاجرین پر تقسیم کر دیا اور انصار مین سے بھی دو شخصون کو

[1] طبری نے گیارہ روز کا محاصرہ لکھا ہے (تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۵۴ - ملاحظہ ہو) ۱۲ - مؤلف [2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۷۲ - ۶۷۳ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۳ - اور تاریخ ابوالفداء صفحہ ۹۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

کچھ دیا جو بہت مفلس تھے۔

بنی نظیر کی جلاوطنی ماہ ربیع الاول سنہ ۴ ہجری مین وقوع مین آئی۔ باقیماندہ یہ سال اور سال آیندہ کا پہلا خبر اسمین صرف ہوا کہ اعراب صحرائی جو مسلمانون پر حملے کیا کرتے تھے اور مدینہ کی سرحد کو لوٹا کرتے تھے اونکو مسلمانون نے زیر و زبر کیا۔

اس عرصہ مین آنحضرتؐ کے دشمن بیکار اور غافل نہین رہے مشرکین مکہ نے چارون طرف قاصد بھیجے تھے کہ قبائل عرب کو مسلمانونسے مخالفت پر آمادہ کرین۔ یہود نہایت سرگرمی سے یہ کوشش کر رہے تھے۔ بعض یہود ان بنی نظیر خیبر کے قریب رہگئے تھے اور مسلمانونسے انتقام لینے کی امید مین ایک اور سازش کر رہے تھے۔ اس کوشش مین انکو ایسی کامیابی ہوئی جسکی امید نہ تھی۔ الغرض۔ ایک جماعت کثیر متفق ہوکر مسلمانونسے مقابلہ پر آمادہ ہوئی اور دس ہزار فوج جرار بہ سرداری ابوسفیان لعین مدینہ کی سمت روانہ ہوے

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۵۴ - امتاع مع ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۳ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۵۴ - ملاحظہ ہو۔ اوسوقت سے یہ اصول قائم ہوگیا کہ جو مال لڑائی مین نہ حاصل ہوا ہو وہ سلطنت یا رئیس سلطنت کا مال ہے اور جسطرح چاہے وہ اوسکو صرف کر سکتا ہے۔ (کوپری صاحب کی تاریخ اہل اسلام صفحہ ۳۳ - ملاحظہ ہو) ۱۲ - مؤلف ۵۲ یہ قول ابن ہشام صفحہ ۶۵۳ - اور ابوالفدا صفحہ ۹۴ - کا ہے مگر طبری نے جلد ۳ صفحہ ۵۵ مین اسکو صفر لکھا ہے ۱۲ - مؤلف ۵۳ اسی قسم کی لڑائی مسلمانونسے اور عیسائی عربونسے مقام دومۃ الجندل مین ہوئی جو بقول ابوالفدا دمشق سے سات روز کی راہ پر جنوب مین واقع تھا۔ ان عرب نصاری نے اہل مدینہ کی تجارت ملک شام سے بند کردی تھی اور مدینہ پر حملہ کرنیکی دھمکی دی تھی۔ مگر جسوقت مسلمان وہان پہونچے اوسیوقت وہ غارتگر بھاگ گئے اور آنحضرتؐ نے اونکے رئیس سے معاملہ کرکے اوسکو اجازت دی کہ انپر مواشی وغیرہ کو مدینہ کی سرحد مین چرایا کرے بعد اسکے مدینہ کو مراجعت فرمائی۔ تاریخ کامل دی پرسول جلد ۲ صفحہ ۹ ۱۲ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۶۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف ۵۴ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۶۹ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۳۶ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۶۰ - ۶۱ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف -

اثنار راہ مین کوئی اونکا مانع ومزاحم نہ ہوا اور مدینہ سے چند میل کے فاصلہ پر کوہ اُحد کی اُس سمت جدھر سے مدینہ مین بآسانی تمام حملہ ہوسکتا تھا لشکر کفار نے پڑاو ڈالا۔ اِس فوج کثیر کے مقابلہ کو صرف تین ہزار مسلمان جمع ہوے[۱] ۔ مسلمانون نے دیکھا کہ ہماری تعداد قلیل ہے اور مدینہ کے اندر منافقین[۲] ہمارے مقابلہ کو موجود ہین لہذا ہمکو جنگ مین سبقت نہ کرنا چاہیے بلکہ اپنی حفاظت کی فکر کرنی چاہیے ۔ پس اِس خیال سے اونھون نے ایک عمیق خندق شہر مدینہ کے غیر محفوظ محلون کے گرد کھودا اور اپنے عیال و اطفال کو محصور و محفوظ مکانات مین رکھکر بیرون شہر خندق کے سامنے آکر پڑاو ڈالا اور مدینہ کی دوسری سمت کی حفاظت کا اونکو یہ خیال رہا کہ بنی قریظہ جنکی چند گڈھیان تھوڑے فاصلہ پر جنوب و مشرق مین تھین اور جنکو اوس معاہدہ کی رو سے جسکا ذکر سابق مین کر کیا گیا مسلمانونکی حمایت کرنا ہر حال مین اور ہر دشمن کے مقابل مین واجب تھا اگر ہماری اعانت وحمایت نہ کرینگے تو ہمارے دشمن کی شرکت تو یقیناً نہ کرینگے مگر یہود ان بنی قریظہ کو مشرکین قریش نے سمجھا بجھا کر عہد شکنی پر آمادہ کیا اور اپنا شریک کر لیا۔ جو ہین آنحضرتؐ نے بنی قریظہ کے منحرف ہوجانیکی خبر سنی اوسیوقت آپ نے سعد ابن معاذ اور سعد ابن عبادہ رضی اللہ عنہما کو بھیجا کہ اُنسے مِنت وسماجت کرکے

---

[۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۰۳ ۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۲] اِسی واقعہ کیطرف اِن آیات مین اشارہ ہے
واذ یقول المنافقون والذین فی قلوبھم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورا
واذ قالت طائفۃ منھم یا اھل یثرب لا مقام لکم فارجعوا ویستأذن فریق
منھم النبی یقولون ان بیوتنا عورۃ وما ھی بعورۃ ان یریدون الا
الا فرارا ولو سألوا الفتنۃ لآتوھا وما تلبثوا بھا الا یسیرا

قرآن مجید سورۃ الاحزاب آیات ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ ۔ ۱۲ مؤلف

انکو راہ پر لاؤ۔ بنی قریظہ نے نہایت درشت جواب دیا اور کہا کہ "محمد کون ہین اور رسول اللہ کیا چیز ہین کہ ہم اونکی اطاعت کرین۔ ہمسے اور اونسے کوئی عہد و پیمان نہین ہوا ہے۔"

چونکہ یہ یہود اوس مقام خاص کی کیفیت سے خوب واقف تھے اور محاصرین کو شہر کے غیر محفوظ مقامات بتا سکتے تھے لہذا مسلمانونکو نہایت انتشار و اضطرار لاحق ہوا اور ادھر منافقین کی کثرت شہر کے اندر ہوتی جاتی تھی جس سے مسلمانون کو اور زیادہ خوف و ہراس ہوتا جاتا تھا۔

جب مشرکین قریش اور یہود کی کوئی کوشش اس باب مین کارگر نہ ہوئی کہ مسلمان کھلے میدانمین آکر لڑین یا یہود جاسوسون کی ہدایت سے شہر پر شب خون مارین تو اونھون نے یکبارگی حملہ کرنیکا قصد کیا۔ اب محاصرہ کو بیس روز ہو چکے تھے اور قبائل عرب صحرائی جنھون نے مال غنیمت کی طمع سے مشرکین قریش اور یہود کا ساتھ دیا تھا اس طولانی محاصرہ سے بہت ہار گئے تھے۔ ایسی کٹھن وقت مین محاصرین کے سردارون نے کوشش بلیغ کی کہ خندق کو پھاند کر مسلمانونکی فوج قلیل پر یکبارگی ٹوٹ پڑین۔ مگر آنحضرت کی بیدار مغزی سے اونکی کوئی کوشش نہ چلی اور محاصرین پر یہ خدا کی مار پڑی کہ اونکے گھوڑے

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۷۵ - اور سر ولیم میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۳ - صفحہ ۲۵۹ - طبع لندن ۱۸۹۲ء - مولف - ۲ یہ سارا قصہ ایسی فواحش و بیہودگی سے سورہ احزاب مین بیان کیا ہے کہ چند آیات اوس سورہ کی نقل کرنا ضرور ہے یا ایھا الذین امنوا اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جاءتکم جنود فارسلنا علیھم ریحا وجنودا لم تروھا وکان اللہ بما تعملون بصیرا اذ جاءوکم من فوقکم ومن اسفل منکم واذ زاغت الابصار وبلغت القلوب الحناجر وتظنون باللہ الظنونا ھنالک ابتلی المومنون وزلزلوا زلزالا شدیدا واذ یقول المنافقون والذین فی قلوبھم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورا

مرنے لگے اور رسد کی قلت ہونے لگی - اور اونمین نفاق پیدا ہوا - اور اِس نفاق کو مسلمانون کے دور اندیش سردار نے اپنے بے مثل و نظیر عقل سے اتنا بڑھایا کہ آخر کار کفار مین تفرقہ پڑ گیا - الغرض - وہ جماعت کثیر کفار کی جس سے مسلمانون کو خوف ہلاکت و بربادی تھا دفعتہً مثل حباب شکست ہو گئی - اور اوس شب تیرہ و تار مین جب کہ طوفان کی شدت اور بارش کی طغیانی تھی ابوسفیان اور اوسکی فوج کثیر اسطرح بھاگی کہ اونکے خیمے اولٹ گئے اور چراغ گل ہو گئے - اور باقیماندہ مفرورین نے بنی قریظہ سے[1] جاکر امان لی - شب کو آنحضرتؐ نے اصحاب سے کفار کے فرار کی پیشین گوئی کی تھی اور صبح کو آپ کی پیشین گوئی پوری ہوئی اور مسلمان شادان و فرحان مدینہ مین پھر آئے -

مگر مسلمانون کی راے مین یہ فتح اوسوقت تک پایۂ اعتبار مین نہ تھی جب تک کہ بنی قریظہ مدینہ سے اِسقدر قریب تھے - اِن اشقیار نے عہد شکنی کی تھی اور مسلمانون کو دغا دی تھی اور مدینہ پر شب خون مارنے کی فکر مین تھے جسمین ہر ہر متنفس قتل ہو جاتا - لہذا مسلمان قرین مصلحت اِسی کو سمجھے کہ یہودان بنی قریظہ پر ایک وار کرین قبل اِسکے کہ وہ اپنا حیل و فریب پھر پھیلائین - الغرض - آنحضرتؐ کی ہدایت کے بموجب مسلمان یہود کی گڑھیون پر دفعتہً چڑھ دوڑے اور پچیس روز کے محاصرہ کے بعد بنی قریظہ نے اونھین شرائط سے اطاعت قبول کرنے کو کہا جن شرائط سے بنی نظیر نے صلح قبول کی تھی یہ عرض اونکی نامنظور ہوئی اور اونسے کہا گیا کہ بلا شرط اطاعت قبول کرو

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۸۳ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۱۴۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف -

[2] تاریخ اسلام مین اِس لڑائی کا نام غزوۂ خندق ہے ۱۲ مولف

بنی قریظہ نے اپنے قدیم دوست بنی اوس کی سفارش پر بھروسا کرکے باین شرط اطاعت قبول کی کہ ہمارے تعذیر سعد ابن معاذ رئیس قبیلۂ اوس کی رائے پر موقوف رکھی جاے۔ مگر غضب یہ ہوا کہ چونکہ یہ شخص بنی قریظہ کے فریب ودغا سے بہت جھلّایا ہوا تھا اور اونکو دشمن قوی دین اسلام کا سمجھتا تھا لہذا اوسنے نہایت سخت سزا کا حکم دیا۔ یعنے یہ حکم دیا کہ جو لوگ اِنمین سے مسلمانون سے لڑے ہین وہ قتل کیے جائین اور اونکی اولاد وازواج مع تمام مال کے مسلمانون کے تصرف مین آئین۔ اِس لائق افسوس حکم کے تعمیل پوری پوری ہوئی۔

حواشی متعلقہ باب ۲

ابن ہشام نے (صفحہ ۵۵۰) ایک عجب عبرت انگیز واقعہ لکھا ہے کہ جب شہداے اُحد کی نعشہاے مقدس کی تجہیز وتکفین سے فارغ ہوکر آنحضرتؐ مع اعوان وانصار مدینہ مین داخل ہونے لگے تو اوسوقت ایک عورت بنی دینار مین سے سامنے آئی۔ اونھون نے اوس سے کہا کہ تیرا باپ اور بھائی اور شوہر سب اِس لڑائی مین رسول اللہ پر تصدق ہوگئے۔ اوس نیک بی بی نے پوچھا کہ خود رسول اللہ کیسے ہین۔ اونھون نے جواب دیا الحمد للہ خیریت سے ہین اوسنے کہا مجھے اونکی خدمت مین لے چلو۔ لوگ اوسکو آپؐ کی خدمت مین لیگئے تو اوسنے چلاکر کہا کہ یا رسول اللہ آپؐ سلامت ہین اب مجھے کچھ غم نہین ہے جنگ اُحد مین ایک سانحہ ایسا گذرا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شعرا کا کلام

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۸۶ - ۶۹۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۱۴۱ - اور تاریخ طبری جلد ۳ - صفحہ ۲۹ - اپنے حاشیہ ۴ - متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

غیر ترقی یافتہ قومون پر کیا تاثیر کرتا ہے -

منقول ہے کہ جب قریش اس یادگار لڑائی کا سامان کر رہے تھے تو اونھون نے ایک شاعر ابو عزی نامی سے کہا کہ قبائل صحرائی مین جاکر گشت کر اور اپنے اشعار اور غزلون سے اونکو مسلمانون سے برانگیختہ کر اور اونکو سمجھا بجھا کر اوس سازش مین شریک کر جو اہل مکہ نے محمدؐ اور اونکے اصحاب کو غارت کرنے کے لیے کی ہے - اس شخص کو مسلمانون نے جنگ بدر مین گرفتار کر لیا تھا مگر آنحضرتؐ نے اس سے یہ عہد لیکر رہا کر دیا تھا کہ اب کبھی اہل مدینہ سے آمادۂ جنگ نہ ہوگا - باوجود اس عہد کے لوگون کے اغوا سے اوسنے پیمان شکنی کی اور قبائل عرب کو اپنی غزلون سے مسلمانون سے افروختہ کرتا پھرا - اور منقول ہے کہ اوسکو خوب کامیابی حاصل ہوئی - بعد جنگ احد کے اوسکو مسلمانون نے پھر گرفتار کر کے قتل کیا[1] -

کعب ابن اشرف اور ابو رافع سلمی کے قتل کو مورخین نصاری نے خون ناحق کے لفظ سے مطعون کیا ہے - غالبًا اسکی وجہ یہ ہے کہ مسلمانون نے جوری یا کورٹ مارشل کا دھکوسلہ نہین کیا - مورخین نصاری اس امر کو بھول گئے ہین کہ اس فرمان عام مین جسکی رو سے رعایا کی ملکی اور مذہبی آزادی کا تحفظ کیا گیا تھا صاف یہ شرط لکھی تھی کہ "ہر ایک مجرم کا تعاقب کر کے اوسکو سزا دیجائیگی" جب کوئی باضابطہ سرکاری جلاد موجود نہ ہو تو ہر شخص قانونًا جلاد بنسکتا ہے - لہذا وہ دونون یہودی جنکو خود اونکی قوم نے دغاباز اور مکار تسلیم کر لیا تھا تعاقب کیے گئے اور اونکو سزا دی گئی - یہ عیسائی مورخ یہ تاریخی واقعہ بھی بھول گئے ہین کہ خود سقراط نے جو ایک بہت بڑا مصلح اور متفنن خطہ یونان مین گذرا ہے شہر کی

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۹۱ - اور تاریخ کاسن ڈی پرسوال جلد ۳ صفحہ ۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

حفاظت کے لیے شہر اتھنس کے باشندون پر فرض کردیا تھا کہ جلاد بنا اختیار کرین اور مفسدون کو تلاش کرکے قتل کرین اور جب کوئی غدر یا ہنگامہ رعایا مین ہو تو فریقین مین سے ایک فریق کیطرف ہوجائین - اور یہ بھی وہ بھول گئے ہین کہ انگلستان تو ایک عیسائی ملک ہے پھر اوسکے قوانین کے بموجب ہر شخص کیون اسکا مجاز ہے کہ ہر ایک مفسد و غدار کو پکڑ کر مار ڈالے -

انسان کی طبیعت کا خاصہ یہ ہے کہ جاہے کوئی شخص کیسے ہی جرائم و معاصی کا مرتکب ہوا ہو جب اوس سے کوئی ایسا سلوک کیا جاتا ہے جو ہمارے نزدیک سختی اور بیرحمی ہے تو وسوقت ہمکو خواہ مخواہ ایک نفرت و کراہت معلوم ہوتی ہے اور ہمارے دل مین عدل کی جگہہ رحم لے لیتا ہے - اسمین شک نہین ہے کہ ہماری نظر سے دیکھا جاے تو بنی قریظہ کو جو تعذیر دی گئی وہ نہایت شدید و سنگین تھی - لکن گو ہمکو کیسا ہی افسوس ہو کہ اون کمبختون کو ایک پرغیظ سپاہی کے بس مین چھوڑ دیا - اور گو خود اونکی درخواست سے ایسا کیا گیا تھا اور اگرچہ ہمکو کیسا ہی افسوس ہو کہ اوس سپاہی کے حکم کی تعمیل بلا عذر لیگئی مگر رحم کی خاطر سے ہمکو عدل و انصاف اور ارتکاب جرم سے درگذر نہ کرنا چاہیے - بلکہ ہمکو یاد رکھنا چاہیے کہ یہ یہودی کیسے کیسے شدید جرائم کے مرتکب ہوے تھے - اونھون نے مسلمانون کو دغا دی تھی اور علانیہ اونسے عداوت کرتے تھے اور اوس عہد و پیمان کو عمداً شکست کیا تھا جسکی پابندی اونکو حلفاً و ایماناً فرض تھی اور مسلمانون کی رفاقت ترک کردی تھی - قطع نظر اسکے یہ بھی تو خیال کیجیے کہ حالانکہ یہ یہودی خدا پرستی کا دعوی کرتے تھے اور توحید کا دم بھرتے تھے مگر اونھون نے مشرکین عرب کو ترغیب دی کہ شرک و بت پرستی پر قائم رہین

بعض مسلمان بھی اوس عیسائی واعظ کے ہم مشرب ہونگے جسکا یہ قول ہے کہ۔ "شریر آدمیون کا نسو مرتبہ قتل ہونا اس سے بہتر ہے کہ وہ بے گناہون کو اغوا کرکے اپنا شریک کرلین[۱]" ہمارے برادران اہل اسلام بھی عصابۂ اہل کتاب کو بعینہ یہی جواب دینگے صرف اتنی بات اسمین اور بڑھا دینگے کہ "ذرا اپنے دل مین سوچیے تو سہی کہ ہم مسلمانون کا بلکہ روے زمین پر ہر قوم کا اس زمانہ مین کیا حال ہوتا اگر عرب کی تلوار کفار کے قتل مین قصور کرتے۔ عرب کی تلوار نے گو کیسی ہی خونریزی کی مگر وہ کارنمایان کیا جو دنیا کے سب ملکون کے لیے ابد الآباد تک اکسیر اعظم ہوگیا" اگر عیسائیون کی یہ دلیل صحیح ہے اور خلاف مروت نہین ہے تو مسلمانون کی دلیل ہرگز ایسی نہین ہے۔ تاہم بعض مسلمان نبی قریظہ کی اس شدید تعذیر کو بعینہ ویسا سمجھینگے جیسا کارلائل[۲] صاحب موخ نے کرامول[۳] کے اوس حکم کی نسبت لکھا ہے جسکے بموجب آیرلینڈ مین شہر ڈروہیڈا کے سب باشندے بلا فرق و امتیاز تہ تیغ بیدریغ کیے گئے۔ موخ موصوف لکھتا ہے کہ "کرامول ایک تہیار بند سپاہی تھا جسکو اپنے دلمین مبنی بین الیقین کلی تھا کہ مین خدا کی راہ مین جہاد کر رہا ہون اور یقین ایسا ہے کہ خدا کرے سب سپاہیون بلکہ تمام بندگان خدا کے دلمین پیدا ہو۔ اوسکا قہر

---

[۱] ارنولڈ صاحب کے مواعظ مین موعظہ ۴ جسمین بنی اسرائیل کے جدال و قتال کا حال بیان کیا ہے صفحہ ۳۵ و ۳۶ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۲] یہ بھی ایک عالم عیسائی کا قول ہے اور اصل مین عرب کی جگہ بنی اسرائیل کا لفظ لکھا ہے ۱۲۔ مؤلف [۳] اس موخ کو انگلستان کا شیخ سعدی سمجھیے شاید فرق اتنا ہے کہ یہ شاعر نہ تھا اور سعدی شاعر بھی تھے۔ ۱۲۔ مترجم [۴] یہ ایک بڑا شخص انگلستان مین گذرا ہے جسنے بادشاہ چارلس اول کو قتل کرکے اوس ملک مین سلطنت جمہوری قائم کی اور بخطاب حافظ الملک سالہا سال اوس ملک مین حکمران رہا۔ یہ شخص اور اسکے اصحاب اور اہل فوج بڑے عابد و زاہد عیسائی اور بڑے خدا ترس اور خدا شناس مشہور ہین ۱۲۔ مترجم۔

قہر خدا اور عذاب الٰہی تھا اور اوسنے دشمنان خدا کو عذاب خدا مین مبتلا کیا۔"

یہودان بنی قریظہ کے سزا کی نسبت یہ دو قول نقل کیے گئے مگر مین ان دونو سے اتفاق نہین کرتا۔ بلکہ میری راے یہ ہے کہ یہ فعل جو مسلمانون نے کیا تو اون قوانین جنگ کی بالکل موافق کیا جو اوس زمانہ کی قومون مین جاری تھی اور بقول ایک انگریز مورخ کے اونھون نے اوس زمانہ کی لڑائیون کے دستور کا ٹھیک ٹھیک برتاؤ کیا ان یہودیون نے خود اپنے ہاتھ سے اپنا خون کیا۔ اگر سعد ابن معاذ کے حکم کے بغیر بھی وہ قتل کیے جاتے تو بھی اونکا قتل ہونا اوس زمانہ کے اصول جنگ کے بالکل موافق ہوتا۔ مگر اونھون نے خود سعد ابن معاذ کو اپنا قاضی اور مفتی قرار دے لیا تھا۔ وہ جانتے تھے کہ سعد کا حکم قوانین مسلمہ جنگ کی ہرگز خلاف نہین ہے پس اونھون نے کچھ شکایت نہین کی۔ وہ یہ بھی جانتے تھے کہ اگر ہم فتحیاب ہوتے تو اپنے دشمنون کو ضرور تہ تیغ بیدریغ کرتے۔ حضرت داؤد[2] نے جو قتل وقمع کیا اوسمین لوگ یہ تاویل کرتے ہین کہ اوس زمانہ مین یہی دستور تھا۔ خود عیسائیون کے جو اوائل قرن مسیحی مین شدید خونریزیان کین اونمین بھی تاویلین کی ہین۔ پھر مسلمانون نے جو اوس زمانہ مین کفار سے جہاد کیے اونمین وہ تاویلین کیون نہین ہوسکتین۔ مگر جو کچھ تاویل کیجاے ہر غیر متعصب آدمی فوراً سمجھ جائیگا

---

[1] گروٹ صاحب کی تاریخ یونان قدیم جلد ۶ صفحہ ۹۹ ۴ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] زبور داؤد باب آیت ۸۔ مین لکھا ہے کہ۔ داؤد نے اموریون کو شکست دیکر بڑا ظلم عظیم ارنیر کیا۔ اون مین سے بعض کو کلہاڑیون سے اور آرون سے چیرڈالا اور بعض کو اینٹ کے پجاوے مین زندہ بھنوا ڈالا۔ میکلینڈ صاحب کی تاریخ علوم یہود صفحہ ۲۱۔ اور اسٹینلی صاحب کے خطبے دین یہود پر جلد ۲ صفحہ ۹۹ ملاحظہ ہون ۱۲۔ مؤلف۔

کہ بنی قریظہ کے قتل کا الزام مسلمانون پر ضرور عائد ہوتا ہے۔

اب مقتولین کی تعداد کو دیکھیے تو فوراً معلوم ہوتا ہے کہ اسمین مبالغہ کیا گیا ہے۔ بعض مورخین نے مقتولین بنی قریظہ کی تعداد ۴۰۰ لکھی ہے۔ بعض نے اس سے بھی ترقی کرکے ۹۰۰ لکھی ہے۔ مگر عیسائی مورخون نے اونکی تعداد ۷۰۰ سے ۸۰۰ تک لکھی ہے۔ میرے نزدیک یہ بالکل مبالغہ بیجا ہے۔ ۴۰۰ بھی مبالغہ ہے۔ محدثین کا اتفاق ہے کہ بنی قریظہ کے اسباب جنگ مین ۳۰۰ زرہین اور ۵۰۰ برتلے اور ۱۵۰۰ تلوارین تھین۔ غالباً مال غنیمت کو زیادہ کرنیکے لیے ان محدثین نے اس تعداد مین مبالغہ کیا ہے۔ لکن اگر یہی تعداد فرض کیجاے اور یہ خیال کیا جاے کہ آلات جنگ لڑنے والون کی تعداد سے ہمیشہ زیادہ رکھے جاتے تھے تو اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ لڑنے والون کی تعداد ۲۰۰ یا ۲۵۰ سے زیادہ نہ تھی۔ شاید اس غلطی کا سبب یہ ہوا ہو کہ جتنے یہودیون کو مسلمانون نے گرفتار کر لیا تھا اون سب کے مجموع کو مقتولین مین محسوب کر دیا

منقول ہے کہ بقیہ السیف یہود جب مسلمانون پر تقسیم کیے گئے تو ایک زن یہودیہ ریحانہ نامی آنحضرتؐ کے حصہ مین آئی۔ بعض نے لکھا ہے کہ وہ پہلے ہی سے آپؐ کے لیے مخصوص کر دیگئی تھی۔ عیسائی مورخ تو ہمیشہ اسی فکر مین رہتے ہین کہ ذرا سا حیلہ بہی ملجائے تو پیغمبر اسلام پر اعتراض کر بیٹھین۔ چنانچہ اس روایت پر اونھون نے بہت گرفت کی ہے۔ بردہ فروشی یعنے لونڈی غلام بنانے کی مسئلہ کی تحقیق کو باب آیندہ پر موقوف رکھکر اس مقام پر مین صرف اتنا فرض کرتا ہون کہ ریحانہ کا آنحضرتؐ کے حصہ مین آنا چونکہ اوس زمانہ کے دستورات مسئلہ جنگ کی سراسر موافق تھا لہذا مورخین نصاری کے اعتراضات اس بنا پر

محض بے بنیاد ہین - میرے نزدیک ریحانہ کے ازواج پیغمبر مین داخل ہونے کی روایت مصنوعی ہے - علی الخصوص جب یہ دیکھا جاے کہ اس سانحہ کے بعد پھر اوسکا ذکر کہین تواریخ مین نہین ہے حالانکہ دیگر ازواج مطہرات کا احوال شرح ومفصل تواریخ مین لکھا ہے - مولف

ساتوان باب

سنہ ہجری مطابق ۲۳ - اپریل سنہ ۶۲۷ع سے ۱۲ - اپریل سنہ ۶۲۸ع تک

وہ ہولناک سازش جو یہودان بنی نظیر و بنی قریظہ نے مشرکین قریش کے ساتھ کرکے چاہا تھا کہ مدینہ کی اس سلطنت کو خاک مین ملادین خود خاک مین مل گئی - اور مسلمانون کا یہ کہنا بجا ہے کہ معجزہ ہوا - مگر مدینہ کے گرد و نواح کے قبائل صحرائی اوسکی سرحد کو اب تک نہب و غارت کرتے اور مسلمانون کو قتل کرتے تھے پس اس غدر و فساد کو رفع کرنے کے لیے بہت سخت تدارک کرنا پڑا - ان غارتگرون کے مقابلہ کو کئی مرتبہ فوج کشی ہوئی مگر وہ اعراب صحرائی مسلمانون کو دیکھتے ہی غائب ہوگئے - نبی لحیان نے آنحضرتؐ سے کہلا بھیجا تھا کہ چند اصحاب کو بھیجدیجیے تو ہمین احکام دین اسلام تلقین کرین - جب چھ اصحاب اونکی سرحد مین پہونچے تو تین کو اونھون نے مار ڈالا اور تین کو اہل مکہ کے ہاتھ بیچ ڈالا - ان اشقیاء یعنے بنی لحیان کو اب تک کچھ سزا نہ ملی تھی - مگر آپ اونسے انتقام لینے کا وقت آگیا تھا - ماہ جمادی الاول سنہ ہجری مین آنحضرتؐ خود کچھ فوج لیکر بنی لحیان کے مقابلہ کو روانہ ہوے مگر وہ غارتگر آنحضرتؐ کی آمد آمد کی خبر سنکر پہاڑون مین بھاگ گئے اور مسلمان بے نیل مرام

مدینہ کو پھر آئے۔

اس واقعہ کو چند ہی روز گذرے تھے کہ سردار قبیلہ بنی فزارہ (بنی فزارہ ایک شعبہ خیل الغطفان کا تھا اور یہ ایک گروہ اعراب صحرائے کا تھا) کچھ لوگ لیکر سواد مدینہ پر دفعۃً ٹوٹ پڑا اور بہت سے اونٹ پکڑ لے گیا اور شتربان کو قتل کرکے اوسکی زوجہ کو پکڑ لے گیا۔ مسلمان فوراً اوسکے تعاقب مین روانہ ہوے اور چند اونٹ رہا کرلائے مگر وہ اعراب صحرائی اوس مال غنیمت کے جز کثیر کو لیکر صحرا مین چلے گئے۔

انسان کی طبیعت کا خاصہ ہی کہ جب کوئی شخص برائی کے بدلے برائی کرنے پر قادر ہو مگر عفو و درگذر جو صفات الٰہی مین سے ہے نہ صرف لوگون کو تلقین کرے بلکہ خود بھی اوسکو عمل مین لائے تو ایسے شخص کی عظمت و جلالت کے سب قائل ہوجاتے ہین۔ آنحضرتؐ کہ اپنے ملک کے بادشاہ اور اپنی امت کے جان و مال اور عزت و آبرو کے حافظ تھے جب عدل کرتے تھے تو بمقتضی انصاف ہر شخص کو جو کسی جرم کا مرتکب ہوتا تھا سخت سزا دیتے تھے۔ آپؐ نے بیشک نبی اکرم اور مصلح عالم اور فخر بنی آدم تھے اور عدل و انصاف کے ساتھی آپؐ کا خلق اور رحم ایسا وسیع تھا کہ جو سب سے زیادہ آپؐ کے دشمن تھے اونپر بھی لطف و عنایت فرماتے تھے۔ آپؐ کی ذات قدسی صفات مین دو صفتین ایسی جمع تھین جنسے اعلیٰ و افضل کسی صفت کا ادراک عقل انسانی نہین کرسکتے۔ یعنے عدل اور رحم۔

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۸۰۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۴۳۔ اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۱۰ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۲۲۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف۔

اعراب صحرائی سے جو لڑائیان ہوئین اونمین سے ایک لڑائی مین مسلمان ضمامہ ابن الحمل رئیس قبیلہ بنی حنیف کو گرفتار کرکے مدینہ مین لائے آنحضرتؐ کے لطف وعنایت کا اثر اوسکے دل پر ایسا ہوا کہ یا تو وہ آپؐ کا عدو جانی تھا یا اب مشرف باسلام ہوکر بڑا دوست صادق وجانباز آپؐ کا ہوگیا۔ جب وہ اپنے قبیلہ مین پھر گیا تو یمامہ سے مکہ کو بنی حنیف رسد لیجاتے تھے اوسکو اونسے روک دیا۔ چونکہ اہل مکہ اکثر اشیاء ضروری یمامہ سے لایا کرتے تھے لہذا ضمامہ نے جو اونکی رسد بند کردی تو اونکا حال بہت مستقیم ہوگیا۔ جب بنی حنیف سے کہتے کہتے تھک گئے اور اونھون نے کچھ نہ سُنا تو آخر اہل مکہ نے آنحضرتؐ سے عرض کیا کہ خدا کے واسطے ہماری شفاعت بنی حنیف سے کیجیے کہ رسد کو بند نہ کرین۔ آنحضرتؐ کو اونکے حال پر رحم آگیا اور آپؐ نے ضمامہ سے فرمایا کہ اہل مکہ کو جس چیز کی ضرورت ہو اونکو لیجانے دو پس آپؐ کی حسب الارشاد اونھون نے اہل مکہ کو پھر یمامہ سے رسد لیجانے دی[1]۔

ایک قبیلہ اعراب نصاری کا یعنے قبیلہ بنی کلب جو مقام دومۃ الجندل کے قریب بسا ہوا تھا لوٹتا مارتا ہوا مدینہ کی سرحد پر آپہونچا۔ کچھ فوج اسلیے بھیجی گئی کہ اونکو اسلام کی طرف دعوت کرے اور اونکے اعمال قبیحہ کو اونسے ترک کرادے۔ جب آنحضرتؐ نے اس فوج قلیل کے سردار کو احکام جنگ دیے تو ممانعت قطعی کی کہ خبردار فریب ودغا ہرگز ہرگز نہ کرنا اور نہ کسی بچے کو قتل کرنا"[2]

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۹۶-۹۹۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۹۲۔ ملاحظہ ہو یہ حکم پیغمبر عربی کا اور ایک اور حکم جو اوس فوج کو دیا تھا جو نصاری روم کے مقابلہ کو بھیجے گئے تھے اور نیز وہ یادگار حکم جو ابوبکر نے دیا یزید ابن ابی سفیان کو دیا تھا ان سب احکام کا مقابلہ انبیاے بنی اسرائیل کے احکام سے نظر انصاف سے کرکے دیکھیے کہ ظلم کسنے کیا پیغمبر اسلام نے یا انبیاے بنی اسرائیل نے صفحہ صموئیل باب ۱۵۔ آیت ۳۔ مین لکھا ہے کہ "رب الافواج فرماتا ہے کہ تو جاکر عمالقہ کو قتل کر اور جو کچھ اونکا ہو اوسکو بالکل فنا کردے اور کسیکو زندہ نہ چھوڑ بلکہ مرد اور طفل شیر خوار اور بیل اور بھیڑ اونٹ اور گدھے ان سب کو قتل کر" پھر صحیفہ حزقیل باب ۹ آیت ۶ مین لکھا ہے کہ "بالکل بڑے چھوٹے کو اور عورتون کو قتل کرو"

ناظرین کرام اس کتاب کے مطالعہ کے وقت اس بات کا خیال رکھین کہ یہ کتاب مسلمانون کی لکھی ہوئی ہے

اسی سال ماہ شعبان (ماہ نومبر و دسمبر ۶۲۷ء) مین کچھ فوج بنی مصطلق کے مقابلہ کو روانہ کی گئی - یہ لوگ ابتک تو مسلمانون سے موافق رہے تھے مگر اب چند روز سے اونکے رئیس حارث ابن ابو ضرار نے اونکو اغوا کرکے مسلمانون سے منحرف کر دیا تھا اور اونھون نے مدینہ کی سرحد پر لوٹ مار شروع کر دی تھی - اس لڑائی مین لشکر اسلام کو فتح مبین حاصل ہوئی اور چند کفار کو گرفتار کیا جنمین جویریہ دختر حارث بھی تھی[1] -

اب قریبہ برس گذرے تھے کہ مہاجرین نے اپنے گھر بار اور عزیز و اقارب کو صرف اپنے دین کی خاطر سے اور اوس شخص کی محبت مین جسنے اونکے تاریک دلون مین نور ایمان ڈالدیا تھا اور انمین باہم محبت و اتفاق اور شفقت برادرانہ پیدا کی تھی چھوڑ دیا تھا - اب یہ کیفیت تھی کہ لوگ تمام اطراف و اکناف عرب سے جوق جوق چلے آتے تھے کہ اوس عجیب و غریب آدمی کے کلام کو سنین جس نے ایسا کارنمایان کیا تھا اور روز مرہ کے معاملات مین بھی اوس سے اسطرح مشورہ لیتے تھے جسطرح کسی زمانہ مین بنی اسرائیل اوس نبی جلیل صموئیل[2] سے صلاح پوچھا کرتے تھے - یا وہ لوگ صرف آپکی زیارت کو اور آپ سے کلام کرنے کو آتے تھے -

مگر مہاجرین کے دل اپنے وطن کے اشتیاق مین ابتک بیچین رہتے تھے - وہ اپنے وطن سے نکالدیے گئے تھے اور اونکے شہر کا رقیب جو شہر تھا اوسمین آکر پناہ لی تھی - اور یہ بھی قلق اونکو رہتا تھا کہ اوس کعبہ شریف کے حدود مقدسہ سے

---

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۷۲۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۴۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف

[2] اسٹینلی صاحب کے خطبات علمائے یہود پر جلد ۱ - ملاحظہ ہون ۱۲ - مولف

ہمکو نکالدیا جو ہمیشہ ہمارا قومی معبد اور مرجع خاص وعام اور قبلۂ انام رہا ہے اور چھ برس سے ہم حج بیت اللہ سے مشرف نہین ہوے ہین حالانکہ یہ رسم حج قدیم الایام سے چلا آتا ہے اور ہمارے اسلاف اسکو کیسا مقدس سمجھا کیے ہین۔ خود آنحضرتؐ کو بھی اپنے مولد شریف کے دیکھنے کا کمال اشتیاق تھا۔ کعبہ کل قوم عرب کا مال تھا اور قریش صرف اوسکے خدام اور کلید بردار تھے اور اوس ملک کے قانون کے بموجب اسکو مجاز نہ تھے کہ دشمن کو بھی وہان آنے سے مانع ہون بشرطیکہ وہ نیت خالص سے آئے اور شر و فساد کے ارادہ سے نہ آئے اور اوسکا مقصود صرف ایک مذہبی فرض کو ادا کرنا ہو۔

اب حج کی فصل آگئی تھی لہذا آنحضرتؐ نے حج کو تشریف لیجانے کے ارادہ کا اظہار فرمایا۔ اوسی وقت ہزارہا آدمی مستعد ہو گئے اور سامان حج جلد جلد ہونے لگا۔ الغرض آنحضرتؐ سات سو[1] مہاجرین و انصار کو جنمین سے کوئی کسی قسم کا ہتھیار نہ باندھے تھا ہمراہ لیکر حج کو روانہ ہوے مگر قریش کی عداوت ابتک موقوف نہ ہوئی تھی۔ فوج کثیر لیکر مکہ سے چند میل آگے بڑھکر اونھون نے مسلمانون کو روکا مگر پھر پیچھے ہٹکر شہر مین چلے آئے تاکہ مسلمانون کو کسی طرف سے شہر مین داخل نہ ہونے دین۔ مشرکین قریش نے قسم کھائی کہ اصحاب رسولؐ کو خانہ کعبہ مین داخل نہونے دینگے اور جو قافلہ اونکے پاس بھیجا گیا کہ مسلمانون کو مقامات مقدس کی زیارت سے مشرف ہونے دین اوسکو اونھون نے بہت ذلیل کیا۔ اور ایک گروہ اہل مکہ کا آنحضرتؐ کے لشکر کی

---

[1] تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۸۴ اور تاریخ کامل ذکر رسول جلد ۲ صفحہ ۸۴ ۱۵-۱۷۵ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

[2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۷۴ اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۸۴ ملاحظہ ہو تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۵۴ اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۶۰ مین ان لوگون کی تعداد ۱۴۰۰ لکھی ہے ۱۲ مؤلف

گرد آوری کرنے کو گیا کہ جو مسلمان لشکر سے باہر نکلے اوسکو غافل پاکر قتل کرڈالین بلکہ یہانتک نوبت پہونچی کہ اونھون نے آنحضرتؐ پر پتھر اور تیر مارے - جب آنحضرتؐ نے دیکھا کہ کفار کسی طرح راضی نہین ہوتے تو آپ نے چاہا کہ مسلمانون اور قریش مین رفع فساد کرادین اور آپ نے فرمایا کہ جن شرائط سے اہل مکہ مصالحہ منظور کرین ہم اونکو قبول کرلینگے - الغرض بڑی مشکل سے مصالحہ ہوا اور یہ اقرار ہوا کہ دس برس تک جدال وقتال بالکل موقوف رہی اور جب کوئی شخص قریش مین سے بلا اجازت اپنے ولی یا سردار کے آنحضرتؐ کی خدمت مین چلا آئے تو وہ قریش کو واپس کردیا جاے اور جو شخص مسلمانون مین سے قریش کی طرف چلا جاے وہ اونکو دے نہ ڈالا جاے اور جو قبیلہ قریش کا مسلمانون کا شریک ہونا چاہیے وہ بلا مزاحمت ایسا کرسکتا ہے اور بالفعل مسلمان پھر جائین اور آگے قدم نہ بڑھائین اور سال آیندہ اونکو اجازت دیجاے کہ مکہ مین آکر تین روز قیام کرین مگر اسطرح سے کہ اونکی تلوارین

لہ جب انمین سے بعض اشخاص کو گرفتار کرکے آنحضرتؐ کی خدمت مین لائے تو آپ نے اونکے قصور کو معاف فرماکر اونکو رہا کردیا - تاریخ ابن ہشام صفحہ ۵۰۴ - ملاحظہ ہو - اسی موقع پر مسلمانون نے رسول اللہ سے وہ بیعت کی جسکو بیعت الرضوان اور بیعت الشجرہ بھی کہتے ہین - جب عثمان رضؓ کو قریش پاس بھیجا کہ بھراونسے کہین کہ مسلمانون کو حج بیت اللہ سے مشرف ہونے دین تو اونھون نے عثمان کو پکڑ رکھا مسلمانون کو عثمان کے مارے جانے کا ایسا خوف ہوا کہ آنحضرتؐ کے گرد آکر جمع ہوگئے اور حلف کیا کہ خون عثمان کا انتقام لینگے - تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۰۴، اتخذوا ایمانھم جنۃ فصدّوا عن سبیل اللہ فلھم عذاب مھین قرآن مجید سورۂ مجادلہ آیت ۱۵ - اور سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۳۲-۵۰ ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف

نیام مین رہتین۔

آنحضرتؐ نے اس صلح مین ایسی نرمی اور عالی ظرفی ظاہر فرمائی کہ اصحاب مین سے اون لوگونکی خلاف گذرا جو زیادہ تنگ مزاج تھے اور جنکے دلون مین قریش کی زیادتیان اور بیرحمیان ابتک کھٹک رہی تھین۔ اس مصالحہ کے تیسری شرط یہ تہی کہ جو کافر بلا اجازت اپنے ولی یا سردار کے مسلمانون کا اگر شریک ہوجاے وہ قریش کے حوالہ کردیا جائیگا۔ پس اس شرط کے بموجب قریش نے کئی شخصونکو اصحابؓ فادارین سے طلب کیا اور آنحضرتؐ نے فوراً اونکی یہ درخواست[۱] منظور کرلی گو بعض مسلمانون نے اسکی شکایت بھی کی۔

مدینہ مین مراجعت فرمانے کے بعد آنحضرتؐ کے دل مین یہ آرزو پیدا ہوئی کہ یہ دین مبین تمام بنی آدم اور کل نوع انسان پر حاوی ہوجاے اور اس خیال سے آپ نے گرد و نواح کے بادشاہون اور قومون پاس قاصد بھیجے کہ ظلمت کفر سے نکلکر نور اسلام قبول کرین اور رسول عربی نے آب حیات جاودانے کا جام

---

[۱] اس صلح کا نام صلح الترتیب ہے۔ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۷۴۷۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۵۶۔ اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۸۹۔ اور مشکاۃ شریف کتاب ۱۷۔ باب ۱۰۔ جزو ۱۔ ملاحظہ ہو۔ اسی صلح کے زمانہ مین یہ واقعہ گذرا کہ جب قریش کا قاصد لشکر اسلام مین آیا اور اونسے دیکھا کہ اصحابؓ فادار کسقدر اعظام و اکرام آپ کا کرتے ہین اور کیسے عاشق زار آپ کے ہین تو اوسکو کمال تعجب ہوا اور جب قریش مین پھر گیا تو اونسے کہا کہ مین نے خسرو ایران اور قیصر روم اور نجاشی حبش کو کیسی کیسی تزک و احتشام شاہانہ سے دیکھا ہے مگر مین نے کبھی کسی شہنشاہ کو نہین دیکھا کہ اوسکی رعیت اوسکی ایسی تعظیم و تکریم اور ایسی اطاعت و فرمانبرداری کرتی ہو جیسے رسول عربی کی امت اونکی بزرگداشت اور فرمانبرداری کرتی ہے۔ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۷۴۵۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۵۴۔ اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۸۷۔ اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۶۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

[۲] چونکہ اس صلح مین عورتین داخل نہ تھین لہذا کفار قریش نے مسلمان عورتون کو جو طلب کیا تو انکار قطعی کیا گیا کہ عورتین تو کسی حال مین واپس نہ کی جائینگی ۱۲۔ مؤلف

[۳] آیات ذیل مین اسکی تصریح موجود ہے۔ قل یا ایھا الناس انی رسول اللہ الیکم جمیعا الذی لہ ملک السموات والارض لا الہ الا ھو یحیی ویمیت فامنوا باللہ و رسولہ النبی الامی الذی یؤمن باللہ وکلماتہ واتبعوہ لعلکم تھتدون قرآن مجید سورۃ الاعراف آیت ۱۵۷ و ۱۵۸۔

مؤلف

جو اونکو عنایت فرمایا ہے اوسکو نوش فرمائین - چنانچہ دو قاصد بہت مشہور ہین - ایک قاصد ہرقل قیصر روم پاس اور ایک خسرو پرویز بادشاہ فارس پاس بھیجا - اوسس زمانہ مین خسرو پرویز رومیون پر فتوح حاصل کرکے بادۂ غرور و نخوت سے مست تھا - پس جب اوسنے اوس خط مین آنحضرتؐ کے اسم مبارک کو اپنے نام پر مقدم[1] دیکھا تو اوسکو اپنی کسرشان سمجھکر بہت غصہ ہوا اور اوس خط کو چاک کرڈالا جب اس توہین کی خبر آنحضرتؐ کو پہونچی تو آپ نے چپکے سے فرمایا کہ "اسی طرح کسری کی سلطنت ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیگی" اِس پیشین گوئی کی تکمیل لوح تاریخ پر کندہ ہے - ہرقل قیصر روم نے خواہ بمصالح ملکی خواہ تعظیماً و تکریماً آنحضرتؐ کے قاصد کا بہت اعزاز و اکرام کیا چند مدت کے بعد ایک اور قاصد امیر قبیلہ بنی غسان پاس بھیجا گیا جو ہرقل قیصر روم کا تابع تھا اور مقام بصرہ مین دمشق کے قریب رہتا تھا - بجاے اِسکے کہ اوسکو ایلچی سمجھکر اوسکی عزت و توقیر کرتے اوس قاصد بیچارے کو ایک اور امیر بنی غسان عامر نامی نے قتل[2] کرڈالا جو ایک عیسائی اسیر تھا اور قیصر روم کا تابع تھا - یہ بے باکانہ اور گستاخانہ اہانت و استخفاف اون فرائض کا جو ایک قوم کو دوسری قوم کی نسبت ادا کرنی چاہئین اوس محاربہ کا باعث ہوا جس سے تمام ممالک عیسائی اسلام کے دشمن ہوگئے اِسکا ذکر آیندہ کیا جائیگا -

---

[1] منقول ہے کہ اوس خط کی ابتدا مین یہ لکھا تھا - بسم اللہ الرحمن الرحیم من محمد رسول اللہ الی خسرو پرویز ملک الفارس الی آخرہ ۱۲ - مؤلف -

[2] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۶۳ و ۱۶۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

حواشی متعلقہ باب ۷
حاشیہ ۱

جن مورخین عیسائی نے رسول عربی کا تذکرہ لکھا ہے اونپر نصرانیت کا ایسا غلبہ ہوا ہو کہ مجرمون کو جو آنحضرتؐ نے سزائین دی ہین اون سزاؤن کو انھون نے قتل عمد - اور سفک دما اور ظلم وجور" ایسے ایسے کمردہ الفاظ سے تعبیر کیا ہے جنسے ناظرین کو خواہ مخواہ ایک کراہت شدید معلوم ہوتی ہے قبل اسکے کہ ان مورخین کی راست بیانی اور صاف گوئی کو جانچنے کا موقع اونکو ملے - حقیقت حال یہ ہے کہ ایک شخص مسلمانون کی زیر حفاظت تہا اوسنے لوگون کو بغاوت پر آمادہ کیا یا خود مسلمانون مین نفاق پیدا کیا وہ قتل کیا گیا - پس ان مورخین کے نزدیک یہ قتل عمد ہوا - ایک عورت کو جو لشیرون کے ایک گروہ کے سردار تھے اور جنسے بڑے بڑے ظلم اور بیرحمیان کی تھین مسلمانون نے گرفتار کر لیا - اصحاب رسولؐ مین سے بعض ناشائستہ لوگون نے جنکے خیالات تعذیبات کے شدید یا خفیف ہونے کی نسبت اوس سے زیادہ شائستہ نہ تھے جیسے اوس زمانہ کے مہذب رومیون یا فارسیون یا ہندؤن کے تھے اوس عورت کو بیرحمی سے قتل کر ڈالا اور آنحضرتؐ کو مطلق اسکا علم نہ تھا - (یہ واقعہ سر ولیم میور صاحب کے سوائے اور کسی مورخ نے نہین لکھا ہے) یہ فعل متعصبین نصاری نے پیغمبر اسلام کے سر تھوپا ہے اور آپ کو اسکا شریک لکھا ہے - اس مورخ نے خود تسلیم کر لیا ہے کہ اس عورت کے قتل ہونے کا علم آنحضرتؐ کو نہین ہوا اور پھر آپ کو اوسکے قتل مین شریک گردانتا ہے -

اس سزا کی سنگینی کے بارے مین ہم اس مورخ کو یاد دلاتے ہین کہ انگلستان جو عیسائیون کا ملک ہے اوسمین اٹھارہوین صدی عیسوی کی اوسط تک یہ ظلم ہوتا تھا کہ چند آنہ کے چرانے کی سزا مردون اور عورتون کو پھانسی دیجاتی ہے - اور یہ مورخ اس یادگار واقعہ کو بھی بھول گیا ہے کہ یورپ کے ممالک عیسائی مین ہزارہا بیگناہون کو شکنجہ مین کھینچکر ارسال دیکر بانواع عقوبات

مار ڈالا - مگر اس قدر پر عذاب شدید کرنے کی روایت ہمارے نزدیک خلاف قیاس ہے - اس عورت کے قتل ہونے مین تو کچھ شک نہین لیکن یہ ممکن نہین ہے کہ اوسکو دو اونٹون سے پھڑوا ڈالا - کیونکہ اس سے لازم آتا ہے کہ دو جلاد موجود تھے حالانکہ یہ تسلیم کر لیا گیا ہو کہ ایک ہی جلاد تھا - اوس جلاد کا نام قیس ابن محسن نہ تھا جیسا سر ولیم میور صاحب نے لکھا ہی بلکہ قیس ابن مصہر تھا - تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۸۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف -

حاشیہ ۲

جب سرداران فوج اسلام کو آنحضرت نے کفار سے لڑنے کے باب مین ہدایت فرماتے تھے تو تاکید اکید فرماتے تھے کہ خبردار ضعفا یعنی کمزورون کو نہ ستانا - چنانچہ جب مسلمانون نے رومیون کی فوج کشی کی تو سپہ سالار لشکر اسلام سے آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ "جب تو ادن ایذاؤن کا انتقام لے جو مسلمانون کو کفار کے ہاتھ سے پہونچے ہین تو خبردار پردہ نشین اور بیگناہ عورتون کو نہ ستانا بلکہ اونکو ضعیف سمجھکر درگذر کرنا اور شیر خوار بچون اور بیمارون کو بھی ایذا نہ پہونچانا اور جو لوگ تمسے مقابلہ پر آمادہ نہون اونکے مکانات کو منہدم نہ کرنا اور اونکے رزق کو اور اونکے میوہ دار درختون کو غارت نہ کرنا اور اونکے درختون کو خرما کو ہاتھ نہ لگانا" خلیفہ اول ابوبکر صدیق رض نے بھی اپنے پیغمبر کی اقتدا کر کے سردار لشکر اسلام کو یہ ہدایت کی کہ "اے یزید خبردار اپنے لوگون پر ظلم نہ کرنا نہ اونکو بیچین کرنا بلکہ کل معاملات مین اونسے مشورہ کرنا اور خبردار وہی بات کرنا جو امر حق اور قرین انصاف ہو کیونکہ جو لوگ خلاف حق کرتے ہین وہ سرسبز نہین ہوتے جب دشمنون سے مقابلہ ہو تو آدمیت سے نہ گذر جانا اور اپنی پیٹھ نہ موڑنا اور جب تمھاری فتح ہو تو چھوٹے چھوٹے بچون اور بڈھون اور عورتون کو قتل نہ کرنا اور درختے خرما کو غارت نہ کرنا نہ اناج کے کھیتون کو جلا دینا - اور میوہ دار درختون کو نہ کاٹ ڈالنا نہ معاشی کو ضرر پہونچانا سوائے اون حیوانات کے جنکو کھانے کی ضرورت سے ذبح کرنا پڑے جب تم کوئی عہد و پیمان

کرنا تو اوسکو دفا کرنا اور اپنے قول کو نباہنا۔ اثنار راہ مین نکلے رہبان نصاری ملینگے جو خانقاہون مین رہتے ہین اور اپنے زعم مین عبادت خدا کیا کرتے ہین۔ خبردار اونکو نہ چھیڑنا اور اونکے خانقاہون کو منہدم نہ کرنا" ایل صاحب کی تاریخ اسلام صفحہ ۴۵ و ۴۶۔ ملاحظہ ہو۔ پیغمبر اسلام اور خلیفہ اول کے ان احکام کا مقابلہ ہر سہ فرق نصاری یعنے رومن کیتھولک و پروٹسٹنٹ و گریک کے مقدسین و اولیا کے سنوات کے ساتھ کیجیے۔ ۱۲۔ مؤلف

آٹھوان باب

سنہ ہجری مطابق ۱۲۔ اپریل سنہ ۶۲۸ع لغایت یکم مئی سنہ ۶۲۹ ع

قبائل یہود باوجودیکہ کیسی کیسی شکستین کھا چکے تھے لیکن ابتک اونسے اندیشہ کا مقام تھا۔ اور ابتک وہ مسلمانون کو غارت کرنے کی تدبیرین کر رہے تھے۔ مدینہ کے شمال و مشرق مین تین چار روز کی راہ پر اونکا کچھ ملک تھا جسمین چند مستحکم قلعے تھے۔ اونمین سب سے زیادہ مضبوط قلعہ القموس تھا جو ایک بے گذر پہاڑی پر واقع تھا۔ ان قلعون کے مجموع کا نام خیبر تھا۔ اس لفظ کے معنی لغوی ایک مستحکم مقام ہین۔ خیبر کی آبادی مین چند شعبے بنی نظیر اور بنی قریظہ کی بھی داخل تھے جنھون نے وہان بھاگ کر پناہ لی تھی۔ یہودان خیبر نے آنحضرتؐ اور صحابہ کرام سے عداوت قلبی پر کمر باندھی تھی۔ اور جب سے بنی نظیر اور بنی قریظہ مسلمانون سے شکست کھاکر اونمین جاکر شامل ہوگئے تھے اوسوقت سے اونکی عداوت اور زیادہ شدید ہوگئی تھی۔ یہودان خیبر اور بنی غطفان اور اور قبائل صحرائی مین قدیم زمانہ سے اتفاق چلا آتا تھا اور یہ سب ہمیشہ اسی فکر مین رہتے تھے کہ ایک اور سازش عظیم مسلمانون کے بیخکنی کے لیئے قائم کرین مسلمان جب جانتے تھے

۱؎ تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳ صفحہ ۱۹۳ و ۱۹۴۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

کہ قبائل صحرائی ہمکو گزند پہونچانے پر قادر ہین پس بہت جلد تدارک کرنا چاہیے کہ یہود اور مشرکین دوبارا سازش کرکے مدینہ پر پھر چڑھائی نہ کرین - لہذا اوائل ماہ محرم سنہ ہجری مین ۱۴۰۰ - سپاہ ساز و سامان سے خوب درست خیبر پر روانہ کئے گئے - اوسوقت یہود نے اپنے شرکا سے مدد طلب کی اور نبی فزارہ اونکی کمک کو آئے مگر باین خوف کہ مبادا ہماری غیبت مین مسلمان آکر ہماری بھیڑ بکریون کو لوٹ لیجائین وہ بہت جلد پھر گئے - پس اب لڑائی کا سارا بار اکیلے یہودیون پر آپڑا - مسلمانون نے اونکو صلح کا پیغام بھیجا مگر اونھون نے صلح نہ منظور کی - باوجودیکہ یہود نے مقابلہ شدید کیا مگر اونکے سب قلعے یکے بعد دیگرے مسلمانون نے مسخر کرلیے - سب کے بعد قلعہ القموس کی نوبت آئے جو سب سے زیادہ مضبوط و مستحکم تھا - جنگ عظیم کے بعد یہ قلعہ بھی مسلمانون نے فتح کرلیا - چونکہ یہ سب سے بڑا قلعہ تھا لہذا اسکے مسخر ہوجانے سے باقیماندہ قبائل یہود کو یقین ہوگیا کہ اب مسلمانون سے مقابلہ کرنا محض بیکار ہے اور اونھون نے عفو قصور چاہا اونکی خطا معاف ہوئی - اونکی اراضی اور جائداد غیر منقولہ کی ضمانت کی گئی - (بشرطیکہ اونکا کردار نیک رہے -) اور اسپنے رسوم مذہبی ادا کرنے کی اجازت اونکو دی گئی اور چونکہ اونسے کوئی باضابطہ ٹیکس نہ لیا جاتا تھا اور سلطنت کے خرچ مین شرکت کرنا اونپر فرض نہ تھا جیسا مسلمانون پر فرض تھا لہذا آنحضرتؐ نے اوس حفاظت کے معاوضہ مین جواب اونکو حاصل ہوے تھے ایک محصول بقدر نصف پیداوار اونکی اراضی کے اونپر مقرر کیا - جو جائداد منقولہ اون قلعون مین تھی جنکو مسلمانون نے لڑ لڑکے اور محاصرہ کرکے فتح کیا تھا وہ ضبط ہوکر لشکر اسلام مین علی قدر مراتب

غازیون پر تقسیم کردی گئی یعنے تین تین حصے سواردن کو اور ایک ایک حصہ پیادونکو ملا
آخر سنہ ہجری مین رسول اللہ اور اصحاب پاک اوس مصالحہ کے شرائط کی بموجب جو سال گذشتہ
مشرکین قریش سے ہوا تھا اپنے تمناے دل کو برلائے یعنی حج بیت اللہ سے مشرف ہوے
اس حج کا نام مورخین اسلام نے احراما حجۃ التکمیل رکھا ہے - اور عمرۃ القضا بھی اوسکو
کہتے ہین - یہ تعمیل شرائط مصالحہ مسلمان تین ہی روز قیام کرکے مکہ سے چلے آئے مسلمانونکی
ایسی دلی آرزو کے برآنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ بہت سے لوگ قریش مین سے مشرف باسلام
ہوے - آنحضرتؐ کی رحمدلی اور خلق و مروت اور کریم النفسی کا اثر اونکے دل پر ایسا ہوا
کہ بہت سے صنادید قریش نے جو ہمیشہ آپ سے برسر پیکار رہے تھے اور آپ کی
ہجو و مذمت کیا کرتے تھے بڑے خضوع و خشوع سے اسلام قبول کیا -

---

[۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۶۹۴ و ۶۹۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۶۹ - ملاحظہ ہو - یہ روایت غلط ہے کہ کنانہ پر سخت عذاب کیا گیا کہ بوسیدہ خزانہ کو بتادے قریب اسی زمانہ کے متواتر کوشش آنحضرتؐ کو قتل کرنے کی کیگئی جب آپ خیبر مین داخل ہوے تو ایک یہودیہ نے برا بغض و عناد فدا سی سوم آپ کے اور اصحاب کے آگے رکھی چنانچہ ایک صحابی تو ایک ہی لقمہ کھاکر جان بحق تسلیم ہوئے خود آنحضرتؐ کی جان تو بچ گئی مگر وہ زہر آپ کو رگ و پی مین ایسا دوڑ گیا کہ مدت العمر آپ کو اوسکی شکایت رہی اوس یہودیہ کے ایسے جرم عظیم کو بھی آنحضرتؐ نے معاف فرمایا اور اوسکو اوسی کے خویش و اقربا مین چھوڑ آئے اور کچھ مواخذہ اوس سے نہین کیا - تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۰۱ - تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۷۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۲] ایک عجیب و غریب حکایت مورخین اسلام نے لکھی ہے جس سے قریش کی عداوت مسلمانون سے ظاہر ہوتی ہے - تین روز تک مسلمان مناسک حج بجالانے مین مصروف رہے چوتھے روز قریش نے آنحضرتؐ کو کہلا بھیجا کہ جلد مکہ سے چلے جائیے - آنحضرتؐ نے جواب کہ قریش کی دعوت دوستانہ کرین - اونھون نے کہا اوسکی کچھ ضرورت نہین ہر آپ فوراً مکہ سے چلے جائین - اونکے اصرار سے آنحضرتؐ اوسی روز مکہ سے روانہ ہوے اور شہر سے چند میل کے فاصلہ پر قیام فرمایا - تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۳ - اور تاریخ ابن ہشام صفحہ ۷۹۰ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۷۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۳] مثلاً خالد ابن ولید جو غزوہ اُحد مین سپہ سالار لشکر کفار تھا اور عمرو ابن عاص شاعر ۱۲ - مؤلف لقد صدق اللہ رسولہ الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام انشاء اللہ امنین محلقین رؤسکم و مقصرین لا تخافون

نسل مالم تعلمون فجعل من دون ذلک فتحا قریبا

قیصر روم کے ایک صوبہ دار نے جو مسلمانون کے سفیر کو قتل کر ڈالا تو اس ظلم کا مواخذہ کرنا اوس سے واجب ہوا۔ تین ہزار آدمی کی فوج روانہ کی گئی کہ سردار قبیلہ بنی غسان سے اس جرم کے مکافات طلب کرے۔ قیصر روم کے سرداران فوج نے اس جرم کا انکار نہین کیا بلکہ اقرار کیا اسوجہ سے مسلمانون مین اور خود قیصر مین لڑائی پڑ گئی۔ قیصر نے اپنی فوجون کو جمع کر کے مسلمانون پر مقام موتے پر حملہ کیا۔ موتی ایک دیہ قریب بلقع کے ملک شام مین تھا جہان مسلمانون کا قاصد قتل کیا گیا تھا۔ انجام یہ ہوا کہ رمیون کی فوج پسپا ہوئی۔ مگر چونکہ اونکی فوج کثیر تھی اور لشکر اسلام بہت قلیل تھا اسوجہ سے مسلمانون نے مدینہ کو معاودت کی۔ قریب اسی زمانہ کے قریش اور اونکے شرکا نے شرائط صلح حدیبیہ کے خلاف ورزی کر کے بنی خزاعہ پر حملہ کیا اور بنی خزاعہ مسلمانون کے زیر حفاظت اور اونکے شریک تھے۔ اونھون نے بہت سے لوگون کو بنی خزاعہ مین سے قتل کر ڈالا۔ اور باقیماندہ کو نکالدیا۔ بنی خزاعہ نے اس ظلم کی شکایت آنحضرت سے کی اور دادرسی چاہی۔ اب مکہ مین ظلم و بدعت بہت مدت تک رہ چکی تھی اور خود اہل مکہ نے نقض عہد کیا تھا اور بعض روسار مکہ بنی خزاعہ کے قتل مین شریک ہوے تھے الغرض آنحضرت نے دس ہزار آدمی کی فوج مشرکین مکہ کے مقابلہ کو فوراً روانہ کی۔ صرف عکرمہ ابن ابوجہل اور صفوان ابن امیہ نے اپنے اپنے قبیلہ کو ساتھ لیکر مسلمانون کا کچھ خفیف سا مقابلہ کیا اور چند مسلمان شہید ہوے باقی کسی نے مقابلہ نہین کیا اور آنحضرت بلا مزاحمت داخل مکہ ہوے۔

لہ تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۲ صفحہ ۲۵۳ - مین اس سردار کا نام شراجیل ابن عمرو ہے نہ عمرو ابن شرجیل جیسا ابوالفدا نے لکھا ہے ۱۲ - مؤلف ۵۲ تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳ صفحہ ۲۱۱ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۳ صفحہ ۱۷۸ - ۱۹۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

آخر کار رسول مختار بفتح وفیروزی داخل مکہ ہوے - کیسے کیسے ظلم وستم کفار کے ہاتھ سے اوٹھا چکے تھے - یہانتک کہ ہجرت اختیار کی تھی - اب آپ پھر اوسی شہر مین آئے تاکہ اپنی رسالت کو بندگان خدا پر رحم کرکے ثابت کرین - آپ نے جو حکم اصحاب دفادار کو دیا تھا کہ اہل مکہ سے نرمی کرنا اوسکی تعمیل بخوبی کی گئی - جن اشقیا نے مسلمانون پر نہایت شدید ظلم کیے تھے اون مین سے صرف چھ مرد اور چار عورتین جلاوطن کیے گئے اور انمین سے صرف چار شخص قتل کیے گئے باقی اہل مکہ سے نرمی اور عفو و درگذر کیا گیا حالانکہ وہ ہمیشہ مسلمانون کو ستایا کرتے تھے اور چند ہی روز ہوے تھے کہ اونھون نے مسلمانون کو دغا دی تھی - مگر اہل مکہ کے بتون کو مسلمانون نے توڑ ڈالا اور ذرا بھی رحم اونپر نہ کیا - کفار مکہ اپنے معبودون کا شکست ہونا کیسی نظر یاس سے دیکھ رہے تھے مگر دم نہ مار سکتے تھے آخر الامر حق اونپر ثابت ہوگیا اور اونھون نے دیکھ لیا کہ ہمارے معبود بالکل مجبور و بیقدر ہین کہ اتنے دین اوس شخص کی صدا اونھون نے سُنی جسپر وہ ہمیشہ سخریہ اور استہزا کیا کرتے تھے کہ بتون کو توڑتا جاتا ہے اور باواز بلند یہ کہتا جاتا ہے جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا ان قدیم بتون کو نیست ونابود کرکے اور تمام رسوم مشرکین کو دفع کرکے آنحضرت نے ایک خطبہ اون لوگون کے سامنے پڑھا جو اوسوقت جمع تھے - اس خطبہ مین پہلے تو آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ سب بندگان خدا مین ایک طبیعی مساوات[۲] اور مواخات ہے

---

[۱] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۸۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۲] تاریخ طبری جلد ۳ - صفحہ ۱۳۱ و ۱۳۲ و ۱۳۵ - اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۷۵ و ۷۶ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

جیسا قرآن مجید مین لکھا ہے بعد اوسکے فرمایا کہ "ای اولاد قریش تمھارے نزدیک مجھکو تمسے کیا سلوک کرنا چاہیے" اونھون نے عرض کیا "اے ہمارے شفیق بھائی اور بھتیجے ہم پر مہربانی کر اور رحم کھا" طبری لکھتا ہے کہ قریش کے اِس کلام کو سُنکر آنحضرتؐ آبدیدہ ہوے اور فرمایا "مین تمسے اوسیطرح بات کرونگا جسطرح حضرت یوسف نے اپنے بھائیون سے کلام کیا[۵۲] تھا آج مین تمکو ملامت نکرونگا۔ خدا تمھارے گناہون کو بخشدے کہ وہ رحمن و رحیم ہے" اوسوقت وہ تماشا نظر آیا جو ابتدا خلقت عالم سے اوسوقت تک کسی نے کبھی نہ دیکھا تھا۔ لوگ جوق جوق آآکر اسلام سے مشرف ہونے لگے۔ اوسوقت رسول اللہ کوہ صفا پر تشریف رکھتے تھے اور لوگون سے وہی عہد لیتے جاتے تھے جو سابق مین اہل مدینہ سے لیا تھا کہ "وہ سوا خدائے یگانہ و برحق کے کسی چیز کی پرستش نہ کرینگے اور سرقہ و زنا اور قتل اطفال شیرخوار کے مرتکب نہ ہونگے۔ اور جھوٹ نہ بولینگے۔ اور عورتونکی مذمت نہ کرینگے[۵۳]۔" پس قرآن مجید مین جو پیشین گوئی کی گئی تھی وہ اسطرح پوری ہوئی "جب[۵۴] خدا کی مدد اور فتح آئی اور تو نے دیکھا کہ لوگ گروہ گروہ دین خدا مین آتے جاتے ہین پس حمد و ستایش بجالا تو خدا کا اور طلب آمرزش کر اوس سے بتحقیق کہ وہ بڑا بخشنے والا ہے" اب آنحضرتؐ کی رسالت کی تکمیل ہوگئی

---

۵۱ یاایھا الناس انا خلقنا کم من ذکر وانثی وجعلنا کم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقکم ان اللہ علیم خبیر۔ قرآن مجید سورۃ الحجرات آیت ۱۳

۵۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۸۲۱ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۴۰ - ملاحظہ ہو قال لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین سورہ یوسف آیت ۹۲ - مؤلف

۵۳ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۱۹۲ - اور تاریخ کاسن دی پرسول جلد ۳ صفحہ ۴۴۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

۵۴ اذا جاء نصر اللہ والفتح ورایت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا فسبح بحمد ربک واستغفرہ انہ کان توابا

بعض اصحاب کبار تمام اطراف و اکناف مین بھیجے گئے کہ قبائل صحرائی کو دین اسلام کیطرف دعوت کرین اور انکو حکم قطعی دیا گیا کہ سب کو صلح اور نیکی تلقین کرین - البتہ جب کوئی اونپر تشدد اور دست درازی کرے تب اپنے تئین اوسکے شر سے بچائین - اس حکم کی اطاعت سب نے کی سوائے ایک شخص کے - خالد ابن ولید نے جسنے چند روز ہوے تھے کہ اسلام قبول کیا تھا قبیلہ بنی خزیمہ کے بعض اعراب صحرائی کو مسلمانون سے آمادہ جنگ دیکھکر حکم دیدیا کہ ان سب کے سر کاٹ ڈالو - اوسکی بعض اتباع نے اونمین سے چند اعراب کو قتل کر ڈالا مگر اور مسلمانون نے بیچ بچاؤ کرکے قتل عام نہ ہونے دیا - جب اس ظالمانہ خونریزی کی خبر آنحضرتؐ کو پہونچی تو آپ کو صدمہ عظیم ہوا اور دست مبارک سے آسمان بلند کرکے فرمایا کہ "خداوندا جو کچھ خالد نے کیا اوس سے مین بے قصور ہون" آنحضرتؐ نے حضرت علیؓ کو فوراً روانہ کیا کہ جہانتک ممکن ہو بنی خزیمہ سے اوس ظلم کے معافات کرو جو اونپر خالد نے کیا ہے - یہ کام ایسا تھا کہ حضرت علیؓ کی طبیعت کی بالکل موافق تھا اور اونھون نے اسکی تعمیل ایمانداری سے کی - یعنے ہر شخص کے نقصانات کو تحقیق کرکے پورا معاوضہ اوسکو دیا - اور جب ہر ایک نقصان کا معاوضہ دیچکے تو جو روپیہ حضرت علیؓ اپنے ساتھ لائے تھے اوسمین سے جو کچھ بچا اوسکو متبنیین کے اقربا اور دیگر بنی خزیمہ پر تقسیم کردیا - راوی کہتا ہے کہ حضرت علیؓ کے اخلاق اور جود و سخا سے ہر شخص کا دل خوش ہوا - اور سب نے اونکو دعاے خیر دی اور جب حضرت علیؓ وہان سے پھر کر رسول اللہ کی خدمت مین حاضر ہوے تو آنحضرتؐ نے بھی نہایت مدح و ثنا کی اور بہت شکریہ ادا کیا[1] -

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۸۳۴ - ۸۳۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۱۹۵ - اور تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۴۱ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

بعض قبائل صحرائی مثل بنی ہوازن اور بنی ثقیف اور دیگر قبائل کے جو مکہ کی سرحد پر اپنے گلے چرایا کرتے تھے اور بعض اور قبائل بھی جو مضبوط و مستحکم قلعے مثل طائف کے رکھتے تھے اسکے متحمل نہوے کہ مسلمانون کی اطاعت بے لڑے بھڑے قبول کرین - پس ان سب نے باہم سازش کرکے چاہا کہ مسلمانون پر یکبارگی حملہ کرین قبل اسکے کہ مسلمان اونکے حملہ کو روکنے کا سامان کرین - مگر آنحضرت کی بیدار مغزی سے کفار ہار گئے - مقام حنین مین جو ایک عمیق اور تنگ وادی مکہ کے شمال و شرق مین دس میل کے فاصلہ پر تھا جنگ عظیم ہوئی اور مشرکین نے شکست فاحش کھائی اور نقصان عظیم اوٹھایا - فوج کفار منتشر اور پریشان ہوگئی اور اوسکے ایک ٹکڑے نے جسمین اکثر بنی ثقیف تھے شہر طائف مین جاکر پناہ لی اور طائف وہ غدار شہر تھا کہ آٹھ نو برس کا عرصہ گذرا تھا کہ وہان کے لوگون نے آنحضرتؐ کی توہین کرکے آپ کو شہر سے نکالدیا تھا - باقیماندہ لشکر ہزیمت اثر نے جاکر وادی اوطاس مین مورچہ بندی کی - مسلمانون نے اونکے مورچہ کو توڑکر تمام بنی ہوازن کو مع اونکے مال و اسباب اور گلہاے گوسفند وغیرہ کے گرفتار کرلیا بعد اوسکے طائف کا محاصرہ کیا مگر چند ہی روز کے بعد آنحضرت نے محاصرہ کو اوٹھالیا کیونکہ آپ خوب جانتے تھے کہ مشرکین پر ادبار آیا ہے چند روز مین اہل طائف خود

لہ لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ ویوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلم تغن عنکم شیئاً وضاقت علیکم الارض بما رحبت ثم ولیتم مدبرین ثم انزل اللہ سکینتہ علی رسولہ وعلی المومنین وانزل جنودا لم تروھا وعذب الذین کفروا وذلک جزاء الکافرین قرآن مجید سورۂ توبہ آیت ۲۵ و ۲۶ -

سے تاریخ کاسن ڈوی برسول جلد ۳ صفحہ ۴۰۰ - ملاحظہ ہو - قاموس مین حنین کو لکھا ہے کہ وادی طائف کے مابین اثنائے راہ مین واقع تھا - مگر رڈول صاحب نے اپنے ترجمہ قرآن مجید مین صرف تین میل کا فاصلہ لکھا ہے - یہ یقیناً غلط ہے ۱۲ - مؤلف -

ہماری اطاعت قبول کرینگے پھر خونریزی کرنا کیا ضرور ہے۔ جب آنحضرتؐ اوس مقام پر واپس آئے جہان اسیران بنی ہوازن مقید تھے تو آپ نے دیکھا کہ اس عظیم الشان قبیلہ کے چند اشخاص منتظر کھڑے ہین کہ آپ سے عرض کرین کہ ہمارے عیال و اطفال کو ہمین پھیر دیجیے۔ چونکہ آنحضرتؐ خوب جانتے تھے کہ اکثر اصحاب بڑے تنک مزاج اور زود رنج ہین لہذا آپ نے سفیران بنی ہوازن سے فرمایا کہ ہم مسلمانون پر جبر کرکے مال غنیمت تمکو واپس نہین دلا سکتے اگر تمکو اپنے عیال واطفال کا واپس کرلینا منظور ہے تو اقل مراتب اپنے مال واسباب سے تو دست بردار ہو۔ وہ لوگ اسپر راضی ہو گئے اور دوسرے روز رسول اللہ نماز ظہر پڑھ رہے تھے اور اصحاب بارد صف بستہ آپ کے عقب مین استادہ تھے کہ وہ لوگ حاضر ہوے اور اونھین کلمات سے التجا کی جیسا آنحضرتؐ نے اونکو سمجھا دیا تھا کہ یہ کلمات اوسوقت کہنا "ہم رسول اللہ سے التجا کرتے ہین کہ ہماری شفاعت مسلمانون سے کرین اور ہماری عورات واطفال کو واپس دلاوین" آنحضرت نے اسکی جواب مین فرمایا کہ "اسیران بنی ہوازن مین جو میرا حصہ ہے اور بنی عبدالمطلب کا حصہ ہے وہ مین تمکو واپس کرتا ہون" پس اصحاب نے اپنے مقتدا کے اقتدا کرکے چھ ہزار اسیران کفار کو ایک لحہ مین رہا کردیا۔ رسول اللہ اور اصحاب پاک کے اس جود وکرم سے بنی ثقیف کے دل بھی موم ہو گئے اور اونھون نے آنحضرتؐ

۱؎ طبری نے نماز صبح لکھی ہے۔ تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۱۵۵۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مولف ۲؎ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۸۶ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۰۶۔ اور تاریخ طبری جلد ۳ ۱۵۵۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مولف ۳؎ اہل طائف کو بنی ثقیف بھی کہتے تھے۔ سید صاحب نے اپنے تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۱۴۹ مین جو ایک عجیب غریب روایت آنحضرت کی طرز معاشرت کے باب مین لکھی ہے وہ مصنوعی ہے اسواسطے کہ اولاً تو یہ ملاحظہ کیجیے کہ اس لڑائی مین جو مال غنیمت ہاتھ آیا تھا تقسیم نہین ہوا تھا پس آنحضرتؐ اوسکا کوئی خرچ کسی کو کیونکر دے سکتے تھے۔ ثانیاً آنحضرتؐ صرف اپنی ذاتی حصہ کو ہبہ کرسکتے تھے مگر تقسیم ہونے سے پیشتر ہی آپ اپنا حصہ بنی ہوازن کو بخش چکے تھے۔ لہذا یہ روایت محض لغو ہے ۱۲۔ مولف

طاعت قبول کرلی اور بڑے پکے مسلمان ہوے۔

جب بنی ہوازن کی بھیڑین اور بکریان مسلمانون پر تقسیم ہوئین تو جدید الاسلام اہل مکہ کو اہل مدینہ کے بہ نسبت زیادہ حصے ملے۔ بعض انصار نے اسکو جنبہ داری تصور کرکے شکایت کی اور جب اونکی شکایت آنحضرتؐ کے گوش حق نیوش تک پہونچے تو آپ نے حکم فرمایا کہ سب مہاجرین و انصار جمع ہون۔ جب وہ جمع ہوے تو آپ نے اونسے خطاب کرکے فرمایا کہ "اے گروہ انصار۔ جو تقریر تم آپس مین کیا کرتے ہو اوسکو مین نے سنا۔ جب مین تم لوگون مین آیا تو تم ظلمت کفر مین مبتلا تھے پس خداوند عالم نور اسلام سے تمکو راہ راست پر لایا۔ تم مصیبت مین مبتلا تھے اونے تمکو راحت بخشی۔ تم مین باہم عداوت تھی اونے تمھارے قلوب مین برادرانہ لطف و محبت القا کی۔ تمھین بتاؤ کہ یہ ہوا یا نہین" اونھون نے عرض کیا۔ "بے بارسول اللہ جو آپ فرماتے ہین وہی ہوا۔ فضل و کرم خدا اور اوسکے رسول کا حصہ ہے۔" تب آنحضرتؐ نے فرمایا "لا واللہ۔ تم یہ جواب دے سکتے تھے اور تمھارا یہ جواب سچا ہوتا اور اوسکی سچائی پر مین خود گواہی دیتا اگر تم یہ کہتے کہ آپ ہم لوگون مین اسطرح تشریف لائے کہ لوگ آپ کو مکار سمجھکر آپ کے رسالت سے منکر ہو چکے تھے مگر ہم آپ پر ایمان لائے۔ آپ مکہ سے ہجرت فرماکر ہمارے شہر مین تشریف لائے ہمنے آپکی اعانت کی۔ آپ غریب الدیار اور آوارہ وطن تھے ہمنے آپ کو پناہ دی۔ آپ بے قرار تھے ہمنے آپ کو تشفی اور دلاسا دیا۔ اے گروہ انصار مال دنیا کے لیے اپنا دل کیون کڑھاتے ہو۔ تمھاری تسکین کو یہ امر کیا کم ہے کہ اور لوگ تو بھیڑین اور بکریان پائینگے مگر تم سب خود میرے ہمراہ اپنے وطن کو مراجعت کروگے قسم ہے اوس خدا کی جسکے ید قدرت مین محمد کی روح ہے مین تمکو

ہرگز ہرگز نہ چھوڑونگا۔ اگر تمام دنیا ایک سمت ہوجاے اور انصار دوسری سمت تو انصار ہی کا ساتھ دونگا۔ خدا تم پر رحم کرے اور تمھاری اولاد اور اولاد کی اولاد اور اوسکی اولاد مین برکت عطا فرماے۔" راوی کہتا ہے کہ ان کلمات کو سُنکر انصار پر ایسی رقت طاری ہوئی کہ اونکے محاسن شریف آنسوؤن سے تر ہوگئے اور سب نے بالاتفاق عرض کیا۔ "یارسول اللہ ہم اپنے اپنے حصون سے خوب راضی ہین۔ یہ عرض کرکے وہ سب جان نثار خوش اور مسرور[1] پھر گئے۔

اِسکے تھوڑی مدت کے بعد آنحضرتؐ نے مدینہ مین مراجعت فرمائی۔

نوان باب

سنہ ۹ ہجری مطابق ۲۰- اپریل سنہ ۶۳۰ع لغایت ۹- اپریل سنہ ۶۳۱ع

سال نہم ہجرت مقدسہ اسلیے مشہور ہے کہ اِس سال مختلف بلاد عرب سے قاصدون اور سفیرون نے آآکر دین حق قبول کیا اور شارع اسلام علیہ الوف التحیہ والسلام سے بیعت کی۔

فتح مکہ سے بت پرستی کا خاتمہ سرزمین عرب مین ہوگیا اور مشرکین کے اعمال ورسوم قبیحہ بھی اوسکے ساتھ دفع ہوگئے۔ جو لوگ ابتک لات وعزی کی پرستش مین منہمک تھے اپنے اِس حصن حصین کے مسخر ہوجانے سے وہ بھی خواب غفلت سے بیدار ہوے۔ اہل مکہ اور بنی ثقیف کے مطیع اسلام ہوجانے کا نہایت قوی اثر قبائل صحرائی پر ہوا۔ تمام اطراف واکناف سے قاصد آنے لگے اور جو قبائل وحشی اسلام کے عدوے جان تھے اونکی اطاعت اور شرکت کا پیام[2] لانے لگے۔ چنانچہ

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۸۸۶- اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۰۸- اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۸۰- ملاحظہ ہو ۱۲- مولف

[2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۲۴- اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۱۹- ملاحظہ ہو ۱۲- مؤلف

سر ولیم میور صاحب اپنے تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۴ صفحہ ۱۸۱ - مین لکھتے ہین کہ - "
ان قاصدون اور سفیرون کو آنحضرتؐ نے صنادید اہل مدینہ کے گھرون مین اتارا
اور وہان اونکی بڑی خاطر و تواضع ہوئی - اور جب وہ رخصت ہوتے تھے تو اونکو ایک رقم
معتدبہ زاد راہ کے لیے دیدی جاتی تھی اور اونکے درجہ کے موافق کچھ اور تحفہ بھی اونکے نذر
کیا جاتا تھا - اکثر ایک عہدنامہ لکھکر اونکو دیدیا جاتا تھا جسمین اوس قبیلہ کے موجب و حقوق
کی ضمانت کیجاتی تھی اور اکثر ایسا ہی ہوتا تھا کہ ایک معلم اون قاصدون کے ہمراہ کردیا جاتا
تھا کہ جدید الاسلام لوگون کو فرائض و احکام دین تلقین کرے اور یہ دیکھتا رہے کہ بت پرستی
کا کہین نام و نشان بھی نہ باقی رہنے پائے -

اس زمانہ مین رومیون کو بلاد عرب کی تسخیر کرنے کا ویسا ہی خیال خام ہوا جیسا
بانی سلطنت روما[1] انگریزی کو ہوا تھا جسنے اوس ملک کو فتح کرنے کے لیے فوجین
بھیجی تھین - ہرقل قیصر روم فارسیون پر فتوح حاصل کرکے خوش و خرم
اپنی سلطنت مین پھر آیا تھا - غالباً وہ اون عجیب و غریب واقعات سے لاعلم
اور غافل نہ تھا جو ملک عرب مین گذر رہے تھے - اور شاید اوسکو وہ شکست فاش
فراموش نہین ہوگئی تھی جو اوسکی فوج کثیر کو چند عربون نے دی تھی - جب تک
قیصر موصوف کا قیام ملک شام مین رہا اوسنے اپنے صوبہ دارون کو حکم دیا کہ ایک
فوج کثیر عرب کو فتح کرنے کے لیے جمع کرین ادھر مدینہ مین یہ خبر پہونچی کہ قیصر روم

[1] یعنی اعظم قیصر جسکے عہد مین رومیون نے عرب پر فوج کشی کی تھی ۱۲ - مولف [2] اس سے روم قدیم
یعنے اطالیہ مراد ہے جسکا دارالسلطنت روم جو کسی زمانہ مین تقریباً ایک ثلث دنیا کا پایۂ تخت تھا اب تک موجود ہے
روم جدید یعنے ٹرکی مراد نہین ہے جسکا پایۂ تخت قسطنطنیہ قسطنطین اعظم کا بنایا ہوا ہے اور مسلمانون کی
اصطلاح مین سلطنت روم کہلاتی ہے ۱۲ مترجم

مسلمانون پر فوج کشی کرنے کا سامان کر رہا ہے۔ پس آنحضرت نے حکم دیا کہ افواج قاہرۂ روم سے مقابلہ کی تیاری کیجائے ماہ رجب (اکتوبر ۶۳۰ء) مین رومیون سے لڑائی ٹھہری۔ چونکہ گرمی بہت شدید پڑتی تھی اور صعوبات سفر بہت اوٹھانے پڑتے لہذا اکثر لوگون کا جی نہ چاہا کہ اوس فوج مین شریک ہون جو رومیون کے مقابلہ کو بھیجے جاتے تھے۔ منافقین نے بھڑکا بھڑکا کر مسلمانون کو اس سفر سے اور زیادہ بیزار کر دیا۔ لکن خیر کوشش بلیغ کرکے تھوڑی سی فوج تیار کیگئی۔ یہ فوج قلیل آنحضرتؐ کے ہمراہ رکاب سرحد کی طرف روانہ ہوئی۔ اثنار راہ مین مسلمانون پر گرمی اور پیاس کی طغیانی ہوئی اور ایک سفر پرخطر اور دور و دراز کرکے وہ مقام تبوک[1] مین پہونچے جو مدینہ اور دمشق کے درمیان نصف راہ پر واقع تھا اور وہان اونھون نے قیام کیا۔ مقام تبوک پر پہونچکر آنحضرتؐ کو معلوم ہوا کہ قیصر روم کو اپنے ہی ملک مین اتنے مہم سر کرنے ہین کہ مسلمانون پر فوج کشی کا وہم و گمان بھی اوسکو نہین ہے اور چونکہ اوسوقت کوئی بات ایسی نہین معلوم ہوتی تھی جس سے مدینہ کی سلطنت کو ضرر پہونچنے کا اندیشہ ہوتا لہذا آنحضرتؐ نے حکم فرمایا کہ لشکر اسلام مراجعت[2] کرے الغرض۔ مقام تبوک مین جہان پانی بھی باافراط ملا اور جانورون کے لئے چارہ وغیرہ بھی بکثرت میسر آیا بیس روز قیام کرکے مسلمانون نے ماہ رمضان[3] مین مدینہ کو مراجعت کی۔ آنحضرتؐ کے مدینہ مین داخل ہونے کے چند روز کے بعد طائف کے سفیرون نے

---

[1] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳۔ صفحہ ۲۸۵ و ۲۸۶ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۰۴ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۲۱۵۔ اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۸۵۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [3] بقول کاسن کاسن ڈی پرسول موخ کے اوس سال ماہ رمضان وسط دسمبر ۶۳۰ء مین واقع ہوا مقام تبوک مین بہت سے سرداران قرب وجوار نے آنحضرت کی اطاعت قبول کی۔ تاریخ ابن الاثیر جلد ۲۔ صفحہ ۲۱۵۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

آپ کی خدمت مین حاضر ہوکر اہل طائف کی اطاعت کا اظہار کیا اور اوسوقت تک مسلمانون کی عداوت مین جو اونکو اصرار رہا تھا اوسکی معافی چاہی۔ مگر اس مقام پر اون واقعات کی کچھ کیفیت لکھنی ضرور ہے جنکے باعث سے اہل طائف کی راے مین یہ تغیر واقع ہوا۔ اہل طائف کا سردار عروہ جو حدیبیہ کے معاملہ مین قریش کا سفیر رہا تھا اوسکو دین اسلام کے برحق ہونے کا ایسا یقین ہوگیا اور باقی اسلام کے حلم اور شفقت وعنایت نے اوسکے دل پر ایسی تاثیر کی کہ مسلمانون کے مدینہ مین مراجعت کرنے کے تھوڑے روز کے بعد وہ آنحضرت کی خدمت مین حاضر ہوکر اسلام سے مشرف ہوا۔ چنانچہ سر ولیم میور صاحب تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۴۔ صفحہ ۲۰۳۔ و ۲۰۴ مین لکھتے ہین کہ وے پہلے عروہ کے دل مین یہ آیا کہ طائف کو پھر جاے اور اپنے اہل وطن سے کہے کہ اون نعمات و برکات مین شریک ہون جو اس دین جدید نے بندگان خدا کو بخشی ہین۔ آنحضرتؐ چونکہ اہل طائف کے تعصب اور جہالت سے خوب واقف تھے لہذا آپ نے عروہ کو مکرر منع فرمایا کہ خبردار طائف مین نہ جانا مگر عروہ یہ سمجھکر کہ اہل طائف مجھسے بہت راضی ہین اپنے عزم پر قائم رہا وہ شام کے وقت طائف مین پہونچا اور اوسیوقت اپنے تبدیل مذہب کرنے کا اعلان کیا اور اہل طائف کو بھی اپنا ہم مذہب بنالینا چاہا۔ دوسرے روز صبح کو اوسنے پھر اہل طائف کی دعوت دین اسلام کیطرف کی مگر اوسکے کلام سے اون جہال کو ایسا طیش آیا کہ اوس بیچارہ کو شہید کر ڈالا۔ اوسوقت عروہ نے کہا کہ مین نے اپنی جان اپنے آقا پر اپنی قوم کے لیے تصدق کی۔ شکر کرتا ہون اوس خدا کا جسنے مجھے خلعت شہادت سے خلعت کیا اور مسلمانون کی سنت کی کہ مجھے شہدلے حنین کے پہلو مین دفن کرنا[1]

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۱۴ - ۹۱۵ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۱۶ - ملاحظہ ہو - ۱۲ - مؤلف -

اس واقعہ کے بعد یہ ہوا کہ جب اہل طائف قبائل صحرائی سے لڑتے لڑتے عاجز آگئے تو اونہون نے وہ سفیر آنحضرت کی خدمت مین بھیجے جنکا ذکر سابق مین کیا گیا کہ عفو قصور کرائین اور اونکے دائرۂ اسلام مین داخل ہونے کی التجا کرین۔ تاہم اونھون نے اپنے بتون کے لیے چند مدت کی امان مانگی۔ پہلے دو سال کی مہلت طلب کی پھر ایک سال کی پھر چھ مہینہ کی۔ مگر یہ التجا اونکی ہرگز نہ قبول ہوئی۔ تب اونھون نے پھر استغاثہ کیا کہ ایک مہینہ کی مہلت تو ہمکو ضرور عطا ہو۔ مگر آنحضرت نے یہ بھی نہ منظور فرمایا۔ کیونکہ اسلام اور شرک کا اجتماع غیر ممکن تھا۔ تب اونھون نے عرض کیا کہ نماز ہمارے یہ سے ہمکو بری فرمائیے۔ آنحضرت نے جواب دیا کہ بغیر عبادت کے دین کوئی چیز نہیں ہے[۱] آخر کو اونھون نے ملول و محزون ہوکر ان سب تکالیف کو گوارا کر لیا۔ مگر اس تکلیف سے وہ بری کر دیئے گئے کہ اپنے بتون کو اپنے ہاتھ سے توڑین اور اس کام پر ابوسفیان ابن حرب اور مغیرہ ابن شعبہ مقرر کیے گئے ادھر تو یہ دونو شخص بتون کو توڑتے جاتے تھے ادھر طائف کی عورتین چلا چلا کر رو رہی تھین اور سر پیٹ رہی تھین کہ ہای ہمارے معبودون کو ستیاناس کیے ڈالتے ہین

قریب اسی زمانہ کے قبیلہ بنی طی نے بغاوت پر آمادہ ہوا اور اونکے بت پرست ملاؤن نے اونکی آتش عناد کو اور زیادہ افروختہ کیا۔ کچھ تھوڑی فوج حضرت علیؓ کے ہمراہ روانہ کیگئی کہ اونکو مطیع اسلام کر لین اور اونکے بتون کو توڑ ڈالین۔ اوس زمانہ مین قبیلہ بنی طی کا سردار عدی ابن حاتم طائی تھا اور حاتم طائی وہ مشہور و معروف شخص ہے جسکی جود و سخا کی مدح سرائی تمام مشرقی ملکون مین شعراء نے کی ہے

---

[۱] تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۱۷۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف [۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۱۰ اور تاریخ طبری جلد ۳۔ صفحہ ۲۶۱ - ۲۶۳ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

جب حضرت علیؓ وہان پہونچے تو عدی ملک شام مین بھاگ گیا- مگر اوسکی بہن اور چند اشراف بنی طے مسلمانون کے ہاتھ لگے- بڑی عزت و توقیر سے اونکو مدینہ مین لائے اور آنحضرت نے دختر حاتم اور اوسکے ہمراہیون کو فوراً رہا کردیا اور بہت سے بیش بہا تحائف اونکو عنایت فرمائے- دختر حاتم نے ملک شام مین جاکر اپنے بھائی عدی سے آنحضرت کی کریم النفسی کی تعریف کی- اوس تعریف کا اثر عدی کے دل پر ایسا ہوا کہ فوراً مدینہ کو روانہ ہوا- اور وہان پہونچکر آنحضرت کا شکریہ ادا کیا اور مشرف باسلام ہوا- پھر جب اپنے قبیلہ مین پھر آیا تو اہل قبیلہ کو سمجھایا کہ بت پرستی سے باز آؤ- آخر الامر بنی طے جو ابتک بڑے پکے مشرک تھے بڑی پاک اعتقاد مسلمان ہوگئے-

اس سال کے آخر مین ماہ ذیحجہ مین ابوبکرؓ مناسک حج ادا کرنے کے لیے مکہ معظمہ گئے اور حضرت علیؓ بھی حجاج کے ساتھ رسول اللہ کا یہ حکم لیکر روانہ ہوے کہ مکہ مین جاکر منادی کرادو کہ مشرکین کعبہ شریف کی حدود مقدسہ مین قدم نہ رکھنے پائین کہ یہ گھر خداے پاک کا ہے- عید الاضحیٰ کو جسے یوم النحر بھی کہتے ہین حضرت علیؓ نے ایک مجمع کثیر مین وہ کلام معجز نظام پڑھا جس سے بت پرستی اور اوسکے ذمائم و رذائل کی بیخ کنی ہوگئی- وہ کلمات یہ ہین "اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نکرے اور نہ برہنہ ہوکر طواف حرم کرے- جس شخص سے رسول اللہ نے کوئی عہد و پیمان کیا ہے وہ عہد اوسوقت تک نافذ و قائم رہیگا جبتک کہ اوسکی میعاد ختم ہو- باقیماندہ لوگون سے

---

۱۲ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۴۸- ۹۴۹- اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲- صفحہ ۲۱۸- اور تاریخ طبری جلد ۳- صفحہ ۱۷۱- ۱۷۲- ملاحظہ ہو- عدی ابن حاتم طائی ماہ ربیع الثانی سنہ ۹ ہجری (جولائی و اگست سنہ ۶۳۰ء) مین مسلمان ہوا لہذا اوسکا ذکر فیل جنگ تبوک کے کرنا چاہیے تھا- مگر مین نے اس کتاب کی ترتیب مین مورخین عرب کی تقلید کی ہے- شیخ سعدی شیرازی نے بوستان مین چند اشعار آبدار مین دختر حاتم طائی کی حکایت نظم کی ہے اور مؤلف

ہر شخص کو چار مہینہ کی مہلت دیجاتی ہے کہ اپنے ملک مین پھر جائے - اس میعاد کے بعد کسی شخص کا کوئی فرض رسول اللہ پر نہ باقی رہیگا سوائے اون لوگون کے جنسے معاہدہ کر لیا گیا ہے[۵۱] "

یہ فرمان عام رسول اللہ کا مورخین اسلام کی اصطلاح مین ابراءنامہ کہلاتا ہے اور اس سے آنحضرت کی حکمت اور دوراندیشی ظاہر و باہر ہے - جو تمدنی اور اخلاقی حالت عرب کی اوسوقت موجود تھی اوسکا اب باقی رہنا غیر ممکن تھا - کیونکہ مشرکین ہر سال حج کے زمانہ مین مسلمین کے ساتھ خلط ملط ہوتے تھے - پس اگر مشرکین کو اونکے اعمال خبیثہ اور رسوم قبیحہ کے بجالانے کی اجازت دیجاتی تو جو اصلاح اعتقادات اور اخلاق عامہ مین آنحضرت نے ایسی مشقت و جانکاہی کرکے فرمائی تھی وہ جلد ضایع و برباد ہوجاتے - تاریخ اس بات پر گواہ ہے کہ ایک برگزیدہ و نگزیدہ شیعہ[۵۲] اوسی قوم کا جس قوم سے عرب تھے مشرکین مین آکر بس چکا تھا اور اوس شیعہ کے پیشواؤن نے بعل کے پوجنے والون کو قتل و قمع کرکے یہوواہ[۵۳] کی پرستش قائم رکھی تھی - مگر وہ فرقہ بالکل محروم و ناکام رہا تھا - بنی اسرائیل پر نہ صرف قرب و جوار کے مشرکین کی مصاحبت و موانست کا اثر ہوا تھا بلکہ بنی اسرائیل ایسی ایسی قبیح و مکروہ حرکتین کرتے تھے کہ مشرکین سے بھی بدتر ہوگئے تھے - پس ہم پوچھتے ہین کہ کیا مقتضی عقل سلیم یہ تھا کہ آنحضرت ان قدیم بنی اسرائیل کی تقلید کرتے یا پیروان دین مسیحؑ کی روش اختیار کرتے جنکی سخافت و خرافت کا یہ حال تھا کہ صرف اتنی بات پر آپسمین لڑے مرتے تھے کہ ساری دنیا کو یہ اعتقاد

[۵۱] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۲۱ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۲۲۲ - اور تاریخ ابوالفدا صفحہ ۸۶ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۵۲] یعنی یہود جو اولاد اسحق تھی اور عرب اولاد اسمعیل تھی ۱۲ - مترجم [۵۳] عبرانی نام اللہ

ہو جائے کہ ایک پادری کی دعا پڑھنے سے روٹی اور شراب مقلوب الماہیت ہو کر حقیقۃً لا مجازاً گوشت اور خون حضرت مسیح کا ہو جاتا ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک رسول اللہ نے اپنی طبیعت الہامی سے وہ وسائل اختیار کیے جو بادی النظر میں البتہ سخت تھی مگر جنکا نتیجہ اور مآل بندگان خدا پر فضل و رحم ہوا۔ الغرض وہ مجمع کثیر حجاج کا حضرت علیؓ کی اس پُر تاثیر تقریر کو سُنکر اپنے اپنے وطنوں کو پھر گیا اور ہنوز یہ سال ختم نہ ہوا تھا کہ اکثر لوگ اونمیں سے مسلمان ہو گئے۔

حاشیہ متعلقۂ باب ۹

یہ گمان کرنا بالکل غلط ہے کہ اس موقع پر حضرت علیؓ نے کوئی سورہ قرآن مجید کا تلاوت کیا تھا۔ غالباً اس فرمان یا ابراءنامہ کے مضامین کا ماخذ بعض آیات سورۂ توبہ ہین۔ مگر اس سورہ مین مختلف واقعات کا ذکر ہے جو مختلف زمانون مین ہوئے تھے لہذا قیاس اسکا مقتضی نہین ہو کہ حضرت علیؓ نے اس سورہ سے اپنی تقریر اخذ کی تھی۔ سر ولیم میور صاحب اس ابرازنامہ کو عزم جنگ کا اعلان قطعی سمجھے ہین۔ مگر اس مؤرخ کو اسلام سے ایسا تعصب شدید ہے اور غلبہ نصرانیت اسقدر ہے کہ یہانتک نوبت پہونچی ہے کہ بعض امور مین اسنے عرب کی شرک عظیم کو اسلام پر ترجیح دی ہے۔ چنانچہ اس موقع پر یہ مورخ لکھتا ہے کہ "جب پیغمبر اسلام صحف سماویہ یعنی توریت و انجیل سے اپنا اعتقاد ظاہر کر کے یہود و نصاریٰ کو مدت تک فریب دیچکے تو آخر کار اونسے علحدہ ہو گئے" اسی زمانہ مین آنحضرتؐ نے اوس زمانہ کے یہود و نصاریٰ کی بدعتون اور شقاوتون پر سخت لعن و طعن کی تھی اور اونکے رہبان و قسیسین کو قرآن مجید مین بہت درست و صحیح لکھا ہے کہ انّ کثیرا من الاحبار والرھبان لیاکلون اموال الناس بالباطل سبحان اللہ۔ اس راست گوئی کو سر ولیم میور صاحب فرماتے ہین کہ یہود و نصاریٰ کو فریب دیا اور آخر کو اونسے قطع تعلق کیا۔ معاذ اللہ اس تعصب کا کچھ ٹھکانا ہے ۱۲ مؤلف۔

دسنوان باب

سنہ ہجری مطابق ۹- اپریل سنہ ۶۳۱ء لغایت ۲۹- مارچ سنہ ۶۳۲ء

سال گذشتہ کی طرح اس سال بھی صدہا سفیر عرب کے ہر صوبہ سے مدینہ مین آئے اور اپنے قبائل اور سرداران قبائل کی اطاعت کا اظہار آنحضرت سے کیا جن اصحاب کو آپ نے مختلف صوبجات مین تعلیم و تلقین خلائق کے لیے بھیجا اونکو ہمیشہ یہی حکم دیا کہ "لوگون سے نرمی کرنا سختی نہ کرنا- اونکی دلجوئی کرنا اور اونکو فضیحت نہ کرنا- اور تمکو بہت سے اہل کتاب[۵۱] ملین گے اور وہ تمسے پوچھین گے کہ بہشت کی کنجی کیا چیز ہے- تم اونکو یہ جواب دینا کہ کلید جنت وجود باری تعالے کی گواہی دینا اور اعمال نیک کرنا ہے[۵۲]-"

آنحضرت کی رسالت کی تکمیل اب ہوگئی تھی- ایک ایسی قوم مین جو جہالت وضلالت مین ڈوبے ہوئے تھے ایک نبی مبعوث ہوا تھا جسنے "اونکو خدا کی نشانیان پڑھکر سنائین تاکہ وہ پاک ہوجائین اور اون لوگون کو کتاب مقدس اور علم سکھایا جو پیشتر بالکل تاریکی مین گھرے ہوئے تھے-" اوس پیغمبر نے اپنی امت کو ایک نہایت ذلیل اور خونخوار شرک و بت پرستی مین مبتلا دیکھا اور اوسنے اونکے قلوب مین خدائے برحق و یگانہ کا اعتقاد ڈالدیا- اوسنے اونمین باہم نفاق اور ہمیشہ جنگ و جدل دیکھا اور اونمین برادرانہ لطف و محبت پیدا کرکے سب کو ایک

---

[۵۱] یعنی یہود و نصاری اور غالبًا مجوس بھی ۱۲- مولف [۵۲] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۰۷- ملاحظہ ہو گر اس مورخ نے آنحضرت کی اس ہدایت کا صرف ایک جزو لکھا ہے ۱۲- مؤلف [۵۳] هو الذی بعث فی الامیین رسولا منهم یتلوا علیهم اٰیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة وان کانوا من قبل لفی ضلال مبین قرآن مجید سورہ جمعہ آیت ۲- ۱۲- مؤلف

قوم کر دیا - چنانچہ سر ولیم میور صاحب لکھتے ہین کہ "خدا جانے کتنا زمانہ گذرا تھا کہ مکہ اور تمام جزیرہ نمائی عرب ایک سکتۂ روحانی کے عالم مین مبتلا ہو گیا تھا شریعت موسوی اور دین مسیحی اور فلسفہ یونان کا اثر عرب کے نفوس پر ایسا ہوا تھا جیسے کسی جھیل کے پانی کے سطح پر کبھی کبھی کوئی لہر آجاتی ہے - مگر پانی کے نیچے کہین ذرا سی بھی حس و حرکت نہین معلوم ہوتی - الغرض - عرب کے لوگ کفر و ضلالت اور بیرحمی اور بد اعمالی کے دریا مین غرق تھے - چنانچہ یہ رسم قبیح[1] اونمین جاری تھا کہ سب سے بڑا بیٹا اپنے باپ کے ازواج کو اپنی ترکہ مین محسوب کر کے اونسے شادی کر لیتا تھا - اور اونکی غرور و نخوت سے دختر کشی کا رسم اونمین بھی اوسیطرح جاری ہو گیا تھا جسطرح فی زمانہ ہنود مین جاری ہے - وہ یہ نہ جانتے تھے کہ آخرت بھی کوئی چیز ہے اور نیکی کی جزا اور بدی کی سزا عقبی مین ضرور ملیگی" آنحضرت کی بعثت کے چند ہی سال پیشتر تو عرب کی یہ حالت تھی - مگر اللہ اکبر اسی چند سال کے عرصہ مین کیا انقلاب عظیم واقع ہوا - معلوم ہوتا تھا کہ گویا کسی فرشتہ نے آسمان پر سے نازل ہو کر اون لوگون کے دلون مین جو بیشتر نہایت اعمال زشت اور نیم وحشیانہ افعال مین منہمک رہتے تھے برادرانہ محبت و شفقت ڈالدی جو ملک پہلے مکارم اخلاق سے بالکل معرا تھا اور جہان تمام قوانین اخلاقی اور احکام ربانی کی توہین اور مخالفت عمداً اور بلا تردد کیجاتی تھی وہی ملک اب منقلب الماہیت ہو کر ایک خارزار سے گلزار بنگیا - شرک و بت پرستی اور جو فسق و فجور اوس سے پیدا ہوا تھا وہ سب بالکل دفع ہو گیا - شریعت موسوی اور دین مسیحی مدت سے کوشش کر رہے تھے کہ [illegible] عرب سے اونکی خبیث اور شیطانی رسوم ترک کرادین مگر جب اونھون نے

[1] اس رسم قبیح کو قرآن مجید مین نکاح المقت یعنی حرام نکاح کے لفظ سے تعبیر کیا ہے ۱۲ - مؤلف

رسول عربیؐ کے پُرتاثیر اور ولولہ انگیز کلام کو سُنا تب ہی اونکو اوس خدائے برحق
دیگانہ کے وجود کا ادراک ہوا جسکی قدرت اور رحمت تمام عالم پر محیط ہی۔ اور تب ہی
اونکو یہ خیال آیا کہ ہمارے اغراض صرف اس دنیائے فانی سے متعلق نہین ہین
بلکہ قبر کے اندر بھی کوئی شے نہایت برگزیدہ اور پاک و پاکیزہ ہی جو ہمکو عدل اور احسان
اور عمل نیک کرنیکا حکم کرتی ہے۔ ہمارا خدا وہ خدا نہین ہے جو آج ہے اور کل فنا
ہو جائیگا اور جو پتھر اور لکڑی کو تراش کر بنایا گیا ہے بلکہ ہمارا پروردگار
قادر مطلق رحمن و رحیم غیر مرئی اور خلّاق عالم ہے۔ اس جدید خیال اور اس
تازہ ادراک کا باعث خداوند عالم کے حکم سے آنحضرتؐ ہی ہوے اور عرب کو
حیات ابدی اور نعمات بہشت کی امید اور عقوبات دوزخ کے بیم آپؐ ہی کے بدولت ہوئی
پس اونھون نے ویسی اطاعت اور وہ احترام آپؐ کا کیا جسکے لائق و سزاوار آپؐ
تھے۔ اب اونکے دل مین صرف ایک خواہش پیدا ہوئی وہ یہ کہ خدا کی عبادت
سچّے دل اور خالص نیت سے کرین اور تمام معاملات دنیا مین اوسکی شرایع و
احکام کی پابندی کرین۔ وہ سچی باتین اور ٹھیک اصول اور عمدہ نصیحتین جو اس
بیس سال کے عرصہ مین آنحضرتؐ نے اپنے پیروان پاک اعتقاد کو وقتاً فوقتاً کی تھین
اونکے دلون مین محزون تھین اور اونھین اصول پر اونکا ہر فعل مبنی ہوتا تھا
شرع اور اخلاق عامہ متحد کر دی گئی۔ چنانچہ سر ولیم میور صاحب تذکرہ پیغمبر اسلام
جلد ۲۔ صفحہ ۲۶۹۔ مین فرماتے ہین کہ "جب دین مسیحی نے دنیا کو خواب غفلت سے
بیدار کیا تھا اور شرک و بت پرستی سے جہاد عظیم کیا تھا اوسوقت سے حیات روحانی
کبھی ایسی برانگیختہ نہوئی تھی اور نہ ایسا غلو کسی مذہب مین ہوا تھا جیسا دین اسلام
مین ہوا۔ اس دین کے پیروان خوش اعتقاد نے کیسے کیسے نقصانات صرف اپنے

ایمان کی خاطر سے اوٹھائے اور اون نقصانات کی تلافی مین مال غنیمت کس خوشی سے لے لیا ۔ الغرض - اب آنحضرتؐ کی رسالت کی تکمیل ہو چکی تھی اور آپؐ کی حین حیات اس کار عظیم کا انجام پا جانا صاف اس امر پر دال ہے کہ تمام انبیاے بنی اسرائیل اور عقلاء ہند و مصر و فارس اور حکماء و فلاسفۂ یونان پر آپؐ شرف و فضیلت رکھتے ہین - یعنے موسیٰ اور عیسیٰ اور زردشت[1] اور ساکیا منی اور افلاطون ان سب کے خیالات ربّ العالمین کے باب مین جدا گانہ تھے اور سب کے مزعومات و مظنونات اس باب مین مختلف تھے کہ نفس انسانی سے رذائل کو دفع کر کے ایک تازہ حیات روحانی بخشنے کی کیا سبیل ہے - مگر یہ سب اس دنیاے فانی سے اسطرح سے رحلت کر گئے کہ انکے عالی حوصلے پورے نہوے اور انکی بلند امیدین نہ بر آئین بایہ ہوا کہ یہ لوگ اپنے ہمجنسون کو اعلیٰ مدارج انسانیت پر پہونچا دینے کا کام اپنے خونخوار و سفاک مریدون اور اپنے شاگرد بادشاہون پر موقوف رکھکر اس دنیا سے چلے گئے - یہ بات شارع اسلامؐ ہی کے لیے مخصوص ہے کہ آپؐ نے اپنی رسالت کی بھی تکمیل کی اور اپنے متقدمین کے رسالت کو بھی کامل کر دیا - اور صرف آپؐ ہی کے واسطے یہ ہوا ہی کہ آپؐ کی حیات مین اصلاح بنی آدم کا کام ختم ہو گیا - کوئی بادشاہ آپؐ کا مرید بنکر آپؐ کی حمایت کے لیے نہین آیا اور آپؐ کے احکام کو فرامین شاہی کے ذریعہ سے نافذ نہین کیا - پس کیا مسلمانون کا یہ کہنا بیجا ہے کہ یہ سارا کام خود خداوند عالم نے انجام دیا - جب تمام اطراف و اکناف عرب سے لوگ جوق جوق آکر مشرف باسلام ہوے

[1] زردشت بانی دین مجوس اور ساکیا منی یعنی گوتم بانی مذہب بودہ تھا ۱۲ سرحم [2] جیسے بنی اسرائیل مین یوشع ابن نون اور پیروان بودہ مین راجہ اسوکا اور پیروان زردشت مین وراز اور عیسائیون مین قسطنطین اعظم گذرے ہین

اوسوقت آنحضرتؐ کو معلوم ہوا کہ میرا کام پورا ہوگیا اور آپؐ کو یقین ہوگیا کہ اب موت قریب ہی لہذا آپؐ نے آخری حج یعنے حجۃ الوداع کا عزم فرمایا۔ ۲۵- ذیقعدہ کو رسول اللہؐ ایک انبوہ کثیر مسلمانون کا ہمراہ لیکر مدینہ سے روانہ ہوے۔ اور جب مکہ مین پہونچے تو مناسک حج ادا کرنے سے پیشتر آنحضرتؐ نے جبل العرفات سے مجمع حجاج کیطرف خطاب فرماکر وہ خطبہ پڑھا جسکے کلمات سب مسلمانون کے دلون پر نقش کالحجر ہین۔

"ایہا الناس۔ میرا کلام بگوش ہوش سنو۔ اسواسطے کہ مین نہین جانتا کہ مجھے دوسرا سال بھی دیکھنا نصیب ہوگا"

"تمہاری جان اور مال محفوظ ہے اور ایک کا مال دوسرے پر حرام ہے تاوقتیکہ تم خداوند عالم سے ملاقات کرو۔ جسطرح آج کا دن اور یہ مہینہ سب کیلیے حرمت کا مہینہ ہے۔ اور یہ یاد رکھو کہ تمکو خدا کے روبرو حاضر ہونا پڑیگا اور وہ تمسے تمھارے افعال کی بازپرس کریگا۔ ایہا الناس۔ تمہارے حقوق تمھاری بیبیون پر ہین اور تمھاری بیبیون کے حقوق تمپر ہین۔ اپنی بیبیون سے مہربانی کے ساتھ پیش آؤ۔ تحقیق کہ تم نے خدا کو ضامن دیکر اونکو لیا ہے اور اونکے نفسون کو خدا کے کلام کے بموجب اپنے اوپر حلال کرلیا ہے۔ اب رہے تمہارے لونڈی غلام۔ پس اونکو وہی کھانا کھلاؤ جو تم خود کھاتے ہو اور وہی کپڑا پہناؤ جو تم خود پہنتے ہو۔ اور اگر وہ کوئی ایسا قصور کرین جسے تم معاف کرنا نہ چاہو تو اونکو آزاد کردو کیونکہ وہ خدا کے بندے ہین اور اونسے بدرشتی نہ پیش آنا چاہیئے"

"ایہا الناس۔ میرے کلام کو توجہ سنو اور اوسکو سمجھو۔ تمکو معلوم ہو کہ

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۶۶۔ اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ صفحہ ۲۳۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہین - تم سب ایک برادری ہو - جو چیز دوسرے شخص کی ہو وہ اوسکے بھائی پر حلال نہین ہے الا اینکہ وہ برضا و رغبت خود اوسکو بخشدے - ناانصافی اور حق تلفی کرنے سے اپنے نفس کو بچاؤ"

"جو شخص یہان موجود ہے وہ اوس شخص سے کہے جو یہان موجود نہین ہے شاید جس شخص سے یہ کلام نقل کیا جاے وہ اوس شخص سے زیادہ اسکو یاد رکھے جسنے اسکو خود سُنا ہے -"

اس خطبہ کے آخر مین جب آنحضرتؐ نے سامعین مین سخت جوش و خروش دیکھا تو آپؐ پر بھی رقت طاری ہوئی اور آپؐ نے باآواز بلند فرمایا "خداوندا مین نے اپنی رسالت کو ادا کر دیا اور اپنے کام کو ختم کر چکا" اوس انبوہ کثیر نے جو اوسوقت جمع تھا بالاتفاق چلّاکر کہا "بلی یا رسول اللہؐ آپؐ تبلیغ رسالت فرما چکے ہین" تب آپؐ نے فرمایا "خداوندا مین تجھسے التجا کرتا ہون کہ اسپر گواہ رہنا -"

ان کلمات پر آنحضرتؐ نے خطبہ تمام کیا - منقول ہے کہ یہ خطبہ طویل تھا اور نہایت فصیح و بلیغ اور پُر جوش تھا -

اسکے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد مناسک حج کو بجالاکر آنحضرتؐ نے مدینہ کو مراجعت فرمائی - آنحضرتؐ کی زندگی کا آخری سال مدینہ منورہ مین بسر ہوا - اس سال کے ابتدا مین آپؐ نے اون صوبجات کے انتظام کو درست کیا اور اون قبائل عرب کو مرتب کیا جنسے سلطنت اسلامیہ مرکب ہوئی تھی - یہ بھی تیاری ہونے لگی کہ رومیون سے تلافی اوس سفیر اسلام کے خون ناحق کے طلب کیجاے جسکو اونھون نے ملک شام

لہ تاریخ ابن ہشام صفحہ ۹۶۸ - و ۹۶۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

مین مارڈالا تھا - مگر آنحضرتؐ ایسے سخت علیل ہوگئے اور ایسے آثار و علامات موت آپؐ پر طاری ہوے کہ یہ مہم معطل رہا اور اون چند کاذبین[1] کو سزا دینا بھی ملتوی رہا جو بعض صوبجات مین رسالت کے مدعی ہوے تھے اور اپنے فسق و فجور اور نہب و غارت کو نبوت کہتے تھے - ایک یہودیہ نے جو آپؐ کو خیبر مین زہر دیا تھا وہ آپؐ کے جسم شریف مین ایسا سرایت کرگیا تھا کہ اوسکا اثر اب محسوس ہوا -

آنحضرتؐ کے آخر ایام زندگانی مین یہ بات یادگار ہے کہ آپؐ کا نفس مطمئن رہا اور ہوش و حواس بجا رہے اور باوجود شدت ضعف و نقاہت کے اپنی وفات سے تین روز پیشتر تک آپؐ نماز جماعت پڑھایا کیے - ایک روز نصف شب کو آپؐ اوس مقام پر تشریف لیگئے جہان بعض انصار دفن تھے اور اونکی قبرون پر فاتحہ پڑھکر آپؐ بہت روئے اور اونکی مغفرت کی دعا مانگی - جبتک آپؐ بیمار رہے مسجد نبیؐ کے قریب حضرت عائشہؓ کے گھر مین آپؐ نے قیام فرمایا جبتک قوت نے وفا کی نماز جماعت پڑھایا کیے آخر مرتبہ جو آپؐ مسجد مین تشریف لیگئے تو آپؐ کے دو چچازاد بھائی - یعنی علی ابن ابیطالبؓ اور فضل ابن عباسؓ آپؐ کا ہاتھ پکڑکر لیگئے - اوسوقت حاضرین مجلس نے ایک عجب کریمانہ تبسم آپؐ کے لبہاے مبارک پر ملاحظہ کیا - آپؐ نے منبر پر تشریف لیجاکر اور حمد خدا بجالاکر حضار محفل سے خطاب کرکے فرمایا "اے مسلمانون - اگر مین نے تم مین سے کسی شخص کا کچھ نقصان کیا ہے تو مین اوسکی جوابدہی کو موجود ہون - اگر مین کسیکا قرضدار رہون تو جو کچھ میرے پاس ہے وہ اوسکا مال ہے - "، اوسوقت

[1] ان کاذبین کا پورا حال تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۲ صفحہ ۲۰۹ - مین لکھا ہے ۱۲ - مؤلف -

ایک شخص نے اوٹھکر عرض کیا یا رسول اللہ میرے تین درہم آپؐ پر آتے ہین جو آپؐ نے فلان سائل کو دلوائے تھے - وہ درہم اوسکو فوراً دیدیے گئے اور آپؐ نے فرمایا "اس دنیا کی ذلت گوارا ہے عاقبت کی رسوائی گوارا نہین ہے" تب آنحضرتؐ نے حضار مجلس کے لیے دعاے خیر کی اور اون لوگون پر رحمت خدا بھیجی جو دشمنان دین کے ہاتھ سے شہید ہوے تھے اور سب لوگون کو فرائض دینی بجالانے اور صلح واشتی اپنا شعار رکھنے کی تاکید فرمائی - اور کلام کو ان آیات قرآن مجید پر ختم فرمایا "اور زندگانی[1] آخرت ہم اون لوگون کو بخشین گے جو اس دنیا مین بلند مرتبہ ہونا نہین چاہتے ہین اور جو ظلم نہین کرتے ہین تحقیق پرہیزگارون کا انجام بخیر ہوگا"

اسوقت کے بعد پھر آنحضرتؐ کبھی نماز جماعت پڑھانے نہین تشریف لیگئے اب آپؐ کی قوت بہت جلد زائل ہونے لگی اور ۱۲- ربیع الاول مطابق ۸- جون سنہ ۶۳۲ء کو دوپہر کے وقت آپؐ نے چپکے سے کچھ دعا پڑھی اور روح مبارک خلد بریں[2] کو پرواز کر گئی

مورخین عرب نے محمد ابن عبد اللہ کے اوصاف حمیدہ اور کمالات عقلی کو بڑے فخر وسباہات سے بیان کیا ہے - بڑے آدمیون سے آپؐ اخلاق فرماتے تھے

---

[1] قرآن مجید سورہ ۲۸- آیت ۸۳- اور تاریخ ابن الاثیر صفحہ ۲۴۱- اور تاریخ طبری صفحہ ۲۰۷- جلد ۳ ملاحظہ ہو- طبری اور ابن الاثیر دونون کا قول ہے کہ اس کلام کا آخری جزو آپؐ نے اون لوگون سے خطاب کرکے فرمایا تھا جو عائشہ کے گھر مین آپؐ کے عیادت کو آتے تھے- ابن ہشام اور بعض دیگر مورخین اسلام نے جنکی تقلید مورخین یورپ نے بھی کی ہے لکھا ہے کہ یہ تقریر آنحضرتؐ نے اوسوقت فرمائی تھی جبکہ آپؐ نماز جماعت پڑھانے کے قابل نہ رہے تھے اور آپؐ نے حضرت ابوبکر کو نماز جماعت پڑھانے کے لیے بھیجا تھا ۱۲- مؤلف

[2] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۰۰۹- اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲- صفحہ ۲۴۴- اور تاریخ ابوالفدا ۱۹- اور تاریخ

۱۲- مؤلف

اور غریبون سے حلم و فروتنی اور متکبرون سے بزرگانہ برتاؤ - یہی وجہ تھی کہ سب لوگ آپؐ کا احترام کرتے تھے اور آپؐ کے مداح و رطب اللسان رہتے تھے - آپؐ کے نیک نہادی اور دریادلی چہرۂ مبارک سے عیان تھی - گو آپؐ نبی اُمّی تھے یعنے علوم رسمی سے ماہر نہ تھے مگر حقائق اشیاء اور اسرار کبریا سے خوب واقف تھے خداوند عالم نے یہ کرامت آپؐ ہی سے مخصوص فرمائی تھی کہ عالم و جاہل دونون پر آپؐ کے کلام اور صحبت کا اثر برابر ہوتا تھا - اور ساتھی اسکے آپؐ کے چہرۂ مبارک پر ایسا رعب و دبدبۂ شاہانہ تھا اور ایسے آثار عظمت و جلالت عیان تھے کہ جو لوگ آپؐ سے مشرف ہوتے تھے خواہ مخواہ آپؐ کا احترام کرتے تھے اور آپؐ سے محبت کرنے لگتے تھے -

دنیاداری کی باتون سے آپؐ بالکل ناواقف تھے مگر نہایت طبع رسا اور ذہن عالی رکھتے تھے اور بڑے نازک خیال اور بلند پرواز اور باریک بین تھے - اور آپؐ کو لوگ کہتے تھے کہ پردہ نشین عورتون سے بھی زیادہ حیا رکھتے ہین اپنے خردون کا نہایت پاس و لحاظ فرماتے تھے اور اپنے پستہ قد اور بدقوارہ غلام پر بھی کبھی خفا نہ ہوتے تھے گو اوسنے کیسا ہی قصور کیا ہو - چنانچہ انس ابن مالک[1] کا قول ہے کہ مین دس برس رسول اللہ کی خدمت مین حاضر رہا مگر آپؐ نے کبھی مجھے اُف تک نہین کہا - اپنے اہلبیتؑ سے آپؐ بہت محبت رکھتے تھے ایک صاحبزادہ آپؐ کا اپنے اتا کے گھر مین جہان دھوان بہت ہو رہا تھا آپؐ کے سینہ پر مرگیا اور وہ اتا ایک لہار کی بی بی تھی - آپؐ بچون کے عاشق زار تھے

[1] تاریخ ابن ہشام صفحہ ۱۰۰۹ - اور تاریخ ابن الاثیر جلد ۲ - صفحہ ۲۴۴ و ۲۴۵ - اور تاریخ ابوالفداء صفحہ ۹۱ - اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۳ - صفحہ ۳۲۲ - اور حاشیہ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف -

راہ مین بچون کو ٹھہراکر اونکے رخسارون پر دست شفقت پھیرتے تھے۔ آپ نے عمر بھر کبھی اپنے ہاتھ سے کسی کو نہین مارا۔ جب آپ کسی سے کلام کرتے تھے تو سب سے بدتر کلمات جو آپ کی زبان مبارک سے نکلتے تھے یہ تھے کہ "اسکو کیا ہوگیا ہے خدا کرے اسکی پیشانی مٹی سے آلودہ ہوجاے"۔ کسی شخص نے عرض کیا کہ فلان شخص پر لعنت کیجئے تو آپ نے فرمایا کہ "مین بندگان خدا پر لعنت کرنے کو نہین مبعوث ہوا ہون بلکہ رحم کرنے کو آیا ہون۔"

"آپ بیمارون کی عیادت کو تشریف لیجاتے تھے اور جو جنازہ راہ مین ملتا تھا اوسکی مشایعت فرماتے تھے اور غلام کی دعوت بھی قبول کرلیتے تھے اور اپنی کپڑے اپنے ہاتھ سے سیتے تھے اور بکریون کا دودھ خود دوہتے تھے اور سارا کام اپنا خود کرتے تھے۔ آپ نے اپنے ہاتھ کو دوسرے شخص کے ہاتھ سے کبھی پہلے نہین کھینچا اور جبتک دوسرا شخص منھ نہ پھیر لیتا تھا آپ کبھی منھ نہ موڑتے تھے"۔ دوسری حدیث مین وارد ہوا ہے کہ آپ[1] سب سے زیادہ سخی اور سب سے زیادہ جری اور سب سے زیادہ صادق القول تھے۔ اور سب سے زیادہ متدین محافظ اون لوگون کے تھے جو آپ کے زیر حفاظت تھے اور سب سے زیادہ خوش تقریر اور سحر بیان تھے۔ جو لوگ آپ کو دیکھتے تھے فوراً آپ کا احترام کرتے تھے اور جو لوگ آپ کے قریب آتے تھے آپ سے محبت کرنے لگتے تھے اور جو لوگ آپ کی کیفیت بیان کرتے تھے یہی کہتے تھے کہ ہمنے آپ کا مثل و نظیر نہ کبھی دیکھا ہے نہ دیکھین گے۔ آپ اکثر ساکت رہتے تھے اور جب بات کرتے تھے تو قوت اور متانت کے ساتھ

---

[1] مشکات شریف کتاب ۴۴۔ باب ۴۔ جزو ۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف۔

کرتے تھے اور آپؐ کے قول کو کوئی کبھی نہ بھولتا تھا[۵۱]،، اور شفقت اور صبر و تحمل اور نفس کشی اور جود و سخا آپؐ کے محاسن اخلاق مین داخل تھا اور یہ اوصاف حمیدہ سب کے دل کو آپؐ پر فریفتہ کر لیتے تھے۔ ماتم داروں اور غم زدون کے ساتھ آپؐ نہایت شفقت و ہمدردی فرماتے تھے اور گرانی غلہ کے زمانہ مین بھی آپؐ اورون کو اپنے کھانے مین شریک کر لیتے تھے۔ اور ہر شخص کی راحت و آرام کا آپؐ کو بہت خیال رہتا تھا[۵۲]۔ آپؐ غربا و مساکین سے اُنس رکھتے تھے اور اونکی عزت کرتے تھے اکثر وہ لوگ جو گھر بار نہ رکھتے تھے شب کو آکر اوس مسجد مین سوتے تھے جو آپؐ کے بیت الشرف کے متصل تھے۔ آپؐ کا دستور تھا کہ ہر روز شام کو آپؐ اونمین سے بعض غربا کو طلب فرما کر اپنے نان جوین مین شریک کر لیتے تھے۔ اور باقیماندہ غربا صحابۂ کرام کے مہمان ہوتے تھے۔ جو آپؐ کے جانی دشمن تھے اونکی ساتھ بھی آپؐ رفق و مدارا فرماتے تھے۔ البتہ جو لوگ سلطنت اسلام کے دشمن تھے اونپر آپؐ سختی کرتے تھے مگر کیا کیا ذلتین اور اہانتین اور ظلم و ستم آپؐ پر ہوے اور کیسی کیسی سخت آزمائشین آپؐ کی ہوئین جب ادبار دفع ہوا اور اقبال کا زمانہ آیا تو اون سب شدائد اور ظلمون کو آپؐ نے اپنے دل سے بھلا دیا اور سب سے بدتر مجرم کے جرم کو بھی معاف کر دیا[۵۳]۔،،

---

[۵۱] یہ احادیث ہمنے دوش صاحب کے رسالہ سے جو ادھنون نے اسلام پر لکھا ہی اور جو اخبار کوار ٹرلی ریویو ۱۸۶۹ء مین چھپ گیا ہی نقل کیے ہین اور اسوجہ سے نقل کیے ہین کہ ان احادیث کو مصنف مذکور نے نہایت فصیح و بلیغ عبارت مین لکھا ہی اور یہ بھی ہمکو بیان کرنا منظور تھا کہ اس مورخ کی راے آنحضرت کے باب مین کیا ہی کہ یہ اعاظم و اجلاے محققین یورپ سے ہے۔ ان احادیث کی تصدیق بھی ہمنے کر لی ہے اور جن کتابون سے نقل کیے گئے ہین اونکا حوالہ بھی جابجا دیدیا ہی۔ تاریخ ابوالفدا صفحہ ۹۴ بھی ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۵۲] سر ولیم میور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۴ صفحہ ۳۰۵ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۵۳] تاریخ ابوالفدا صفحہ ۹۴۔ اور تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۲ صفحہ ۳۴۳

آپؐ کے عادات مین غایت درجہ سادگی تھی - آپؐ کے ماکول ومشروب اور لباس اور اثاث البیت مین مرتے دم تک وہ سادگی رہی جو اولیاء و انبیاء اور خاصان خدا کا شعار تھا - ابو ہریرہ سے روایت ہو کہ رسول اللہؐ اکثر اوقات بے طعام رہتے تھے اور چند دانہ خرما اور ایک کاسۂ آب پر قناعت فرماتے تھے - آپؐ کی معاش ایسی قلیل تھی کہ مہینون گھر مین آگ نہ سلگتی تھی - چنانچہ مورخین اسلام کا قول ہو کہ خداوند عالم نے تمام خزائن دنیا کی کنجیان آپؐ کو عنایت کین مگر آپؐ نے اونکو نہ قبول کیا -

گیارھوان باب

اصول اولیہ دین اسلام کو کماحقہ سمجھنا اسپر موقوف ہو کہ لفظ اسلام کے معنی حقیقی بیان کیے جائین - کیونکہ علم دین جس چیز کا نام ہو اوسکے اہم مسائل اسی لفظ پر موقوف ومبنی ہین - پس واضح ہو کہ اسلام سلم سے مشتق ہے اور سلم کے معنے لغوی بے فکر ہونا - چین سے رہنا - اپنا فرض ادا کر دینا صلح کامل کی حالت مین ہونا اور دوسرے معنی یہ ہین کہ اپنے تئین اوسکے سپرد کر دینا جسکے ساتھ صلح ہوئی ہے - اس سے جو اسم نکلا ہے اوسکے معنی صلح - خوشخبری - سلامتی - نجات[1] ہین - اور اس لفظ کے معنی اصطلاحی خدا کی مرضی پر بالکل چھوڑ دینا ہو اور لفظ مسلم سے اصطلاحًا وہ شخص مراد ہے جو اپنی ذاتی قوت سے حق کا جویا اور طالب ہو -

اصول اولیۂ اسلام کا محصل اور لب لباب سورۂ بقر کے ابتدائی آیات مین موجود ہے

ذلك الكتاب لا ريب فيه هدى للمتقين الذين يؤمنون بالغيب ويقيمون الصلوة ومما رزقناهم ينفقون والذين يؤمنون بما انزل اليك وما انزل من قبلك وبالاخرة هم يوقنون اولئك على هدى من ربهم واولئك هم المفلحون[2]

[1] قاموس دیکھیے ۱۲ - مؤلف [2] قرآن مجید سورۂ بقر آیت ۱ - ۶ - ۱۲ - مؤلف -

"اس کتاب مین کچھ شک نہین ہے - ہدایت ہی واسطے پرہیزگارون کے جو بے دیکھے چیز کا یقین کرتے ہین اور نماز پڑھتے ہین اور خیرات دیتے ہین اوس چیز سے جو ہمنے اونکو بخشی ہے - اور وہ لوگ جو ایمان لائے ہین اوس چیز پر جو تجھپر نازل کی گئی ہے اور اوس چیز پر جو تیرے پیشتر نازل کیگئی تھی اور جو روز قیامت کا یقین کرتے ہین بتحقیق کہ وہ رستگار ہین" پس تمام سلسلہ قوانین اسلامیہ ان اصول ضروریہ پر مبنی ہے -

(۱) اعتقاد کرنا توحید باری تعالے کا اور اوسکے مجرد عن المادہ اور قوی قادر اور رحمن و رحیم اور رزاق ہونے کا -

(۲) بندگان خدا سے نیکی کرنا اور برادرانہ برتاؤ رکھنا -

(۳) نفس امارہ یعنے خواہشہاے نفسانی کو مغلوب رکھنا -

(۴) خداوند عالم کے نعمات متکاثرہ کا شکر بخضوع و خشوع بجالانا -

(۵) اپنے اعمال و افعال کا عاقبت مین ذمہ دار اور جواب دہ ہونا -

قرآن مجید مین خداوند عالم کی قدرت اور لطف کے مضامین لطیف و عالی کو کس خوبی سے بیان کیا ہے جسکا عدیل و نظیر نہین ہے - سب سے زیادہ فصیح و بلیغ اور ولولہ انگیز وہ آیات ہین جنمین توحید باری تعالے اور جسم و جسمانیت اوسکا بری ہونا اور احکم الحاکمین اور ارحم الراحمین ہونا بیان کیا گیا ہے یہ آیات روحانیت اور نور عرفان سے مملو و مشحون ہین - مگر انمین ادلہ حکمیہ و منطقیہ کا کہین نام و نشان بھی نہین ہے بلکہ فقط حس قلبی اور ادراک باطنی اور وجدان سلیم کا حوالہ دیا ہے -

اس مقام پر اون مختلف مذاہب و ادیان کی کیفیت مجملاً بیان کرنا بیجا نہ ہوگا

زمانہ مین عرب مین رائج تھے فائدہ سے خالی نہوگا تاکہ بخوبی واضح ولایح ہوجاے کہ پیغمبر اسلام نے جو کچھ حقیقت اور صفات باری تعالے کے باب مین فرمایا ہی اوسمین اور دیگر بانیان مذاہب کے اقوال مین کیا فرق ہے۔

پس واضح ہو کہ مشرکین عرب مین الوہیت کا اعتقاد ہر شخص یا ہر قبیلہ کی تہذیب و شائستگی کے اعتبار سے مختلف تھا۔ بعض لوگ عجائب مخلوقات کو خدا جانتے تھے اور بعض نرے بت پرست ہی تھے اپنے آپکے اور لکڑی اور پتھر کے پتلون کی پرستش کرتے تھے۔ بعض آخرت کا اعتقاد رکھتے تھے اور بعض یہ بھی جانتے تھے کہ عقبیٰ کیا چیز ہے۔ اہل شام اور اہل فلیسیہ کیطرح مشرکین عرب بھی درختون کو پوجتے تھے اور درختون سے اخبار غیب پوچھتے تھے اور اونکے تخانون کے خدام عورتین ہوتی تھین۔ فحش آمیز پرستش بھی اونمین رائج تھی (جیسا بعض نمود مہادیو کا لنگ پوجتے ہین) اور اجرام فلکیہ کیطرح قوی طبیعیہ کی تصویرین بھی پتھر اور لکڑی کی بنا بناکر اونکو پوجتے تھے۔ مگر اوس زمانہ مین بھی اعراب صحرائی کو کچھ خیال اسکا رہتا تھا کہ ایک دست غیب اون طوفانہاے عظیم کو بھیجتا ہے جو بڑے بڑے وسیع قطعات زمین کو بہالیجاتے ہین یا کوئی دست غیب اون اغوال بیابانی کو بناتا ہے جو صحرا مین مسافرون کو بہکاکر ہلاک کرتے ہین۔ مگر ان سب چیزون سے بہتر و برتر وہ ایک خدا کو جانتے تھے اور اوسکو رب العالمین سمجھتے تھے گو اونکا یہ اعتقاد نہایت مبہم اور ضعیف[1] تھا

غالبًا اس اعتقاد مین مشرکین کے معین یہود ہوے ہون کیونکہ عموماً مورخین کے نزدیک توحید کا اعتقاد اگر باقی رہا تھا تو یہود مین باقی رہگیا تھا۔ مگر یہود کے

---

[1] شہرستانی کے ملل نحل اور تاریخ کاسن ڈی پرسول صفحہ ۳۴۸۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

افعال سے خود ثابت ہوگیا کہ کیا انقلاب عظیم اوس قوم کے خیالات مین واقع ہوتا ہے جسکے عقائد مذہبی مین عقل اور نقل دونوکو دخل نہین ہوتا۔ یہود متواتر انقلابات کی وجہ سے باوقات مختلفہ عرب مین چلے آئے تھے۔ ظاہر ہے کہ جب مختلف گروہ یہود کے جلاوطن گوارا کرکے عرب مین آکر عافیت گزین ہوے اور اوس ملک مین بستیان بسائین تو اونکے خیالات مین بھی اختلاف عظیم ہوگا۔ اورجن لوگون کو اہل بابل نے مارکر نکالدیا تھا اونکے اعتقادات مین باری تعالے کا بہ شکل انسان مجسم ہونا یا خواہشہای نفسانی بشری رکھنا زیادہ تر داخل ہوگا بہ نسبت اون لوگون کے خیالات کے جنکو وسپیشین یا ٹریجن یا ہیڈریئن قیصران روم نے بھگا دیا تھا بنی اسرائیل کے خواص طبیعی کچھ ایسے تھے کہ جس زمانہ مین انبیاء و مرسلین اونکی تنبیہ و تادیب کو موجود تھے اور جب وہ اپنے وطن اصلی مین تھے تب بھی وہ کئی بار مرتد ہوگئے تھے اور بت پرستی اختیار کی تھی پس ایسے لوگون سے کیونکر توقع ہوسکتی ہے کہ مشرکین عرب کی بت پرستی نے اونپر اثر نہ کیا ہوگا۔ البتہ ابراہیمؑ کے خدا کا اعتقاد وہ رکھتے تھے مگر اوس عقیدہ مین ایک قسم کی مادیت بھی شریک کردی تھی۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ اونہون نے ایک تصویر حجری حضرت ابراہیمؑ کی اور قربانی کے دنبہ کی بناکر عین کعبہ مین رکھے تھے۔

سب کے بعد جو یہود عرب مین آکر بسے اونمین فرقہ شمعی کے لوگ بکثرت تھے ان لوگون نے شریعت موسویؑ کی پابندی کو بت پرستی کی حد تک پہونچا دیا تھا اور انکی

لہ یعنے یہود ۱۲۔ مترجم ۲ یہ تینون قیصر رومۃ الکبرے کے بادشاہ تھے اور بت پرست تھے اور عیسائیون پر انھون نے بڑے بڑے ظلم کیے اور بڑی بڑی اذیتین پہونچائین جسکی کیفیت دیکھنے سے عبرت ہوتی ہے ۱۲۔ مترجم ۳ یعنے یہودیہ یا کنعان یا فلسطین ۱۲۔ مترجم ۴ مولوی سید احمد خان صاحب کی الخطبات الاحمدیہ علی العرب والسیرۃ المحمدیہ خطبہ ۳ صفحہ ۱۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

احبار اور ربانیین گویا الوہیت[1] کا دعوی کرنے لگے تھے - ان علماے یہود کو یہ یقین تھا کہ اولیاء امت اور حافظ تورات واحادیث موسوی ہمین ہین - اور حضرت موسیٰ کی امت مین ائمہ شریعت نما ہمین ہین اور ہمارا ہی طرز معاشرت شریعت موسوی کے بالکل موافق[2] ہے - اور اس امت کی جان وروح اور مایہ وبساط ہمین ہین اور عوام کے زعم ناقص مین بڑے خدا رسیدہ اور غیب دان تھے - فی الواقع یہ علماء یہود اپنے تئین مقربان خدا اور خاصان کبریا سمجھتے تھے اور اونکے پیروان خاص بھی اونکو ایسا ہی جانتے تھے[3] - چنانچہ یوسوفس مورخ یہود لکھتا ہے کہ یہودی حضرت موسیٰ کا احترام اسقدر کرتے ہین کہ خدا کے بعد بس اونھین کو مانتے ہین - مگر بادشاہان کیانی کے عہد سلطنت مین یہ احترام اونھون نے حضرت موسیٰ سے سلب کرکے غرا[4] اپنی کیطرف منتقل کردیا اور اونکو اپنی قوم کا مصلح اور شریعت موسوی کا محیی یعنے زندہ کرنے والا سمجھنے لگے -

قطع نظر اسکے عوام یہود نے غالبًا طرافیم کی عبادت کبھی نہین ترک کی اور طرافیم ایک قسم کا دیوتا بہ شکل انسان تھا جس سے وہ تمام اوقات مین تفاول اور استخارہ کرتے تھے اور جسکو شاید وہ اپنا حافظ[5] ونگہبان بھی سمجھتے تھے - اس دیوتا کی پرستش مشرکین عرب کی مخالفت سے اور زیادہ مضبوط ہوگئے تھے -

مگر عیسائیون کا ہادی ورہنما اس سے بہتر وبرتر تھا - بنی ناصری کے احکام وہدایات اونکے پاس موجود تھے - پس چاہیئے تھا کہ اونکا اعتقاد باری تعالے

---

[1] قرآن مجید مین اسی کی طرف اشارہ ہے اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله ترجم ۵۲

[2] الجنر صاحب کی تاریخ مشرکین وہیود جلد ۲ صفحہ ۳۰۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [3] یوسوفس کی تاریخ یہود جلد ۱ صفحہ ۱۴ ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [4] صحیفہ عزرا باب ۷ - آیت ۱۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [5] توریت کتاب القضات باب ۱۰ ۲

کے باب مین خالص اور پاک و پاکیزہ ہوتا۔ لکن حضرت عیسیٰؑ کو چھ سے برس گذر چکے تھے اور اس عرصہ مین ایسے ایسے افسانے اور حکایات گڑھ لیے گئے جو خود حضرت مسیحؑ کے کلام کی مخالف تھے اور جنسے وہ حضرت نہ صرف مظہر کبریا بلکہ شریک الوہیت و کبریائی قرار دیے گئے۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ عوام کالانعام نے جب فیثا غورث اور افلاطون اور دیگر فلاسفہ یونان اور علمار یہود کے اقوال کو حضرت عیسیٰؑ کے احکام کے ساتھ مخلوط دیکھا اور اس عجیب و غریب مسئلہ تثلیث کی فہم و ادراک سے قاصر ہوے تو اونہون نے حضرت مسیح اور حواریین کے تبرکات کی پرستش شروع کردی اور مادر عیسیٰؑ کی تصویر کو گوٹے کے کپڑے پہناکر پوجنے لگے۔ مگر صرف نصاریٰ عرب ہی کی عقل اس تثلیث مین خبط نہین ہوگئی تھی بلکہ جب قسطنطین قیصر کے عہد مین سر آمد علماے نصاری کی مجلس نیس مقام پر منعقد ہوئی اور مسئلہ تثلیث مین کئی روز تک نہایت شدید و غلیظ مباحثہ و مطارحہ رہا اور حضرت عیسیٰؑ کی ماہیت مشخص و معین کردیگئی تو بعض حضرات پادریین اوسوقت ایسے بھی تھے جنکی یہ راے قرار پائی کہ خدا کے علاوہ جو باپ ہی اور دو خدا بھی ہین یعنے مسیحؑ اور مریمؑ۔

لہ فرقہ کالرڈین حضرت مریم کو خدا کا قائم مقام گردانکر اونکی پرستش کرنے لگے اور ایک قسم کی شیرمال اونپر نذر چڑھاتے تھے سیل صاحب کی تمہید ترجمہ قرآن مجید صفحہ ۳۵ - اور گبن صاحب کی تاریخ جلد ۱ صفحہ ۲۰۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ لہ فرقہ مونٹیم صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۴۳۲ - مین لکھا ہے کہ فرقہ مذکور مین کیتھولک یعنی نصاری قدیم اپنا کہ مادر عیسیٰ کو تسم ماہیت تثلیث سمجھتے ہین - اور ہالیم صاحب کی تاریخ انگلستان باب صفحہ ۵۵ - بھی ملاحظہ ہو - ممن کی عبارت سے ظاہر ہے کہ علمار نصاری کا یہ قول کچھ بھی سمجھا ہے کہ اسلام مین جتنی باتین اچھی ہین وہ سب یہود و نصاری کی مذہب سے اخذ کرلی ہین - چنانچہ ڈوشیم صاحب مورخ فرماتے ہین کہ اب یہ دستور ہوگیا ہے کہ جو بات اسلام مین اچھی ہے اوسکو دین مسیح کی طرف منسوب کردیتے ہین - مگر ہمارے نزدیک یہ قول متعصبین نصاری کا اون نتایج کے خلاف ہے جو بعد تحقیق اون متقدمین و متاخرین کے اقوال سے نکالے گئے ہین - اسواسطیکہ پیغمبر اسلام کے زمانہ مین جو حال دین مسیحی کا عرب مین تھا وہ ناگفتہ بہ ہے چنانچہ ایک عالم کا قول ہے کہ عرب مین بکیفیت دین مسیحی کی تھی اوسکے مقابلہ مین تو اس زمانہ کے بعض شعب نصرانیت بھی

نہایت خالص اور پاک تھے - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

آنحضرتؐ کی کوشش مرتے دم تک یہی رہی کہ اُن واہیات وخرافات باتون کو دفع کرین جنکا ذکر سابق مین کیا گیا۔ اوس صدائے حقانی سے جو خداوند عالم کے ساتھ تقرب کامل سے پیدا ہوی تھے آنحضرتؐ نے ایک جانب بت پرستان عرب سے اور دوسری جانب یہود ونصاری سے جو اپنی اصلی دین سے گمراہ ہو گئے تھے خطاب فرماکر ایسی فصیح وبلیغ تقریر فرمائی کہ آپؐ کو افصح العرب سچ کہا ہے مگر کسی تقریر مین آپنے کوئی امر کبھی خلاف عقل نہین بیان فرمایا بلکہ یہود ونصاری کے اعتقادات کی خرافت وسخافت ثابت کرکے اونکو شرمندہ وسرنگون کر دیا۔ وہ رسول جلیل جسنے باری تعالیٰ کی توحید کو دنیا کے پردہ پر قائم کیا صفحہ تاریخ پر عجب شان سے نظر آتا ہے کہ مشرکین کو توحید کا راستہ بتا رہا ہے اور انسان ضعیف البنیان نے جو خالق عالم وعالمیان کے ساتھ اور چیزون کو شریک گردانکر ترقی معکوس کی تھی کس شان وشوکت سے اوس سے لڑ رہا ہے

اکثر آیات قرآن مجید مین کس جوش وولولہ سے توحید باری تعالےٰ کو ثابت اور تثلیث کو رد کیا ہے۔ انمین سے چند آیات تمثیلاً نقل کیے جاتے ہین۔

والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم ان فی خلق السموات والارض و اختلاف اللیل والنھار والفلک التی تجری فی البحر بما ینفع الناس وما انزل اللہ من السماء من ماء فاحیا بہ الارض بعد موتھا وبث فیھا من کل

لہ اصل اصول دین مسیحی کا حضرت عیسیٰؑ کا شریک الوہیت اور ابن اللہ ہونا ہی۔ اس مہمل ومزخرف عقیدہ کی تردید جو آنحضرتؐ نے اس شدومد سے کی ہے تو آپؐ کو یہ تنقیح کرنا کچھ ضرور نہ تھا کہ آیا خدا اور انسان کے درمیان کسی تیسرے شخص کے واسطہ ہونے کی ضرورت ہی یا نہین ہی اور وہ تیسرا شخص اقنوم ہی یا کلمہ ہے۔ یہ کلمہ ایک عجب مجہول نامعقول حقیقت چیز ہے بلکہ مجموعہ اضداد ہی یعنے بشریت اور الوہیت اور افسانہ ودرایت یہ سب اضداد اسمین جمع کر دیے ہین

کل دابۃ وتصریف الریاح والسحاب المسخر بین السماء والارض لایات لقوم یعقلون ومن الناس من یتخذ من دون اللہ اندادا یحبونہم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ ولو یری الذین ظلموا اذ یرون العذاب ان القوۃ للہ جمیعا وان اللہ شدید العذاب

ان آیات سے کیسی ہمدردی اون گمراہون کے ساتھ ظاہر ہوتی ہے پھر یہ آیات ملاحظہ کیجئے۔ ھوالذی یریکم البرق خوفا وطمعا وینشئ السحاب الثقال ویسبح الرعد بحمدہ والملائکۃ من خیفتہ ویرسل الصواعق فیصیب بھا من یشاء وھم یجادلون فی اللہ وھو شدید المحال لہ دعوۃ الحق والذین یدعون من دونہ لا یستجیبون لہم بشئ الا کباسط کفیہ الی الماء لیبلغ فاہ وما ھو ببالغہ وما دعاء الکافرین الا فی ضلال وللہ یسجد من فی السموات والارض طوعا وکرھا وظلالھم بالغدو والاصال قرآن مجید سورہ رعد خلق السموات والارض تعالی عما یشرکون خلق الانسان من نطفۃ فاذا ھو خصیم مبین والانعام خلقھا لکم فیھا دفء ومنافع ومنھا تاکلون ولکم فیھا جمال حین تریحون وحین تسرحون وتحمل اثقالکم الی بلد لم تکونوا بالغیہ الا بشق الانفس ان ربکم لرؤف رحیم وسخر لکم اللیل والنھار والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ ان فی ذلک لایات لقوم یذکرون وھو الذی سخر البحر وتری الفلک مواخر فیہ لتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون افمن یخلق کمن لا یخلق افلا تذکرون وان تعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوھا ان اللہ لغفور رحیم واللہ یعلم ما تسرون وما تعلنون والذین یدعون من دون اللہ لا یخلقون شیئا وھم یخلقون اموات غیر احیاء وما یشعرون ۔ قرآن مجید سورۃ النحل آیت ۳-۲۱۔

الغرض - اس کتاب مقدس مین اکثر آیات ایسے ہین جنمین بت پرستون کی اعتقادات کی سخافت و خرافت کو انسان کے ادراک باطنی اور حس قلبی پر اور اوس قوت مدرکہ پر جو خیر و شر مین تمیز کرتی ہے محوّل کرکے ثابت کیا ہی - کوئی آیت کلام مجید مین ایسی نہین ہے جسمین باری تعالیٰ کی حکمت بالغہ اور رحمت کاملہ اور توحید کو نہایت جوش و خروش کے ساتھ نہ بیان کیا ہو - اور بعض مقامات پر یہود و نصاریٰ کو اون رسوم باطلہ اور اعمال قبیحہ کی وجہ سے جو برخلاف احکام اپنے پیغمبرون کے وہ عمل مین لاتے تھے زجر و توبیخ کی ہے - وہ حرارت اور جوش مذہبی جو شعیاہ اور یرمیاہ نبی کے دلمین پیدا ہوا تھا اونسے بمراتب بہتر اور بزرگتر پیغمبر کے قلب مین دوبارہ مشتعل ہوا - پیغمبر آخرالزمانؐ نے تخویف و تنذیر کی ہے اور انسان کی خباثت و شقاوت پر جزع و فزع کیا ہے مگر ساتھی اسکے انسان کو حیات ابدی اور راحت جاودانی کی امید بھی دلائی ہے -

قرآن مجید مین یہود کو سخت ملامت کی ہے کہ جھوٹے معبودون اور بتون کی پرستش کرتے ہین یعنی طرافیم کو پوجتے ہین جسکا ذکر سابق مین کیا گیا اور عزرا کی تعظیم اور احترام مین بہت مبالغہ کرتے ہین - اور نصاریٰ کو بھی ملامت کی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اور اونکی والدہ کی پرستش کرتے ہین - آیات ذیل اس باب مین بطور مثال نقل کیے جاتے ہین - الم تر الی الذین اوتوا نصیبا من الکتاب یؤمنون بالجبت والطاغوت ویقولون للذین کفروا ھولاء اھدی من الذین اٰمنوا سبیلا[1] وقالت الیھود عزیر ابن اللہ وقالت النصاری المسیح ابن اللہ ذلک قولھم بافواھھم

---

[1] قرآن مجید سورہ النساء آیت ۵۴ - ۱۲ مؤلف

یضاھئون قول الذین کفروا من قبل قاتلھم اللہ انی یؤفکون اتخذوا احبارھم
ورھبانھم اربابا من دون اللہ والمسیح ابن مریم وما امروا الا لیعبدوا الھا واحدا
لا الہ الا ھو سبحانہ عما یشرکون یریدون لیطفؤا نور اللہ بافواھھم ویابی اللہ
الا ان یتم نورہ ولو کرہ الکافرون[۵۱] وقالت الیھود والنصاری نحن ابناء اللہ و
احباءہ قل فلم یعذبکم بذنوبکم بل انتم بشر ممن خلق یغفر لمن یشاء ویعذب
من یشاء و للہ ملک السموات والارض وما بینھما والیہ المصیر[۵۲] ود کثیر
من اھل الکتاب لو یردونکم من بعد ایمانکم کفارا حسدا من عند انفسھم
من بعد ما تبین لھم الحق فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ ان اللہ علی
کل شئ قدیر وقالوا لن یدخل الجنۃ الا من کان ھودا او نصاری تلک امانیھم
قل ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین بلی من اسلم وجھہ للہ وھو محسن فلہ اجرہ
عند ربہ ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون[۵۳] یا اھل الکتاب لا تغلوا فی دینکم
ولا تقولوا علی اللہ الا الحق انما المسیح عیسی ابن مریم رسول اللہ وکلمتہ
القاھا الی مریم وروح منہ فامنوا باللہ ورسلہ ولا تقولوا ثلثۃ انتھوا
خیرا لکم انما اللہ الہ واحد سبحانہ ان یکون لہ ولد لہ ما فی السموات وما فی
الارض وکفی باللہ وکیلا لن یستنکف المسیح ان یکون عبدا للہ ولا
الملائکۃ المقربون[۵۴]

آیات ذیل سے ظاہر ہے
کہ ایسے مذہبی اعتقادات کسقدر قبیح سمجھے جاتے تھے۔

---

[۵۱] قرآن مجید سورۃ التوبہ آیت ۳۰-۳۲-

[۵۲] قرآن مجید سورۃ المائدہ آیت ۲۱-

[۵۳] قرآن مجید سورۃ البقر آیت ۱۰۳-۱۰۵- [۵۴] قرآن مجید سورۃ النساء آیت ۱۶۹ و ۱۷۰

وقالوا اتخذ الرحمن ولدا لقد جئتم شيئا ادا تكاد السموات
يتفطرن منه وتنشق الارض وتخر الجبال هدا ان دعوا
للرحمن ولدا وما ينبغي للرحمن ان يتخذ ولدا ان كل من السموات
والارض الا اتي الرحمن عبدا لقد احصيناهم وعدهم
عدا[1] قرآن مجید سورہ مریم آیت ۹۱-۹۴- مگر اوس
ناصح امین نے جسکو الہام ہوتا تھا نیک اور بد مین تمیز کی ہے کیونکہ جس کام
پر وہ بھیجا گیا تھا وہ اظہار و اعلان حق تھا پس اوسکو لازم تھا کہ سب
بندگان خدا کے باب مین کلمہ حق زبان پر لائے- چنانچہ یہی وجہ ہے کہ آیات
ذیل مین بعض اہل کتاب کی تعریف بھی کی ہے- لیسوا سواء من اهل
الكتاب امة قائمة يتلون ايات الله اناء الليل وهم يسجدون
يؤمنون بالله واليوم الاخر ويأمرون بالمعروف وينهون عن المنكر
ويسارعون في الخيرات واولئك من الصالحين بنجملہ اور مضامین عالیہ کے جنسے قرآن مجید
مملو و مشحون ہے حق سبحانہ تعالی کی رحمت کا ذکر جہان جہان کیا ہے نہایتی کی تعالی اور
بلند پروازی کی ہے- چنانچہ لفظ الرحمن کہ باری تعالی کے اسماء ذات مین سے ہے
اور اکثر ادعیہ مین مستعمل ہوا ہے ایسا پر معنی لفظ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ
خدا کی رحمت کا اعتقاد انسان کے رگ و پے مین سرایت کر گیا ہے- آیات ذیل تمثیلاً
عرض کیے جاتے ہین- ولله ما في السموات وما في الارض يغفر لمن يشاء
ويعذب من يشاء والله غفور رحيم الم تر الى ربك كيف مد الظل ولو
شاء لجعله ساكنا ثم جعلنا الشمس عليه دليلا ثم قبضناه الينا قبضا يسيرا وهو الذي

[1] قرآن مجید سورہ آل عمران آیت ۱۰۹- ۱۱۰-

جعل لکم اللیل لباسًا والنوم سُباتًا وجعل النھار نشورًا ومن رحمتہ جعل لکم اللیل والنھار لتسکنوا فیہ ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون لہ ما فی السموات وما فی الارض وھو العلی العظیم تکاد السموٰت یتفطرن من فوقھن والملائکۃ یسبحون بحمد ربھم ویستغفرون لمن فی الارض والا ان اللہ ھو الغفور الرحیم

بارھوان باب

آنحضرت نے بعض فرائض کو ادا کرنا دین اسلام مین اسلیے واجب کردیا کہ اس امت مرحومہ کو اپنے دین کا دل سے پاس و لحاظ رہے جو اور امتون مین اکثر نہین پایا جاتا - پس فرائض ضروریہ اسلام جنکو فروع دین بھی کہتے ہین یہ ہین (۱) نماز (۲) روزہ (۳) زکات (۴) حج بیت اللہ -

انسان کو ایک ادراک قلبی اس امر کا ہوتا ہی کہ ایک خالق زمین و آسمان ہے جو قادر مطلق اور حاضر و ناظر ہے اور جسکی قدرت کاملہ کل اشیا مین طاری و ساری ہے - اور یہ بھی وہ جانتا ہی کہ مین اس عالم کون و فساد کے انقلابات مین ہمیشہ مجبور و معذور رہون - اور یہ بھی اوسکو خیال ہے کہ خداوند عالم نے کیسی کیسی نعمتین مجھے عطا فرمائی ہین - پس ان سب خیالات سے جب اوسکا دل بھر آتا ہی تو وہ اپنے جوش و خروش قلبی کا اظہار حمد و ستایش یا توبہ و انابت کے ساتھ اوس وحدہ لاشریک لہ سے کرتا ہی جو عالم الغیب اور رحمن و رحیم ہے - نماز یا دعا صرف اظہار اوس جوش و خروش کا ہی جو انسان کے دل مین ہوتا ہی مگر یہ سارا جوش و خروش تکمیل و تصفیہ نفس سے پیدا ہوتا ہے یہی وجہ ہی کہ

---

۵۱ سورہ قصص آیت ۷۴ - ۵۲ سورہ الشوری آیت ۳ -

جب وحشی آدمی اپنے دیوتا سے کوئی التجا کرتا ہے اور وہ التجا نہین قبول ہوتی تو وہ اوس بت کو سزا دینے پر آمادہ ہوتا ہی - تمام مذاہب و ادیان نے جنمین کچھ ترتیب و انتظام کو دخل ہے دعا کی تاثیر کو تسلیم کر لیا ہے چاہے کسی صورت اور کسی شکل سے دعا کیجاے - بعض ادعیہ مین مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات زیادہ ہوتی ہے اور اخلاقی مضامین کم ہوتے ہین اور بعض ادعیہ مین کوئی اخلاقی مضمون بالکل نہین ہوتا -

پیروان زردشت یعنی مجوس اور صابئین یعنے ستارہ پرست ہر وقت دعا مین سرشار رہتے تھے - مجوس کا یہ حال تھا کہ جب چھینکتے تھے دعا پڑھتے تھے اور جب ناخن کاٹتے تھے اوسوقت بھی دعا پڑھتے تھے اور کھانا کھانے اور چراغ جلانے کے وقت اور اور اوقات مین بھی شب و روز دعا پڑھا کرتے تھے - اور پہلے ہرمز سے دعا مانگتے تھے بعد اوسکے نہ صرف زمین و آسمان اور عناصر اربعہ اور کواکب سے دعا مانگتے تھے بلکہ درختون سے علی الخصوص ہوم درخت سے جسکو ہنود سوم کہتے ہین اور جانورون سے بھی مناجات کرتے تھے اور اکثر بارہ ۱۲ مرتبہ منتر یا اشلوک یا تسبیح پڑھتے[1] تھے - اگرچہ بعض ان ادعیہ مین خالص اخلاقی مضمون بھی ہوتا تھا مگر وہ عوام الناس کے ذہن سے نکل جاتا تھا - اور کہین کہین جو تقوی و طہارت پایا جاتا تھا تو صرف علماء دین مین پایا جاتا تھا لکن علماء دین کو ایک خاص قسم کا تقدس ایسا حاصل تھا کہ عوام الناس اونسے مستفید

[1] ڈالنجر صاحب کی تاریخ مشرکین و یہود جلد ۱ - صفحہ ۳۹۰ - مین لکھا ہی کہ آتش پرستون کی مذہبی کتاب زندا وستا مین ہزارہا دعائین اور بھجن اور مناجاتین ہزارہا دیوتاؤن کی لکھی ہین جنمین ہرمز سب کا سردار ہے فی الواقع زندا وستا ایک دعاؤن کی کتاب ہی - کلارک صاحب کی تاریخ جسمین دس بڑے بڑے راہبون کے حالات

ملاحظہ ہو صفحہ ۱۸۷ - اور ۲۰۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مرتب

وستفیض نہ ہو سکتے تھے اور بلند ترین لذات روحانی یعنے عبادت وغیرہ سے محروم و ناکام رہتے تھے - مجوس مین دو قسم کی عبادت جاری تھی یا یہ کہیے کہ دو طریقون سے وہ اپنے معبودون کو پہچانتے تھے - ایک طریقہ عبادت مخفی کا تھا جو صرف علماء دین سے مخصوص تھا اور دوسرا طریقہ مشہور تھا اور صرف اسی طریقہ عبادت مین عوام الناس شریک ہو سکتے تھے -

شریعت موسوی مین احکام نماز نہین تھے - صرف اوسوقت ایک خاص دعا پڑھی جاتی تھی جسوقت علماء دین کو عشر لینے مال کا دسوان حصہ دیا جاتا تھا اور جسوقت پلوٹھی کے لڑکے کو ہیکل مقدس مین لاکر نذر دیتے تھے اوسوقت اوس لڑکے کا باپ تمام احکام شرعی کو بجالاکر یہواہ یعنے اللہ سے دعا مانگتا تھا کہ اس اسرائیلی لڑکے کو ویسی ہی برکت دے جیسے تونے اسکے اباء واجداد پر برکت نازل کی تھی - لیکن جب یہود اور اونکے علماء کا اعتقاد باری تعالے کی نسبت زیادہ تر معقول اور پاک و پاکیزہ ہوگیا اور خداوند عالم کے شکل بہ شکل انسان ہونے کا عقیدہ فاسدہ دفع ہونے لگا تب نماز یا دعا کی حقیقت واقعی اونکی سمجھ مین آنے لگی کہ نماز انسان کے لیئے وسیلۂ تقرب درگاہ الٰہی ہے - مگر چونکہ شریعت موسوی مین کوئی خاص قاعدہ نماز کا مقرر نہ تھا لہذا روایت اور رواج پر مدار رہا اور بقول ڈالنجر صاحب مورخ کے یہود بھی ایک نماز گذار قوم ہوگئی اور ہر روز تین گھنٹے عبادت خدا کی قرار دیے گئے یعنے نو بجے اور بارہ بجے اور تین بجے - مگر چونکہ نماز تین مجتہدین کی ضرورت ہوتی تھی اور اسکا علم قطعی نہ تھا کہ خود شارع یعنے حضرت موسیٰ کیونکر نماز پڑھتے تھے لہذا اکثر اوقات یہود کی نماز

لہ ریلیڈ صاحب کی کتاب جو ۱ صفحہ ۱۱۱ - اور شہرستانی کے ملل نحل ملاحظہ ہو ۱۲ - مولف کلہ ذرات

صرف ایک مصنوعی فعل ہوتا تھا۔ حضرت عیسیٰؑ کے زمانہ مین یہود مین دعا تعویذ کا بہت چرچا تھا اور قرآن مجید مین اونکو سخت ملامت کی ہے کہ وہ خدا کی نشانیون کو بیچتے ہین۔[1]

حضرت عیسیٰؑ کے احکام چونکہ اوس دین کے مظہر تھے جسکی تکمیل حضرت موسےٰ کے بہت مدت بعد ہوئی تھی لہذا اون احکام سے سچی حقیقت نماز کی ظاہر ہوئی۔ اور خود حضرت مسیحؑ کی نماز پڑھنے سے یہ فعل اونکی امت مین خیر العمل ہوگیا۔ اور حواریین[2] نے اپنے پیغمبرؑ کی تقلید کرکے عبادت خدا اور تسبیح و تہلیل کی تاکید شدید کی۔ مگر چونکہ نصاریٰ مین کوئی محدود و معین قاعدہ نماز کا نہ تھا جسکی پابندی وہ کرتے لہذا چند مدت کے بعد عبادت خدا کا معاملہ بالکل عوام الناس کی رائے پر موقوف ہوگیا اور پادریون کے اختیار مین رہا جنھون نے نماز کی تعداد اور مدت اور الفاظ وغیرہ مقرر کرنا اپنی ہی فرقہ پر منحصر کردیا۔ اسیوجہ سے دعاؤن کی کتابین تصنیف ہوئین اور قسیسین کی کمیٹیان اور مجلسین منعقد ہوئین تاکہ اصول دین اور ارکان ایمان کو مقرر کرین۔ اور اسیوجہ سے راہبون نے عجب پُر تکلف طریقہ عبادت کا نکالا اور کنائس اور گرجون مین ہفتہ وار نماز قرار دیگئی یعنے چھ روز کی غذائے روحانی نہ ملنے کے مکافات صرف ایک روز کی نماز سے کی گئی۔ اور اسیوجہ سے گرجا کا مجاور جو پہلے صرف ایک خادم کلیسا تھا اب اپنے تئین امام زمان اور حضرت مسیحؑ کا خلیفہ سمجھنے لگا۔

---

[1] یابنی اسرائیل اذکروا نعمتی التی انعمت علیکم واوفوا بعهدی اوف بعهدکم وایای فارهبون واٰمنوا بما انزلت مصدقا لما معکم ولا تکونوا اوّل کافر به ولا تشتروا بایاتی ثمنا قلیلا وایای فاتقون [2] لوقا کی انجیل باب ۱۱- آیت ۱-۴- ملاحظہ ہو المؤلف

الغرض - یہ سب خرابیان انتہی کے درجہ کو پہونچ چکی تھین کہ ساتوین صدی عیسوی مین رسول عربی نے ایک مہذب و معقول مذہب تلقین کرنا شروع کیا آنحضرتؐ نے نماز پنجگانہ کا طریقہ اسلیئے جاری کیا کہ آپ خوب جانتے تھے کہ انسان کی روح حق سبحانہ تعالے کا حمد و ستایش کرنے کے کیسے مشتاق رہتی ہے اور نماز کی اوقات مقرر کر دینے سے آپ نے ایک ایسا مضبوط و مستحکم قاعدہ نمازگذاری کا معین کر دیا کہ نماز کے وقت انسان کا دل عالم روحانی سے عالم مادی کی طرف ہرگز متوجہ نہین ہو سکتا - جو صورت اور ترکیب آپ نے نماز کی اپنے قول اور فعل سے مقرر کر دی ہے اوسمین یہ خوبی ہے کہ اہل اسلام اون خرابیون سے محفوظ رہے ہین جو اوس لڑائی جھگڑے سے پیدا ہوتی تھین جو عیسائیون مین نماز کی ترکیب پر ہمیشہ ہوا کرتے تھے اور پھر ہر مسلمان کو بہت بڑی گنجایش باقی رہی ہے کہ بکمال خضوع و خشوع عبادت خدا مین مصروف ہو -

نماز کی فضیلت باین حیثیت کہ وہ تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب کا ذریعہ ہے قرآن مجید کی آیت ذیل مین صاف صاف بیان کر دیگئی ہے -

"پڑھ تو اوس چیز کو جو اس کتاب مین تجھپر وحی کیگئی ہے اور برپا کر نماز کو تحقیق کہ نماز گناہون اور مکروہ باتون سے بچاتی ہے البتہ خدا کو یاد کرنا بہت عمدہ کام ہے[1]"

اون مناجاتون سے جو خود آنحضرتؐ پڑھا کرتے تھے احکام و شرایع اسلام کی اخلاقی خوبی ظاہر ہے - اونمین سے ایک مناجات مشکات شریف کتاب الدعوات باب الاستغفار و التوبہ جزو ۲ و ۳ مین لکھی ہے

[1] اتل ما اوحی الیک من الکتاب واقم الصلوٰۃ ان الصلوٰۃ تنھی عن الفحشاء والمنکر ولذکر اللہ اکبر واللہ یعلم ما تصنعون سورۂ عنکبوت آیت ۴۴

ایک انگریز مؤرخ لکھتا ہی کہ "فضائل اسلام مین سی ایک فضیلت یہ ہی کہ اسلام کے معابد ہاتھ سے نہین بنائے جاتے اور خدا کی خدائی مین ہر مقام پر اوسکی عبادت ہوسکتی ہی۔ اینما تولوا فثم وجہ اللہ جس مقام پر خدا کی عبادت کیجاے وہی مقام مقدس ہی اور اوسکو مسجد سمجھ لیجئے مسلمان چاہے سفر مین ہو چاہے حضر مین جب نماز کا وقت آتا ہی چند مختصر اور پرجوش فقرات مین اپنے خالق سے اپنے دل کا حال عرض کرلیتا ہی۔ اوسکی نماز اتنی طولانی نہین ہوتی کہ اوسکا جی گھبراجاے اور نماز مین جو کچھ وہ پڑھتا ہی اوسکا مضمون ہمیشہ یہ ہوتا ہی کہ اپنی عجز و خاکساری کا اظہار اور خداوند عالم کی عظمت و جلال کا اقرار اور اوسکے فضل و رحمت پر توکل۔ عیسائی کیا جانین کہ اسلام مین عبادت خدا کا مزا کیسا کوٹ کوٹ کے بھرا ہوا ہی۔ حدیث وہ چیز ہی جسمین مسلمانون کے گذشتہ حالات راست راست لکھے ہوے ہین اور جسکی صحت کی گواہی صدہا رواۃ ثقات نے دی ہے۔ چنانچہ حدیث صحیح مین وارد ہوا ہی کہ رسول اللہ نماز مین خوف خدا سے کیسا زار و قطار رویا کرتے تھے اور آپ کے چچازاد بھائی اور داماد عبادت خدا مین ہمہ تن ایسے غرق ہوگئے کہ اونکے بدن سے حس جاتا رہا اور تیر سمیوم اونکے پاے مبارک سے نکالا گیا اور اونکو ذرا بھی خبر نہوئی۔

گو نماز کی صحت بعض رسوم و اعمال ظاہری کے بجالانے پر موقوف ہی مگر امام غزالی نے مستطرف مین کیا خوب لکھا ہی کہ عالم مافی الضمائر الانسان کی نیت اور رجوع قلب کو دیکھتا ہی۔ جیسا کہ قرآن مجید مین لکھا ہی کہ "گوشت و خون تمہاری قربانی کا خدا کے نزدیک مقبول نہین ہی۔ پھر دوسری جگہ فرمایا ہی کہ لیس البران تولوا وجوھکم قبل المشرق و

لہ ڈاکٹر ہنٹر صاحب کی بغاوت المسلمین صفحہ ۱۷۹۔ ملاحظہ ہو ۱۲ لہ لن ینال اللہ لحومھا ولا دماؤھا ولکن ینالہ التقوی منکم کذلک سخرھا لکم لتکبروا اللہ علی ما ھداکم و بشر المحسنین

المغرب ولکن البر من امن باللہ والیوم الاخر والملائکۃ والکتٰب والنبیین واتی المال علی
حبہ ذوی القربی والیتامی والمساکین وابن السبیل والسائلین وفی الرقاب واقام الصلوٰۃ
واتی الزکوٰۃ والموفون بعھدھم اذا عٰھدوا والصابرین فی البأساء والضراء وحین
البأس اولئک الذین صدقوا واولئک ھم المتقون سورہ بقر آیت ۱۷۲

عیسائیون مین اصطباغ کا رسم ہمیشہ سے چلا آتا ہی اور یہود اور قدیم مصریون مین
بھی بدن کو پانی سے طاہر کرنا مقدمہ ضروری عبادت اور دیگر اعمال مذہبی کا
سمجھا جاتا تھا بلکہ یورپ اور ایشیا دونون اقلیمون مین مشرکین اور بت پرست
بھی طہارت بدن کو جزو عبادت جانتے تھے پس اس سے ظاہر ہے کہ تمام اقوام
و مذاہب مین طہارت ظاہری مقدمہ ضروری عبادات کا تصور کیجاتی تھی - لہذا
آنحضرتؐ نے بھی اس قدیم اور ممدوح رسم کو قائم رکھا اور اسکو مقدمہ عبادت
گردانا یعنے غسل اور وضو کو آپؐ نے خدائے پاک کی عبادت کی شرط قرار دیا - مگر
ساتھی اسکے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ صرف طہارت ظاہری یعنے بدن کو پاک کرلینا ہر عبادت
نہین ہی بلکہ خداوند عالم کا تقرب بندہ کو جبھی حاصل ہوسکتا ہی کہ جب اوسکی عبادت
صفائی قلب اور عجز و خاکساری سے کرے - چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے
اون لوگون کی تردید مین جو صرف طہارت ظاہری پر مرتے ہین اور جنکے قلوب
کبر و ریا سے مملو ہوتے ہین فرمایا ہی کہ رسول اللہ خود فرمایا کرتے تھے کہ سب سے
اہم و اعظم طہارت پاک کرنا دل کا ہی تمام بری خواہشون اور بیہودہ رغبتون سے اور
دفع کرنا ہی نفس سے تمام مکروہ و مذموم خیالات کو اور اون تصورات کو جو انسان کی

لہ واذکر ربک فی نفسک تضرعا وخیفۃ ودون الجھر من القول بالغدو
والاصال ولا تکن من الغافلین سورۂ اعراف آیت ۲۰۴ -

دل کو خدا کی یاد سے باز رکھتے ہین[۵۱]-

باین غرض کہ مسلمانون کو اسلام کا مولدو مسکن ہمیشہ یاد رہی آنحضرتؐ نے حکم فرمایا کہ سب مسلمان نماز روبقبلہ[۵۲] ہوکر پڑھا کرین تاکہ اونکو ہمیشہ یاد رہی کہ مکہ معظمہ وہ معظم ومحترم مقام ہے جہان سے آفتاب دین مبین پہلے طلوع ہوا تھا- اگرچہ آیت قرآن مجید کی سابق مین نقل کیگئی اوس سے ظاہر ہے کہ استقبال قبلہ مقدمۂ ضروری نماز کا نہین ہے علی ہذا القیاس روزہ کا رسم بھی کم وبیش سب قومون مین جاری رہا ہی- مگر یہ کہسکتے ہین کہ قدیم زمانہ مین روزہ سے توبہ مراد لیجاتی تھی نہ ترک آب وطعام- بلکہ یہود مین بھی صوم نفس کشی کے لیے اخیر زمانہ مین اختراع کرلیا گیا تھا[۵۳]- یہود مین سب سے پہلے فرقہ اسانیہ نے (جو پیروان فیثاغورث سے تعلق رکھتے تھے اور اونکے واسطہ سے ہنود اور دیگر مشرقی قومون کے درویشی اور نفس کشی کا رسم اونمین بھی جاری ہوگیا تھا-) یہ اخلاقی باعث روزہ کے اصول کا تحقیق کرلیا اور غالبًا حضرت عیسیٰ نے اور مسائل کیطرح روزہ کا مسئلہ بھی اسی فرقہ یہودسے اخذ کیا-

حضرت مسیحؑ نے جو خود روزہ رکھا تو اونکی تقلید سے کلیسائی مسیحی کے فرائض مین یہ فرض داخل ہوگیا- مگر کلیسائے مسیحی کا صوم کے باب مین عمومًا یہ اعتقاد تھا کہ یہ ایک قسم کی توبہ یا کفارہ[۵۴] ہی- تکالیف بدنی یا نفس کشی کو عمدًا گوارا کرنا دین مسیحی مین بھی

---

۵۱ کتاب المستطرف باب ۔ ملاحظہ ہو ۲ ۔ مؤلف ۵۲ قد نری تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة ترضاها فول وجهك شطر المسجد الحرام وحيث ما كنتم فولوا وجوهكم شطره وان الذين اوتوا الكتاب ليعلمون انه الحق من ربهم وما الله بغافل عما يعملون ولئن اتيت الذين اوتوا الكتاب بكل اية ما تبعوا قبلتك وما انت بتابع قبلتهم وما بعضهم بتابع قبلة بعض ولئن اتبعت اهواءهم من بعد ما جاءك من العلم انك اذا لمن الظالمين

۵۳ اسپنجر صاحب کی تاریخ یہود جلد ۲ صفحہ ۲۰۷ - ملاحظہ ہو ۴ - مؤلف ۵۴ یعنی علمای نصاریٰ ۱۲ - ترجم ۵۵ موسم جما کی تاریخ کلیسائی مسیحی جلد ۱ صفحہ ۱۳۱ - مین صاف لکھا ہی کہ قدیم زمانہ مین صوم کو عیسائی یہ سمجھتے تھے کہ نہایت ضرور ہے

اوسیطرح شایع ہی جسطرح اور ادیان مین ہے مگر ایسی تکالیف بدنی کے تحمل کرنے کا نتیجہ ہمیشہ یہ ہوا ہی کہ تمام قوی عقلی اور قوی بدنی زائل اور فنا ہوگئے ہین اور ایک مفتقر فقیر رہبانیت پیدا ہوئی ہی۔ لکن برخلاف اور ادیان کے دین اسلام مین روزہ اس مصلحت سے فرض کیا گیا ہے کہ ایک محدود معین زمانہ تک ہر روز ترک لذات کیا جاے تاکہ قوی شہوانی مغلوب رہین۔ اور قوی بہیمیہ سے صحیح افعال صادر ہون۔ چونکہ شرع اسلام شریعت سہلہ سمحہ قرار دیگئی ہے یعنی اس شرع مین تکلیف مالا یطاق نہین جائز رکھی گئی ہے لہذا افقر و رہبانیت یعنی نفس کشی اس دین مین قطعاً ممنوع ہے۔ مگر احکام قرآن کی حکمت اوامر کے بہ نسبت نواہی سے خوب ظاہر ہے۔ روزہ رکھنا اوسوقت فرض ہوتا ہی کہ جب شرائط ذیل پائے جائین جنسے ثابت ہوتا ہی کہ یہ فرض قوی شہوانی کے روکنے کو اور حد اعتدال سے تجاوز نہ کرنے دینے کو کیسا معقول و مناسب ہی۔ وہ شرائط یہ ہین۔ (۱) بلوغ شرعی۔ (۲) صحت نفس و سلامت عقل (۳) صحت بدن۔ (۴) حضر یعنے عالم سفر مین نہونا اور عورتون کے لیے تمام نجاستون سے پاک[1] ہونا۔ آیات قرآن مجید جنمین روزہ فرض کیا گیا ہے یہ ہین۔ شهر رمضان الذی انزل فیه القرآن هدی للناس و بینات من الهدی و الفرقان فمن شهد منکم الشهر فلیصمه و من کان مریضا او علی سفر فعدة من ایام اخر یرید الله بکم الیسر و لا یرید بکم العسر و لتکملوا العدة و لتکبروا الله علی ما هداکم و لعلکم تشکرون

[1] نیاز صاحب مورخ لکھتے ہین کہ عیسائیون مین جو ہفتہ وار اور سالانہ عیدین ہوتی ہین وہ حضرت مسیح کے مصلوب ہوکر دوبارہ زندہ ہوجانے کی یادگاری مین ہوتے ہین اور چونکہ عیسائی صوم و صلوات کو جہاد نفس سمجھتے تھے اور اسلیے عین مجاہدین نفس امارہ جانتے تھے لہذا صوم و صلوات کا نام اونہون نے فوج مسیحی کا مطابیہ دارد کہا تھا۔ نیاز صاحب کی تاریخ کلیسائی مسیحی جلد ۱ صفحہ ۴۰۸ و ۴۰۹۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] کتاب کویری ڈرایڈ مسلمان جلد ۱۔

روزہ رکھنے کا حکم دن کو ہی اور رات کو ہر مسلمان کو اجازت ہی بلکہ شاید فرض ہی کہ اکل و شرب بمقدار معتدل کرے اور اور لذات مشروعہ سے بھی متلذذ ہو۔ فقہای اسلام نے رسول اللہ کی سچی پیروی کرکے یہ قاعدہ مقرر کردیا ہی کہ عالم صوم مین نفس کو تمام مکروہ و قبیح خیالات سے بچانا بھی ویسا ہی فرض ہی جیسا جسم کو کل ماکولات و مشروبات[1] سے باز رکھنا واجب ہی

اسلام سے پیشتر کسی مذہب مین زکات دینا اور بیوہ اور یتیم اور مسکین کی پرورش کرنا فرض نہین کیا گیا تھا اور کسی دین مین ان فرائض کے اصول اسطرح[2] مین منضبط نہ تھے جسطرح اسلام مین ہین۔

قدیم عیسائیون مین جو سُنّتی روزے رکھنے کا رسم جاری تھا وہ ہر شخص کی مرضی پر موقوف تھا لہذا اوسکا اثر بھی بے قاعدہ اور غیر معین ہوتا تھا۔ تاریخ اسپر شاہد ہی کہ اس سُنّتی روزہ کا بے قاعدہ ہونا ہی اسکا باعث ہوا کہ چند روز کے بعد لوگون نے اسکو ترک کردیا[3]۔ شریعت اسلامیہ کے بموجب ہر شخص پر فرض ہی کہ ایک جزء اپنے مال کا غربا و مساکین کو دیا کرے۔ یہ جزء چالیس[4] مین سے ایک ہوتا ہی یعنی اڑھائی فیصدی قیمت پر تمام اشیاء اور اسباب اور آلات کے اور تمام منافع تجارت وغیرہ پر۔ مگر زکات صرف اوسوقت واجب ہوتی ہی جب مال کی قیمت ایک مقدار معین تک[5] پہونچ جاتی ہے اور جب وہ پورے سال بھر ایک شخص کے

---

[1] امام غزالی کی کتاب المستطرف باب ۱۔ فصل ۴۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] نیاٹر صاحب کی تاریخ کلیسیا جلد ۱ صفحہ ۴۵۰۔ اور موشیم صاحب کی تاریخ کلیسیا جلد ۱ صفحہ ۵۶۔ ملاحظہ ہو میری غرض یہ نہین ہی کہ عیسائیون مین بیوہ کا حصہ اسی سنتی روزہ پر تھا۔ بلکہ بیوہ اور یتیم اور مسکین کی پرورش کی تاکید جیسے دین اسلام مین ہی ویسی ہی دین مسیحی مین بھی ہی۔ حضرت عیسیٰ نے خیرات دینے کا حکم فرمایا تھا مگر انکے اتباع نے اوسمین چند قیود لگا دیے یعنے اونہون نے یہ حکم دیدیا کہ اوس بیوہ کو خیرات دو جو اسّی برس کی ہو اور جسنے ایک ہی شوہر کیا ہو اور جو عیال کثیر رکھتی ہو۔ لنٹ صاحب کی م

[5] مؤلف

پاس رہا ہو۔ نہ اون مواشی پر زکات واجب ہی جنسے کھیتی کا کام لیا جاتا ہو یا جو بار برداری کے جانور ہون۔ علاوہ اسکے عید الفطر کی صبح کو ہر شخص پر فرض ہے کہ اپنا اور اپنے عیال مین سے ہر ہر فرد کا اور اوس مہمان کا جو ماہ رمضان مین اوسکے مکان مین رہا ہو یا اوسکے یہان افطار کیا ہو ایک مقدار گیہون یا جو یا خرما یا کشمش یا چاول یا اور کوئی غلہ یا اوسکی قیمت فطرہ مین دے۔

آنحضرتؐ اور صحابۂ کرامؓ کے فعل سے بھی ثابت ہوتا ہی کہ زکات پانے کے مستحق یہ لوگ ہین۔ (۱) غربا و مساکین۔ (۲) وہ اشخاص جو زکات واجب کے تحصیل اور تقسیم مین مدد دیتے ہین۔ (۳) لونڈی غلام جو اپنے تئین آزاد کرا لینا چاہتے ہین مگر ایسا کرنے کا کوئی ذریعہ نہین رکھتے۔ (۴) قرضدار جو اپنا قرضہ نہین ادا کر سکتے۔ (۵) مسافر[1] اور غریب الوطن لوگ۔ مسلمانون کو عموماً خیرات دینے کا حکم قرآن مجید[2] مین بڑی تاکید سے کیا گیا ہی۔ مگر اسلام کی فضیلت یہ ہی کہ حضرت عیسیٰؑ نے تو صرف خیرات کو مستحب کر دیا ہے لیکن شارع اسلامؐ نے اوسکے محدود و معین قواعد بنا دیے ہین۔

عرب مین سلف سی یہ رسم چلا آتا تھا کہ ہر سال تمام اطراف و اکناف عرب سے لاکہا آدمی حج خانہ کعبہ کرنے کو مکہ معظمہ مین آیا کرتے تھے۔ آنحضرتؐ نے اس دستور کو اس حکمت اور اس مصلحت سی فرائض دین مین داخل کر دیا کہ ایک مقام پر جمع ہونے سی مسلمانون کے مخالف فرقون مین ایک برادرانہ لطف و محبت پیدا ہوتی ہی۔ تمام عالم

[1] جامع عباسی اور جامع ترمذی اور مبسوط کتاب الزکات ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] ومثل الذین ینفقون اموالهم ابتغاء مرضات الله وتثبیتا من انفسهم کمثل جنة بربوة اصابها وابل فاتت اکلها ضعفین فان لم یصبها وابل فطل والله بما تعملون بصیر یا ایها الذین امنوا انفقوا من طیبات کسبتم ومما اخرجنا لکم من الارض ولا تیمموا الخبیث منه تنفقون ولستم باخذیه الا ان تغمضوا فیه واعلموا ان الله غنی حمید الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء والله یعدکم مغفرة منه وفضلا والله واسع علیم یؤتی الحکمة من یشاء ومن یؤت الحکمة فقد اوتی خیرا کثیرا وما یذکر الا اولوا الالباب وما انفقتم من نفقة او نذرتم من نذر فان الله یعلمه وما للظالمین من انصار ان تبدوا الصدقات فنعما هی وان تخفوها وتؤتوها الفقراء فهو خیر لکم ویکفر عنکم من سیاتکم والله بما تعملون خبیر لیس علیک هداهم ولکن الله یهدی من یشاء وما تنفقوا من خیر فلانفسکم وما تنفقون الا ابتغاء وجه الله وما تنفقوا من خیر یوف الیکم وانتم لا تظلمون للفقراء الذین احصروا فی سبیل الله لا یستطیعون ضربا فی الارض یحسبهم الجاهل اغنیاء من التعفف تعرفهم بسیماهم لا یسئلون الناس الحافا وما تنفقوا من خیر فان الله به علیم الذین ینفقون اموالهم باللیل والنهار سرا وعلانیة فلهم اجرهم عند ربهم ولا خوف علیهم ولا هم یحزنون

سورہ بقر آیت ۲۶۷ - ۲۶۹ - و ۲۷۵ - [3] سی کی انجیل باب ۲۵ - آیت ۳۵ و ۳۶ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

کے مسلمانون کی آنکھین اوس مقدس و متبرک مقام پر لگی رہتی ہین جس سے ہر مسلمان کے دل مین ایک شعلہ اوس نور الٰہی کا روشن رہتا ہی جسنے اوس ظلمت و جہالت کے زمانہ مین سرزمین عرب سے نکلکر تمام عالم کو منور کر دیا۔ اس فریضہ حج مین بھی شارع اسلام کے حکمت اوامر سے زیادہ نواہی سے ظاہر ہے یعنی اون شرائط سے جنپر حج کا فرض ہونا موقوف ہی۔ وہ شرائط یہ ہین۔ (۱) کامل العقل اور ذی شعور ہونا (۲) حریت یعنی بالکل آزاد اور خود مختار ہونا۔ (۳) زاد راہ اور راحلہ پر قادر ہونا (۴) اتنی معاش رکھنا جو حاجی کے سفر کے زمانہ مین اوسکے عیال کے رزق کے لیے کافی ہو جاے۔ (۵) سفر دریا کا ممکن اور عمل پذیر ہونا۔

پس آئین و قوانین اسلام فرائض عملی کی نسبت یہ ہین جو بیان کیے گئے ہین۔ موشیم صاحب نے تاریخ کلیسائی مسیحی جلد ۱ صفحہ ۱۲۴ مین کیا خوب لکھا ہی کہ "ایمان اور احسان یعنی نیکی کرنا اعمال ظاہری اور احکام شرعی کے منافی نہین ہین بلکہ انسان ناقص العقل ہے لہذا اعمال ظاہری اسلیے ضرور ہین کہ عوام الناس کو پاس و لحاظ اپنے دین کا باقی رہے"۔ پس اسی مصلحت سے آنحضرتؐ نے اپنے مواعظ و نصائح مین چند رسوم و اعمال ظاہری بھی شریک کر دیے تاکہ عوام الناس اس دین کی حقیقت کو بخوبی سمجھ سکین۔ خود حضرت عیسیٰ نے دو عمل فرض کر دیے ہین۔ یعنی اصطباغ اور عشاء ربانی۔ اگر حضرت مسیح دنیا مین اور زیادہ رہتے تو غالباً اور زیادہ اعمال کا حکم فرماتے مگر یہ امر یقینی ہی کہ اگر حضرت عیسیٰ کو زیادہ مہلت ملتی تو اپنے مواعظ و نصائح کو ضرور مرتب و منضبط کر دیتے چنانچہ یہی عدم انضباط مسائل و احکام دین ایسا نقص عظیم دین مسیحی مین

لہ وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا قرآن مجید اور جامع عباسی اور بسوط کتاب پنج ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف لہ موشیم صاحب کی تاریخ کلیسیا صفحہ ۱۲۴۔ جلد ۱۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲۔ مؤلف۔

رہگیا ہی جسکی باعث سی اصول عقائد کو معین و مشخص کرنے کی لیے علماء اور پادریون کی
کمیٹیان اور مجلسین منعقد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اسپر بھی اونکے معین کردہ عقائد
اور مسائل ایسے ضعیف و خفیف ہوتے ہین کہ حکماء اور مشککین کے ذرا سے اعتراض سے
کافور ہو جاتے ہین - الغرض حضرت عیسیٰ کی رسالت غیر مکمل و مختتم رہگئی - اور اصول و
قوانین اخلاق کو منضبط کرنا پیغمبر آخر الزمان پر موقوف و منحصر رہا - پس شارع اسلام کے
احکام حضرت عیسیٰ کے مواعظ و نصائح کے منافی ہرگز نہین ہین بلکہ اونکے متمم و معاضد ہین -

انسان جو تعلقات اپنے خالق کے ساتھ رکھتا ہی وہ اوسکے دین و ایمان پر موقوف
ہین مگر جو تعلقات وہ اپنے ہمجنسون سے رکھتا ہے اونکا دارومدار قوانین و احکام پر ہے
پس جو فرائض ایک انسان کو دوسرے آدمی کی نسبت بجالانا لازم ہی اونکی تعمیل اور
بجاآوری کے لیے دین یعنے حکم خدا سے زیادہ اور کیا چیز مستند ہو سکتی ہے - دین کو
یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ "چیدہ و برگزیدہ واعظون" کے سحر آمیز اور عبرت انگیز موعظون کا نام ہے
یا دین ایک عجیب و غریب مسئلہ عقلی ہے جو وہمی آدمیون کا دل خوش کرنے کی لیے گڑھ لیا گیا ہے
بلکہ دین کے معنی یہ سمجھنے چاہیین کہ دین طرز معیشت اور عنوان معاشرت کی قاعدہ کا نام ہی
اور دین کی غرض اصلی اور علت غائی یہ ہی کہ انسان کو تدریجًا ترقی دیتے دیتے اوس
کمال تک پہونچادی جو اوسکے وجود کی غرض و غایت ہی - پس جس دین نے اصول اولیہ
اخلاق کو مرتب و منضبط کر دیا ہو اور اون فرائض اور اعمال کو جو ایک انسان کو دوسرے کی
نسبت بجالانا واجب ہین معین و مشخص کر دیا ہو - جو دین اعلی و اکمل عقول البشری کے موافق
ہو کیونکہ ہی انسان کو واجب الوجود کی ذات جامع الکمالات کے قریب پہونچاتا جاے - ہم کہتے
ہین کہ ایسا ہی دین تمام ادیان و ملل سے زیادہ اعزاز و احترام کا مستحق ہے - غرض اسلام
مین سے ایک خاصہ یہ ہی کہ تمام ملل و ادیان کے جلیل ترین فضائل اور جمیل ترین مناقب

جو عقل صائب اور وجدان سلیم کے خلاف نہین وہ سب اس دین حنیف مین جمع ہین
اس دین مین صرف وہی قوانین اخلاق منضبط نہین ہین جو انسان کی ترقی اور
تہذیب کی صحیح مفہوم پر مبنی ہین - بلکہ بقول ایک موٴرخ جلیل کے "اس دین مین بعض اصول
ایسے مقرر کردیے گئے ہین اور تہذیب نفس کے ایسے قواعد معین کردیے گئے ہین جو انسان
کو مختلف مصالح وقت اور حوائج مقام کا تابع کردیتے ہین" شارع اسلام نے ہزارہا پیرایون مین
اور صدہا طریقون سے لوگون کو یہی سمجھایا ہی کہ باہم برادرانہ خلوص و محبت رکھو کہ یہی سچی
علامت ہی کہ تم اپنے پروردگار کو بھی دوست رکھتے ہو - چنانچہ حدیث صحیح مین وارد ہوا ہے
کہ آنحضرت نے فرمایا کہ "جب تم خداوند عالم کے روبرو حاضر ہوگے تو کیا تم جانتے ہو کہ
وہ تمکو کیونکر پہچانیگا - وہ تمکو اوس محبت سے پہچان لیگا جو تم اپنے عیال اور اپنے خویش
و اقربا اور اپنے ہمسایون اور بندگان خدا سے رکھتے ہو" پھر دوسری حدیث مین
فرمایا ہی کہ "اگر تم اپنے خالق کو دوست رکھتے ہو تو پہلے اپنی ہمجنسون سے محبت رکھو"
پھر تیسری حدیث مین فرمایا ہے کہ "اگر خداوند عالم سے تقرب چاہتے ہو تو اوسکے بندون
کو دوست رکھو اور جو چیز تم اپنے لیے پسند کرتے ہو وہی اونکے واسطے بھی پسند کرو
اور اونسے اوسیطرح پیش آؤ جسطرح تم چاہتے ہو کہ وہ ہمسے پیش آئین -"

اسلام کے احکام کا سب زمانون اور تمام قومون کے موافق و مناسب ہونا اور
اونکا بالکل موافق عقل سلیم ہونا اور اس دین مین ایسے مسائل کا نہونا جو صریحاً خلاف عقل
ہون اور جنسے وہ اعتقادات حقہ جو ازل سے انسان کی لوح خاطر پر کندہ ہین معرض شک

لہ بشپ لمین صاحب نے اپنی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۲۰۱ مین یہی الفاظ بعینہ اپنے دین یعنی دین مسیحی کی نسبت لکھے ہین ۱۲ مرتب
لہ انما المومنون اخوۃ الی آخر قولہ تعالیٰ ۱۲ سترجم لہ مشکات شریف کتاب ۲۲ باب ۱۵۰ - و ۱۲
ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف لہ تسطلانی شرح صحیح بخاری جزء ۱ صفحہ ۷۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف لہ یہ مسئلہ تثلیث کیطرف کنایہ ہے ۱۲

و ابہام مین پڑجائین - ان سب امور سے ثابت ہوتا ہی کہ اسلام مظہر اتم اوس کمال کا ہے جو سب سے آخر زمانہ مین انسان کی عقل معاد کو حاصل ہوا ہی جن لوگون نے اس دین مبین کے بعض شرایع و احکام کے مصالح و اغراض واقعی سے چشم پوشی کی ہے وہ یہ سمجھے ہین کہ ان احکام کا بادی النظر مین سخت ہونا اور اس زمانہ کے خیالات کے موافق نہونا اسکی دلیل ہے کہ یہ دین تمام عالم مین جاری ہونے کا مدعی ہرگز نہین ہوسکتا - لکن اگر یہ لوگ قوانین و احکام کے مصالح کو ذرا بھی تحقیق کرتے اور واقعات تاریخی کو ذرا بھی ایمانداری سے جانچتے تو اونکو بخوبی ثابت ہوجاتا کہ وہ احکام جو اس زمانہ کے حوائج یا تعصبات کے موافق نہین معلوم ہوتے ہین صرف چند روزہ ہین یعنی اوس زمانہ کے مصالح پر مبنی ہین - اسلام کے متعصب دشمنون نے اس دین حنیف کی آزادی اور اسکی وسعت و فراخی کو اور اوس رعایت و مروت کو جو یہ دین اور ادیان سے کرتا ہے جنمین اخلاق عامہ کی پابندی ہی ان سب باتون کو غلط سمجھا ہی اور غلط لکھا ہی یا بگاڑ کر بیان کیا ہے یا عمداً چھپا ڈالا ہی - چنانچہ قرآن مجید مین لکھا ہے ان الذین امنوا والذین ھادوا والنصاری والصابئین من امن باللہ والیوم الاخر وعمل صالحا فلھم اجرھم عند ربھم ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

یورپ مین جو ایک معقول پسند مذہب اب نکلا ہی اوسکی تاریخ ایک عالم نے لکھی ہے - اوس تاریخ مین وہ لکھتا ہی کہ "بعض[1] زمانے ایسے ہوتے ہین جنمین نیکی کے خیال سے دین پیدا ہوتا ہی اور بعض زمانے ایسے ہوتے ہین جنمین معصیت کے خیال سے دین پیدا ہوتا ہی" اس قول کے معنی یہ ہین کہ پہلی صورت مین انسان کو اپنی بزرگی یعنے اپنی اشرف المخلوقات ہونے کا تصور صدور افعال نیک کا باعث ہوتا ہی

[1] سورۃ البقر آیت ۵۹ - ۱۲ - مؤلف ۵۲ لیکی صاحب کی تاریخ حسنین یورپ کے معقول پسند مذہب کا حال لکھا ہے

جلد ۱ - صفحہ ۱۸۸ - طبع دوم ۱۲ - مؤلف

اور دوسری صورت مین انسان کا معصیت مین بالکل آلودہ ہونے کا تصور محرک اوسکے افعال کا ہوتا ہے - چنانچہ فلسفۂ یونان اور فلسفۂ روم قدیم پہلے اصول پر مبنی تھا اور دین مسیحی دوسرے اصول پر مبنی ہے -

تمام ملل و ادیان مین سے صرف اسلام ہی ایسا دین ہی جسمین یہ دونون اصول جمع ہین - یہ اعتقاد کہ قیامت مین آدمی کا انصاف فقط اوسکے اعمال سے کیا جائیگا ہر مسلمان کو نفس کشی اور سب بندگان خدا سے نیکی کرنے کا باعث ہوتا ہی اور یہ اعتقاد کہ خداوند عالم حاضر و ناظر اور رحمٰن و رحیم اور قادر مطلق ہی اسکا باعث ہوتا ہی کہ وہ رب العالمین کی درگاہ مین عجز و فروتنی کرتا ہے اور جہاد نفس کرتا ہی یعنے صبر و تحمل اور توکل اور مصائب والآلام مین ثبات و استقلال اپنا شعار رکھتا ہی جس سے مخالفین نے اسلام کو یہ الزام دیا ہی کہ "اس دین مین اعمال نیک نہایت سخت ہوتے ہین" اور بقول لیکی صاحب مورخ کے یہی اعتقاد ہر مسلمان کو اسکا باعث ہوتا ہی کہ عالم خوف و رجا مین وہ اپنے نیت اور اپنے افعال کے اسباب کو دیکھتا رہتا ہی اور اپنی قوت پر بھروسا نہین کرتا بلکہ خیر و شر کے جھگڑے مین ہمیشہ فضل خدا اور رحمت الٰہی پر توکل کرتا ہے -

پس اسلام مین وہ سب عمدہ ترین اصول جمع ہین جو از آدم تا ایندم انسان کے نفس پر موثر ہوے ہین -

بعض مذاہب مین وہ احکام جو فرائض و عبادات سے متعلق ہین بالکل عمل پذیر نہین ہین اور اوسسے ثابت ہوتا ہی کہ ان احکام کا واضع انسان کی طبیعت کے خاصہ سے بالکل آگاہ نہ تھا بلکہ مجذوبون کے سے بڑبڑایا کرتا تھا ایسے احکام کو اس دار الامتحان مین جو دیکھا تو عبث و بیکار پایا - ہر مذہب کے تمام عالم پر حاوی ہونے کا سچا

لہ کلارک صاحب کی تاریخ مذاہب عشرہ صفحہ ۴۰۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۲ اخلاق ملا حسین واعظ کتاب الاخلاص ملاحظہ ہو

معیار یہ ہی کہ وہ کہنا عمل پذیر ہی اور اوسکی تاثیر بنی آدم کے عام تعلقات پر اور روزمرہ کے امور پر اور عوام الناس کے قلوب پر ابدی ہوئی ہے یا آنی - کسی مذہب کی حقیقت چند نفوس قدسیہ کو دیکھنے سے نہین معلوم ہوسکتی ہے - بلکہ عوام الناس پر نظر کرکے اوسکی حقیقت واقعی دریافت کیجاتی ہے - اور یہ پوچھا جاتا ہی کہ کیا اس مذہب کا اثر قوی عوام الناس پر ہوا ہے - کیا یہ مذہب اونکی رفعت و بزرگی کا باعث ہوا ہی - کیا اس مذہب مین عوام کی ہدایت کے لیے خیر و شر حق و باطل مین تمیز کرنے کے واسطے قواعد منضبط کر دیے ہین - اگر یہ مذہب اقصیٰ جزائر جنوبی مین جاری کیا جاے یا افریقہ کے وحشیون کو تلقین کیا جاے تو اونکی ترقی و تعلی کا باعث ہوگا یا تنزل و انحطاط کا سبب ہوگا - اہل بصیرت ہر مذہب کے باب مین یہ سوالات ضرور کرتے ہین - یہ شرف اسلام ہی سے مخصوص ہی کہ اس دین مین اعلی درجہ کی عقل نہایت معقول و مناسب عمل کے ساتھ جمع ہی اس دین نے طبیعت بشری سے کبھی تجاہل نہین کیا اور اون پیچیدہ راہون مین اپنے تئین کبھی نہین پھنسایا جو واقع اور نفس الامر کی حد سے باہر ہین - اسلام کا مقصود بھی مثل اور ادیان کے یہی تھا کہ انسان کو ترقی دیتے دیتے کمال محض و مطلق کے درجہ تک پہونچادی مگر اسلام نے اس مقصد کو یون حاصل کیا ہے یا حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہی کہ اس قول حق کو خوب سمجھکر تسلیم کرلیا ہے کہ اس عالم فانی مین انسان ہمیشہ ناقص رہا ہی اور ناقص رہیگا - اگرچہ شارع اسلام کا یہ قول نہین ہی بلکہ بانی دین مسیحی کا ارشاد ہے کہ "اگر تیرا بھائی تیرے ایک گال پر طمانچہ مارے تو تو دوسرا گال بھی اوسکی طرف پھیر دے" اور اگرچہ شارع اسلام نے اجازت دی ہی کہ جو شخص عمداً کسی پر ظلم کرے

لہ اذن للذین یقاتلون بانھم ظلموا وان اللہ علی نصرھم لقدیر الذین اخرجوا من دیارھم

اوسکی سزا اوسکو اوسقدر دیجاے جسقدر اوسنے ضرر پہونچایا ہو۔ مگر ساتھی اسکے شارع اسلام نے پرجوش الفاظ مین اور ہزار ہا پیرایون مین یہ بھی تو فرمایا ہی کہ عفو و درگذر اور جود و احسان اپنا شعار رکھو اور بدی کا بدلہ نیکی سے کرو۔ چنانچہ قرآن مجید مین لکھا ہے۔ ومن احسن قولا ممن دعا الی اللہ وعمل صالحا وقال انني من المسلمین ولا تستوی الحسنۃ ولا السیئۃ ادفع بالتی ھی احسن فاذا الذی بینک وبینہ عداوۃ کانہ ولی

پھر بہشت کے باب مین فرمایا ہے کہ۔ وسارعوا الی مغفرۃ من ربکم وجنۃ عرضھا السموات والارض اعدت للمتقین الذین ینفقون فی السراء والضراء والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین والذین اذا فعلوا فاحشۃ او ظلموا انفسھم ذکروا اللہ فاستغفروا لذنوبھم ومن یغفر الذنوب الا اللہ ولم یصروا علی ما فعلوا وھم یعلمون

یہ مقدس احکام جھوٹے زہد اور مصنوعی خدا پرستی کے دام مین نہین پھنسے ہوے ہین بلکہ ہر مسلمان کی زندگان کے واقعے اور عملی اصول یہی ہین۔ اور مذاہب کے باخدا لوگون نے جو صبر و تحمل مصائب و آلام مین کیا ہی وہ بھی صفحہ تاریخ پر لکھا ہوا ہے اور اخلاف و آیندگان اون لوگون کی صبر و شکیبائی کی ہمیشہ تعریف کیا کیے ہین۔ مگر عالم ادبار مین یعنے اوسوقت جب آدمی اپنے دشمن یا ضرر پہونچانے والے سے انتقام لینے کی قدرت نہین رکھتا اوس ضرر کو برداشت کرنا اور ضرر رسان کے قصور کو معاف کر دینا آسان تر ہی نسبت اسکے کہ اقبال کے زمانہ مین کوئی شخص ایسا کرے۔ چنانچہ امام دوسرا شہید کربلا حضرت امام حسینؑ کے باب مین لکھا ہی کہ ایک مرتبہ آپ کہانا کھا رہے تھے کہ غلام نے جلتے ہوے کہانے کے قاب آپ پر اُنڈیل دیے اور فوراً آپؑ کے قدمون پر سر رکھکر یہ آیت پڑھی۔ والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ مین غصہ نہین ہون۔ اوس غلام نے پھر عرض کیا کہ

والعافین عن الناس آپ نے فرمایا میںنے تجھکو معاف کیا۔ پھر اوسنے عرض کیا۔
واللہ یحب المحسنین آپ نے فرمایا جا میںنے تجھکو آزاد کیا اور چار سے درہم بھی دیے۔
علامہ زمخشری نے تفسیر کشاف مین اسلام کے احکام کا ملخص و مآل یہ لکھا ہے
وجس شخص نے تجھکو روکر دیا ہو اوسی سے تو پھر رجوع کر۔ جسنے تجھسے لیا ہو اوسکو
تو دے۔ معاف کر اوسکو جسنے تجھے ضرر پہونچایا ہو۔ کیونکہ خداوند عالم اس بات کو
دوست رکھتا ہے کہ اوسکے کمالات کی جڑین تمہارے قلوب مین جم جائین۔
ہم اس باب کو آیات ذیل پر ختم کرتے ہین۔ وعباد الرحمن الذین یمشون علی
الارض ھونا واذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاما والذین یبیتون لربھم سجدا وقیاما
والذین یقولون ربنا اصرف عنا عذاب جھنم ان عذابھا کان غراما انھا ساءت مستقرا
ومقاما والذین اذا انفقوا لم یسرفوا ولم یقتروا وکان بین ذلک قواما والذین
لا یدعون مع اللہ الھا اخر ولا یقتلون النفس التی حرم اللہ الا بالحق ولا یزنون
ومن یفعل ذلک یلق اثاما یضاعف لہ العذاب یوم القیامۃ ویخلد فیہ مھانا
الا من تاب وامن وعمل صالحا فاولئک یبدل اللہ سیاٰتھم حسنات وکان اللہ
غفورا رحیما ومن تاب وعمل صالحا فانہ یتوب الی اللہ متابا والذین لا یشھدون
الزور واذا مروا باللغو مروا کراما والذین اذا ذکروا بایات ربھم لم یخروا علیھا صما وعمیانا
والذین یقولون ربنا ھب لنا من ازواجنا وذریاتنا قرۃ اعین واجعلنا للمتقین اماما اولئک
الذین یجزون الغرفۃ بما صبروا ویلقون فیھا تحیۃ وسلاما خالدین فیھا حسنت مستقرا ومقاما

لہ یہ روایت سیل صاحب اپنے باب سوم ترجمہ قرآن مجید مین نقل کی ہے اور لین صاحب نے بھی اپنی تاریخ زوال سلطنت روم
مین اسکو نقل کیا ہے۔ مگر اونون نے اسکو سہو حضرت امام حسن کیطرف منسوب کیا ہے تفسیر حسینی صفحہ ۱۰۹۔ اور حاشیہ ۳ متعلقہ
باب ہذا الملاحظہ ہو۱۲۔ مؤلف لہ وہ حدیث نبوی جو اس باب مین مشکات باب مین ابوداؤد سے منقول ہے اور مستطرف باب ۲۶

حواشی متعلقہ باب ۱۲

حاشیہ ۱-

واضح ہو کہ اکثر وہ قواعد و احکام اور اوامر و نواہی جو ماکولات و مشروبات کے باب میں آنحضرت سے منقول ہیں اُن زمانہ کے مصالح اور اوس قوم کے حوائج پر مبنی ہیں۔ پس جب وہ مصالح اور وہ حوائج نہ باقی رہے تو اون احکام کی ضرورت بھی نہیں باقی رہی۔ لہذا جو مسلم یہ گمان کرے کہ اسلام میں کل احکام بالضرورۃ تغیر پذیر نہیں ہیں وہ تو تاریخ سے چشم پوشی کرتا ہے اور اوس کمال کا خیال نہیں کرتا جو عقل انسانی حاصل کر سکتی ہے۔ ایسی حضرات کی خدمت میں میری گذارش ہے کہ این خلدون کے قول کو ملاحظہ کیجئے کہ یہ سورخ نہایت جلیل القدر ہے۔ قولہ [22] آدمی امر حق بھی دریافت کر سکتا ہے اور سہو و خطا سے بھی بچ سکتا ہے کہ جب احکام شرع کو خوب نظر تعمق سے دیکھے اور کمال احتیاط سے جاری کرے۔ اگر صرف اون احادیث پر بھروسا کیا جائے جو پیغمبر خدا یا صحابہ سے منقول ہیں اور اون کو مطلق دخل نہ دیا جائے جو تجربہ اور مشاہدہ پر مبنی ہیں اور جو اصول اولیہ سیاست مدن سے مستنبط کئے گئے ہیں اور اور اصناف انسان کے مزاج تہذیب و شائستگی اور دیگر امور کا لحاظ کر کے بنائے گئے ہیں۔ اگر اگلے زمانہ کے حوائج کا قیاس اس زمانہ کی ضرورتوں پر نہ کیا جائے اور ماضی کا قیاس حال پر نہ کیا جائے تو آدمی خطا سے نہیں بچ سکتا اور راہ حق سے ضرور بہک جائیگا۔" جو احکام آنحضرتؐ کے مآکل و مشارب سے متعلق ہیں بقول علماء کے آدمی دو قسمیں ہیں کمی اور کیفی۔ کھانے پینے اور اور امور میں افراط کرنے کی ممانعت نہیں کمی میں داخل ہے سو ان احکام کی علت یہ ہوئی کہ عرب میں ایک خاص قسم کی وحشیانہ پُرخوری اور عیاشی رائج ہوتی جاتی تھی۔ اور ان احکام کی علل و اغراض قرآن مجید میں بھی کہیں کہیں کنایۃً لکھی ہیں۔ یہ ظاہر ہے کہ گوشت خوک کی ممانعت تطعی جو نہیات کیفی میں داخل ہے حفظ صحت کے خیال سے کیگئی ہے اور اس جانور کا گوشت اوسوقت تک ضرور حرام رہیگا جبتک اسکی طبیعت خبیث رہیگی اور اسکے گوشت سے امراض پیدا ہونگے۔ علی ہذا القیاس رقص و سرود کی ممانعت بھی نہیات کیفی میں داخل ہے اور اسکی علت یہ ہوئی کہ مشرکین عرب اپنے بتوں اور لات و منات و جبل و عزّیٰ کی پرستش میں مخنث آمیز ناچ رنگ کرتے تھے۔

[22] ان تینوں بتوں کی پرستش اہل شام اور اہل فنیسیہ کرتے تھے ۱۲۔ مترجم [52] یہ بت خاص عرب کے تھے۔ ۱۲ مترجم

حاشیہ متعلقہ باب ۱۲

جو آیات قرآن مجید ہمنے اس دعوی کے اثبات میں نقل کیے ہیں کہ اسلام کل مذاہب اور سب قوموں کی بہتری چاہتا ہے۔ اس آیت کے منافی نہیں ہیں وہ سورۂ آل عمران میں ہے ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ واضح ہو کہ شارع اسلام نے بھی حضرت عیسیٰ کیطرح صرف مہذب و صلح ادیان سابقہ ہونے کا دعوی کیا تھا لینے آپ شریع سابقہ کی تکمیل کرنے کے لیے مرسل ہوئے تھے اونکو محو کرنے کے لیے نہیں بھیجے گئے تھے اور جو اصول آپ نے تلقین کیے وہ اون اصول کی بالکل موافق ہیں جو زمانہ قدیم کے معلمان دین اور مہذبان خلق نے تعلیم کیے تھے۔ یعنی آنحضرت نے اپنے دین کو ہمیشہ حضرت ابراہیم اور حضرت موسی اور حضرت عیسے ۱۲

دین ظاہر فرمایا پس جسطرح ہمارے ذہن مین ہے اوسیطرح آنحضرتؐ کے ذہن مبارک مین ہی اسلام دوڑتا تھا جسمین تمام فرائض اخلاقی جو عقل صائب اور وجدان سلیم کے نزدیک مستحسن ہین جمع تھے۔ لہذا اس آیت مین جو سورہ آل عمران سے نقل کیے گئے اون لوگون کیطرف اشارہ ہے جو ایسے افعال کرتے تھے جو امر حق کے خلاف اور انسان کی فطرتی حسن سیرت کے منافی تھے۔

قطع نظر اسکے پانچوان سورہ یعنے سورہ توبہ جسمین تمام بندگان خدا کی بہتری چاہے اصول کو نہایت وسیع طور سے بیان کیا جاے کہ تیسرے سورہ یعنی سورۂ آل عمران مین اسلام کی تخصیص کردی ہے پس اگر یہ فرض بھی کیا جاے کہ تیسرے یعنے سورۂ آل عمران مین اسلام کی تخصیص کردی ہے تو بھی یہ تسلیم کرلینا پڑیگا کہ اوسکے بعد جو سورہ نازل ہوا ہی اوس سے ثابت ہوتا ہی کہ اس باب خاص مین وحی الہام کی تکمیل و توسیع ہوتی جاتی تھی۔ آگے چلکر ہم اس دعوی کو ثابت کرینگے کہ کل مسلمان نبی آدم اور مہذبان اخلاق کے نفوس قدسیہ مین تمام عالم کی بہتری کا خیال تدریجا پیدا ہوا ہی اور اس کلیہ سے حضرت محمدؐ اور حضرت عیسیٰؑ یہ دونون بزرگوار مستثنے نہین ہین۔ ۱۲ مؤلف

حاشیہ ۳ - متعلقہ باب ۱۲

حضرت امام حسینؓ حضرت علی کے صاحبزادے اور رسول اللہ کے نواسے تھے۔ بنی امیہ کے خوف و فریب سے خلافت یزید ابن معویہ ابن ابوسفیان کے ہاتھ لگے تھے۔ اس بدترین اشقیا راست بلکہ شقی ترین بنی آدم نے نبیرۂ اور ڈاسمین اور کیلی کیولا کو یہی بات کردیا تھا۔ اس شقی کی ہمت ہمیشہ اسی مین مصروف رہتی تھی کہ وہ قبیح رسوم و عادات اور وہ کثیف طرز معاشرت جو زمانہ جاہلیت مین جاری تھا اور جسکو تھوڑا ہی عرصہ گذرا تھا کہ رسول اللہ نے کیسی جانفشانی کرکے عرب سے ترک کرادیا تھا دوبارہ اسلمانون مین جاری کرے۔ اہل کوفہ کی منت و سماجت سے حضرت امام حسینؓ اس ملعون کو راہ راست پر لانے کو آمادہ ہوے اور میدان کربلا مین جو حملہ اور ذرات کے دو آبہ مین واقع ہی مع خویش و برادر و فرزند شہید ہوے اور اہل بیت مین سے صرف ایک بزرگوار باقی رہگئے۔ تاریخ عالم مین صرف ایک معرکہ ایسا نظر آتا ہی جو اون عبرت انگیز اور حسرت خیز واقعات سے کچھ شباہت رکھتا ہی جو میدان کربلا مین گذرے۔ اور تاریخ عالم مین کوئی شخص ایسا شجاع و جری اور عالی ظرف و بلند ہمت اور پاک طینت و قدسی صفت نہین نظر آتا جیسے حضرت علیؓ اور حسین ابن علیؓ تھے۔ اگر معاصی عباد کا کفارہ اور تقرب خدا کا وسیلہ آدمی کو درکار ہے تو حضرت امام حسینؓ کی شہادت سے اس مقصد کی تکمیل ہوگئی اور دین اسلام مین ایک روحانیت اور نفاست پیدا ہوگئی یعنے تمام قبائح دار جاس سے پاک ہوگیا۔ فقط

۱۵ یہ قیاصرہ روسۃ الکبری تھے جنکا ظلم و جور اور فسق و فجور تاریخ مین ضرب المثل اور عبرۃ للناظرین ہی ۱۲ سر ۵۲ السر جمعہ کی تاریخ منسوب بہ تاثیرات ابن محمدی صفحہ ۳۰۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۳ ڈاکٹر ہنٹر صاحب کی تاریخ ہندوستان مسلمین جلد ۲ صفحہ ۳۴۴۔

تیرھواں باب

چونکہ دین اسلام اس دنیا مین بہت بڑا کار عظیم انجام دیچکا ہی اور ہنوز انجام دینا باقی ہے لہذا ضرور ہے کہ اس دین کی ترقی و عروج کے اسباب اور بنی آدم کی اصلاح حال مین جو کامیابی اسکو حاصل ہوئی ہے اوسکی وجوہ کی تحقیق کیجائے۔

آنحضرت کے دشمنون نے اکثر یہ طعن کیا ہی کہ آپ کا دین بزور شمشیر شایع ہوا اور تلوار ہی کے زور سے قائم رہا اگرچہ تلوار سے پیدا نہین ہوا۔ ہمکو امید ہی کہ شیوع اور فروغ اسلام سے متعلق جو سوانح اور واقعات ہین اونکو بہ تعمق نظر ملاحظہ کرنے سے یہ سب مطاعن مخالفین اسلام کے بالکل باطل و عاطل ہوجائین گے۔

جسوقت سے آنحضرت مدینہ مین تشریف لائے تھے آپ کا انجام اور آپکی امت انجام لینے اون لوگون کا انجام جنھون نے بڑی خوشی سے آپ کو بلاکر مدینہ مین رکھا ایک ہوگیا تھا۔ آپ کا قتل ہونا کل گروہ مہاجرین و انصار کے نیست و نابود ہوجانیکا باعث ہوتا۔ قریش اون لوگون سے انتقام لینے پر ہمہ تن آمادہ تھے جنکو وہ کہتے تھے کہ اپنے آبا و اجداد کے دین سے منحرف ہوکر مرتد ہوگئے ہین۔ مشرکین قریش نے آنحضرت اور صحابہ کرام کی ہجرت پر بھی اکتفا نہ کی۔ بلکہ اونکا مقصود اصلی کل اسلام کو زائل اور فنا کر دینا تھا۔ لہذا مسلمانون کو صرف اپنے نفس کے تحفظ کے لیے یہ حکم دیا گیا[1] وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین

جن مورخین عیسائی نے آنحضرت کا تذکرہ یعنی سوانح عمری لکھی ہین آپ پر طعن کرنا اونھون نے اپنا شعار کرلیا ہے اور اونکی طعن کی وجہ فقط یہ معلوم ہوتی ہے کہ دشمنون کے حملون سے آپ نے اپنے تئین اور اپنے رفقا کو بچایا۔

[1] سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام اور ڈیل صاحب کی تاریخ اسلام اس باب مین ملاحظہ ہو۔ ڈیل صاحب اس مقام پر بہت

موقف کلامی کے اور بھی بیچ ہونے کا دعوی کرتے ہوئے کہتے ہیں ۱۲- موقف ۲۵ سورۃ البقرہ آیت ۱۸۹- ۱۲ موقف

یہ سچ ہی کہ بعض برگزیدگان خدا دنیا مین وقتاً فوقتاً پیدا ہوے ہین اور سوراتفاق اور گردش تقدیر سے مجبور ہوکر خدا کی راہ مین اور اعلاء کلمۃ اللہ کی کوشش مین شہید ہوئے ہین - اور بعض لوگ ایسے بھی گذرے ہین جنہون نے خلل دماغ کیوجہ سے اوس امر کا دعوی کیا جسکی تکمیل اونسے نہوسکی - الغرض مخبوط بھی گذرے ہین اور مجذوب بھی ہوے ہین جنہون نے اپنی مجنونانہ حرکات کی سزا پائی ہے مگر اس سے یہ کہان لازم آتا ہی کہ مثلاً اگر حضرت عیسی مصلوب ہوے یا سلیمہ کذاب اپنی کذابیت اور مجذوبیت کی سزا کو پہونچا تو (معاذ اللہ) آنحضرتؐ کو بھی اونکی تقلید کرنا فرض تھا اور بے اپنی رسالت کے اتمام و تکمیل کے شہید ہوجانا لازم تھا - نہ آپؐ کو عقلاً یہ واجب تھا کہ صرف اوس چیز پر جسکو اس زمانہ مین خیال خام کہتے ہین اپنی جان عزیز اور اوس سارے گروہ عظیم کی جانین جسکے آپ ہادی و پیشوا تھے تصدق کردیتے - جسوقت سے آنحضرتؐ نے مکہ سے ہجرت فرمائی تھی مشرکین قریش آپؐ کے اور اصحاب پاک کے قتل پر تلے ہوے تھے - اب بے اونسے مقابلہ کیے جانبر ہونا ممکن نہ تھا - اور مسلمانون کو دو باتون مین سے ایک بات ضرور کرنی پڑی یعنی یا اپنے تئین قتل کروادین یا جب اونپر کفار حملہ کرین تو اوسکو دفع کرین - اونہون نے اس دوسرے امر کو ترجیح دی اور راہ خدا مین جہاد کرتے کرتے آخر دشمنان خدا کو زیر کیا - اب باقی رہے یہود وہ عداوت قلبی مسلمانون سے رکھتے تھے اوسپر طرہ یہ ہوا کہ دغا اور بے ایمانی کی اور نہایت مضبوط و مستحکم عہود و مواثیق کو بیہم شکست کیا - لہذا مسلمانون کو سوائے اسکے کچھ چارۂ کار نہ باقی رہا کہ اپنے قلیل و ضعیف گروہ کی حفاظت کے لیے ان دشمنان خدا کو بھی اونکے کردار زشت کی سزا دین -

اب ہم اُن لڑائیون کو جو مسلمانون نے محض حفظ جان اور حفظ آبرو کے لیئے

مشرکین قریش اور یہود سے کی تھین اوس ہولناک جدال وقتال سے مقابلہ کرتے ہین جو یہود اور نصاری بلکہ مجوس نے بھی اپنے اپنے دین کو شایع کرنے کے لیے کیے تھے یہود نے جو اپنی زعم ناقص مین کفار سے جہاد کیے تھے اونمین ایک عجیب صفت یہ تھی کہ مرد وزن اور اطفال شیر خوار اور جانورون تک کو تہ تیغ بیدریغ کیا تو ماجود شباب ہوے اور جو کسی جاندار چیز کو بے قتل کیے چھوڑ دیا تو ملعون ومعتوب ہوئے۔

اب نصاری کو ملاحظہ کیجئے کہ انکی پیغمبر نے جو حلم وخاکساری کا حکم کیا تھا وہ انکے قدمار نے فشئہ حکومت مین سب بھلا دیا تھا۔ جسوقت سے دین مسیحی نے قوت پکڑی اور ایک گروہ کے گروہ نے اوسکو قبول کر لیا بس اوسیوقت سے اس دین نے اور اوسکے پیرو نے ظلم وتعدی کرنی شروع کردی بعض مورخین عیسائی نے رسول عربی اور نبی ناصری مین بہت مشابہت ومماثلت پیدا کی ہے۔ انمین سے جن صاحبون کو دلمین حضرت عیسیٰ کی الوہیت اور ابن اللہی کا اعتقاد سمایا ہوا ہے وہ تو اون دنیاوی وسائل کو جنسے رسول عربی نے اپنی امت کی ترقی اور اصلاح فرمائی ہے (العیاذ باللہ) وسائل شیطانی سمجھے ہین اور حضرت مسیح جو ایسے وسائل کو شاید اسوجہ سے کام مین نہین لائے کہ اسکا موقع اونکو نہین ملا اسکو اونکی الوہیت کی دلیل قطعی جانتے ہین۔ ہم اس مقام پر بوجوہ ودلائل ثابت کرینگے کہ یہ مشابہت ومماثلت نادرست اور ناجائز ہے کیونکہ اول تو یہ تواریخ کے خلاف ہے دوسرے بشریت کے بھی خلاف ہے

پیغمبر اسلام اور نبی ناصری کی سوانح عمری مین زمین آسمان کا فرق ہے۔ حضرت عیسے کی مدت العمر مین اونکا دین نفسی چند پر منحصر ومحدود رہا اور وہ بھی ازدال مین سے بھی اور جاہل مطلق تھے یعنے مجہول تھے۔ اور اونکا مصلوب[1] ہونے کا باعث یہ ہوا کہ انکو

[1] یہ مین نے اوس قول کے موافق لکھا ہے جو علماے یورپ کے نزدیک عموماً صحیح ومقبول ہے۔ آنحضرت کو اوس زمانہ کی روایات کے موافق بھی یقین تھا کہ حضرت عیسیٰ معجزہ کے ذریعہ سے غائب ہوگئے۔ اگرچہ اس روایت کو لوگون نے مصنوعی قرار دیا ہے اور عیسائیون

علما، یہود کے بے ایمانی اور مکر و زور کی مذمت اس زور و شور سے کی کہ اونکا طیش آگیا اور اوس ناخدا ترس قوم یعنے یہود کو اوسنے ایسی عداوت قلبی پیدا ہوگئی کہ کیسطرح بیٹھے الغرض حضرت عیسیٰؑ کو جب یہود نے صلیب دیدی تو اوسوقت اونکے پیروان خاص نہ تو اتنی کثرت رکھتے تھے اور نہ اتنی قوت رکھتے تھے کہ کچھ احکام اور قوانین شرع کی ضرورت اونکو ہوتی یا باہم متفق ہوکر اپنے پیغمبر کے احکام و نصائح کو شایع کرتے یا فریق غالب یعنے یہود کے ظلم و تعدی سے اپنے تئین بچاتے۔ چونکہ حواریین مسیح اوس تربدست قوم کے تھی جو صاحب شرع تھے اور محدود معین قوانین رکھتے تھے جنکی تعمیل اور پابندی حاکم وقت کراتا تھا لہذا حواریین کو اپنے دین کی ترتیب و انتظام کا موقع نہ ملا اور نہ خود حضرت مسیح کو اخلاق عملی کے قواعد بنانے کی ضرورت ہوئی۔ ایسے قواعد کی ضرورت اوسوقت معلوم ہوئی جبکہ عیسائیون کی زیادہ کثرت ہوئی اور اوسوقت اتباع حواریین مین سے ایک شخص[۱] نے جو افلاطون حکیم کی فلسفہ مین عبور رکھتا تھا اپنی طبع آزمائی اور حکمت خیالی اور فلسفہ پیرائی کرکے اپنے پیشوا[۲] کے احکام کی تخصیت اور سادگی کو غارت کردیا۔

حضرت عیسیٰؑ کیطرح حضرت خاتم الانبیاءؐ کے لیے بھی یہی ہوا کہ ابتداء بعثت سے آپؐ سے اوست آپؐ کی عداوت اور مقابلہ پر آمادہ ہوگئی۔ اور ابتداء مین آپؐ کے اصحاب بھی قلیل اور ضعیف تھے۔ اور آپؐ کے بیشتر بھی ایسے خاصان خدا گذرے تھے جنھون نے بت پرستی کے دام سے اپنے تئین چھڑایا تھا اور اپنے نفس مین خود غور کرکے اپنے خالق کو پہچانا تھا اور آپؐ نے بھی حلم و بردباری اور لطف و احسان اپنی امت کو تعلیم کیا تھا۔

مگر آنحضرتؐ اوس قوم مین مبعوث ہوئے تھے جو ضلالت مجسم اور جہل مرکب تھی۔ جسکے رسوم و عادات خبیث اور وحشیانہ تھے۔ جو جدال و قتال کو حاصل زندگانی سمجھتے تھے اور جسپر اگر یونانیون اور رومیون کے شرک و بت پرستی نے کچھ اثر نہ کیا تھا تو اونکی تہذیب

[۱] پولوس [۲] عیسیٰؑ

وانسانیت کا اثر بھی اوس قوم پر کچھ خاک نہوا تھا۔ پہلے تو آنحضرتؐ کی زجر و توبیخ پر اوس جاہل قوم نے تمسخر یہ کیا بعد اوسکے غیظ آیا اور خواہش انتقام پیدا ہوئی مگر تاہم آپؐ کے اصحاب کی کثرت ہوتی گئی اور وہ قوت پکڑتے گئے یہانتک کہ جب اہل مدینہ نے آپؐ کو طلب کیا تو جس کار عظیم پر آپؐ آمادہ ہوے تھے اوسکا انجام بخیر ہوا۔ جسوقت سے آپؐ نے اوس جاے اہل مدینہ نے آپؐ کو اپنا پادشاہ دین و دنیا دونون قرار دیا اوسیوقت سے آپؐ کا اور اونکا حال ایک ہوگیا اور اوسیوقت سے مشرکین قریش اور اونکے شرکاء یعنے یہود کے بغض و عناد سے مسلمانون کو اپنی حفاظت و حراست نہایت بیدار مغزی کے ساتھ کرنی پڑی سبحان اللہ ایک چھوٹے سے شہر پر ہزارہا قبائل عرب کے متفق و متواتر حملون کو روکنا پڑا۔ پس ایسے ہنگام مین اکثر سخت تدارک کرنے کی ضرورت ہوتی تھی تاکہ مسلمانون کے گروہ کا وجود باقی رہے۔ اور جب سمجھانے سے کام نہ نکلتا تھا تو خواہ مخواہ زبردستی کرنی پڑتی تھی۔ حفاظت نفس کے محرک بھی عقل حیوانی ہوتی ہے پس وہی عقل حیوانی جو بنی ناصری[1] کو ایسے محرک قوے اس بات کے ہوے کہ اونھون نے حواریین کو حکم دیا کہ آلات حفاظت سے کام لو مظلوم و ستم رسیدہ مسلمانون کو بھی اسکا باعث ہوے کہ جب بیرحم دشمنون نے اونپر حملہ کیا تو اونھون نے بھی ہتھیار سنبھالے۔

آخرالامر نرمی اور شفقت اور مشقت و جانکاہی سے قبائل عرب کے متفرق و منتشر اجزا کو فراہم کرکے ایک قوم اور ایک امت کرلی اور سچے خدا کی عبادت اوسکو سکھائی تب عرب کی سرزمین مین امن و امان ہوئی۔ آنحضرتؐ اوس قوم مین پیدا ہوے تھے جس سے

---

[1] لوقا کی انجیل باب ۲۲۔ آیت ۳۸۔ ملاحظہ ہو۔ ۱۲۔ مؤلف۔

زیادہ آتش مزاج کوئی قوم دنیا مین نہ تھی اور جسکی طبیعت مین آج تک وہی خشونت
اور وہی شدت موجود ہی جو اس زمانہ مین تھے اور جسکی خواہشہاے نفسانی ایسی ہی
تند اور تیز ہین جیسی اوسکے ملک مین یعنے ریگستان عرب مین آفتاب کی تابش ہوتی
ہے ایسی تند خو اور خونخوار قوم کو آپؐ نے صبر و تحمل اور نفس کشی کا ایسا عادی کر دیا
جسکا عدیل و نظیر صفحہ روزگار پر کبھی نہین ہوا اور صفحہ تاریخ پر کہین نہین دکھائی دیتا

جس زمانہ مین آنحضرتؐ مبعوث ہوے تھے اوس زمانہ مین مختلف قومون کے باہمی
فرائض کو کوئی جانتا بھی نہ تھا کہ ایک قوم کو دوسری قوم کے ساتھ کیا رعایت
اور کیا سلوک کرنا چاہیے - جب مختلف قومین یا قبیلے باہم لڑتے بھڑتے تھے تو نتیجہ یہ
ہوتا تھا کہ قوی آدمی تہ تیغ بیدریغ کیے جاتے تھے - اور بیگناہ لوگ لونڈی اور
غلام بناڈالے جاتے تھے اور قوم فاتح قوم مفتوح کے معبودون یعنے بتون کو لوٹ لیجاتے تھے
تیرہ سے برس کے عرصہ مین رومیون نے ایک ایسا سلسلۂ قوانین اختراع کیا تھا جو
وسیع بھی تھا اور رضامین عالیہ سے مملو بھی تھا مگر اوس اخلاق کو اور اوس انسانیت
و مروت کو جو ایک قوم کو دوسری قوم سے کرنی چاہیے رومی خاک بھی نہ سمجھے تھے - وہ فقط
اس غرض سے لڑائیان لڑتے تھے کہ گرد و نواح کی قومون کو مغلوب و مقہور کرین
اور جب کسی قوم پر فتح پاتے تھے تو اوسکو اپنی مرضی کا تابع بنالیتے تھے - اور اونکے
نزدیک عہد و پیمان کرکے پھر نقص عہد اور پیمان شکنی کرنا کچھ بڑی بات نہ تھی بلکہ مصالح
وقت پر مبنی تھے - اور دوسری قومون کی آزادی کو وہ کوئی چیز نہ سمجھتے[۵۱] تھے - دین مسیحی
کے جاری ہونے سے بھی اون خیالات مین کچھ تغیر و تبدل نہوا جو اس دین کے پیروان خاص

۵۱ یہ واقعہ تاریخی ایسا مشہور و معروف ہی کہ اسکی سند لکھنی کی کچھ ضرورت نہین ہی ۱۲ - مؤلف ۵۲ جو قومین مسلم بن نوح کی اولاد سے
ہین اونکی نسبت مقتضی انصاف یہی ہی کہ اس مقام پر یہ بیان کیا جاے کہ بڑی بڑی طویل العمد قومین اور متمدن جو روم قدیم مین گذری ہین وہ سب

قومی فرائض کے باب مین رکھتے تھے - عیسائیون کے زمانہ مین بھی لڑائی مین وہی بیرحمیان اور وہی قتل وقمع اور لوٹ مار ہوتی تھی جو رومیون کے عہد مین ہوتی تھی اور فاتحین مفتوحین کو بلا تکلف لونڈی غلام بناڈالتے تھے اور عہد و پیمان کرکے پھر پیمان شکنی کرنا بے ایمان سرداران فوج کی راے پر موقوف تھا - الغرض دین مسیحی نے قومی اخلاق کا کچھ تصفیہ نہ کیا اور اس باب خاص مین اس دین کے پیرو بدستور شک و ابہام مین پڑے رہے - اس زمانہ کے محققین مسیحی نے اس قومی اخلاق کے فقدان کو اپنے دین مین ایک نقص عظیم نہین قرار دیا ہے حالانکہ یہ نقص اسوجہ سے پیدا ہوا تھا کہ اونکا دین ناقص اور ناتمام چھوڑ دیا گیا تھا بلکہ اس نقص کو مٹانے کی کوشش کی ہے - سبحان اللہ - یہ بھی ایک طرفہ تلبیس عقل بشری کی ہے جس سے وہ امور جو افراد بشر کے لیے جائز و مباح ہین اقوام کے لیے حرام ہوجاتے ہین اور اسکے بالعکس ہوتا ہے - دین اور اخلاق یہ دونون لفظ قریب المعنی ہین مگر قانون کے دائرہ سے یہ دونون خارج رکھے گئے ہین - دین کا یہ تو کام ہے کہ افراد بشر کے باہمی تعلقات کو قائم اور منضبط کردے مگر یہ کام دین کا نہین ہے کہ انسان کی مختلف جماعتون اور قومون کی باہمی تعلقات کو شائستہ اور درست کردے - پس دین دین کا ہے کو باقی رہا صرف ایک خواب و خیال ہوگیا یا دین کی حقیقت یہ رہگئی کہ مجالس علمی مین بحث و مطارحہ کے بعد نعرۂ تعریف بلند کرنا کہ سبحان اللہ دین کا کیا پوچھنا ہے دین ایسا اور دین ویسا اور اسمین کچھ فلسفہ اور اخلاق کو بھی شریک دینا اسکا نام دین ہے -

ایک عالم نے کیا خوب فرمایا ہے کہ قومی فرائض کی اصل و بنیاد یہ ہے کہ قومون کو افراد سمجھکر یہ تسلیم کرلیا جاے کہ اشخاص سے برتاو کا قانون قومون سے سلوک کرنے کے قانون سے علیحدہ نہین ہے بلکہ دونون سے سلوک کرنے کا ایک ہی آئین اور ایک ہی قانون ہے

کیونکہ جیسے افراد کے مجموع کا نام قوم ہے ویسے ہی اقوام کے مجموع کا نام نوع انسان ہے - پس قومون کے حقوق اور وہ فرائض جو ایک قوم کو دوسرے کی نسبت بجالانے لازم ہین اون حقوق اور اون فرائض سے علیحدہ نہین ہین جو افراد بشر کو ایک دوسرے کی نسبت ادا کرنے واجب ہین - یہ سچ ہے کہ جب ممالک مغربی[1] مین کلیسائی[2] روم نے نشو و نما پایا اور اساقفہ[3] روم کا اقتدار زیادہ ہوگیا تو ممالک عیسائی مین قومی[4] ذمہ داری کا لحاظ کسیقدر رہنے لگا - مگر یہ قومی ذمہ داری پیروان کلیسائے روم پر بالکل محدود و منحصر تہی یا شاید کبھی کبھی تابعین کلیسائی یونان سے کچھ رعایت قومی کیجاتی تھی - سوائے انکے اور تمام دنیا اس ذمہ داری کے فوائد سے محروم کردیگئی تہی بقول ایک مورخ کے کہ دین کے حیلہ سے اور مذہب کے پردہ مین ضعیف قومون پر تعدی کیجاتی تہی اور وہ غلام بناڈالی جاتے تھے - کلیسائی روم نے ہر قسم کے ظلم و جور کو جائز کردیا تھا اور اگر کسی بندۂ خدا پر نہایت شدید ظلم اور ناانصافی کیجاتی تہی تو پاپای صاحب کی شفاعت سے ظالم داخل جنت ہوتا تھا - جس زمانہ مین شارلمین[5] بادشاہ جرمنی نے کلیسا یعنے علماء دین کی اجازت اور منظوری سے کئی مرتبہ قتل عام کیا تھا اوس زمانہ سے اوسوقت تک دیکھیے جبکہ امریکا کی قومین بے جرم و خطا قتل کی گئین اور غلام بناڈالی گئین تو اس مدت مدید مین ایک مسلسل سلسلہ فرائض قومی کو عمداً ترک کرینگا اور مقتضی انسانیت و مروت کے خلاف کرنے کا پائیگا - اہل کلیسا نے خیر و احسان کے اصول

[1] یعنی یورپ ۱۲ مترجم [2] اس سے مراد نصاری قدیم یعنے فرقہ دین کیتھولک ہے ۱۲ - مترجم [3] یعنی بشپ بالا پادری ۱۲ - مترجم [4] اس لفظ کے معنی یہ سمجھنے چاہیین کہ وہ آداب و فرائض جو ایک قوم کو دوسری قوم سے برتنے چاہیین - قومی اخلاق اور قومی فرائض یہی اسیکا نام ہے ۱۲ - مترجم [5] یہ بڑا نامی و گرامی بادشاہ اوس قوم کا گذرا ہے جسکو فرینک یعنی فرنگی کہتے ہین - اسکے عہد مین دین مسیحی کو بڑا فروغ حاصل ہوا اور یہ ہارون الرشید اور مامون الرشید کا ہمعصر تھا ۱۲ مترجم [6] لیکی صاحب کی تاریخ مذہب معقول سینجر یورپ مین اب نکلا ہے ملاحظہ کیجئے کہ ایک سارے باب مین کلیسا یعنے پادریون کا ظلم و تعدی کیسی شرح و بسط سے بیان کیا ہے ۱۲ - مؤلف [7] شب ملمین صاحب کی تاریخ کلیسائی روم

جلد ۱ صفحہ ۲۵۲ اور لیکی صاحب کی تاریخ یورپ باب سفارش کلیسا کا مطالعہ فرمائیے

اوّلیہ کو بالکل بالائے طاق رکھدیا تھا اور جن عیسائیون کا مسلک اونکے مذہب کی ذرا بھی خلاف ہوتا تھا اونپر ظلم و تعدی کرتے تھے۔

مذہب پراٹسٹنٹ نے جب فروغ پایا تب بھی علمار مسیحی کے مذہبی تعدی مین کچھ فرق نہ آیا۔ اگر وہ جدال و قتال اور ظلم و جور جو عیسائیون کے متضاد فرقون مین باہم ہوا قلمبند کیا جائے تو ایک ضخیم تاریخ ہوجائے۔ چنانچہ ہالم صاحب اپنی تاریخ مین لکھتے ہین کہ "اس دین مہذب[۱] کی مختلف شعبون اور فرقون سے اعظم معاصی یہ معصیت سرزد ہوئی ہے کہ بندگان خدا پر دین مین جبر و اکراہ کرتے ہین اور یہ گناہ ایسا ہے کہ ہر ایک ایماندار آدمی جتنی زیادہ کتب کی سیر کرتا جاتا ہے اوتنی ہی اوسکو اسنسے کدورت اور نفرت ہوتی جاتی ہے"۔ الغرض۔ عیسائیون کے جدید فرقون مین باہم یا کلیسیای روم سے اعتقادات مذہبی اور مسائل دینی مین چاہے کیسا ہی اختلاف عظیم ہو مگر اس باب خاص مین وہ سب متفق الرائے اور متفق اللفظ ہین کہ جو قومین دین مسیحی کے دائرہ سے باہر ہین اونسے کوئی سلسلہ مواجب و حقوق مشترکہ کا قائم رکھنا یا کسی قسم کے فرائض اونکی نسبت بجالانا حرام[۲] مطلق ہے۔ برخلاف دین مسیحی کے یہ بات اسلام کی طینت مین داخل نہین ہے کہ اور اہل مذاہب سے بالکل علیحدگی اور کنارہ کشی اختیار کرے۔ اوس زمانہ خاص مین جبکہ نصف دنیا پر اخلاقی اور تمدنی تاریکی چھائی ہوئی تھی آنحضرت نے وہ اصول تمام بنی آدم کی

---

[۱] یعنی مذہب پراٹسٹنٹ ۱۲ مترجم [۲] ہالم صاحب کی تاریخ آئین سلطنت انگلستان جلد ۱۔ باب ۱۰ صفحہ ۲۶۲۔ ملاحظہ ہو کیسی صاف صریح لکھتے ہین کہ جب کالون نے سرویس کو صرف اسوجہ سے زندہ جلادیا کہ اوسکا اعتقاد اقنیم ثلیثیہ کی بابت جمہور علمار کے خلاف تھا تو سب پراٹسٹنٹ فرقون نے کالون کے اس فعل کی بڑی تعریف کی۔ اور ملانکٹن اور بلنجر اور فارل نے اس گناہ کی تعریف مین ہی لکھے اور بیزانی جو ایک بڑا عالم تھا اس فعل کی تائید مین ایک بڑا رسالہ تصنیف کردیا۔ ہلی صاحب کی تاریخ مذہب معقول پسند جلد ۱۔ صفحہ ۹۴۔ ملاحظہ ہو۔ ہر ایک صاف طبع آدمی کو اوان خونین انگلستان کے دیکھنے سے کیسا صدمہ اور روحانی ہوتا ہے جنمین رومن کتھولک اور ڈسنٹر اور نان کنفارمسٹ اور اور فرقون کو صرف اختلاف مذہب کی وجہ سے کیسی کیسی شدید سزائین لکھی ہین کہ العطیہ تتمہ ۱۲ مؤلف [۳] یعنی فرقہ قدیم رومن کیتھولک ۱۲ مترجم [۴] کرونیس صفحہ

مساوات کی تعلیم فرمائی جنکی قدر اور مذہبون مین بہت کم کیجاتی تھی - اور وہ قوانین و احکام جاری کیے جو وسعت اور جامعیت اور لطافت و شرافت کے اعتبار سے سب شرایع پر فوق رکھتے ہین چنانچہ وہ لائق و فائق مورخ جسکا قول ہمنے سابق مین نقل کیا ہی لکھتا ہی کہ "دین اسلام بندگان خدا پر عرض کیا گیا مگر کبھی اونسے جبراً نہین قبول کرایا گیا اور جس شخص نے اس دین کو بطیب خاطر قبول کرلیا اوسکو وہی حقوق بخشے گئے جو قوم فاتح کی تھی اور اس دین نے مغلوب قومون کو اون شرائط سے بری کردیا جو ابتداء خلقت عالم سے پیغمبر اسلام کے زمانہ تک ہر ایک فاتح نے مفتوحین پر قائم کیے تھے" -

قوانین اسلام کے موافق ہر قسم کی مذہبی آزادی اور مذہب والون کو بخشی گئی جو سلطنت اسلام کے مطیع و محکوم تھے لا اکراہ فی الدین یہ آیت وافی ہر اس دلیل بین اور برہان قاطع اس دعوی کی ہے کہ اسلام مین اور اہل مذاہب کو مذہبی آزادی بخشنی اور اونکے ساتھ نیکی کرنے کا حکم ہے - یہ آیت (معاذ اللہ) کسی قابو مجذوب کے بڑ نہین ہی نہ کسی حکیم فلسفی کا خیال خام ہے بلکہ یہ اوس شخص کا فرمودہ ہی جو ایسی سلطنت کا بادشاہ تھا جو اتنی قدرت رکھتی تھی اور جسکا انتظام ایسا عمدہ تھا کہ جیسے اصول کو چاہتے نافذ کرسکتے تھے - دین مین بھی اور سیاست مدن مین بھی اشخاص اور فرقون نے مذہبی آزادی بخشنے کی ترغیب دی ہی مگر اوسکے عملدرآمد کی تاکید صرف اوسوقت تک کی ہے جبتک وہ خود بے قابو اور کمزور رہے ہین - لیکن شارع اسلام نے صرف مذہبی آزادی کی ترغیب ہی نہین دی ہی بلکہ اوسکو احکام شریعت مین داخل کردیا ہی - بندگان خدا پر لطف و شفقت کرنے کا اصول ہر ایک قوم کے ساتھ برتا گیا جو مطیع محکوم اسلام ہوئی - اور ہر قوم سے اپنے رسوم و اعمال مذہبی کو بلا مزاحمت بجالانے کا معاوضہ

لہ لا اکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی الی آخر قولہ تعالی ۱۲ سرجم ۲ ہالم صاحب کی تاریخ آئین سلطنت انگلستان جلد ۱ - باب سوم صفحہ ۹۰ - طبع اخیر ۱۲ سرجم

کچھ برائے نام خراج لیا جاتا تھا اور جب ایک مرتبہ خراج یا جزیہ طے ہو جاتا تھا تو پھر اوس قوم کے عقائد دینی اور امور مذہبی مین مداخلت بیجا کرنا سراسر خلاف شرع اور حرام مطلق سمجھا جاتا تھا۔ ہم پوچھتے ہین کہ اور مذاہب کی نسبت بھی اتنا کہہ سکتے ہین دیکھیے خود رسول اللہ نے نصاریٰ نبی نجران کو کیا پیغام بھیجا ہے "رسول اللہ نے بنی حارث اور بنی نجران کے اسقف اعظم اور اور اساقفہ کو اور اونکے مریدون اور راہبون کو باین مضمون نامہ لکھا کہ ہر چیز قلیل و کثیر جس حیثیت سے اب تمہارے کنائس اور خانقاہون مین ہے اوسی حیثیت سے وہ تمہارے پاس باقی رہیگی اور تم اوسے اوسیطرح سے کام مین لاؤ جسطرح اب لاتے ہو۔ خود خداوند عالم اور اوسکا رسول عہد کرتا ہے کہ کوئی اسقف اعظم اپنی عملداری سے اور کوئی راہب اپنی خانقاہ سے اور کوئی اسقف اپنے عہدہ سے برخاست نہ کیا جائیگا اور اونکی حکومت اور حقوق مین اور کچھ تغیر و تبدل نہ کیا جاے گا اور نہ اوس بات مین کچھ تغیر کیا جاے گا جو اونمین مرسوم و مروج ہو اور جبتک وہ صلح و آشتی اور تدین کو اپنا شعار رکھین گے اونپر کسی قسم کا ظلم و جور نہ کیا جاے گا نہ وہ کسی پر ظلم و جور کرنے پائینگے"[1]

اس مقام پر ضرور ہے کہ غزوات یعنی اون جہادون کی دوبارا تحقیق کیجاے جو آنحضرت نے کفار سے کیے تھے۔ سابق مین ہم بیان کر چکے ہین کہ مسلمانون سے اور گرد و نواح کے قبائل عرب سے جو لڑائیان ہوئی تھین اونکا باعث یہ ہوا تھا کہ مشرکین بغض و عناد سے مسلمین پر بیجا دست درازیان اور بیرحمیان کرتے تھے اور مسلمانون کو اپنی حفاظت ضرور کرنے پڑتے تھے۔ سب سے پہلے غزوۂ مؤتہ اور غزوۂ تبوک یہ دو لڑائیان ایک سلسلہ غیر

[1] سیور صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۲۹۹ - اور کتاب الواقدی ملاحظہ ہو۔ چونکہ سیور صاحب نے اس سند کی اصلیت و واقعیت کو تسلیم کر لیا ہے اسوجہ سے ہمنے بھی اسکو ایسا ہی سمجھکر اس مقام پر نقل کیا ہے گو عموماً کتاب الواقدی کا ہم جنان اعتبار

مؤلف کے اس بیان کے متعلق حاشیہ کا - مرتب

سے ہوئی تھیں اور انکا سبب یہ ہوا تھا کہ یونانیون[۵۱] نے مسلمانون کے سفیر کو مروا ڈالا تھا
وہی اصول جس سے ایک عیسائی بادشاہ[۵۲] کو ایک غیر ملک پر فوج کشی کرنا صرف اسوجہ سے
جائز ہوگیا تھا کہ ایک جاہل سردار یا امیر نے چند گستاخ قاصدون کو پکڑ رکھا تھا
مسلمانون کے اس فعل کے جواز کی دلیل بھی ہے کہ اونھون نے بے ایمان اور دغاباز
یونانیون کو اوس ظلم اور ناانصافی کی سزا دی جسکو سب انصاف پسند لوگ مکروہ
و مذموم جانتے ہین - اگر مسلمان مشرقی عیسائیون کو یعنے نصاری روم کو اوس سفیر کے
خون ناحق کی سزا نہ دیتے تو غالبًا نصاری یہ طعن اسلام پر نہ کرتے کہ یہ دین بزور شمشیر
شایع کیا گیا ہے - غزوۂ موتے ناتمام رہا اور غزوۂ تبوک جسمین شر عیسائیون کیطرف
سے ہوا تھا اور جسمین مسلمانون نے صرف یہ چاہا تھا کہ ہرقل کی افواج کو یکجا نہو نے
دین اسکا باعث ہوا کہ اس قومی جرم[۵۳] کی سزا آنحضرت کی حین حیات رومیون کو کچھ نہین
دیگئی مگر خلفاؓ نے اس جرم عظیم کو فراموش نہین کیا بلکہ جزیہ سلیمن رومیون سے لیا
سلطنت یونان[۵۴] ایسی سلطنت قاہرہ اور وسیع تھی کہ مسلمانون اور عیسائیون سے
اکثر نرم و پیکار کا بازار گرم رہتا تھا - قطع نظر اسکے قیاصرۂ روم کی حکومت کو زوال
آتا جاتا تھا اور اونکے نظام و عمال جو مختلف صوبجات پر حکمرانی کرتے تھے ایسی خودسر ہوگئے
تھے کہ مسلمانون کو اونمین سے کسی ناظم یا عامل کے ساتھ کوئی عہد و پیمان کرکے اس ہمیشہ
کے جنگ و جدل کو مسدود کرنا محال ہوگیا تھا - ہنوز ایک صوبہ دار مغلوب ہوکر صلح پر
آمادہ نہونے پاتا تھا کہ دوسرا ناظم کوئی ایسی عداوت کی حرکت کر بیٹھتا تھا کہ مسلمانون
کو اوسکی گوشمالی کرنا واجب ہوجاتا تھا - اور بقول ایک مورخ کے کہ "ایک صوبہ دار سے

---

۵۱ اوس زمانہ مین یونانیون کی سلطنت روم مین تھی جسکا پایۂ تخت قسطنطنیہ تھا اور ہرقل قیصر کا عہد تھا ۱۲ - مترجم ۵۲ یعنی
نجاشی بادشاہ حبش ۱۲ - مترجم ۵۳ یعنی دوسری قوم یا سلطنت کے سفیر کو ناحق مار ڈالنا ۱۲ - مترجم ۵۴ یعنی وہ سلطنت جو بعد زوال
سلطنت روم کے یونان مین قائم ہوئی تھی اور جسکا دارالسلطنت قسطنطنیہ تھا ۱۲ - مترجم

لڑائی ہوتی تھی تو مسلمانون کو کل ممالک عیسائی سے جو اوس زمانہ مین موجود تھے جہاد کرنا جائز ہو جاتا تھا" عیسائیون مین بھی اور مسلمانون مین بھی اکثر ایسا ہوا ہے کہ چھوٹے چھوٹے سرکار سردارون اور امیرون نے دین کا حیلہ کرکے اپنے دل کا حوصلہ نکالا ہے مگر ہماری نظر صرف اون نصایح و احکام کے معنی پر ہے جنسے بہتر آنحضرت نے کوئی نعمت اپنی امت کے لیئے نہین چھوڑی ہے۔ شرع اسلام ایک مجموعہ قوانین ہے جسمین احکام دین اور قومی آئین دونون جمع کر دیے گئے ہین۔ اورون پر دست تعدی دراز کرنا اسلام کے خمیر مین داخل نہین ہے۔ لہذا پیروان اسلام اپنی حکومت اور سطوت کے زمانہ مین بھی ہمیشہ مخالفین سے یہ کہنے پر آمادہ رہتے تھے کہ "اب ہمسے بغض و عناد مطلق نہ رکھو بلکہ ہمارے شریک ہو جاؤ۔ ہم تمسے وفا کرینگے۔ یا جزیہ دینا قبول کرو تاکہ ہم تمہارے جملہ حقوق کی حفاظت و حراست کرین۔ یا ہمارا دین اختیار کرو تاکہ ہر ایک حق جو ہمکو حاصل ہے وہی تمکو بھی حاصل ہو جاے" شارع اسلام کے اون احکام سے جنپر مسلمانون کے قوانین جنگ مبنی ہین شرع اسلام کی حکمت اور ملائمت ظاہر ہے۔ اس باب مین آیات ذیل ملاحظہ ہون وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین لا اکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی فمن یکفر بالطاغوت ویومن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی لا انفصام لہا واللہ سمیع علیم سورۃ البقر آیت ۱۸۶ - و ۲۵۷ - سلطنت فارس پر جو مسلمانون نے فوج کشی کی تو اوس زمانہ کے حالات کا مقتضی یہی تھا۔ سندر ایک خاندان بادشاہان عرب کا تھا

ملہ ارکہارٹ صاحب کا رسالہ نظم الممالک الاسلامیہ ملاحظہ ہو جسمین کہ مسلمانون مین تعدی بیجا اور حرص وطمع نہی ہی نہین۔ کیونکہ یہ دعوے گزشتہ سے نزدیک انسان کے خواص طبعی سے نادر قضیت محض ظاہر کرتا ہے جب مسلمان اپنے مخالفین پر اعداد پر ایسی فتح مبین حاصل کر چکے تھے اور قریب جوار کی قومون کی کمزوری سے آگاہ ہو جاتے تھے تو ایسے ہنگام مین اون کو جادۂ اعتدال پر

اور اس خاندان کے بادشاہ خسروان فارس کے تابع اور زیر فرمان تھے اور اگرچہ رومیون سے ملکی امور مین مخالفت رکھتے تھے مگر مذہب اور حقوق مین اونسے موافق و متحد تھے پس ابتدائی لڑائیان جو مسلمانون اور رومیون مین ہوئی تھین وہی نبی حیرہ کی مخالفت کا باعث ہوئین اور نبی حیرہ بادشاہان ہند کی رعایا تھی - اور ایک وسیع ملک پر قابض تھے جو دریاے فرات سے مغرب کی طرف صحراے عراق کو طے کرکے قبائل غسان کی چراگاہ تک چلا گیا تھا اور قبائل غسان رومیون کے مطیع و محکوم تھے

مملکت حیرہ بعینہ اوسیطرح خسروان فارس کے زیر حکومت تھی جسطرح صوبہ یہودیہ (جسکو کنعان اور فلسطین اور بیت المقدس بھی کہتے ہین) اغسطوس اور طبریاس قیصران روم[1] کا تابع و محکوم تھا جب مسلمانون نے اس مملکت حیرہ کو فتح کیا اوسوقت بادشاہ فارس کیطرف سے ایک شخص اس ریاست مین حکمرانی کرتا تھا - مگر خسروان فارس نے اوس سے رشک کرکے ایک مرزبان کو اوسکا شریک ریاست کردیا - اوسکی رعایا نے غیر قوم کے حاکم کا محکوم ہونا گوارا نہ کیا اور قریب و جوار کے قبائل پر چھاپے مارنے شروع کیے اور مسلمانون سے اور اونسے بھی لڑائی بھڑائی ہونے لگی مسلمانون کی سلطنت قوی اور مضبوط ہوچکی تھی اور ایک ہی شخص اوسکا بادشاہ یا خلیفہ تھا جسکی حکومت بعد رفع ہونے اون فسادات کے جو آنحضرت کی وفات کے بعد قبائل صحرائی نے برپا کیے تھے دو چند مضبوط و مستحکم ہوگئے تھے - پس ایسی سلطنت کو یہ گوارا نہوا کہ ایک ضعیف اور متزلزل سلطنت[2] کا ایک ادنے صوبہ دار اوسکو ذلتین پہونچائے اور وہ خاموش رہے - الغرض - لشکر اسلام نے حیرہ پر چڑھائی کی اور مرزبان بھاگ کر ایران یا تاصفون (دار السلطنت فارس) مین جاکر چھپا اور امیر حیرہ جو عرب تھا لڑی بھرے

[1] یہان روم سے قسطنطنیہ کی سلطنت مراد نہین ہے جو مصطلح اہل اسلام ہے بلکہ سلطنت روما الکبری مراد ہے جسکا پایہ تخت روم

[2] یعنی سلطنت فارس ۱۲ - مترجم

مسلمانون کا تابع ہوگیا۔ اس معرکہ مین فوج اسلام کا سردار خالد ابن ولید تھا۔
جب مسلمانون نے حیرہ کو فتح کرلیا تو خسروان فارس کی سلطنت کے دروازہ پر پہونچ گئے مدتہاے مدید کے اندرونی جنگ وجدل اور سخت خونریزیون اور شدید ظلمون کے بعد اب فارس کو یہ دن نصیب ہوا تھا کہ ایک بیدار مغز شخص جسکا نام یزدجرد تھا اوس ملک کا بادشاہ ہوا تھا۔ اس بادشاہ کے حکم سے ایک نہایت زرق برق فوج فارسیون کی مسلمانون کے مقابلہ کو آئی۔ یہ واقعہ عہد خلافت خلیفہ ثانی مین ہوا۔ گو یہ خلیفہ بہ نسبت خلیفہ اول کے زیادہ اولوالعزم اور قوی ومضبوط تھے تاہم اونھون نے اعتدال کو کام فرماکر اپنے نائبون کے ذریعہ سے شرائط صلح یزدجرد سے کہلا بھیجے تاکہ لڑائی کی نوبت نہ آجائے۔ وہ شرائط یہ تھے کہ اسلام قبول کرو۔ اور اسلام سے مراد اصلاح اون ملکی خرابیون کی تھی جنکی باعث سے کیانیون کی سلطنت ایسی ضعیف ہوگئی تھی اور تخفیف اون محصولات سنگین اور انعامات خطیر اور دیگر مصارف کثیر کے تھے جنمین رعایاے فارس کا خون تک چوس لیا تھا اور اب وہ جان بلب تھے اور انتظام سلطنت یعنی دادرسی اور عدل گستری موافق اوس شرع شریف کے تھے جسمین تمام بندگان خدا بلا امتیاز مرتبہ ومنصب انصاف کے وقت برابر تھے۔ دوسری شق یہ تھی کہ حفاظت جان ومال کے عوض مین جزیہ دینا قبول کرو۔ ان شرائط کو یزدجرد نے حقارت سے نامنظور کیا جسکا انجام یہ ہوا کہ جنگ قادسیہ اور نہاوند کی نوبت آئی۔ ان دونون لڑائیون مین کسریٰ کی سلطنت ایسی پارہ پارہ ہوگئی کہ پھر کبھی نہ جوڑ سکی اور امراء عجم اور علماء مجوس جنھون نے اپنے فائدے کے لیے بدنظمی اور ظلم کا بازار گرم کر رکھا تھا

عہد خلیفہ اول کے حالات سے متعلق ہے ۱۲ - مؤلف

لہ باستثناء ایک عشر خراج زمین کے اور علاوہ فیصدی ہر شخص کی بضاعت پر کہ یہ غیر بارکاح تھا اور اسکی تعیین حکم

سب کے سب ماری گئے اور خود یزدجرد اوسطرح بھاگا جسطرح سکندر سے دارا بھاگ گیا تھا
عموماً اہل فارس مسلمانون کو اپنا نجات دہندہ سمجھکر انکے آنے سے بہت خوش ہوے
فارسیون کا عموماً دین اسلام کو قبول کرلینا اور دین مجوس کا بالکل زائل ہوجانا
ان دونون باتون کو لوگون نے اسلام کے جبر و اکراہ کے دلیل گردانا ہے - اور بڑے بڑے
عالمون کی آنکھون کو بھی تعصب نے ایسا اندھا کردیا ہے کہ اون حالات سے چشم پوشی کی ہے
جن حالات مین مسلمان فارس مین داخل ہوئے تھے - اوس ملک کا یہ حال ہوگیا تھا
کہ وہان دینداری اور خداپرستی کا کہین نام و نشان بھی باقی رہا تھا اور رعایا و برایا
کو بے ایمان علماے دین اور عیش پسند امرا بیسیون ڈالتے تھے اور فرقہ مزدقیہ و مانکیہ کی
بغاوت سے سارا کارخانہ ابتر ہوگیا تھا اور کوئی تمدنی انتظام ٹھیک نہ رہا تھا کسریٰ نوشیروان
کے حسن انتظام سے صرف اتنا ہوا تھا کہ کچھ عرصہ تک سلطنت زوال کلی سے محفوظ رہی
پس ان سب بدانتظامیون کا نتیجہ یہ ہوا کہ جو ہین مسلمان اوس ملک مین داخل ہوے
اور وہان کے لوگون کو قانون اور حسن انتظام کی بشارت دی اول سب نے اسلام قبول
کیا اور اوسوقت سے سلطنت فارس ہمیشہ کے لیے مطیع و محکوم اسلام ہوگئے -
پس ان واقعات تاریخی کو دیکھکر ہر ایک غیر متعصب اور انصاف پسند محقق اپنے
دلمین خود انصاف کریگا کہ سر ولیم میور صاحب کی تقریر ذیل مین سچی بات کہتی ہے -
"اسلام کا وجود و بقا اسپر موقوف تھا کہ اور ملکون پر ہمیشہ تعدی اور دست درازی
کیجاے - اور اس دین کا تمام عالم مین شایع ہونا اور اس سلطنت کا ساری دنیا مین قایم ہونا

۱؎ دارا یطرح یزدجرد کو بھی خود اوسکی رعایا نے قتل کرڈالا - تاریخ ابن الاثیر اور تاریخ کاسن ڈی پرسول ملاحظہ ہو - المصنف
۲؎ مسلمانون کی نیک نیتی ثابت کرنے کے لیے گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت روم سے عبارت ذیل نقل کیجاتی ہے "مسلمانون نے سلطنت فارس کا انتظام اسطرح کیا کہ کل رعایا اور موروثی اور پیداوار اراضی کا تخمینہ مناسب سمجھا گیا - یہ حسن انتظام جو خلفا

اسلام کی مدافعت اور بیدار مغزی والی یہ ہزار ہا کتابین اور مضامین سیرت کی تاریخ اور انگلستان کی لائبریری کے لیے ہیں - گرانٹ

اسپر منحصر تھا کہ یہ دین بزور شمشیر قبول کرایا جائے[1]" اسکا جواب یہ ہے کہ ہر ایک مذہب نے اپنی ترقی کی کسی نہ کسی درجہ مین اپنے پیروان خاص کی مقتضی اطبیعت سے تعدی اور زیادتی ضرور کی ہے - یہانتک کہ دین مجوس اور دین برہمہ مین بھی ظلم و تعدی ہوئی ہے - یہی حال دین اسلام کا بھی ہوا - مگر اس امر کا ہم انکار قطعی کرتے ہین کہ اسلام نے کبھی لوگون کو زبردستی مسلمان کر لینا چاہا ہے یا اور مذاہب ادیان سے زیادہ تعدی اور زیادتی کی ہے[2] مولوی سید احمد خان صاحب نے اپنی نایاب کتاب الخطبات الاحمدیہ علی العرب والتیقرا حمدیہ مین اس امر کو تسلیم کر لیا ہے کہ "اسلام نے تلوار پکڑ کر توحید باری تعالے کے اعتقاد کو شایع کیا" ہم اسکا انکار قطعی کرتے ہین کہ اسلام نے لوگون کو مسلمان کر لینے کے لیے کبھی تلوار پکڑی بلکہ اسلام نے فقط اپنے نفس کی حفاظت کے لیے تلوار پکڑی اور اسی غرض سے اسکو پکڑے رہا - اسلام نے کسی اخلاقی دین کے مسائل اور اعتقادات مین کبھی دست اندازی نہین کی اور امور دینی مین کسی پر کبھی جبر و اکراہ نہین کیا اور عیسائیون کیطرح ایک دار القصاص مقرر کر کے اور اہل مذاہب و ملل کو انواع عقوبات سے قتل نہین کیا جیسا ارکہارٹ صاحب مورخ نے لکھا ہے کہ "عیسائیون کے نزدیک اختلاف مذہب ایک وجہ وجیہ جنگ و جدل کی تھی اور یہ صرف زمانہ جاہلیت مین متعصبین ہی کا نہین رہا ہے" جیسے قوم سیکس و فرسٹین اور دیگر اقوام جرمنی کو شارلمین شہنشاہ جرمنی نے قتل و قمع کیا - جسوقت سے صوبہ ہنگر کو اور صوبہ پرو مین لاکہا بندگان خدا تہ تیغ بیدریغ کیے گئے - جس زمانہ سے فرقہ البجنسز فرانسیس مین

[1] میر صاحب کا تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۲ صفحہ ۲۵۱ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [2] نیر صاحب کی تقریر اونکی تاریخ کے صفحہ ۱۰۱ مین ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] یہ ایک محکمہ پادریون کا ملک اسپین یعنے اندلس مین اس غرض سے مقرر ہوا تھا کہ جسنے فرقے عیسائیون کے دین قدیم یعنے مذہب رومن کیتھولک کے خلاف تھی وہ شدید عقوبات کے ساتھ اس محکمہ کے حکم سے قتل کیے جاتے تھے - اور یہ محکمہ کہ لکہ دا انگلستان نے بھی محض تعصب مذہبی سے لوگون کو زندہ آگ مین جلوا دیا اور ایسے ایسے ظلم اپنے مذہب کے مخالفین پر کیے کہ اوسکا لقب تاریخ مین سفاک ہو گیا - ۱۲ قدیم [4] یہ دونون صوبے اسپین کے جنوبی کے ہین اور یہان کے لاکہا باشندون کو اہل اسپانیہ نے صرف اختلاف مذہب

مقتول و مذبوح ہوا۔ اور جسوقت سے اون خونریز لڑائیون مین جو تاریخ یورپ مین جنگہای صلیبی کے نام سے مشہور ہین بڑی بڑی خونریزیان ہوئین۔ اوسوقت سے اوس زمانہ تک جبکہ اسکاٹ لینڈ مین پیروان مسلک کالون[1] نے اور انگلینڈ مین تابعان دین لیوتھر نے شدید ظلم و تعدی کی ایک غیر منقطع سلسلہ جبر و اکراہ اور تعصب و نفسانیت اور غلو بیجا کا اور دنیا مین چلا آیا ہی جو دین مسیحی کے لیے مخصوص ہی اور جس سے اسلام بحمد اللہ ہمیشہ بری رہا ہے۔

بعض متعصبین کا قول ہے کہ دین مین جبر کرنا عیسائیون نے قرن[2] اوسطیٰ مین مسلمانون سے سیکھا تھا سبحان اللہ کیا انصاف ہی۔ دین کے نام سے جسٹینین قیصر روم نے جو قتل و قمع کیا اور پھر دوسرے عیسائی بادشاہ کلووس نے ہولناک جدال و قتال کیا یہ واقعات پیغمبر اسلام کی زمانہ سے کہین پیشتر ہوا تھا

پھر ملاحظہ کیجئے کہ غزوات صلیبی مین مجاہدین عیسائی کا کردار مسلمانون کے مقابل مین کیا رہا۔ ایک معتبر مورخ لکھتا ہی کہ "جب خلیفہ ثانی ۶۳۷ عیسوی مین بیت المقدس مین داخل ہوے تو گھوڑے پر سوار سفرونیوس اسقف اعظم سے بیت المقدس کی عمارات قدیم و جدید کی باتین کرتے ہوے شہر کے اندر چلے گئے۔ اور جب نماز ظہر کا وقت آیا تو خلیفہ نے اوس کلیسای بزرگ مین نماز پڑھنا منظور کیا جہان اوسوقت کھڑے ہوے تھے بلکہ ایک اور کلیسا کے زینہ پر فریضہ ظہر ادا کیا۔ اور اسقف اعظم سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ اگر مین اس کلیسای بزرگ کے اندر نماز پڑھتا تو آیندہ مسلمان اوس معاہدہ کے خلاف کرتے جو ہمسے اور تمسے ہوگیا ہی اور یہ حیلہ کرتے کہ جب خود خلیفہ نے اس گرجا مین نماز پڑھی تو پھر ہمکو کون مانع ہی۔ مگر جب مجاہدین

[1] کالون ایک مشہور و معروف بانی ایک فرقہ نصاریٰ کا ہی جسکو کالونیہ کہتے ہین اور لیوتھر بانی دین مہذب پراٹسٹنٹ کا ہی ۱۲ مترجم [2] اس سے وہ زمانہ مراد ہی جو ابین مشیوع مذہب پراٹسٹنٹ اور ظہور امر بکا منقضی ہوا اور جسکو فقدان علوم اور غلبہ جہل کیوجہ سے یورپ کا زمانہ جاہلیت بھی کہتے ہین ۱۲ مترجم [3] یہ نو اطاعیان ساتوین صدی عیسوی مین فراخ حوصلہ سلاطین ایوبیہ اور سلطان نور الدین و سلطان صلاح الدین مصری مین فتوحی اور تسلیم یعنے بیت المقدس مین ہوئی تھین۔ کئی دفعہ فوج عیسائے نے بیت المقدس کا محاصرہ کیا اور مسلمانون پر بڑے بڑے ظلم کیے مگر ہر دفعہ مسلمان ہی فتحیاب ہوے اور بیت المقدس پر نصاریٰ کا قبضہ

عیسائی نے بیت المقدس پر قبضہ پایا تو مسلمین کے اطفال خورد سال کو دیوارون سے ٹکرا کر
اونکے بھیجے بہار ڈالے اور جھولے ٹھیرے فیر خوار بچون کو صفیل قلعہ پر سے نیچے پھینکدیا اور جوانونکو
زندہ بھونون بھون ڈالا اور بعضون کے پیٹ چاک کر ڈالے کہ دیکھین سونا تو نہین نگل گئے ہین
اور یہود کو اونکے معابد مین بند کرکے زندہ جلادیا۔ اور تقریبًا ستر ہزار بندگان خدا کو تہ تیغ بیدریغ
کیا۔ اس سب پر طرہ یہ ہے کہ خود پاپائی[1] روم کا نائب اس قتل و قمع مین شریک[2] ہوا۔
الغرض۔ اسلام نے اپنی نفس کی حفاظت کے لئے تلوار پکڑی تھی مگر دین مسیحی نے
اس غرض سے شمشیر زنی کی کہ آزادی خیال اور آزادی اعتقاد کو صفحہ روزگار سے
مٹادی۔ قسطنطین اعظم نے جب دین مسیحی قبول کرلیا تو یہ دین تمام ممالک مغربی مین
غالب ہوگیا۔ اور اوسوقت سے اس دین کو کسی دشمن کا کچھ خوف نہ باقی رہا مگر جس ساعت
سے اس مذہب کو فروغ ہوا اسی ساعت سے اسکی سچی خاصیت ظاہر
ہونے لگی یعنے اور ادیان سے نفرت و بیزاری کرنے لگا۔ اور جہان جہان دین مسیحی
شایع ہوا وہان وہان لوگون کو اور کسی مذہب پر چلنا بے ایذا اٹھائے غیر ممکن ہوگیا۔
برخلاف عیسائیون کے اہل اسلام صرف صلح و عافیت کی ضمانت طلب کرتے تھے اور
حفظ جان و مال اور مساوات کامل کے عوض مین جزیہ مانگتے تھے۔ اور مساوات کامل سے
یہ مراد تھی کہ مساوی مواجب و حقوق رکھنا اسلام قبول کرنے سے مشروط تھا۔ فقط۔

چودھوان باب

ابتداء خلقت انسان مین یعنی تمدن کی ابتدائی زمانہ مین جبکہ اوس قوت اسکی تکمیل نہین

[1] یہ شخص حضرت عیسیٰ کا خلیفہ اور قسیم جنت و نار سمجھا جاتا ہے۔ زمانہ قدیم مین اسکا اقتدار اتنا تھا کہ تمام بادشاہان یورپ اسکے مطیع و فرمان بردار رہتے اور اسکو خلیفۃ اللہ اور خلیفۃ المسیح سمجھکر اپنی تاج بخشی کراتے تھے اور بوئید الدین و ناصر الملۃ کا خطاب اس سے لیتے تھے۔ چنانچہ ہماری ملکہ معظمہ کے خاندان مین شاہ ہنری ہشتم کے عہد سے یہ خطاب ملتا چلا آتا ہے۔ گو اب یہ بچارے یورپ کا اقتدار پہلے کا عشر عشیر بھی نہین رہا ہم صرف روم کے پوپ لوگ اوسکو امام زمان سمجھتے ہین

[2] ترجمہ صاحب کی تاریخ کبیر الاصول جلد ۲ صفحہ ۹۰ ۔ ۱۰ مطبوعہ

ہوی تھے جو ترقی عقل اور تہذیب نفس کے زمانہ مین نظام تمدنی کے اجزاء کو یکجا رکھتی ہے اور متفرق نہین ہونے دیتے اوس زمانہ کے لیے تعدد ازدواج ایک اصل الاصول تحفظ نفس کا تھا- انسان کی ترقی و تہذیب کی ان مدارج مین مرد[۱] ہمیشہ غالب رہا ہی اور عورت ہمیشہ مغلوب رہی ہے- عورت کا وجود اوس تعلق پر موقوف رہا ہی جو وہ مرد سے رکھتی ہے اور عورتون کی کثرت تعداد سے تعدد ازدواج کا رسم پیدا ہوا ہی جسکو اس ترقی و تہذیب کے زمانہ مین ایک قبیح عظیم تصور کرنا بجا ہے- قدیم زمانہ مین تعدد ازدواج کا رسم تمام اقوام مشرقی مین جاری تھا- جب بادشاہ وقت اس رسم کو عمل مین لاتا تھا اور بادشاہ ہر ملک مین ظل اللہ سمجھا جاتا تھا تو رعایا بھی اس رسم کو مقدس سمجھتی تھی- ہندوستان مین تعدد ازدواج کی دونون قسمین سلف سے جاری تھین یعنے ایک شوہر کے متعدد ازواج ہوتی تھین اور ایک زوجہ کی متعدد شوہر ہوتے تھے-

اہل فارس اور اہل سیڈیا اور اہل بابل اور اہل عشران سب قومون مین تعدد ازواج کا رسم تھا- فرقون مین جاری تھا اور اسکے ساتھ مستورات کی پردہ نشینی کا رسم بھی ایسا ہی سخت تھا جیسا اہل اتھنس[۲] مین تھا- پارسیون کے دین مین تعدد ازدواج ایک کار ثواب[۳] تھا- ملک شام مین جو قومین رہتی تھین اور جنکو بنی اسرائیل نے مغلوب کر لیا تھا یا قتل و قمع کیا تھا اونمین تعدد ازدواج کے رسم سے بھی ترقی کر کے حیوانات سے ارتکاب فعل شنیع کا دستور تھا[۴]- اکثر یونانی قومون مین جو یورپ کے مختلف صوبون مین اور مغربی ایشیا مین

---

[۱] الرجال قوامون علی النساء الے آخر قولہ تعالے ۱۲- مترجم [۲] ٹالیارڈ و سیار صاحب کی تاریخ ہندوستان جلد ۱- صفحہ ۳۰- ۱۲ حفظہ ہو ۱۲- مؤلف [۳] یہ یونان کے قدیم پایہ تخت کا نام ہی جو اگلے زمانہ مین معدن علوم و فنون اور ماخذ تہذیب شائستگی تھا ۱۲- مترجم [۴] رالنس صاحب کی تاریخ پانچ قدیم مشرقی سلطنتون کے جلد ۳- صفحہ ۱۹۹ تا ۱۷۷- اور نیز جلد ۲- صفحہ ۱۰۰- اور لنارمنٹ صاحب کی تاریخ ممالک مشرقی قدیم ۱۲ حفظہ ہو ۱۲- مؤلف [۵] ڈالنجر صاحب کی

تاریخ کنعان جلد ۲- صفحہ ۱۰۰- ۱۲ حفظہ ہو ۱۲- مؤلف

رہتی تھین تعدد ازواج کا رسم اس کثرت سے جاری تھا کہ اور کسی ملک مین ویسی کثرت نہ تھی[۵۱]
یہود مین تعدد ازواج کا رسم صرف پسندیدہ ہی نہ تھا بلکہ خود یہواہ یعنی خدا نے اس رسم کو مقدس کیا تھا - قدیم یونانیون مین تعدد ازواج کا رسم جایز تھا اسکی مثال پلوٹارک شاعر یونانی نے لکھی ہی کہ جب نوجوان آدمی فوج سے علیحدہ ہوتے تھے تو متعدد ازواج کرنے کی مجاز تھی - اہل تھنس کے نزدیک زوجہ صرف ایک مال تجارت ہوتی تھی اور بازار مین فروخت ہوسکتی تھی اور اور لوگون کیطرف منتقل ہوسکتے تھے اور وصیت کے ذریعہ سے اوسکو منتقل کرنا جایز تھا - وہ لوگ زوجہ کو ایک بلا سمجھتے تھے جسکا ہونا امور خانگی کے انتظام اور افزایش نسل کے لیے واجب ولازم تھا - اور اونمین سے ہر شخص کو اختیار تھا کہ جتنے ازواج چاہے کرے اور مختلف درجہ اور حیثیت کی بیبیان کرے - چنانچہ ڈاستھنس[۵۲] نے بفخر و مباہات بیان کیا ہے کہ ہم لوگ تین قسم کی عورتین رکھتے ہین انمین سے دو قسم کی عورتین شرعی یا نیم شرعی بیبیان[۵۳] ہماری ہین -
اہل اسپارٹا[۵۴] مین مرد کے لیے تو بجز مخصوص حالات کے ایک سے زیادہ زوجہ ہی زیادہ جایز نہ تھا مگر عورت کے ایک سے زیادہ شوہر رکھنا ہر وقت جایز تھا اور عورتین ہمیشہ متعدد شوہر رکھتی تھین[۵۵]
روسۃ الکبریٰ کی سلطنت ایسی مخصوص حالات مین قایم ہوئی تھی کہ اوس سلطنت مین تعدد ازواج کا رسم شروع نہو سکا - قوم سابیہ کی عورتون سے زنا بالجبر کرنے کا قصہ تواریخ کی رو سے صحیح ہو خواہ غلط مگر اس روایت سے اتنا ضرور ثابت ہوتا ہی کہ قدیم رومیون مین قوانین ازدواج کے علل و اسباب کیا ہوا کرتے تھے - روم قدیم کے گرد و نواح کی ریاستون مین

[۵۱] ان سایکلوپیڈیا یعنے مخزن العلوم مین نکاح کا مضمون ملاحظہ ہو اور ڈنلپ صاحب کی تاریخ نشر کین یہود جلد ۲ صفحہ ۲۳۳ - بھی ملاحظہ ہو - ۱۲ - مؤلف [۵۲] یہ ایک بڑا جلیل القدر خطیب اور مدبر الملک یونان قدیم مین گذرا ہی ۱۲ رجم [۵۳] ڈنلپ صاحب کی تاریخ نشر کین و یہود جلد ۲ صفحہ ۲۳۲ - ۲۳۸ - اور ان سایکلوپیڈیا مین نکاح کا مضمون ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف
[۵۴] یہ بھی ایک بڑا نامی شہر یونان قدیم کا تھا اور یہان کے لوگون کی شجاعت و جوانمردی ضرب المثل ہی ۱۲ مؤلف [۵۵]

مرزا رجب علی صاحب کی تاریخ یونان جلد دوم صفحہ ۱۲۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

عموماً اور ریاست اٹروریا مین خصوصاً تعدد ازواج ایک ممدوح رسم تھا۔ رومیون کو صدہا برس اطالیہ کی اور قومون کے ساتھ سابقہ رہا اور مدتہا مدید تک لڑا بھڑا کئے اور ممالک کو فتح کیا کئے اور کامیابی سے عیاشی کی عادتین پیدا ہوئین۔ الغرض۔ اس سب کا نتیجہ یہ ہوا کہ رومیون مین نکاح وازدواج کی کچھ حقیقت نہ باقی رہی۔ تعدد ازواج قانوناً تو جائز نہ تھا مگر بقول ایک جلیل الشان مورخ کے "پیونک لڑائیون کو فتح کرنے کے بعد روم کے معزز عورتون کو ایک آزاد اور متمول سلطنت جمہوری کے عام فوائد حاصل کرنے کا حوصلہ پیدا ہوا اور اونکی خواہشون کو اونکے والدین اور اونکے عشاق برلاتے رہتے تھے"۔ اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ رومیون مین ازدواج تھوڑی ہی مدت مین ازدواج نہ باقی رہا بلکہ اچھے خاصے تماش بینی یا خانگی پن ہوگیا۔ اور جب اس خانگی پن کو قوانین سرکاری نے جائز رکھا تو اسنے ایک آئین ملکی کی قوت حاصل کرلی۔ عورتون کی آزادی سے اور وہ رشتہ زوجیت جو شوہر کو اپنی زوجہ سے وابستہ رکھتا ہے اوسکے کمزور ہونے سے اور اس امر سے کہ اکثر اوقات ازواج کا مبادلہ یا انتقال کیا جاتا تھا صاف ثابت ہوتا ہے کہ رومیون مین تعدد ازواج کا رسم ضرور جاری تھا گو دوسرے پیرایہ مین سہی۔

اس اثنا مین دین مسیحی کے مسائل دریاے جلیل کے کنارے تلقین کیے گئے مگر تمام سلطنت قاہرہ روئے الکبری پر اونکے شعاع پڑنے لگے یعنی اونکا اثر ہونے لگا۔ حضرت عیسی کی ہدایات واحکام سے بالبداہتہ ظاہر ہے کہ اسینیہ نامی ایک فرقہ یہود کا اثر اونپر ایسا ہوا تھا اور

---

۵۱ یہ لڑائیان قدیم رومیون اور اہل کارتیج مین ہوئی تھین اور کارتیج افریقہ شمالی مین اوس ملک کا نام تھا جو ممالک بربر کے نام سے مشہور ہے۔ ان لڑائیون مین آخر کو رومی فتحیاب ہوے تھے ۱۲ مترجم ۵۲ گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت روئے الکبری جلد ۱ صفحہ ۲۰۰ طاعظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۳ یہ دریا صوبہ یہودیہ یعنی فلسطین یا کنعان مین اسلیے مشہور ہے اور نصاریٰ اسکو اسوجہ سے متبرک سمجھتے ہین کہ اسکے کنارہ پر حضرت مسیح ۱۲ اور حواریین گشت کیا کرتے تھے اور

آسمانی سلطنت کی اونکو ایسی آرزو تھی کہ اونہون نے ازدواج کی مذمت عموماً فرمائی ہے گو اونھون نے کسی قسم کے ازدواج کی ممانعت قطعی وصریحی کہین نہین فرمائی ہے۔

پس مختلف زمانون مین پیشوایان دین مسیحی یہی سمجھائے کہ تعدد ازواج نفس الامر مین حرام یا گناہ نہین ہے۔ چنانچہ دین مسیحی کے ایک امام اعظم[1] نے فرمایا ہی کہ تعدد ازواج اوس ملک مین حرام نہین ہے جہان وہ قانوناً جائز رکھا گیا ہو اور جرمنی مین جو مہذب بان دین پیدا ہوی اونھون نے سولھوین صدی عیسوی تک یہی فتوی دیا کہ ایک زوجہ کے ساتھ دوسرے بلکہ تیسری زوجہ کرنا بھی اوسوقت جائز ہے جب اولاد نہوئی ہو یا اور کوئی سبب ہوا ہو[2]۔ بعض علماے مسیحی نے یہ تو تسلیم کر لیا ہی کہ تعدد ازواج عقلاً فعل قبیح نہین ہے اور حضرت عیسیٰ نے اسکی ممانعت قطعی وصریحی کہین نہین فرمائی ہے مگر اپنی راے یہ لکھی ہے کہ ایک زوجہ پر قناعت کرنے کا رسم جو تمام ممالک یورپ مین جاری ہی اسوجہ سے پیدا ہوا ہی کہ اہل جرمن یا اہل یونان و روم کے خیالات دین مسیحی مین آمیزش ہوگئی ہین[3]۔ یہ راے صریحاً خلاف واقع اور مخالف تاریخ ہی اور لائق اعتبار نہین ہی۔ اہل جرمنی کی ایک زوجہ پر اکتفا کرنے کا ثبوت فقط ایک یا دو رومیون کی شہادت پر موقوف ہی جسکی تصدیق کسی مورخ نے نہین کی ہی اور ان رومیون کی شہادت واقعات کی نسبت بالکل لائق اعتبار نہین ہے کیونکہ انکا فائدہ ایسے واقعات کے اخفا مین تھا۔ قطع نظر اسکے یہ دیکھنا چاہیئے کہ ٹاسٹیس مورخ رومی نے اہل جرمنی کے عادات واطوار کو اپنی تاریخ مین کس مقصد سے بیان کیا ہی۔ اوسکا مقصد

[1] یعنی سینٹ آگسٹاین یہ ایک شخص اتباع حواریین مین سے تھے جنھون نے دین مسیحی کو پہلے پہل جزائر برطانیہ مین شایع کیا۔ یہ بڑے مقدس آدمی تھے اور ائمہ کلیسائی مسیحی مین سمجھے جاتے ہین ۱۲ مترجم [2] عالم صاحب کی تاریخ آئین سلطنت انگلستان جلد ۱ صفحہ ۶۲ - حاشیہ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] برتھالمی سینٹ ہلیر عالم فرانسیسی کی راے یہ ہی کہ ایک زوجہ

[3] برجرمن کے وحشی عیسائیون سے اخذ کیا ہی ۱۲ مؤلف

صاف یہ تھا کہ اوسنے اپنے اہل وطن کی عیاشی پر اعتراض کیا ہے اور رومیون کے فسق و فجور کا مقابلہ جرمنی کی وحشیون کی فرضی نیکیون کے ساتھ کرکے چاہا ہے کہ اونکے خیالات کو رومیون مین جاری کرے - اور اگر یہ بھی فرض کرلیا جاے کہ ٹاسٹیس کا قول صحیح ہے تو ہم پوچھتے ہین کہ اسکا سبب کیا ہے کہ انیسوین صدی عیسوی تک بھی جرمنی کے امراء مین تعدد ازدواج کا رسم جاری رہا[1] - اگلے زمانہ کے رومیون مین جو کچھ رسم رہا ہو یہ ظاہر ہے کہ رومۃ الکبری کی سلطنت جمہوری کے آخر زمانہ مین اور سلطنت شخصی کے ابتدائی زمانہ مین تعدد ازدواج آئین و قوانین ملکی مین ضرور داخل تھا یا اقل مراتب ناجائز تو نہ سمجھا جاتا تھا - اس رسم کا موجود ہونا اور اسکا جاری اور معمول بہ ہونا اوس فرمان شاہی سے ثابت ہوتا ہے جو اسکی تعمیم کا مانع ہوا - اس فرمان شاہی سے اس رسم کا انسداد کہانتک ہوا یا اسے عوام کہانتک اسکے خلاف ہوگئی یہ اوس توقع کے ظاہر ہے جو الوزیوس اور ارقودیوس قیصران روم نے چوتھی صدی عیسوی کے آخر مین جاری کی تھی اور خود قسطنطین اعظم اور اونکے خلف الرشید کے فعل سے ظاہر ہے جو متعدد ازواج رکھتے تھے - والنطنین ثالث قیصر روم نے ایک فرمان کے ذریعہ سے تمام رعایاے روم کو اجازت دیدی کہ جسکا جی چاہے بلا تکلف متعدد ازواج کرے اور اوس زمانہ کی تاریخ کلیسا سے بھی یہ نہین ثابت ہوتا کہ ائمۂ کلیسا اور اساقفہ روم نے اس فرمان پر کچھ اعتراض کیا[2] - الغرض اس رسم کا انسداد ہرگز نہین ہوا بلکہ تمام قیاصرۂ روم متعدد ازواج رکھتے تھے اور اونکی رعایا اس امر مین اونکی تقلید کرتی تھی - یہانتک کہ پادریون کی بھی متعدد بیبیان ہوتی تھین -

جسٹنین قیصر کے عہد تک یہی قانون جاری رہا - اس قیصر کے عہد مین یہ ہوا کہ تیرہ سو برس

[1] ان سایکلوپیڈیا مین ازدواج کا مضمون ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] ان سایکلوپیڈیا مین ازدواج کا مضمون اور ڈاونبورٹ صاحب

کا رسالہ کسی مہذب ازدواج مسیحی مین ازدواج کے مخالف ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف

کے عرصہ مین جو ترقی علوم و فنون اور تہذیب و شائستگی مین ہوئی تھی اور جس ترقی کا باعث نہ صرف وہ دو مذہب[1] ہوے تھے جو اولاد سام ابن نوح مین رائج تھی بلکہ وہ بڑی بڑی جلیل القدر علما و فقہا بھی ہوئی تھی جو بنی سام سے تھی اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مجموعہ قوانین تالیف ہوا جو قوانین جسٹینین قیصر کے نام سے مشہور ہے مگر ان قوانین مین دین مسیحی سے اخذ کرکے کچھ داخل نہین کیا گیا بلکہ جسٹینین کا بہت بڑا مشیر و صلاح کار ان قوانین کی تالیف مین ایک دہریہ اور مشرک تھا۔ گو جسٹینین قیصر نے تعدد ازواج کی ممانعت قطعی کردی تھی تاہم یہ رسم اوس زمانہ مین جاری رہا۔ اوسکے قوانین سے ترقی تہذیب و شائستگی ظاہر تھی اور اون قوانین کا اثر چند فہمیدہ و سنجیدہ آدمیون پر ہوا مگر عوام الناس پر اونکا اثر کچھ خاک بھی نہین ہوا۔

یورپ کے مغربی ملکون مین جاہل اور وحشی قومون نے بڑی بڑی یورشین کیے اور اونکی اخلاقی خیالات اون ممالک کی اصلی باشندون کے خیالات کے ساتھ آمیختہ ہوگئے اسوجہ سے زن و شوہر مین جو تعلقات ہوتے ہین وہ بھی ذلیل و حقیر ہوگئے بعض ان وحشی قومون کے وحشیانہ قوانین[2] مین تعدد ازواج کے انسداد کی کوشش کیگئی مگر فعل کا اثر ہمیشہ قول سے زیادہ ہوتا ہے۔ لہذا جب بادشاہون کے متعدد محلات ہوے تو رعایا اونکی تقلید سے کب چوکتے تھے۔ حالانکہ کلیسا یعنے دین کا حکم پادریون کو یہ تھا کہ ہمیشہ مجرد رہین اور کبھی شادی نہ کرین مگر پادری لوگ بھی تعدد ازواج کے رسم سے مستفید ہوتی تھی اور اپنے اُسقف اعظم[3] سے اجازت لیکر کئی بیبیان خفیہ کرتے تھے۔

سب سے بڑی خطا اور سب سے زیادہ لائق الزام تصور مورخین عیسائی نے

---

[1] یعنی مذہب یہود اور دین اسلام ۱۲ مؤلف [2] جیسے تھیوڈورک بادشاہ کے قوانین جنکے مرتکب رومیون کے خیالات عالی پر مبنی تھے ۱۲۔ مؤلف [3] الم صاحب کی تاریخ آئین انگلستان جلد ۱ صفحہ ۷۸۔ اور حاشیہ اور اونکی ۱۲

مرد تاریخ زن اول جلد ۱۔ باب ۱۲۔ مؤلف

یہ کیا ہے کہ یہ فرض کرلیا ہے کہ شارع اسلام نے تعدد ازدواج کو اختیار کیا یا جائز کردیا یہ پرانا خیال (جس سے اون لوگون کی جہالت و لاعلمی ظاہر ہوتی ہے جو ایسا خیال رکھتے تھے) کہ یہ رسم شارع اسلام نے جاری کیا تھا اس زمانہ مین دفع ہوگیا ہے مگر یہ قول کہ آنحضرتؐ نے اس رسم کو اختیار کیا اور اسکو شروع کردیا اکثر عوام کالانعام مین بلکہ بعض اہل خبرت نصاری کے نزدیک بھی ابتک مسلم و معتبر ہے۔ اس کے کاذب ہونے کوئی قول نہین ہے۔ شارع اسلام نے تعدد ازدواج کو نہ صرف اپنی قوم مین رائج پایا بلکہ قرب و جوار کے ملکون مین بھی بعض قبیح ترین اقسام تعدد ازدواج کو شایع دیکھا۔ سلطنت روم نے جو ایک عیسائی سلطنت تھی قوانین کے ذریعہ سے اس رسم قبیح کے انسداد کی کوشش کی مگر وہ کوشش کارگر نہین ہوئی۔ بلکہ یہ رسم اچھی طرح سے اور بلا تکلف جاری رہا اور سوائے بیاہتا بی بی کے جو باعتبار زمانۂ ازدواج کے مقدم سمجھی جاتی تھے اور سب کمبخت بیبیون کے ساتھ سخت ناانصافی اور حق تلفی ہوتی تھی وہ بدنصیب عورتین کسی قسم کے حقوق نہ رکھتی تھین نہ ویسا تحفظ اونکا قائم کیا جاتا تھا جیسا بیاہتا بی بی کا کیا جاتا تھا بلکہ وہ اپنے متلون المزاج شوہرون کی اطاعت لونڈیون کیطرح کرتے تھے۔ آنحضرتؐ کے بعثت کے زمانہ مین فارس مین فسق و فجور کی کچھ انتہا نہ باقی رہی تھی۔ اوس ملک مین قانون تناکح وازدواج نہ تھا اور اگر تھا تو کوئی اوسکو مانتا نہ تھا۔ پارسیون کی مذہبی کتاب زندا وستا مین ازدواج کی کوئی تعداد مقرر نہ تھی لہذا پارسی لوگ بہت سے منکوحات رکھتے تھے عموماً یا خانگی کا کچھ ذکر نہین[1]۔ خود آنحضرتؐ کی قوم مین یعنے عرب مین قبل شیوع اسلام ازدواج کی کچھ حد و بیان نہ تھی۔ اور ہر شخص کو اختیار تھا کہ جتنی بیبیان چاہے کرے اور جب اور جسکو چاہے طلاق

[1] ڈالنجر صاحب کی تاریخ یہود و مسیحیین صفحہ ۴۲ و ۴۵ — ملاحظہ ہو ۱۲ — مؤلف

دیدے اور زن بیوہ اپنے شوہر متوفی کی متروکہ کا ایک جزء اعظم سمجھے جاتی تھی۔ لہذا اکثر ایسا ہوتا تھا کہ سوتیلی بیٹی اپنی سوتیلی ماؤن کو اپنی بیبیان بنا لیتے تھے اور جب اسلام مین یہ رسم قبیح حرام کر دیا گیا تو اسکا نام تو ہینا نکاح المقت یعنی بے شرمی کا یا مذموم نکاح رکھا گیا۔ بلکہ بعض قبائل عرب[۵۱] مین جو سیقدر یہود اور سیقدر صابئین یعنے ستارہ پرست تھے ایک زوجہ کو متعدد شوہر رکھنے کا رسم بھی جاری تھا۔

شارع اسلام اپنی قوم کے شارع و مقنن اور تمام بنی آدم کے محسن تھے آپ کی رسالت کا مقصود اعظم یہ بھی تھا کہ ان تمام قبیح رسوم کے انسداد کا مدار کامل فرمائین جو صدہا برس سے جاری چلے آتے تھے۔ پس آپ نے انکا انسداد کلی اسطرح فرمایا کہ ازواج کی ایک تعداد مقرر کر دی اور ازواج کے واجب و حقوق اونکے شوہرون پر معین کر دیئے اور شوہر پر فرض عین کر دیا کہ سب ازواج سے بین جمیع الوجوہ برابر برتاؤ رکھے اور اسکا تحفظ کامل یہی کر دیا کہ کسی عیاش اور ناخدا ترس شوہر کی شقاوت سے اوسکے ازواج دربدر خاک بسر نہونے پائین۔ مگر شرع اسلام کی حکمت بالغہ اوامر کے بہ نسبت نواہی سے زیادہ ظاہر ہی چنانچہ تعدد ازواج مین ایک قید ایسی لگا دی ہی جس سے یہ فعل صرف محدود ہی نہین ہو گیا ہی بلکہ جس آیت[۵۲] سے اذن مفہوم ہوتا ہی فی الواقع اوسی آیت سے اسکا انتفاء اور کالعدم ہونا بھی لازم آتا ہے۔ اوس آیت کے معنے یہ ہوتے ہین کہ کوئی شخص ایک سے زیادہ زوجہ نہ کرے اگر وہ چار دن ازواج کے ساتھ برابر اور منصفانہ برتاؤ نہ کر سکے

---

۵۱ تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۱۔ صفحہ ۵۱ ۳۔ اور تاریخ ابن خلدون ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

۵۲ فانکحوا ما طاب لکم من النساء مثنی وثلاث ورباع فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ ۱۲ قران مجید

جیسا مولوی سید احمد خان صاحب نے فرمایا ہی کہ یہ تعدد ازواج مین بہت سی شدید قیود لگا دیے گئے ہین اور بہت سے سخت قواعد مقرر کر دیے گئے ہین جیسا چارون ازواج کے مراجب و حقوق مین مساوات کلی رکھنا اور چارون سے برابر الفت اور محبت رکھنا وغیرہ وغیرہ - اور یہ قیود اسلیے لگائے گئے ہین کہ لوگ اس امر مین افراط نہ کر سکین کہ افراط کل اوقات مین قبیح و مذموم ہے اور یہ یقین ہو جاے کہ جس شخص نے تعدد ازواج پر جسارت کی ہے وہ ایک ضرورت واقعی کی وجہ سے اس فعل پر مجبور ہو گیا تھا" اس تحلیل تعدد ازدواج کے پہلے جزو سے اذن مطلق مفہوم ہوتا ہی مگر دوسرا جزو پہلے جزو کی شرط واقع ہوا ہے اور فرائض ضروریہ کے قبیل سے ہی پس جو شخص جزو ثانی اور اوسکے لوازم کی تعمیل نہ کرے تو بمفاد اذا فات الشرط فات المشروط اوسنے یقینًا یہ فعل خلاف شرع اسلام کیا اور خدا کا گنہگار ہوا - پس بہرکیف حکم تعدد ازدواج کو از قبیل نواہی سمجھنا چاہیئے نہ از قبیل اوامر[۵۱] یہ بات ناظرین کے ذہن نشین رہی کہ تعدد ازواج مصالح وقت پر موقوف ہی بعض زمانون مین اور بعض حالات مخصوصہ تمدن مین یہ رسم عورتون کو فاقہ کشی اور فقر و فلاکت سے بچانے کے لیے ضروری و لابدی ہو جاتا ہی - یہ ایک امر واقعی ہی لہذا اس سے چشم پوشی نہین ہو سکتی - جب انسان کے خیالات مین ترقی ہوئی اور زمانہ کے حالات بدل گئے تو تعدد ازدواج کی ضرورت نہین باقی رہی اور اب یہ رسم ضمنًا متروک ہو گیا ہی یا صریحًا ممنوع ہو گیا ہی چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جن بلاد اسلام مین وہ وجوہ رفع ہوتے جاتے ہین جن کی وجہ سے یہ تعدد ازواج کا رسم ابتدا مین ضروری و لابدی ہو گیا تھا اب اون بلاد مین یہ رسم قبیح

---

[۵۱] حاشیہ ا - متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۵۲] اگر پیورٹون اور نفشون مین صحیح حساب لگایا ہی تو مین کہسکتا ہون کہ نہایت مہذب و شائستہ ممالک یورپ مین اس کثرت اور اس شدت سے فسق و فجور ہوتا ہی تو فقط عورتون کے محتاج محض ہونے کی وجہ سے ہوتا ہی ۱۲ - مؤلف [۵۳] پادری یک صاحب اور لیڈی ڈوف گوردون صاحبہ نے لکھا ہی کہ اوقات حالت حیض مین اگر شوہر کو بیوی سے ضرورت ہو تو بیوی کو لازم ہی کہ اوسکی خواہش پوری کرے

سمجھا جاتا ہی اور حکم خدا و رسول کے خلاف تصور کیا جاتا ہی۔ مگر جن ممالک اسلامیہ مین حالات تمدن مخصوص اور جداگانہ ہین اور جہان وہ ذرایع معاش موجود نہین ہین جنسے مہذب و شائستہ قومون مین عورتین اپنی بسر اوقات کر لیتی ہین اون ممالک مین تعدد ازواج کا جاری رہنا ضرور[1] ہی۔ قوانین اسلامیہ کا ترقی و تہذیب کی ہر درجہ کے موافق ہونا شارع اسلام کی حکمت بالغہ پر دال ہے۔ قوانین کا ملائم ہونا بہت بڑی دلیل اونکی عمدگی اور لطافت کی ہی۔ یہ صفت شرع اسلام کے لیے مخصوص ہی کہ یہ شریعت سہلہ سمحہ ہی یعنی اسمین عسر و حرج نہین جائز رکھا گیا ہی[2]

اب ہم اوس امر کی تحقیق کرتے ہین جسکو اکثر اون لوگون نے جو واقعات تاریخی سے واقف نہین ہین یا جنہون نے اون واقعات کو ایمانداری سے نہین جانچا ہے شارع اسلام پر طعن کرنے کیوجہ وجیہ گردانا ہی۔ اس سے مراد آنحضرتؐ کا متعدد ازواج کرنا ہی۔ جن مورخین عیسائی نے آنحضرت پر طعن کیا ہی اونکا یہ قول ہے کہ آنحضرتؐ نے متعدد ازواج کرکے اپنے نفس سے وہ رعایت کی جسکے مستحق آپ شرع شریف کی بموجب نہ تھے۔ مگر واقعات تاریخی کو بلا تعصب و نفسانیت دیکھیے اور اس فعل کے بواعث و محرکا کو خالص نظر انصاف اور بشریت کی حیثیت سے ملاحظہ کیجیے تو بخوبی معلوم ہو جائیگا کہ یہ مورخین صفات باطنی اور ایمانداری اور عیسائی[3] نیک نہادی سے بالکل معرا ہین۔

[1] جو رای مسلمانان ہند کی اس باب مین اب قائم ہوئی ہے وہ اخبار سوشل ریفارمر مین خوب بیان کر دی گئی ہے۔ مؤلف [2] شاید اسپر یہ اعتراض کیا جاے کہ جب آیت تحلیل لتعدد ازواج مین تاویل کرنا ہر شخص کی راے پر موقوف ہوا تو اس رسم کا انسداد کلی بہت مشکل ہے۔ یہ امر نہین ہے۔ بلکہ شرع شریف مین ایسے ذرایع موجود ہین جنسے یہ رسم کسی خاص سلطنت اسلامیہ مین بالکل موقوف ہو سکتا ہی۔ مگر ایسا فتوی جیسا دیا جاتا ہی کہ جب علماء اسلام خیانت کہنے کے بارے بیکدگر متفق ہون اور واقعات کو اچھی طرح سمجھ لین اور رسول اللہ کے احکام کو کماحقہ سمجھ سکین۔ اب اس نئی روشنی سے آنحضرتؐ کے احکام دیکھے جاتے ہین لہذا اب امید ہے کہ تعدد ازواج کا رسم زائل ہوتا جاتا ہی اور جلد روز مین بالکل موقوف ہو جائیگا ۱۲۔ [3] حرف عیسائی اس مقام پر عیسائی نیک نہادی کے لفظ سے شاید یہ لوگ چڑین گے اسواسطے کہ انکے نزدیک وہ نیک نہادی جسکا حکم حضرت عیسیٰ نے فرمایا تھا اسکا نام ہی کہ تمام مسیحانی

مودعلی خان آرزو کے اس اعتراض کا جواب جو انہون نے شارع علیہ السلام پر تعدد ازواج کے بارے مین کیا ہے

جب آنحضرت کا سن شریف فقط پچیس برس کا تھا یعنی عین عنفوان شباب مین
جبکہ آپ کے قوی عقلی اور قوی بدنی بالکل صحیح تھے اوسوقت آپ نے حضرت خدیجہ
سے عقد کیا تھا جو آپ سے سن مین بہت بڑی تہین - پچیس برس تک آپ نے
خدیجہ کے ساتھ کمال وفاداری اور راحت سے بسر فرمائی - خدیجہ ہر عالم مین آپ کے
مونس و غمخوار رہین یعنے اوس عالم مین بہی آپ کی غمخواری کے جبکہ مشرکین قریش نے
کیسی کیسی غلبت و بدگوئی اور ذلت و اہانت اور ایذا رسانی کی - جب حضرت خدیجہ نے
وفات کی اوسوقت آپ کا سن اکاون برس کا تھا - آپ کے مخالفین اسکا انکار نہین
کرسکتے بلکہ طوعاً و کرہاً اسکو تسلیم کرتے ہین کہ اس تمام عرصۂ دراز مین آپ کے اطوار و
عادات مین ایک بہی اخلاقی عیب نہین دکہائی دیتا - جبتک حضرت خدیجہ زندہ رہین
آپ نے دوسرا عقد نہین کیا حالانکہ اگر آپ ایسا کرتے تو آپ کی قوم کے نزدیک ایسا
کرنا جائز و مباح تھا - حضرت خدیجہ کے انتقال کے چند مہینہ کے بعد جب آپ طائف
سے بیکس و ناچار اور مظلوم و ستم رسیدہ پھرے تو آپ نے سعید سے عقد کیا جو
ایک شخص سکران نامی کی زن بیوہ تھی جسنے اسلام قبول کرلیا تھا اور مشرکین کے
ظلم و ستم سے ملک حبش مین چلا گیا تھا - سکران غریب الوطن ہوا تھا اور اوسکی
زوجہ بے والی و وارث ہوگئی تھی گو اوسکے دو تین عزیز زندہ تھے - پس ہر ایک اصول
فیاضی اور مروت کا مقتضی یہی تھا کہ آپ اوس نیکبخت سے عقد کرلین - کیونکہ اوسکے
شوہر نے اس نئے دین پر اپنی جان تصدق کی تھی اور اسی دین کی خاطر اپنے
عیال اور وطن کو چہوڑ کر مسافرت اختیار کی تہی اور اس آوارہ وطنی مین اوسکی زوجہ
اوسکی شریک حال رہی تہی اور اب جو مکہ مین پہر آئی تو بے والی و وارث ہوگئی جسکی
اخلاقی قاعدہ یا قانون اس عقد سے مانع نہ تھا اور اوس بیچاری بیوہ کا کوئی گھر بار

نہین تھا جہان وہ بھیجدیجاتی اور خود آنحضرت کا یہ حال تھا کہ نان شبینہ کو محتاج تھے اوس عالم مین آپ نے سعیدہ سے عقد کیا۔

عبداللہ ابن عثمان المکنی بابی قحافہ جنکا نام تاریخ مین ابوبکر مشہور ہی ایک صحابی جان نثار آنحضرت کے تھے اور سابق الاسلام تھے اور آپ سے ایسی محبت دلی اور خلوص باطنی رکھتے تھے کہ گویا اس امر مین حضرت علیؑ سے مشابہ ہو سکتے ہین۔ حضرت ابوبکر کے ایک چھوٹی سی بیٹی تھین جنکا نام عائشہ تھا اور اونکے والد ماجد کو ہمیشہ سے یہ آرزو تھی کہ اپنی دختر کو آپ کے حبالۂ عقد مین دیکر اوس رشتہ محبت کو مضبوط کرین جو اونمین اور اونکے پیغمبر مین تھی جنھون نے اونکو ظلمت کفر سے نکالکر نور ایمان بخشا تھا اوس لڑکی کا سن کل سات برس کا تھا مگر اوس ملک کے دستور کے موافق اس عمر کی لڑکی سے شادی کرنا جائز تھا۔ ازواج نبی مین پاکیزہ صرف یہی تھین اسیوجہ سے اونکے والد کی کنیت ابوبکر تھی۔ مدینہ مین تشریف لانے کے چند مدت بعد آنحضرتؐ نے حفصہ بنت عمر سے عقد کیا جو بعد ازان خلیفہ ثانی ہوے۔ حفصہ کا شوہر غزوۂ بدر مین مارا گیا تھا اور اپنے باپ کیطرح وہ بھی ایسی آتش مزاج تھین کہ اونکے خواستگارون کو اونسے عقد کرنے کی جرأت نہ ہوتی تھی اونکے والد اونکے اتنی مدت تک بیوہ رہنے سے عاجز آگئے اور پہلے حضرت ابوبکر کو بعد ازان حضرت عثمان کو پیام عقد بھیجا۔ مگر دونون صاحبون نے نہ قبول کیا۔ اوسوقت حضرت عمر کو ایسا طیش آیا کہ تمام مسلمانون کو باہمی جنگ و جدل کا اندیشہ ہوا۔ جب یہ نوبت پہونچی اوسوقت آنحضرتؐ نے پدر حفصہ کے غیظ کو فرو کرنے کے لیے اونسے عقد کر لیا۔ ہند ملقب بہ ام سلمہ۔ ام حبیبہ۔ اور زینب ملقب بہ ام المساکین[1] ان تین ازواج سے جو بیوین تھین آپ نے اسوجہ سے عقد کیا کہ مشرکین کی عداوت سے

[1] تاریخ کاسن ڈی پرسول جلد ۲ صفحہ ۸۹۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [2] بیوہ ہونا کی وجہ سے انکا یہ لقب ہو گیا تھا۔ المؤلف

اونکا کوئی والی و وارث نہ یاتی رہا تھا اور اونکے اعزا اونکا تکفل نہ کر سکتے تھے۔

آنحضرتؐ نے اپنی جانباز و جان نثار دوست اور عتیق زید کا عقد ایک نہایت عالی خاندان عورت زینب کے ساتھ کر دیا تھا۔ یہ بی بی نجیب الطرفین تھین اور اپنے عالیخاندانی اور حسن و جمال کا خیال کر کے انکو اس بات کا بڑا رنج تہا کہ میری شادی ایک آزاد کردہ غلام کے ساتھ کر دے۔ الغرض۔ دونون مین باہم ملال اتنا بڑھا کہ ایک کو دوسرے سے نفرت ہو گئی۔ شاید زید کی نفرت کا باعث زیادہ تر یہ ہوا تھا کہ زینب نے چند کلمات کو جو آنحضرتؐ کی زبان مبارک پر اوسوقت جاری ہوے تھے جب آپؐ کی نظر اونپر اتفاقاً پڑ گئی تھی ایسے طرز سے مکرر و متواتر کہا کہ اوس طرز کو کچھ عورتین ہی خوب جانتی ہین تفصیل اسکی یہ ہی کہ ایک مرتبہ آنحضرتؐ کسی ضرورت سے زید کے مکان پر تشریف لیگئے تھے اور زینبؓ کے چہرہ کو بے نقاب دیکھکر وہ کلمات فرمائے تھے جو فی زمانہ ہر ایک مسلمان کسی خوبصورت تصویر یا لعبت کو دیکھکر بے اختیار کہنے لگتا ہی۔ فتبارك الله احسن الخالقین

آنحضرت نے تو یہ کلمات صرف تعریف کی راہ سے فرمائے تھے مگر زینب کو غرور ایسا دامنگیر ہوا کہ اس آیت کو اونھون نے شوہر اپنی کے سامنے پڑھا تاکہ معلوم ہو کہ ہم ایسی حسین ہین کہ خود پیغمبر خدا نے ہماری تعریف کی ہے۔ اس سے زید کو خواہ مخواہ اور زیادہ ملال ہوا۔ آخر الامر زید نے اپنے دلمین ٹھان لیا کہ اب مین اس عورت کے ساتھ نہ رہونگا اور اونھون نے آنحضرتؐ کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کیا کہ مین زینب کو طلاق دینا چاہتا ہون آپؐ نے فرمایا "کیون اوس سے کیا قصور ہوا ہی" زید نے عرض کیا "یا رسول اللہ اوس سے کوئی قصور تو نہین ہوا ہی مگر اب میرا نباہ اوس سے نہوگا" آنحضرتؐ نے تب یہ تاکید فرمایا کہ "جا اور اپنی زوجہ کی حفاظت کر اور اوس سے اچھی طرح پیش آ۔ اور خدا سے ڈر کیونکہ خداوند عالم نے فرمایا ہے کہ اپنی ازواج کی خبر گیری کرو اور خدا سے ڈرو"

مگر زید اپنے ارادۂ طلاق سے نہ باز آیا اور باوجودیکہ آنحضرتؐ نے ایسا حکم دیا تھا مالک اوسنے زینب کو طلاق دیدیا۔ آنحضرت کو زید کے اس فعل سے خاص کر اسوجہ سے اور زیادہ رنج ہوا کہ آپؐ ہی نے ان دونون کی نسبت ٹھہرائی تہی مگر دونون کے مزاج مین یا موافقت ہوئی اس واقعہ کے چند مدت بعد زینب نے آنحضرتؐ سے کہلا بھیجا کہ زید نے تو مجھکو طلاق دیدیا ہی اب میری پرورش آپؐ ہی پر موقوف ہی۔ پس اسوجہ سے آنحضرتؐ نے اوس سے عقد کرلیا[1]۔ ایک اور زوجہ آپؐ کی جویریہ بنت حارث تہین۔ اور حارث اسیر قبیلہ بنی مصطلق تھا جویریہ کو ایک مسلمان نے اوس لڑائی مین گرفتار کرلیا تھا اوس سے اوسنے اقرار کرلیا تھا کہ کچھ روپیہ لیکر مجھے آزاد کردینا۔ جویریہ نے آنحضرتؐ سے اوتنا روپیہ طلب کیا اور آپؐ نے اوسکو مرحمت فرمایا۔ اس عنایت کا معاوضہ اور اپنی رہا ہوجانے کا شکریہ جویریہ نے یہ ادا کیا کہ آپ سے عقد کرلیا۔ جو مین مسلمانون نے اس عقد کا حال سُنا باہم کہنے لگے کہ اب بنی مصطلق پیغمبرؐ خدا کے اعزا مین داخل ہین پس اونسے اوسیطرح پیش آنا چاہیئے۔ لہذا ہر ایک مجاہد نے اون اسیرون کو جلد رہا کردیا جنکو اوس لڑائی مین گرفتار کیا تھا۔ اور قریب سو آدمیون کے سب عیال و اطفال جب رہا کردیے گئے تو اونہون نے دعاے خیر دی کہ خدا جویریہ کے عقد کو پیغمبرؐ خدا کے ساتھ مسعود و مبارک کرے[2]۔ مجاہدین مین سے ایک صاحب نے جنگ خیبر مین ایک یہودیہ صفیہ نامی کو بھی گرفتار کرلیا تھا۔ اوسکو بھی آنحضرتؐ نے اپنی جود و کرم کو کام فرما کر رہا کردیا اور خود

[1] تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۵۱۱ ملاحظہ ہو۔ اس عقد پر مشرکین قریش نے بڑا غل مچایا۔ حالانکہ خود اونکا یہ حال تھا کہ اپنی لڑکیون اور خویش لڑکیون سے شادی کرلیتے تھے مگر آنحضرتؐ نے جو اپنے پسر لیب کی مذہبہ مطلقہ سے نکاح کرلیا تو اونکو زعم ناقص مین گناہ کبیرہ کیا۔ بعض آیات قرآن مجید اسی غرض سے نازل ہوئی کہ یہ ظن فاسد لوگون کا دفع ہوجائے کہ بیٹے سے وہ قرابت پیدا ہوجاتی ہی جو شرکت نسب سے ہوتی ہے۔ ان آیات سے یہ رسم بت پرستون کا دفع ہوگیا کہ اگر کوئی مذہبہ یا شوہر دادہ مرد جسکو کسی عورت نے عقد کرانا منظور ہوا وسکو ان یا بن یا باپ یا بھائی کہہ بیٹھے تو وہ عورت اوس مرد پر اور وہ مرد اوس عورت پر حرام ہوجاتا تھا

[2] جب یہ خبر لشکر کی مرد اور عورت سب کی زبان پر ہوئی تو ۱۲ لشکر ۵۲ ہجری مین شام صفحہ ۱۰۱ ملاحظہ ہو

اوسکی خواہش سے اور اوسکی رضا اور رغبت سے اوسکے ساتھ نکاح کرکے اوسکو شرف زوجیت بخشا
معمولی جنسے آپ نے مکہ مین عقد کیا تھا آپ کی عمر پچیس اور پچاس برس سے زیادہ
اونکا سن ہو چکا تھا - اونکا نکاح جو آپ کے ساتھ ہوا تو ایک فائدہ تو اوس سے یہ ہوا کہ ایک
غریب رشتہ دار کی گذران کی صورت نکل آئی - دوسرا فائدہ یہ ہوا کہ وہ مشہور و معروف
شخص اسلام کے شریک ہو گئے یعنے عبداللہ ابن عباس اور خالد ابن ولید جو احد کی یادگار
لڑائی مین سواران قریش کا سردار تھا اور جسنے بعد ازان رومیون کو شکست دی -
پس آنحضرتؐ نے جو نکاح کیے تھے اونکی یہ حقیقت ہے شاید بعض عقد آپ نے اولاد
ذکور کی خواہش سے کئے ہون کیونکہ آپ خدا نہ تھے پس بمقتضی بشریت آپ کو فرزند نرینہ
کی آرزو ہوئی ہوگی - اور دشمنون نے براہ عداوت جو ایک طعن آمیز لقب آپ کا رکھا تھا
اوس سے بھی آپ نے بچنا[1] چاہا ہوگا - لکن واقعات کو بحیثیت کلی دیکھنے سے معلوم
ہوتا ہے کہ ان نکاحون سے عمدہ نتائج پیدا ہوے یعنے انھین کے بدولت قبائل عرب
مین باہمی جنگ و جدل موقوف ہوا اور گونہ موافقت اور اتحاد پیدا ہوا -
مشرکین عرب مین اخذ ثار کا رسم جاری تھا - اور خانگی لڑائیون مین قبائل عرب
تباہ و برباد ہوئی جاتے تھے - کوئی قبیلہ ایسا نہ تھا جسمین لڑائی جھگڑا نہ رہتا ہو اور مرد
مقتول نہوتے ہون اور عورتین اور بچے لونڈیان اور غلام نہ بنا ڈالے جاتے ہون
حضرت موسیٰؑ کی امت مین بھی اخذ ثار کا دستور جاری تھا (سب قومون مین بعض

[1] آنحضرت کے دشمنون نے بڑی شقاوت سے آپ کو ابتر یعنے دم بریدہ کا خطاب اوسوقت دیا تھا جب آپ کے صاحبزادہ
ابراہیم نے انتقال کیا تھا - جیسا اس امانہ مین ہنود کا اعتقاد ہے ویسا ہی اوس زمانہ مین عرب اولاد ذکور کو نعمت عظمیٰ اور عنایت
خدا سمجھتے تھے اور جو شخص اپنی مرنے کے بعد کوئی بیٹا نہ چھوڑ جاتا تھا وہ بڑا بدنصیب کہلاتا تھا - اسی وجہ سے مشرکین عرب نے آپ کا ایسا
مکروہ نام رکھا جسکا ذکر سورہ کاالکوثر مین کیا ہے اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ اور اسی وجہ سے مشرکین عرب اپنی لڑکیون کو زندہ

ولادالزنا کو سماج انسانی مین قبولیت ۱۲ - شرافت

مدارج تہذیب نفس و تکمیل عقل مین یہ رسم ہوتا ہی) مگر جب حضرت موسیٰ سے اسکا انسداد نہو سکا تو اونہون نے معابد کو مامن و مادی قرار دیکر اس رسم کو جائز رکھا آنحضرت اس خرابی کے انسداد کی تدبیر اوس سے بہتر سوچے کہ مختلف خاندانون اور زبردست قبائل عرب مین باہم قرابتین کرکے اور خود اپنے ساتھ تزویج کرکے اونمین موافقت و الفت پیدا کی - اور آخر زمانہ مین جبل العرفات پر تشریف لیجاکر ارشاد فرمایا کہ "اسوقت سے سب خانگی لڑائیان موقوف کردی جائین" آنحضرت کے دشمنون نے بے ایمانی اور بغض و عداوت سے اون اسباب و اغراض کو بگاڑ کر بیان کیا ہی جنکو بڑے بڑے انبیاء و اولیاء اور مقدسین و ابرار نے زمانۂ سلف مین جائز قرار دیکر تعدد ازواج کی رسم کو جاری کیا تھا اور وہی اسباب و اغراض آنحضرت کو بھی اس فعل کا داعی ہوے تھے جس سے غریب و نادار بیوہ زنون کو جو کوئی ذریعۂ معاش نہ رکھتی تھین رزق میسر ہوا - آنحضرت نے اونکو اپنے حرم محترم مین داخل کرکے اونکی پرورش اور دستگیری کی کہ اوس زمانہ اور اوس قوم کے حالات کے موافق صرف یہی طریقہ اون بیچارون کی پرورش کا تھا -

یورپ کے لوگ تعدد ازواج کو فی نفسہ ایک فعل قبیح سمجھتے ہین اور اوسکو صرف قانوناً ناجائز نہین جانتے ہین بلکہ عیاشی اور فسق و فجور کا نتیجہ سمجھتے ہین - وہ لوگ یہ بھول گئے ہین کہ ایسے سب رسوم و دستورات مقتضیٰ زمانہ اور ضرورت وقت سے پیدا ہوتے ہین - اور یہ بھی اونکو یاد نہین رہا ہی کہ بڑے بڑے انبیاء بنی اسرائیل اور بزرگان عبرانی جنکو سب اہل کتاب جو سام ابن نوح کی اولاد سے ہین خیر محض اور تقدس مجسم سمجھتے ہین تعدد ازواج کو اوس حد تک عمل مین لائے تھے جو اس زمانہ کے خیالات کے موافق غایت درجہ کی شرعی عیاشی کہی جاسکتی ہے - اون بزرگوارون کی اس فعل سے شاید ہم درگذر نہین کرسکتے ہین گو قدیم روایات نے اونکو کیسا ہی مقدس و متبرک کردیا ہو

مگر رسول عربی کے مقدمہ مین تو ان افعال کی تاریخی حقیقت اور مصلحت کو ذہن نشین رکھنا لازم بلکہ الزام ہے - غالبًا یہ کہا جاے گا کہ آنحضرتؐ کو یہ نہ چاہیئے تھا کہ کسی ضرورت سے خواہ وہ کیسی ہی شدید ہو تعدد ازواج کی رسم قبیح کو خود عمل مین لاکے یا اسکو مباح کردیتے اور اگر حضرت عیسیٰ نے اس سے کچھ تعرض نہ کیا تھا تو آپ کو اسکی ممانعت قطعی کردینا اور اسکو حرام مطلق قرار دینا لازم تھا - مگر ہم کہتے ہین کہ بعض اور رسوم کیطرح یہ رسم بھی قبیح محض و مطلق نہین ہے قبیح ایک نسبتی لفظ ہے - ممکن ہے کہ کوئی فعل یا دستور ابتدائی زمانہ مین اصناف و افراد بشر کے اخلاقی خیالات کے بالکل موافق رہا ہو مگر ترقی خیالات اور انقلابات زمانہ کی وجہ سے اوس فعل یا دستور کا نتیجہ کسی قوم کے لیئے خراب نکلے اور رفتہ رفتہ حاکم وقت اوسکو قانونًا ناجائز کردے انسان کے خیالات کا ترقی پذیر ہونا ایک بدیہی امر ہے مگر سطحی خیالات کے لوگ جو دقیق النظر نہین ہین اس امر سے چشم پوشی کرتے ہین کہ جب خیالات مین ترقی ہوتی ہے تو رسوم و دستورات کا حسن و قبح زمانہ کے حالات پر موقوف ہوتا ہے اور اسپر مبنی ہوتا ہے کہ مصالح وقت کے موافق وہ ممدوح ہین یا مذموم -

طلاق کے مقدمہ مین بھی بڑی غلط فہمی اور مباحثہ و مطارحہ ہوا ہے -

خدا معلوم کتنی عرصہ سے طلاق کا حق دنیا کی سب قومون مین قانونًا نکاح کو لازم چلا آیا ہے - مگر باستثناء چند صورتون کے یہ حق مرد کے فائدہ کے لیے مخصوص رکھا گیا تھا - چنانچہ یہود کو شریعت موسوی نے طلاق کا حق بخشا تھا اور یہ حق نہ صرف اوسوقت عمل مین لایا جاتا تھا جبکہ زوجہ اپنے شوہر سے بیوفائی کرکے ہم بستری مین خیانت کرتی تھی بلکہ جب شوہر زوجہ سے کسی وجہ سے ناراض ہوتا تو اوسکو طلاق دیدیتا تھا - مگر عورتون کو اسکی اجازت نہ تھی کہ کسی وجہ سے اپنے شوہرون سے طلاق

طلب کرین[۱]۔ رومیون مین زمانہ قدیم سے طلاق مشروع و مباح چلا آتا تھا۔ اور قوانین الواح دوازدہ گانہ کے بموجب بھی طلاق جایز تھا۔ اگر رومۃ الکبری یعنے روم قدیم کی بنا کی پانچ سو برس بعد تک رومی قانون طلاق کو عمل مین نہین لائے جیسا اونکے مداحون نے بیان کیا ہے تو اسکی وجہ یہ نہین ہوئی کہ رومی اور قومون سے زیادہ نیک نہاد اور مجستہ اطوار تھے بلکہ یہ سبب ہوا کہ شوہر کو اختیار تھا کہ جب وجہ سے کوئی ایسی حرکت صادر ہو جیسے زہر خوانی یا شراب خواری یا کسی اور کبیرہ کو جھوٹ موٹ اپنا بچہ بنا لینا تو شوہر اوسکو فوراً مار ڈال سکتا تھا۔ مگر زوجہ کو طلاق چاہنے کا کوئی حق حاصل نہ تھا اور اگر وہ طلاق کی خواہان ہوتی تھی تو اس بیباکی پر سخت سزا ہوتی تھی۔ اور روم کی سلطنت جمہوری کے آخر زمانہ مین طلاق کا بکثرت وقوع[۲] مین آنا اخلاق عامہ کے خراب ہو جانے کی دلیل بھی تھا اور سبب بھی تھا اور نتیجہ بھی تھا۔

اس جواز طلاق کی بحث مین ہمنے زمانہ قدیم کی دو قومون[۳] کو منتخب کر لیا ہے جو سب سے زیادہ معزز و ممتاز تھین اور جنکے طرز تحلیل کا نہایت قوی اثر اس زمانہ کے خیالات اور عادات و اطوار پر ہوا ہے۔ رومیون کے قوانین طلاق سے اونکے خیالات مین ترقی ظاہر ہوتی ہے یعنی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اونکی نظر عورتون کی اصلاح حال پر تھی اور یہ چاہتے تھے کہ عورتون کو اتنا عروج دین کہ مردون کے ہمپایہ ہو جائین۔ یہ اسکا نتیجہ تھا کہ انسان کے خیالات مین ترقی ہوئی تھی اور شاید کوئی سبب خارجی بھی اسکا ہوا ہو۔

---

[۱] توریت کتاب الخروج باب ۲۱۔ اور کتاب الاحکام باب ۲۱۔ آیت ۱۴۔ اور باب ۲۴۔ آیت ۱۔ اور ڈالمبر صاحب کی تاریخ یہود و مشرکین جلد ۱۔ صفحہ ۳۳۹ و ۳۴۰۔ اور سلڈن صاحب کا رسالہ تزویج ملحقہ ہوا ۱۲۔ [۲] یہ قوانین قدیم رومیون نے بنا کر بارہ تختیون پر کندہ کیے تھے اسلیے یہ تاریخ مین قوانین الواح دوازدہ گانہ کے لقب سے مشہور ہین ۱۲۔ [۳] ڈالمبر صاحب کی تاریخ یہود و مشرکین جلد ۱۔ صفحہ ۵۵۵۔ ملحقہ ہوا ۱۲۔ [۴] یہ قول شیپ ہلین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱۔ صفحہ ۳۰۷ سے

موافق کیا ہے اور جسمین سلڈن صاحب کے اس قول کی تصدیق نہین ہوتی کہ طلاق فقط ایک فعل قبیح ہے اور عرف عام مین مستحسن۔

اب حضرت مسیح کے احکام طلاق کو ملاحظہ کیجئے تو ایک جلیل القدر مؤرخ[1] کا قول ہے کہ "حضرت عیسیٰ نے طلاق کے باب مین ایسے مبہم و متشابہ کلمات فرمائے ہین کہ تفنن کی عقل مین جو کچھ آئے ویسی تاویل اونمین کرسکتا ہے" یہ گمان ہوسکتا ہی کہ جب حضرت مسیح نے یہ کلمات فرمائے تھے کہ "جس چیز کو خدا نے وصل کیا ہی اوسمین بندہ کو فصل کرنا نہ چاہیئے" اوسوقت اونکو اور کسی بات کا خیال نہ تھا بجز اسکے کہ فسق و فجور کا دریا جوش مار رہا تھا اوسکو روکنا منظور تھا۔ حضرت عیسیٰ نے غور و تامل سے ان کلمات کے نتیجہ کو نہ سوچا تھا کہ آخر زمانہ مین انکا کیا انجام ہوگا۔ بعد ازان جو حضرت مسیح نے وہ قاعدہ مقرر کردیا جس سے جواز طلاق فقط ثبوت زنا پر موقوف منحصر ہوگیا اوس سے بخوبی ثابت ہوتا ہی کہ حضرت عیسیٰ طلاق کی ضرورت کے قائل تھے۔ مگر جو متفنین اونکے بعد گذرے اونکی عقل اسکی مقتضی نہین ہوئی کہ ایسے قاعدہ کی جاہلانہ پابندی کرین جو زبانی کہدیا گیا تھا اور جو اوس قوم کے مناسب حال تھا جو گویا ہنوز رحم مادر مین ایک نطفہ کی حالت مین تھے۔ اس قاعدہ کو صرف اتنا سمجھ سکتے تھے کہ ایک عمدہ خیال اس سے ظاہر ہوتا ہی مگر یہ دعوی کرنا کہ اس قاعدہ کو اصل قانون طلاق سمجھنا چاہیئے اسکے بطلان کو صرف یہی امر کافی ہے کہ عیسائی ملکون مین صدہا قوانین طلاق ہر زمانہ جاری ہوا کیے ہین۔ آنحضرتؐ طلاق کے مفہوم ذہنی کو بہت ناپسند فرماتے تھے اور اوسکے وجود خارجی یعنے عمل کو قالع بنیان تمدن جانتے تھے مگر با این ہمہ ایک حکیمانہ قانون طلاق منضبط کرکے آپ نے اون ضرورتون کا تدارک کامل فرمادیا جو تمام اوقات مین اور سب خاندانون مین اوسوقت تک ضرور پیش آئین گے جبتک کہ انسان جامہ بشریت پہنے رہیگا مولوی سید احمد خان صاحب اس بحث مین فرماتے ہین کہ "ہمارے پیغمبر نے طلاق کی قید

[1] گبن صاحب کی تاریخ زوال سلطنت رومۃ الکبریٰ جلد ۴ صفحہ ۲۰۹ ۔ ملاحظہ ہو ۱۲ ۔ مؤلف

نہین گھٹائی۔ آپؐ اپنے اصحاب سے ہمیشہ فرمایا کیے کہ طلاق بہترین فوائد تمدن کے منافی ہے اور اس سے یہ یہ خرابیان پیدا ہوتی ہین اور اونکو ہمیشہ ترغیب و تحریص فرمایا کیے کہ عورتون کی عزت اور اونپر شفقت کیا کرو۔ باوجودیکہ آنحضرت کو طلاق سے دلی نفرت تھی تاہم آپؐ نے اوسکو وہ عظمت و وقعت بخشی جسکا وہ عقلاً مستحق و سزاوار تھا اور طلاق کی اجازت اون حالات مین دی جن حالات مین طلاق بیشک ایک نعمت عظمیٰ ہوجاتا ہے اور طلاق سے زن و شوہر کے باہمی رنجش اور خانگی افکار و ترددات یا بالکل رفع ہوجاتے ہین یا بہت کم ہوجاتے ہین اور اگر طلاق نہ دیا جاے تو سوسایٹی کا نقصان اوس سے بھی زیادہ ہو جتنا اب ہوتا ہے۔ ایسی صورتون مین طلاق سوسایٹی یعنے تمدن کو مضر ہرگز نہین ہے بلکہ ایک نعمت ہے اور ایک موثر ذریعہ سوسایٹی (تمدن) کے اصلاح حال کا ہے۔ آنحضرتؐ نے صرف اتنی اجازت ہی نہین دیدی کہ بعض حالات مین طلاق دینا جایز ہے بلکہ طالق اور مطلقہ کے لیے تین زمانے مقرر کر دیے کہ ان زمانون مین مصالحہ کی کوشش کرکے مراسم زوجیت کی تجدید و اعادہ کرین۔ لیکن اگر کوئی کوشش مصالحہ کی کارگر نہ ہو تو تیسرے زمانہ کا انتظار کیا جاے جسمین تکمیل طلاق ہو کر شوہر و زوجہ مین جدائی ہوگی۔"

ایم سیڈلاٹ صاحب مورخ فرانسیسی جنسے زیادہ کسی مورخ یورپ نے قوانین اسلام مین تحقیق نہین کی ہے طلاق کی بحث مین لکھتے ہین کہ۔ وہ طلاق کی

لہ اس تقریر کی تطبیق اون احادیث پر کرنی چاہیے جو معاذ ابن جبل سے مروی ہین۔ انمین سے ایک حدیث مین آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ "خدا نے کوئی چیز دنیا مین ایسی نہین پیدا کی ہے جسکو وہ غلام آزاد کرنے سے زیادہ دوست رکھتا ہے۔ اور نہ کوئی چیز ایسی پیدا کی ہے جسکو وہ طلاق سے زیادہ ناپسند کرتا ہے" (مشکات صحیح بخاری) ایسی ہی احادیث شیعون کی کتاب بحار الانوار مین بھی لکھے ہین جنسے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرتؐ کو طلاق مطلق سے نفرت کلی تھی ۱۲ مؤلف

لہ حدیث مین وارد ہوا ہے کہ ایک صحابی نے اپنی زوجہ کو تین مرتبہ طلقتک متواتر کہکر طلاق دیدیا اور ہر مرتبہ صیغہ طلاق مین بت شرعیہ کا انتظار کیا

جب یہ بیان آنحضرتؐ کو معلوم ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرے اصحاب مین ایسا کون ہے جو کتاب اللہ کا مذاق اڑاتا ہے

اجازت دیگئی مگر ایسی قیود لگادیے گئی جنسے اوس طلاق کا فسخ ہونا جائز ہوگیا جو جلدی
مین بے سمجھے بوجھے دیدیا گیا ہو۔ طلاق کی تکمیل اور لائق تنفیذ ہونا اسپر موقوف تھا کہ
ایک ایک مہینہ کے فاصلہ سے تین مرتبہ صیغۂ طلاق پڑہا جاے یا اعلان طلاق کیا جاے[۱]
زوجہ اسکی یہی سمجھتی تھی کہ شوہر کے ظلم و جور اور مناسب نفقہ نہ دینے سے اور اور اسباب سے
بھی طلاق طلب کرسکے۔ خلع ایسا کہتے ہین مگر ایسی حالت مین زوجہ کا مہر ساقط ہوجاتا[۲]
اور فقیکہ وہ نہایت عمدہ اور قوی وجوہ خلع چاہنے کی پیش کرے۔ بہرکیف جب طلاق کا
طالب شوہر ہوتا تھا تو (سوائے اون صورتون کے جنمین زوجہ علانیہ بدوضعی کرے) شوہر کو
ہر ایک چیز زوجہ کو دیدینی پڑتی تھی جو نکاح کے وقت اوسکے لیے معین کردی گئی تھی۔

طلاق کے باب مین قرآن مجید مین متواتر تنبیہ و تحذیر ہونا اور باہمی نا اتفاقی کو مصالحہ
کرکے رفع کرنے کی تاکید شدید ہونا اسکی دلیل ہے کہ شارع اسلام عقد نکاح کو نہایت متقدس
مبرک چیز سمجھتے تھے۔ چنانچہ آیات ذیل ملاحظہ ہون وان امرأۃ خافت من بعلھا
نشوزا او اعراضا فلا جناح علیھما ان یصلحا بینھما صلحا والصلح خیر واحضرت
الانفس الشح وان تحسنوا وتتقوا فان اللہ کان بما تعملون خبیرا ولن تستطیعوا ان تعدلوا بین النساء ولو حرصتم
فلا تمیلوا کل المیل فتذروھا کالمعلقۃ وان تصلحوا وتتقوا فان اللہ کان غفورا رحیما اگر کوئی عورت اپنے شوہر کی

[۱] للذین یؤلون من نسائھم تربص اربعۃ اشھر فان فاؤا فان اللہ غفور رحیم وان عزموا الطلاق
فان اللہ سمیع علیم والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلثۃ قروء ولا یحل لھن ان یکتمن ما خلق اللہ فی
ارحامھن ان کن یؤمن باللہ والیوم الاخر وبعولتھن احق بردھن فی ذلک ان ارادوا اصلاحا ولھن مثل
الذی علیھن بالمعروف وللرجال علیھن درجۃ واللہ عزیز حکیم سورہ بقر آیت ۲۲۶-۲۲۷-۲۲۹-۲۳۰-۱۲- [۲] مؤلف [۳] سید لارڈ صاحب کی
تاریخ عرب صفحہ ۱۰۰ اور حاشیہ متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲- [۴] مؤلف ہدایہ اور مبسوط مین کتاب الطلاق ملاحظہ ہو
سبل حسنا ہی ترجمہ قرآن مجید مین اہل سنت کے مسائل طلاق خوب بیان کیے ہین ۱۲- [۵] مؤلف اسلام مین جو احکام طلاق کے ہیں

بدسلوکی یا الفرت کا خوف رکھتی ہو تو زوجین مواخذہ دار نہ ہونگی اگر وہ مصالحہ کرکے باہم راضی ہوجائینگی اسواسطے کہ مصالحہ کرلینا سب سے بہتر بات ہی۔ انسان کے نفس پر حرص غالب رہتی ہی۔ لکن اگر تم مہربانی کروگے اور تقوی کروگے تو تحقیق کہ خدا خوب جانتا ہی تمہارے افعال کو۔ اور تم اسے ازواج سے برابر پیش آنے پر قادر نہوگے گو تم ایسا کرنا چاہو لکن اپنی خواہشوں کی کبھی اتنے مرید نہو کہ تمہاری زوجہ حیران و پریشان ہوجائے۔ اور اگر تم صلح کروگے اور تقوی کروگے تو تحقیق کہ خدا رحمن و رحیم ہے ۱۲ اور اس سے پیشتر کی آیت مین فرمایا ہے[۱] وان خفتم شقاق بینھما فابعثوا حکما من اھلہ وحکما من اھلھا ان یریدا اصلاحا یوفق اللہ بینھما ان اللہ کان علیما خبیرا

پس شرع اسلام مین احکام طلاق ایسے ہین۔ ہماری راے مین یہ احکام مکمل و مختتم بھی ہین اور نتائج کے اعتبار سے موافق عقل سلیم بھی ہین۔ یہ بھی کہا گیا ہی کہ آنحضرت نے اپنی امت کو علاوہ چار نکاحون کے اجازت دی ہی کہ جتنی لونڈیان چاہو کرو۔ اس بارے مین جو حکم شرع ہے اوسکو مختصر بیان کرنے سے معلوم ہوجائیگا کہ یہ قول سچے احکام شرع کے کسقدر خلاف ہی۔ اس باب مین حکم شرع یہ ہی کہ جو شخص تم مین سے اتنا مقدور نہ رکھتا ہو کہ ایک آزاد مسلمہ سے عقد کرسکے تو اوسکو چاہیے کہ اون لونڈیون سے نکاح کرے جنکو جہاد مین گرفتار کیا ہو۔ اسکی اجازت اوس شخص کو دیجاتی ہی جو ارتکاب معصیت کا اندیشہ رکھتا ہو۔ لکن اگر تم پرہیز کرو تو تمہارے حق مین بہتر ہوگا ۱۲

---

[۱] یہ ایک اور دلیل اون مسلمانون کے خلاف ہی جو کہتے ہین کہ شرع اسلام مین تعدد ازدواج مباح ہی اسواسطے کہ جب شارع نے سبا ازواج سے سن جمیع الوجوہ برابر برتاؤ کرنے کو شوہر پر فرض عین کردیا ہی اور یہ بھی فرمادیا ہی کہ ایسا عدل کرنا انسان کے امکان سے باہر ہے تو اس سے صاف یہ نتیجہ نکلتا ہی کہ شارع اسلام کا منشا یہ تھا کہ اول اصول اعلی اصول کے ساتھ مخلوط ہوجائے اور تعدد ازدواج کا رسم بالکل موقوف ہوجائے کیونکہ بعض حالات تمدن مین یہ رسم ضروری تھا مگر آخر زمانہ مین جو عقل اور اخلاق مین ترقی ہوئی اوسکی اسرار خلاف ہی ۱۲ مؤلف [۲] قرآن مجید سورۃ النساء آیات ۲۴ و ۱۲۹ و ۱۳۰ ۱۲ مؤلف [۳] اتنی سے ضعیف بنیاد پر اور شاید کچھ اور اتفاقی امور پر ہی جو آغاز ترقی اسلام مین واقع ہوئی تھی ہمارے فقہاء نے

عورتون کی عام حالت کی نسبت لکھا جاتا ہی کہ اسلام نے جو اصلاح اونکے حال مین کی ہی
اس بات کی دلیل کافی ووافی ہی کہ اس دین سے بہتر اور نافع تر کوئی مذہب دنیا مین
نہین ہی - سابق مین ہم عرض کر چکے ہین کہ زمانہ سلف مین عورتون کی حیثیت مختلف
قومون مین کیا تھی - اب ہم یہ تحقیق کرتے ہین کہ یہود و نصاریٰ مین عورتون کی کیا کیفیت تھی
پس واضح ہو کہ یہود مین نا منکحہ عورتون کا یہ حال تھا کہ اپنے باپ کے گھر مین
لونڈیون کیطرح[۵۱] رہتی تھین اور جبتک نابالغ رہتی تھین اونکے باپ کو اونکے بیچڈالنے کا
اختیار ہوتا تھا اور بھائیون کو اختیار ہوتا تھا کہ جو چاہین اپنی بہن کے ساتھ سلوک کرین
اور سوائے کسی خاص صورت کے بیٹی کو کچھ ترکہ باپ کا نہ ملتا[۵۲] تھا - جب زمانۂ جاہلیت مین
یعنے اوس زمانہ مین جو ہابین زوال سلطنت رومۃ الکبریٰ اور حدوث نظام جدید تمدن
منقضے ہوا ممالک یورپ مین دین مسیحی کی برکت سے خانقاہین جاری ہوئین تو اونسے
کچھ اصلاح عورتون کے حال مین ہوئی - مگر خانقاہون مین بند کرکے عورتون کی
اصلاح حال کرنا صرف اوس زمانہ کے لیے موزون و مناسب تھا جس زمانہ مین لوٹ مار اور
جھوٹ اور ظلم و جور اور شہوت پرستی اور زبردستی ہوتی تھی اور دن دہاڑے عورتون
کو بھگا بھگا لیجاتے تھے اور فسق و فجور اس شدت اور اس کثرت سے ہوتا تھا جیسا شاہ
چارلس دوم کے عہد مین انگلستان مین اور شاہ لوس کو ترہ کے عہد مین فرانسیس مین
ہوتا تھا[۵۳] - الغرض اوس زمانہ مین عورتین بہت ذلیل و حقیر سمجھی جاتی تھین علی الخصوص
وضع قوانین مین اونکا کچھ لحاظ نہ کیا جاتا تھا - دین مسیحی نے عورتون کو
ملعون و مطعون کر دیا تھا - قدماے علماے مسیحی نے عورتون کی شقاوتین اور اونکی
برائیان اور اونکی کینہ پروری اور کینہ جوئی پر بہت کچھ لکھا تھا - چنانچہ ٹرٹلین[۵۴] نے

[۵۱] توریت سفر الاعداد باب ۳۰ آیت ۱۶ - ملاحظہ ہو ۱۲ - [۵۲] ڈاکٹر صاحب کی تاریخ یہود و نصاریٰ جلد ۲ صفحہ ۲۴۱ ملاحظہ ہو

ایک رسالہ قبائح نسوان مین تصنیف کیا تھا اور کرائیسٹم نے جسکو عیسائی لوگ ولی سمجھتے ہین بقول لیکی صاحب مورخ کے "متقدمین علمائے نصاریٰ کی رائے عموماً بیان کردی ہے کہ عورت ایک ایسی بلا ہے جس سے گریز ممکن نہین ہی اور ایک قدرتی مرغوبی اور ایک مرغوب آفت اور ایک خانگی فتنہ اور ایک مہلک سحر اور ایک رنگین بلا ہی" سبحان اللہ - یہ کلمات عورت کی شان مین ایک عیسائی ولی نے اوس زمانہ مین فرمائے ہین جبکہ مادر حضرت مسیح کی عبادت فرائض دینی مین داخل سمجھے جاتی تھے -

شارع اسلام نے عورتون کی عزت کرنے کا حکم قطعی فرمایا ہی - اور اسلام نے اونکو مواجب وحقوق بخشی اور اونکو مردون کا ہمپایہ کردیا مگر دہانتک جہانتک جسمانی ممیزات عورت اور مرد مین ہین - عورتون کے باب مین غیرت وحمیت اسلام ہی نے دنیا کو سکھائی ہے - اندلس کے عرب عورتون کی کیسی عزت اور اطاعت کرتے تھے اور ممالک مغربی مین حضرت علی ؓ اور اونکے صاحبزادون نے کیسی عالی ہمتی ظاہر فرمائی جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ حرست[1] نسوان کا ایک غیر مکتوب قانون مسلمانون مین علیحدہ مقرر ہوگیا - الکسنر صاحب مورخ جرمنی کا قول ہے کہ "غیرت وحمیت کا موجد انتر ہوا - حضرت علی ؓ کی شجاعت - ہمت - مروت - جود وسخا - علم وفضل - کریم النفسی - غیرت وحمیت پاک طینتی تمام عالم مین ضرب المثل ہے - اونکا نفس جو مظہر اتم نفس رسول ؐ کا تھا تمام عالم کے مسلمانون پر سایہ افگن ہوا اور اوس نفس قدسی کا فیض ہر زمانہ مین جاری رہا وہ فتوحات صلیبی جنکے باعث سے یورپ کی وحشی قومون کو ایشیا کے ممالک اسلامیہ مین اسلام کی تہذیب وشائستگی سے قرب واتصال حاصل ہوا اور اہل اسلام کی سوکت

[1] حاجی برٹن صاحب کا یہ قول ملاحظہ کیجیے "اگر عورت درمیان امتیاز تمام عالم مین سب سے اعلیٰ درجہ کی مہذب قرون مین شایع ہوئی تو اسکا زمین عشق کی اصل اوس اثر کو قرار دیتا جو عرب کے اشعار اور عرب کی محبت نسوان اہل یورپ کے خیالات پر کیا تھا

مرقومہ اوپر کے حاشیہ کی سطر کا بقیہ - حاجی برٹن صاحب کا یہ مضمون جو انگلو الدیہ صفحہ ۲۲۰ - ۲۲۱ کے حوالہ سے مرقوم ہوا ہے اسکی سند کا حوالہ ہم نے نہین دیا ہے

وجبروت اور لطافت و نفاست دیکھکر اون وحشیون کی آنکھین کھل گئین علی الخصوص وہ تاثیرات جو مسلمانان اندلس کی صحبت سے قرب وجوار کے عیسائی ممالک پر ہوئین وہی اسکا باعث ہوئین کہ یورپ مین عورتون کے باب مین غیرت وحمیت پیدا ہوئی۔ فرانسیس کے بڑے نامی وگرامی شاعر جنکی عاشقانہ غزلین اور ولولہ انگیز گیت رجز کے طور پر لڑائیون مین گائے جاتے تھے قرطبہ[1] اور غرناطہ اور ملاغہ کے شعرائے اسلام کے شاگرد تھے بلکہ پیٹرارک اور بوکیسیو شعرائے اطالیہ نے اور ٹاسو شاعر جرمنی نے اور چاسر ابو الشعرائے انگلستان نے بھی شعرائے اسلام کے زلہ خواری اور خوشہ چینی کی ہے۔ مگر یورپ کی وحشی قومون کی درشت عادات اور وحشیانہ خیالات کی وجہ سے اہل یورپ کی غیرت وحمیت مین بھی ایک نوع کی خیانت آگئی[2]

[1] یہ تینون شہر ملک اسپین یعنے اندلس مین مدتہائے مدید تک یورپ کی دار العلوم اور خلفائے بنی امیہ کی تخت حکومت رہے ہین اور بڑے بڑے جلیل القدر حکما و علما و شعرائے اسلام یہان گذرے ہین جنکا فیض تمام ممالک عیسائی مین پہونچا اور جو اکثر اون علوم کے موجد ہوئے جو علوم جدیدہ کی اصل و ماخذ ہین۔ شہر قرطبہ مین ایک قدیم عمارت اسلامیہ الحمیر زمانی کے آثار و علامات ابتک باقی ہین ۱۲ مترجم

[2] عورتون کے مواجب حقوق کے باب مین جو احکام شرع ہین اونکو مجالس الابرار مین دیکھیے ۱۲ مؤلف

حواشی متعلقہ باب ۱۴

حاشیہ ۱

شاید اس کتاب کے ناظرین انگریز اس بات سے واقف ہون کہ ہندوستان مین علی الخصوص ممالک مغرب و شمالی مین تعدد ازواج مسلمانون مین النادر کالعدم کا حکم رکھتا ہے۔ سو مسلمانون مین سے بچانوے ایکسو ہی زوجہ پر حصر کرتے ہین۔ رائے جمہور عموماً دوسری زوجہ کرنے کی مانع ہوتی ہے۔ اور جو لوگ اپنی بخشون کی رائے کے اس باب مین کچھ وقعت نہین کرتے اونکو یہ خیال کہ ایک دوسرے گھر کا مار اور ٹھانا پڑیگا زوجہ ثانیہ کرنے سے مانع ہوتا ہے۔ جس عورت سے نکاح کرنا منظور ہوتا ہے اور اسکے اعزا پر تاثیر نہایت موثر کرتے ہین کہ دولہا سے پہلے ہی یہ عہد لے لیتے ہین کہ اور کسی عورت سے کبھی عقد نہ کریگا۔ اور در صورت عہد شکنی کے وہ ایسا مبلغ خطیر دینے کا اقرار کرتا ہے جو اوسکے مقدور سے باہر ہوتا ہے۔ پس اسوجہ سے وہ دوسری بی بی ہرگز نہین کر سکتا۔

اشراف مسلمانان ہند کی بیبیون کو یورپ کی لیڈیون سے کہین زیادہ اختیارات حاصل ہوتے ہین۔ اسکی وجہ

بالکل اپنے شوہر کے قابو میں ہوتی ہیں اور اوسکی سب تملوک مزاجیوں کی اطاعت اوسکو کرنی پڑتی ہے مگر وہانتک جہانتک کہ بیوی شوہر کو حد اعتدال سے تجاوز کرنے دی اور زوجہ اپنے مال کی مالک نہیں ہوتی۔ مگر مسلمانان ہند میں زوجہ کو بہت کچھ فاعل مختار ہوتی ہے اور کوئی قانون انمیں ایسا نہیں ہے جس سے زوجہ کا مال بالعینہ شوہر کا مال ہوجائے یا اوسکے ساتھ ملجاوے ہوکر ایک جائداد واحد سمجھی جائے۔ الغرض مسلمانون میں زوجہ اپنے گھر کی مالک اور بادشاہ ہوتی ہے۔

حاشیہ ۲ متعلقہ باب ۱۴

انجیل اربعہ میں سے دو انجیلون میں تو اسکی کوئی وجہ نہیں لکھی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ نے اپنے اصحاب کو کیون یہ حکم دیا کہ وہ اپنی بیبیون کو علیحدہ کردین (جیسا متی کی انجیل باب ۱۰ آیت ۱۱ میں اور لوقا کی انجیل باب ۱۶ آیت ۱۸ میں لکھا ہے) اگر وہ احادیث جو ان دو انجیلون میں منقول ہیں اون روایات سے زیادہ معتبر سمجھے جائین جو متی کے انجیل میں مروی ہیں تو ہم یہ بحث کرتے ہیں کہ مسلمان حضرت عیسیٰؑ نے عمدہ عمدہ خیالات سکھائی اور اعلیٰ درجہ کے اصول اخلاق تعلیم کیے مگر ان الفاظ سے کہ وہ بی بیبیون کو دور کردین اوسکا مقصود یہ نہ تھا کہ اسنے کوئی ایسا قانون مستنبط کیا جاوے قطعی اور غیر متغیر ہو بلکہ اونکی غیرت یہ تھی کہ بیدینی اور فسق و فجور کا دریا جوش مار رہا ہے اور میں بسطح خفت ہو۔ سلڈن صاحب نے اپنے رسالہ تزیج میں لکھا ہے کہ حضرت عیسیٰ نے یہ گول گول جواب اسلیے دیا تھا کہ علمای یہود کو دو فرقے جو تھے جنکا نام شمعی اور جلیل تھا اونکو رنج نہو کہ ہمارے احکام کے خلاف اس شخص نے یہ حکم کیون دیا۔ گبن صاحب مورخ نے تاریخ زوال سلطنت روما الکبری میں کیا عمدہ حاشیہ لکھا ہے اس یونانی لفظ کے معنی پر لکھا ہے جسکا ترجمہ انگریزی میں زنا غیر محصنہ کیا گیا ہے وہ حاشیہ لائق ملاحظہ ہے ۱۲ مؤلف

حاشیہ ۳ متعلقہ باب ۱۴

ایم سیڈلاٹ صاحب مورخ فرانسیسی نے بھی اوس شرط طلاق کو بیان کیا ہے جو اہل سنت کے نزدیک ضرور ہے یعنے طلاق دینے کے بعد عورت مرد کو ہم بستر ہونا جائز نہیں ہے تاوقتیکہ عورت دوسرے مرد سے نکاح کرکے اوس سے دوسرا طلاق نہ لے یہ شرط بہت عمدہ ہے کہ اس طلاق کثرت وقوع میں آتا ہے سگر سیور صاحب نے اپنے تذکرہ پیغمبر اسلام (جلد ۲ صفحہ ۳۰۶) میں شارع اسلام پر طعن کیا ہے کہ ایسی شرط کیون مقرر کردی ہے سیور صاحب نے اس امر سے عمداً خواہ سہواً چشم پوشی کی ہے کہ عرب جیسی مغرور اور حاسد اور زود رنج قوم کے لیے ایسی شرط مقرر کردینا واجب تھا کہ یہ بھی ایک قید منجملہ اون قیود کے ہے جنسے زن و شوہر کا اختیار طلاق مقید و محدود ہوگیا ہے بلکہ جس عربی مثل کو صاحب موصوف نے نقل کیا ہے اوسی سے اونکو معلوم ہوجانا چاہیئے تھا کہ وہ شخص کیسا ذلیل و خوار ہوجاتا جو اپنی زوجہ پر ایسی مکروہ آزمایش کرتا تھا سمجھے اندیشہ ہے کہ سر ولیم سیور صاحب نے [illegible] عداوت سے یہ امر بھی فراموش کردیا ہے کہ اس شرط سے یہ مقصود تھا کہ اس سے بھی بدتر دستور جو یہود اور [illegible] میں جاری تھا کہ زوجہ کو فراز اسی بات میں اور بیہودہ نغمہ یا تلون مزاجی سے طلاق دیدیا کرتے تھے یہ دستور مقید و محدود ہوجائے۔ اس قید کی مصلحت یہ بھی تھی کہ عرب سے زیادہ کوئی قوم تلون مزاج اور غیرت دار روی زمین پر نہیں ہے جب اس قید سے اونکی آبرو میں ٹبہ لگیگا تو وہ خواہ مخواہ طلاق سے گریز پر ہیز کرینگے (سیل صاحب کا رسالہ جو قرآن مجید صفحہ ۱۳۲

ملاحظہ ہو) سر ولیم میور صاحب یہی بھول گئے ہین کہ علماے شیعہ کے نزدیک مطلقہ سے دوبارا نکاح کرنا بیچ میں
نہین ہے کہ وہ دوسرے شخص سے نکاح کر چکی ہو۔ (مالکم صاحب کی تواریخ فارس جلد ۲ صفحہ ۱۴۱ ۔ اور سر سید مرحوم
مین اس مسئلہ مین شیعون سے اتفاق رکھتا ہون کہ جس آیت مین یہ لکھا ہے کہ جو جب تم عورتون کو طلاق دو اور وہ
نکالدینے کا زمانہ آجاے تو یا انکو فیاضی سے اپنے پاس رہنے دو یا انکو فیاضی سے نکالدو اگر انکو چھوڑ دینا ہو تو
تاکہ اونپر ظلم ہو۔ اس آیت سے اسکے پیشتر کی آیت بالکل منسوخ ہوگئی ہے جسکے موجب مطلقہ کو ایک شخص
کرکے پھر اوس سے طلاق لینے کے بعد زوج اول سے دوبارا عقد کرنا جائز ہے۔ ۱۲۔ مؤلف

پندرھوان باب

بعض اعتبارات سے بردہ فروشی[1] بھی سب قومون مین جاری ہے مگر جب انسان کے
خیالات مین تہذیب و ترقی ہوئی یہ رسم بھی خود بخود دفع ہوگیا۔

تعدد ازواج کیطرح بردہ فروشی بھی اون حالات سے خود بخود پیدا ہوگئی ہے
جو تکمیل قوی نفسانی اور تکمیل قوی جسمانی کے بعد انسان کے نفس پر طاری ہوتے
ہین مگر برخلاف تعدد ازواج کے بردہ فروشی مین ابتدا سے ایک باطنی ظلم پنہان
چلی آتی ہے۔ بنی آدم کے وجود کی ابتدائی زمانہ مین جب عقل بشری افراد بشر کے
باہمی حقوق و فرائض کے ادراک سے قاصر تھی اوسوقت قوانین کو کل قوم کے فوائد
کے لحاظ سے نہ بناتے تھے۔ جب ضعفاء کے کل افعال اقویاء کے مرضی کے تابع اور
اوسی پر موقوف ہوا کرتے تھے اوس زمانہ مین وہ تفاوت تمدنی یا فرق جسمانی یا نفسانی جو
خالق عالم نے افراد یا اصناف بشر مین پیدا کردیا ہے ہمیشہ بندہ گری اور بردہ فروشی کے
پیرایہ مین ظاہر ہوتا تھا اور ایسا انتظام پیدا ہوجاتا تھا جس سے قوی ضعیف پر اور
اعلی ادنی پر حکومت مطلقہ حاصل کرلیتا تھا۔ جب ضعفاء اقویاء کی بالکل مطیع بیقدار
ہوگئے تو اقویاء اپنے خدام کی ہدایت کے لیے قوانین بنانے کی تکلیف سے محفوظ رہے اور اوس آفت سے بھی

[1] لفظ سلیوری جسکا ترجمہ بردہ فروشی کیا گیا ہے اور اسکے معنے انگریزی مین بندہ گری یعنی لونڈی غلام بنانا ہی ہے۔ اس کتاب مین

بچگے جو کسی اگلے زمانہ کے حکیم نے انسان کے سر ڈالی ہے کہ "اپنے عرق جبین سے نان جویں کھائیگا یہانتک کہ خاک کا پتلا پھر خاک میں ملجائیگا" جب اقوام کو کچھ محنت مزدوری پڑے تو اپنا سارا وقت فرصت اونہوں نے عیش و عشرت میں گذارا جیسا ایک مورخ جلیل الشان نے لکھا ہے کہ "بندہ گری کی بنیاد صرف اس امر کی خواہش ہے کہ دوسرے شخص کے قوی جسمانی کو کام میں لاکر خود آرام و آسائش کریں" یہ لونڈی غلام بنانیکا دستور ابتدا خلقت انسان سے چلا آتا ہے" پس بردہ فروشی کے دستور کو وجود انسان کا ہمعصر سمجھنا چاہیے تواریخ سے اس دستور کے آثار و علامات ہر قوم میں پائے جاتے ہیں جسکا حال صحیح صحیح معلوم ہوا ہے۔ یہ دستور سوسائٹی یعنے تمدن کی وحشیانہ حالت سے شروع ہوا تھا اور اوس زمانہ میں بھی یہ رسم جاری رہا جبکہ ترقی خیالات اور ترقی تہذیب و شائستگی سے اسکی کچھ ضرورت نہ باقی رہی تھی۔ زمانہ سلف میں یہود اور یونانی اور رومی اور جرمنی قوموں کی بردہ فروشی سب قوموں سے زیادہ مشہور و معروف تھی۔ ان سب قوموں میں لونڈی غلام بنالینے کا دستور جاری تھا مگر مدارج شدت مختلف تھی۔

جیسے قوم یہود پیدا ہوے اوسیوقت سے دو قسم کی بردہ فروشی اوس قوم میں جاری ہوئی جب کسی جرم کے مواخذہ میں یا کسی قرضہ کی علت میں غلام بناڈالا جاتا تھا تو اوسکی حیثیت غیر قوم کے غلام سے بہتر ہوتی تھی۔ شریعت موسوی کے موجب اسرائیلی غلام چھ برس غلامی کرنے کے بعد آزاد کردیا جاتا تھا الا اینکہ وہ خود اپنے اس حق سے متمتع نہو۔ مگر جب بنی اسرائیل بیرحمی سے جدال و قتال کرکے غیر قوموں کے لوگوں کو گرفتار کرلاتے تھے اور لونڈی غلام بناڈالتے تھے یا اونکو خرید لیتے تھے یا خرید لیتے تھے تو ایسی لونڈی غلام اس انتظام کے فوائد سے بالکل محروم رکھے جاتے تھے کیونکہ یہ انتظام نفاست و جنٹلمین داری سے اور غیر قوموں کے احترز کی خیال سے

لہ سرسید میں صاحب کا مجموعہ قوانین سلف صفحہ ۱۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲ کوئلف ۵۲ توریت خروج باب ۲۱ آیت ۲ و ۴۔ ملاحظہ ہو

کیا گیا تھا - ایسے لونڈی غلامون پر ہمیشہ بڑے بڑے جفائین ہوتی تھین اونسے کھیتی کرائی جاتی تھی یا گھر کا کام لیا جاتا تھا اور وہ نہایت ذلیل وحقیر سمجھے جاتے تھے اور اونکے ناخدا ترس آقا ہمیشہ اونسے بہت سخت مشقت لیا کرتے تھے -

حضرت عیسیٰؑ کے احکام جو عیسائیون کی روایات مین منقول ہین اونمین بہت کم عبارتین ایسی ہین جنسے بردہ فروشی کی کراہیت مفہوم ہوتی ہو - البتہ حضرت مسیح نے کچھ اس باب مین فرمایا ہے کہ غلامون کو اپنے آقاؤن کی نافرمانی نہ کرنی چاہیے اور اونکے مالکون کو اونکی حق رسانی کرنی چاہیئے بلکہ برخلاف اسکے ان عبارات سے یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ اور اونکے حواریین کا یہ منشا نہ تھا کہ بردہ فروشی کو انسانیت کے خلاف جانکر اوسکی ممانعت کردین -

قدیم رومیون مین بردہ فروشی کا دستور اتبدا سے چلا آتا تھا اور ہر قسم کے غلامون کو خواہ رومی ہون خواہ اور کسی قوم کے اور خواہ لڑائی مین گرفتار کرلیے گئے ہون اور خریدے گئے ہون اثاث البیت مین داخل سمجھتے تھے اور اونکے آقاؤن کو اونکے مار ڈالنے کا اختیار ہوتا تھا - مگر جب رومیون کے قوانین مین تدریجاً ترقی ہوتے ہوتے یہ نوبت پہونچی کہ قوانین الواح[1] دوازدہ گانہ متروک ہوگئے اور ہیڈرین[2] قیصر نے ایک وسیع اور عظیم مجموعہ قوانین بنایا اور غلامون کے حال مین کچھ اصلاح ہوئی - اور سزاے موت کا اختیار اور سنگین سزادن کا اختیار غلامون کے مالکون سے لیا گیا تاہم رومیون کی اصلاح یافتہ قانون کے بموجب بھی کوئی غلام اسکا مجاز نہ تھا کہ اپنے مالک یا مالکہ سے کوئی معاہدہ کرسکے -

پس قبل اسکے کہ حضرت عیسیٰؑ کے نصائح واحکام کی برکت سے دنیا مین سب بنی آدم سے برادرانہ سلوک کرنے کا مسئلہ جاری ہو مگر افسوس ہے اس مسئلہ عظیم کو اونکے حواریین کچھ خاک بھی نہ سمجھے سلطنت قاہرہ روتہ الکبریٰ کے آئین وقوانین متعلقہ بردہ فروشی کی تکمیل مقابلہ اوس سرسری

[1] یہ روم قدیم کے قوانین بارہ تختیون پر کندہ تھی جیسا سابق مین لکھا گیا ۱۲ ترجم [2] قوانین ہیڈرین قیصر ملاحظہ ہون ۱۲ مولف

طریقہ کے جو اون مہذب و شائستہ قوموں مین جاری تھا جو رومیون سے بیشتر گذری تھین بخوبی ہو چکی تھی
جب سلطنت قاہرہ روسۃ الکبری مین دین مسیحی جاری ہوا تو اس دین کا اثر بردہ فروشی پر
صرف وہانتک ہوا جہانتک علمای دین یعنے پادری لوگ تعلق تھے جب کوئی غلام عیسائیت
اختیار کر لیتا تھا اور تین سال کے اندر اوسکا کوئی دعویدار نہوتا تھا تو وہ آزاد ہو جاتا تھا
مگر عیسائی سلطنت مین بھی لوگون کے گھرون مین لونڈی غلام اونہی مختلف اقسام کے
ہوتے تھے جتنے مشرکین کی عملداری مین ہوا تھے - اوس مجموعہ قوانین مین جو ایک
عیسائی بادشاہ کے حکم سے تالیف ہوا تھا بردہ فروشی کو لکھا تھا کہ قانون قدرت کے
موافق ہے - اور اس مجموعۂ قوانین مین غلامون کے زیادہ سے زیادہ قیمت اُن پیشون کے
موافق مقرر کی تھی جو پیشی اونسے کرانی منظور ہوتی تھی - لونڈی غلامون مین باہم شادی بیاہ
کرنا جائز نہ تھا اور لونڈی یا غلام کا نکاح آزاد مرد یا عورت کے ساتھ کر دینا حرام مطلق تھا اور
نہایت شدید سزائین اس جرم کے مقرر تھین - اسکا نتیجہ ضروری والا یہی یہ ہوا کہ خانگی پن
بے تکلف ہونے لگا اور خود پادری لوگ حرام کاری کو جائز سمجھکر کرنے لگے -

پس سب سے زیادہ مہذب و معقول قوانین سلف کے بموجب بھی بردہ فروشی کی یہ کیفیت
تھی جیسے بیان کیگئی - یہ قوانین تیرہ سو برس کی عقل و حکمت کے مظہر تھے اور جب درجۂ
کمال کے قریب پہونچے تو ایک نہایت جلیل القدر ناصح اور مصلح بنی آدم کے بعض احکام
کی کچھ خفیف سی فروع و جزئیات بھی انمین شامل کر دیے گئے

لہ لیپٹ ملین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۳۵۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - کہ لف ۵۲ یعنی جسٹین قیصر ۱۲ کہ لف ۵۳ انتخاب
قوانین جسٹین قیصر ملاحظہ ہو ۱۲ - کہ لف ۵۴ اس جرم کے متعدد مرتکبون مین سے ایک سزا یہ تھی کہ اگر کوئی آزاد عورت کسی غلام سے
نکاح کر لیتی تھی تو وہ عورت قتل کیجاتی تھی اور وہ غلام زندہ جلا دیا جاتا تھا - لیپٹ ملین صاحب تاریخ دین مسیحی جلد ۱ - مین دیکھو
باب ملاحظہ ہو جسمین بردہ فروشی کے جواز کے اعذار بارہ بڑے طول سے بیان کیے ہین ۱۲ - کہ لف ۵۵ لیپٹ ملین صاحب

تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۳۶۹ - اور ڈریپر کے صاحب نے بھی اس جرم کا بیان ملاحظہ ہو ۱۲ کہ لف ۵۶ تیسرا ان سے مذکور ملین ۱۲ صفحہ

جب سلطنت رومہ الکبری کے زوال کے بعد مغرب اور شمال سے وحشی قومون نے آکر اوس سلطنت پر تسلط حاصل کیا اور نئی نئی ریاستین بنالین تو ان جدید ریاستون مین ایک نیا طریقہ رئیسون اور تعلقدارون کی غلامی کا جاری ہوا جو رومیون کو بھی نہ معلوم تھا۔ ان چھوٹی چھوٹی ریاستون کے ذرا ذرا سے رئیس جو مختلف حقوق اپنے ماتحتون اور رعایا پر رکھتے تھے اونھین حقوق سے اونکی شرارت اور بدکرداری اسقدر ظاہر ہے کہ العظمۃ للہ ان وحشی قومون کے قوانین بھی رومیون کے قوانین کیطرح غلامی کی حالت ایک معمولی حالت انسان کی قرار دیگئی تھی اور غلام کا کچھ تحفظ کیا گیا تھا تو صرف اس حیثیت سے کیا گیا تھا کہ وہ ایک ملکیت یا جائداد اپنے مالک کی تھی اور حاکم وقت کو سوائے اوسکو مار ڈالنے کا اختیار صرف اوسکے آقا کو ہوتا تھا۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ دین مسیحی بردہ فروشی کو موقوف کرنے سے یا اوسکے قبایح و اضرار کو کم کردینے سے بالکل قاصر رہا۔ خود کلیسائے مسیحی مین غلام موجود تھے اور خود اہل کلیسا اس رسم قبیح کے جواز کے علانیہ قائل تھے۔ اسی دین کی برکت سے یورپ کے بڑے بڑے حکام ملکی نے بردہ فروشی کو جائز رکھا ہے بلکہ اسکو ایک مفید دستور بیان کیا ہے کہ یہ فقر و فلاکت اور سرقہ کا مانع ہوتا ہے۔[۱]

شرع اسلام نے بردہ فروشی کے رسم قبیح پر بھی ایک وار کیا اور یہ وار ضرور چل جاتا اور جب وہ نسل گذر جاتی جس نسل مین یہ رسم رائج تھا تو یہ رسم بالکل نیست و نابود ہوجاتا اگر اسکے عرب کے قرب و جوار کے ملکون مین مضبوط جڑ نہ پکڑلی ہوتی اور اگر انسان کا نفس خلقت سے شرارت اور بدی کیطرف مائل نہوتا۔ احکام شرع شریف بردہ فروشی کے باب مین دو طرح سے لائق غور ہین۔ ایک حیثیت سے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسلام نے اس رسم کو بالکل موقوف

---

[۱] ڈی چولیل مورخ فرانسیسی کی تاریخ اور اسٹیون صاحب کی شرح قوانین انگلستان جلد ۱- باب ۲- ملاحظہ ہو ۱۲- مؤلف

[۲] پروفیسر صاحب کا قانون قدرت دافوم جلد ۱- باب ۳- دفعہ ۱- اور کتاب الاکرس ہیوبرسل اور پاجمن صاحب کی کتاب سٹیٹیوٹ ریویو

[۳] اسکاٹ فیس کی تاریخ جلد ۱ باب ۲- دفعہ ۲۴- ملاحظہ ہو ۱۲- مؤلف

کردیا۔ دوسری حیثیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس رسم سے ایسے شدید فرایض اور تکالیف متعلق کردیے کہ تدریجًا یہ خود بخود بالکل فنا ہوجاے۔ یہ استدلال صحیح ہے کہ چونکہ کل بیس برس کے عرصہ مین تمام قوانین وحدود و احکام اسلام شایع ہوے تھے لہذا قیاس اسکا مقتضی ہے کہ اکثر رسوم جو قبل شیوع اسلام یعنے زمانۂ جاہلیت مین جاری تھے اور آخر کو موقوف کرادیے ابتدا مین اونکی اجازت فحوای دیدی گئی تھی یا وہ صریحًا جائز رکھی گئی تھی[1] چنانچہ بردہ فروشی کا حکم بھی انھین احکام مین داخل ہے۔ یہ رسم قبیح اوس قوم کی نہایت پوشیدہ تعلقات مین پیچیدہ ہوگیا تھا جس قوم مین آنحضرتؐ مبعوث ہوے تھے۔ اور اسکو فنا کردینا صرف حکیمانہ اور رحیمانہ قوانین کے ذریعہ سے ممکن تھا اسطرح ممکن نہ تھا کہ جتنے غلام اوسوقت موجود تھے وہ سب یکقلم آزاد کردیے جاتے کیونکہ یہ بات عقلًا اور اخلاقًا محال تھی۔ لہذا صدہا اوامر و نواہی اس باب مین اس غرض سے جاری کیے گئے کہ بردہ فروشی تدریجًا بالکل موقوف ہوجاے۔ اگر اسکے خلاف حکمت عملی اختیار کی جاتی تو سلطنت اسلامیہ کہ صغیر السن تھی بالکل فنا ہوجاتی۔ شارع اسلام نے اپنے اصحاب کو متواتر ترغیب دی ہے کہ تمکو اوسی خدا کے پاک کی قسم ہے جسنے مجھے بنی آدم کی اصلاح حال کے لیے مبعوث بہ رسالت کیا ہے غلامون کو آزاد کردو[2] کہ اس سے زیادہ کوئی فعل خدا کے نزدیک مقبول نہین ہے[3] اور آپ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ بعض معاصی کا کفارہ عتق رقبات یعنی غلامون کو آزاد کرنا ہے۔ اور یہ بھی حکم فرمایا ہے کہ غلام محنت کرکے جو اجرت حاصل کرے اوسکو دیکر اپنے تئین خرید کرسکتا ہے اور اگر کوئی مکنت غلام بالفعل کوئی ذریعہ انتفاع کا نہ رکھتا ہو اور کسی اور خدمت کے ذریعہ سے اپنی آزادی کو خرید لینا چاہیے تو اس مضمون کا ایک اقرار نامہ[4] لیکر وہ خدمت اوس سے چھوڑوا دیجاے جو وہ اوسوقت کر رہا تھا۔ اور بعض حالات مین بلا دست اندازی اپنے مالک کے بلکہ اوسکی مرضی کے خلاف بھی

[1] تہذیب الاخلاق مطبوعہ ۱۵ - رجب ۱۳۱۲ ہجری صفحہ ۱۱۸ - [2] حلیہ ج ۱۲ - [3] ترمذی [4] قرآن مجید سورہ ۲۴ - آیت ۳۳ - وغیرہ ۱۲ منہ

غلام آزاد ہو سکتا تھا۔ اور جس عہد نامہ یا اقرار نامہ میں ذرا بھی شک و شبہ معلوم ہوتا تھا اوسمیں غلام کے مطلب کے موافق تاویل کیجاتی تھی اور ادنے سا اقرار یا وعدہ جو مالک کر لیتا تھا وہ بھی غلام کو آزاد کرنے کے لیے فرض سمجھا جاتا تھا۔ پس غلاموں کو تدریجاً آزاد کرنے کے باب میں احکام شرع ایسے تھے۔ اون اخلاقی قواعد میں جو اوس زمانہ کے غلاموں سے سلوک کرنے کے باب میں مقرر کیے گئے تھے شارع اسلام نے آقا اور غلام کے باہمی فرائض و تکلیفات کو اوسطرح نہیں مقرر کیا ہے جسطرح اور ملل و ادیان میں ہے کہ صریحاً مالک کی جنبہ داری کیگئی ہے[1] شارع اسلام اور سب شارعین کے بہ نسبت انسان کی طبیعت سے صحیح تر اور تمام تر واقفیت رکھتے تھے لہذا آپ کو معلوم ہو گیا کہ اون فرائض کو مقرر کرنا ایسا ضرور نہیں ہے جو صغار کو اقویا سے بجالانے چاہئیں جیسا اون فرائض کو مقرر کر دینا لازم ہے جو اقویا کو صغار کی نسبت ادا کرنی چاہئیں۔ مالکوں کو آپ نے منع کر دیا کہ اوس سے زیادہ اپنے غلاموں سے کام نہ لیا کریں جتنا مناسب اور قرین انصاف ہو۔ اور اونکو حکم فرمایا کہ اپنی لونڈی اور غلام کو عبدی یا امتہ یا جاریہ کے لفظ سے نہ پکارا کرو کہ اس سے اونکی توہین ہوتی ہے بلکہ اس شفقت آمیز نام سے پکارا کرو یا عبد اللہ یا امتہ اللہ۔ اور یہ بھی حکم فرمایا کہ سب غلاموں کو وہی کپڑا پہنایا جاے اور وہی کھانا کھلایا جاے جو اونکے مالک کھاتے اور پہنتے ہوں۔ علاوہ اس سب کے آنحضرتؐ نے فرمایا کہ بائین اپنے بچوں سے نہ چھڑائی جائین نہ بھائی بھائی سے چھڑایا جاے نہ باپ بیٹے سے اور نہ ایک عزیز دوسرے عزیز سے جدا کیا جاے۔ اخبار محمدن سوشل رفارمر (مصلح تمدن اہل اسلام) مین ایک لائق و فائق شخص نے یہ مضمون لکھا ہے کہ قرآن مجید کے الفاظ برہ فروشی کے باب میں فقط اوس زمانہ کی لونڈی اور غلام رکھنے سے متعلق ہین

[1] مکاتبہ اعمال حواریین باب ۱۰ آیت ۲۲ - اور باب ۱۰ آیت ۱ - ملاحظہ ہو ۱۱ - مؤلف [2] ان امور پر سنا اقل کر زیادہ ضرور نہیں ہے کیونکہ یہ امر ان مخالف سب کے نزدیک مسلم ہین۔ لیکن اگر ناظرین کو اسناد دیکھنے کا شوق ہو تو مشکوٰۃ اور صحیح بخاری اور

جلد اول کا صفحہ ۱۰۰ سے ۱۰۳ تک مطالعہ کریں۔ ۱۲ مؤلف

زمانہ آیندہ سے کچھ تعلق نہیں رکھتے ہیں ہم اسمین کچھ بحث نہیں کرتے بلکہ اپنا اعتقاد بیان کرتے ہیں کہ ہمکو یقین واثق ہے کہ احکام مصرحۂ بالا سے اور جس لفظ سے غلام اور غلامی کو تعبیر فرمایا ہے اوس لفظ کے معنی سے بھی بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ خود شارع اسلام اس رسم کو چند روزہ سمجھکر اور خوب جانتے تھے کہ جب خیالات مین ترقی ہوگی اور زمانہ کے خیالات بدل جائینگے تو یہ رسم بالکل موقوف ومعدوم ہوجائیگا۔ قرآن مجید مین ہر مقام پر عبید و اماء کو ان کلمات سے تعبیر کیا ہے اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنی وہ چیز جسپر تمہارا دہنا ہاتھ قابض ہو یا وہ چیز جو تمہارے قبضہ مین آگئی ہو۔ ہم اون نتائج سے تعرض نہین کرتے جو ان کلمات کے معانی مین ادنے تاویل کرنے سے پیدا ہونگے۔ ہماری ذاتی رائے یہ ہے کہ غلامون کی یہ تعریف جو کی ہے کہ وہ لوگ جنپر تمہارے دہنے ہاتھ قابض ہون یا جنکو تمنے گرفتار کرلیا ہو اس سے یہ مراد ہے کہ لونڈیون اور غلامون کے حاصل کرنے کے ذریعہ کو بالکل محدود ومقید کردیا ہے۔ یعنے صرف ایک طور سے اونکو حاصل کرنا جائز تھا کہ جب جہاد راہ خدا مین اونکو مسلمان گرفتار کرلیتے تھے۔ سب وحشی قومون مین دستور ہوتا ہے کہ اسیرون کو خود غرضی سے رہا کردیتے ہین یعنے اسلیے کہ اونکے فروخت سے یا اونکے محنت ومشقت سے خاص اوس شخص کے جسنے اونکو گرفتار کیا ہے یا کل قوم کی مال ودولت مین افزونی ہو۔ جیسا اگلے زمانہ کی اور قومون کا دستور تھا اوسیطرح زمانۂ جاہلیت مین عرب کا دستور تھا کہ طمع مال سے اسیرون کی جان بخشی کرتے تھے آنحضرتؐ نے یہ رسم اپنی قوم مین رائج پایا۔ لبعرض اسکے کہ آپؐ کوئی عقلی مسئلہ گڑھتے یا کوئی حکم مبہم ومتشابہ اس باب مین صادر فرماتے آپؐ نے احکام قطعی اپنی امت کی ہدایت کیلیے مقرر کردیے اور یہ حکم دیدیا کہ صرف وہی لوگ لونڈی اور غلام بنائے جائین جو جہاد مین گرفتار کیے گئے ہون اور اوسوقت تک

اسکا کارن یہ ہے کہ ہندی اور دیسی غلام کا غلامی نہین ہوتا۔ مولف

ف۱ شیخ سلیمان صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۲ صفحہ ۳۸۱۔ ملاحظہ ہو۔ زمانۂ سلف مین مقنین قیدی کو غلام بنالینے کے حق کو اوسکو مباح المنفعہ کے قبضہ پر مبنی سمجھتے تھے۔ اکثر متاخرین کا بھی یہی قول ہے۔ انسیکلوپیڈیا وہ قبضہ ہے جسنے قیدیون کی مالکی کی اس سوہوم حق کا انکار کیا ہے الا اینکہ ضرورت مشتبہ ہو یا حفاظت نفس اس فعل کے داعی ہو۔ ایک مقنن نے اسکا

لونڈی یا غلام رہین جبتک دیت دیکر رہا کرالیے جائین یا قیدی خواہ مرد ہو خواہ عورت کچھ مرد حاصل کرے اور اوسکو دیکر اپنے تئین آزاد کرالے۔ لکن جب یہ سب وسائل نہ بہم پہونچتے تھے تو مسلمانون کے رحم اور خدا پرستی سے استغاثہ کیا جاتا تھا اور سب طرہ یہ تھا کہ مالک پر بہت شدید تکالیف اور ذمہ داریان غلام کی باب مقرر کر دیگئی تھین اون دونون باتون کا نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ غلام آزاد کر دیے جاتے تھے۔ بردہ فروشی یعنے لونڈی غلام کے بیع وشرا ممالک عیسائی مین جائز رکھے گئے تھے اور یہودین بھی بقدس و شروع سمجھے جاتے تھے مگر شرع اسلام مین مکروہ و مذموم کر دیگئی۔ بردہ فروشی کو انسانیت سے خارج کر دیا ہے یا ملعون لکھا ہے عتق رقبات یعنی بردہ کو آزاد کرنا سنت موکدہ اور باعث ثواب عظیم و اجر جزیل لکھا ہے۔ اور یہ بھی بہ تاکید لکھا ہے کہ مسلم اور مسلمہ غلام اور لونڈی کبھی نہ بنائے جائین اکثر مسلمانون پر جو اب تئین سنت سنیہ کا پیرو کہتے ہین یہ دھبہ قیامت تک باقی رہیگا کہ اپنے پیغمبر کے ظواہر احکام پر تو عمل کرتے ہین یا عمل کرنے کی کوشش کرتے ہین مگر باطن احکام سے بالکل چشم پوشی کرتے ہین اور بردہ فروشی اور غلامی کو جائز رکھکر صریحًا احکام نبی کی خلاف کرتے ہین۔ نصوص قرآنی کے بموجب لونڈی اور غلام رکھنا اس شرط سے مشروط تھا کہ راہ خدا مین اور حفاظت نفس کے لیے مشرکین و کفار سے بہ نیت خالص جہاد کیا جاے اوسمین جو کفار گرفتار کیے جائین وہ بھی اس شرط سے غلام بنائے جائین کہ اونکی حفاظت و حراست کا مل کیجاے۔ جب وہ جہاد کی حالت نہ باقی رہے جسمین مسلمان ابتدا مین قریب و جوار کی اقوام اور قبائل کی عداوت کیوجہ سے مبتلا ہو گئے تھے تو بردہ فروشی اور بندہ گری خود بخود اسطرح سے موقوف ہو جاتی کہ آیندہ لونڈی غلام نہ بنائے جاتے اور جو اوسوقت غلامی کی حالت مین تھے وہ آزاد کر دیے جاتے مگر ایسا نہین ہوا کہ بلکہ یہود و نصاری کیطرح اہل اسلام نے بھی بردہ فروشی کو جائز رکھا اور اسیقدر ابتک جائز ہی۔ اسکی وجہ یا تو یہ ہوئی کہ مسلمانون کو یہ شبہ

سلام اس مضمون کی بابت مفصل بحث ہمارے رسالہ مسمی بہ تحقیق الجہاد مین ملاحظہ ہو

اور یورپ کی بداخلاق قومون سے مراسم رہے اور شمال کے وحشی قومون سے تعلقات رہے جنمین بردہ فروشی کا رسم جاری تھا یا غالبًا اسکا سبب یہ ہوا کہ ابھی وہ وقت نہین آیا تھا کہ ان مفید قوانین و احکام کے پورے نتائج پیدا ہون۔ اگر وحشی ترکمان بندگان خدا کو پکڑ پکڑ کر لونڈی غلام بناڈالتے ہین تو انکو بھی ویسا ہی مسلمان سمجھنا چاہیے جیسا امریکا جنوبی مین ایک وحشی قوم جسکا نام گوا کو ہے یہی فعل ناپسندیدہ کرتی ہے اور پھر عیسائی کہلاتی ہے۔ تعدد ازدواج کی رسم کیطرح بردہ فروشی کا دستور بھی تمام عالم مین انسان کی ترقی کی کسی نہ کسی درجہ مین ضرور جاری رہا ہے اور اقل مراتب اون قومون مین جو مہذب و شائستہ ہونے کی مدعی ہین یہ دستور اون ضرورتون کے رفع ہوجانے کے بعد بھی جاری ہا ہے جن ضرورتون سے یہ کسی زمانہ مین جائز کردیا گیا تھا لکن آیندہ ضرور موقوف ہوجائیگا۔ دیر آید و درست آید۔ پس معلوم ہوا کہ اسلام نے بردہ فروشی کو مقدس و متبرک رسم نہین بنادیا ہے جیسا لوگون نے غلطی سے گمان کیا ہے بلکہ اسلام نے اس رسم کو قطعًا موقوف و مسدود کردینے کا تدارک یہ کیا ہے کہ غلام بنانے کے ذرایع و اسباب کو بالکل محدود کردیا ہے۔ اس اہم مسئلہ مین اسلام نے کچھ تلون و تنزل نہین ظاہر کیا ہے۔ اسلام نے نہایت تاکید سے اس امر کا اعلان کیا ہے کہ سب بنی آدم بالطبع مساوی ہین مگر انجام کار کا خیال کرکے سب مردون اور عورتون کو قید غلامی سے دفعۃ آزاد نہین کردیا کیونکہ اس سے اوس زمانہ مین بڑی بڑی خرابیان پیدا ہوتین جبکہ انسان ایسے عظیم الشان عقلی اور خلاقی آزادی حاصل کرنے کی قابلیت و استعداد نہ رکھتا تھا۔ اب وہ زمانہ آگیا ہے کہ سب بنی آدم کو لازم ہے کہ یا واز بلند کہین کہ غلامی کا رسم جاہے وہ کسی پیرایہ مین ہو اور کسی لفظ سے تعبیر کیا جائے قطعًا موقوف کردیا جائے۔ علی الخصوص مسلمانون کو اپنے پیغمبر کی عزت کا خیال کرکے یہ کوشش کرنی واجب ہے کہ اس سیاہی کو صفحۂ تاریخ سے بالکل دھوڈالین کہ یہ سیاہی کبھی نہ لگتی اگر وہ اپنے پیغمبر کے احکام

کے مصالح کے خلاف نہ کرتے مگر یہ ظلمت بھی اور مذاہب کی نامۂ اعمال کی تاریکی کے مقابلہ مین نور ہے۔ اب وہ زمانہ آگیا ہی کہ وہ آواز جسنے ساری عالم مین اور تمام بنی آدم مین ازادی اور برابری اور مواخات یعنی شفقت برادرانہ کا حکم فرمایا تھا اوس تازہ قوت سے سنی جاے جو اس پیرہ سے برس کے وجود روحانی اور تاثیر قلبی سے اسلام کو حاصل ہوئی ہے۔ ابھی مسلمانون کو یہ کام کرنا باقی ہے کہ اون مطاعن کی تکذیب جو معاندین نے حضرت اشرف الانبیاء وخاتم المرسلین پر کیے ہین اسطرح ثابت کردین کہ بعبارت صریح وواضح اسکا اعلان کرین کہ ہمارے مذہب مین غلامی ممنوع ہی اور ہماری شرع کے خلاف ہی اس سے انکی عظمت اور اونکی پیغمبری کی جلالت دنیا اور اہل دنیا کی نظر مین اور زیادہ ہوجاتی بلکہ اگر انسان کی زبان یارا ای کرے تو یہ کہنا چاہیئے کہ اوس خالق برحق اور حکیم مطلق کا عزت وجلال ظاہر ہوجائیگا جسنے شارع اسلام کو ایسی طبع عالی اور عقل کامل عطا فرمائی تھی جس سے ایسی ایسی حکمت آمیز قوانین واحکام صادر ہوے۔ فقط

حاشیہ متعلقہ باب ۱۵

قرمس ایک شخص دسوین صدی عیسوی مین گذرا ہی جسکو اون مسلمانون نے جو اپنے تئین اہل حق کہتے ہین حق یا ناحق بدنام کردیا ہے۔ سب سے پہلے اسی شخص نے سارے دنیا مین مشہور کیا تھا کہ اسلام مین غلامی قطعاً حرام ہی یہ امر شکوک ہی کہ آیا وہ ایسا ہی خراب آدمی تھا جیسا لوگون نے بیان کیا ہی۔ مگر یہ بات یقینی ہے کہ اکثر اعمال بد اوسکے شاگردون کے جنھین سے ایک حسن صباح تھا اوسکی طرف ناحق منسوب کردیے گئے ہین قرمس فرقہ باطنیہ سے تھا جسکا یہ قول تھا کہ ادیان سابقہ کیطرح دین اسلام کی بھی دو پیرائے ہین ایک ظاہر شریعت اور ایک باطن شریعت۔ اوسکے اعتقادات کی تفصیل شہرستانی کے ملل نحل صفحہ ۱۴۲۔ مین ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

سولھوان باب

عقل انسانی یا نفس ناطقہ کے خواص مین سے ایک نہایت تعجب انگیز خاصیت یہ بھی ہی کہ ایک حیات آخرت کا خیال اوسکو رہتا ہی۔ یعنی وہ حیات جو جسم وروح کی مفارقت کے بعد ہوتی ہی یہ اعتقاد انسان کی سب قومون مین جو دیگر اعتبارات سے باہم بالکل مختلف ہین اسقدر شایع ہی

کہ بعض لوگون کو یہ یقین ہوا ہی کہ یہ اعتقاد ارکان اولیہ وجود انسان مین داخل ہے اگر نظر غور و تامل سے دیکھا جاے کہ اصناف و اقوام انسان کا عالم طفلی مین کیا حال تھا تو اوس سن صبی کے واقعات سے یہ نتیجہ نکلے گا کہ حیات آخرت کا اعتقاد بھی تکمیل عقل اور تہذیب نفس کے نتایج ضروریہ مین سے ہی - وحشی لوگ کسی ایسی حیات کا اعتقاد نہین رکھتے ہین جو زندگانی دنیا سے علیحدہ ہو - چنانچہ جزایر اندمن کے مردم خوار وحشی مطلق وجود کا خاتمہ موت کو سمجھتے ہین - اسکے بعد دوسرا درجہ تہذیب کا ہی جس درجہ مین انسان کا نفس وحشت یعنی جہل مطلق کی حالت سے نکل چکا ہی اور اوسکی امیدین اور حوصلے اس عالم فانی پر محدود و منحصر نہین ہین بلکہ اس زندگانی چند روزہ کے بعد ایک عالم جاودانی کی بھی امید اوسکو ہوتی ہے - مگر اس درجہ تہذیب مین بھی انسان کی عقل اس دنیاے فانی کے دایرہ سے باہر نہین قدم نکالتے - بلکہ موت کے بعد جو زندگی ہوگی اوسکو بھی اسی زندگانی دنیا کے سلسلہ مین داخل سمجھتے ہین گو اوس زندگی مین قحط کا خوف نہ ہو اور اکل و شرب باقراط ہو - مرنے کے بعد حیات جاودانی کا اعتقاد غالبًا اوس اشتیاق سے پیدا ہوا ہی جو انسان کی روح کو اوس عالم باقی کا ہوتا ہی جہان ہر شخص کو خواہ جاہل وحشی ہو خواہ مہذب و شائستہ یہی یقین ہوتا ہی کہ اپنے پیارے دوستون اور عزیزون سے پھر ملین گے جنکی جدائی کے صدمے اوٹھا چکے ہین - اس درجہ تہذیب سے متصل تیسرا درجہ ہے جسمین انسان کو یقین ہوتا ہی کہ جو کچھ رنج و راحت عذاب و ثواب ہوتا ہی اوسکا خاتمہ اسی حیات فانی پر نہین ہی اور نہین ہو سکتا ہی بلکہ ایک اور عالم اور ایک اور زندگانی ہی جسمین سزا و جزا اعمال کے موافق ملتی ہے[1] - جب اس درجۂ تہذیب پر انسان پہونچتا ہے تب ایک اصول اور ایک قانون اوسکے ہاتھ آتا ہی عقل بشری آخرت کی اعتقاد سے آگے نہین بڑھتی بلکہ وہان پر ٹھہر جاتی ہے جن فلاسفہ نے فنا روح کا اقرار اور حیات آخرت کا انکار

[1] یہ رسالہ جس کی کتاب ابتداے تہذیب کی بیان مین ہم استیعاب ملحوظ رکھا ہوا ہی مؤلف

کیا ہی اونھون نے کوئی نئی بات نہین کی ہے نہ کوئی نیا اصول قائم کیا ہی بلکہ اونھون نے صرف ہمارے جاہل و وحشی اسلاف کی تقلید کی ہے جنکو فقط یہی دنیا سوجھتی تھی اور کوئی عالم نہ دکھائی دیتا تھا۔ بس اسی مقام پر انسان کی عقل چکرا جاتی ہے۔

تاہم یہ مسئلہ بخوبی ثابت ہوچکا ہی کہ تمام وہ خیالات جو مختلف مدارج تہذیب پر دنیا مین ایک ہی زمانہ مین نہ صرف مختلف قومون مین ہوتی ہین بلکہ ایک ہی قوم مین افراد قوم کے مدارج کمال عقلی کے موافق اون خیالات کا سلسلہ علیحدہ علیحدہ ہوتا ہی۔ فکبر کیلنگ بہت اچھا لکھا ہی کہ سب سے پیشتر جو قوم آخرت کی قائل ہوئی تھی یا سب سے پیشتر جس قوم نے انسان کے چال چلن کے اصول کو اس مسئلہ پر مبنی رکھا تھا وہ اہل مصر تھے۔ وہ لوگ تناسخ ارواح کے قائل تھے اور اوسکے ساتھ عذاب و ثواب آخرت کا بھی معتقد تھے اونکا اعتقاد یہ تھا کہ انسان قبر مین صرف اسلیے جاتا ہی کہ پھر زندہ ہوگا اور جب دوبارا زندہ ہوجاتا ہی تو ایک تازہ حیات پاتا ہی اور آفتاب کے ساتھ رہتا ہی جو خالق اشیا اور مسبب الاسباب ہے اور انسان کی روح کو آفتاب کا مانند غیر فانی سمجھتے تھے اور کہتے تھے کہ روح بھی آفتاب کیطرح دورہ کیا کرتی ہے۔ اونکا اعتقاد یہ تھا کہ تمام اجسام زیر زمین جاتے ہین مگر اونکا نشور یعنے دوبارا زندہ ہونے کا یقین نہین ہے۔ اور جو مرجاتا ہی اوس سے بازپرس اُسایرس اور اوسکے بیالیس[1] نائب کرتے ہین۔ اور جو لوگ گنہگار قرار پاتے ہین وہ ہلاک فنا ہوجاتے ہین اور نیک آدمی گناہان صغیرہ سے پاک ہوکر داخل بہشت ہوتے ہین اور اُسایرس کی رفاقت مین طعام لذیذ کھاتے ہین۔ بنی اسرائیل کا قیام مصر مین اتنے عرصہ تک رہا کہ خواہ مخواہ خیال ہوتا ہے کہ اونمین بھی آخرت کا اعتقاد اور عذاب و ثواب اُخروی کا عقیدہ شایع ہوگا۔ مگر خالص شریعت موسوی مین (یعنے اون احکام مین جنکے مجموعہ کو شریعت موسوی

[1] یہ مصریون کے بڑے دیوتا کا نام ہے۔ لینارڈ سٹنلے صاحب کی تاریخ ممالک شرقی جلد ۱ صفحہ ۲۱۹ - ۲۲۲ - اور الجرجانی صاحب کی

کتاب عبادات اللغات صفحہ ۱۰۱ - ۱۰۲ - ۱۰۳ - ۱۰۴ - ۱۰۵ - ۱۰۶ - ۱۰۷ - ۱۰۸ - ۱۰۹ - ۱۱۰ - ۱۱۱ - ۱۱۲ - ۱۱۳ - ۱۱۴ - ۱۱۵ - ۱۱۶ - ۱۱۷ - ۱۱۸ - ۱۱۹ - ۱۲۰ - ۱۲۱ - ۱۲۲ - ۱۲۳ - ۱۲۴ - ۱۲۵ - ۱۲۶ - ۱۲۷ - ۱۲۸ - ۱۲۹ - ۱۳۰ - ۱۳۱ - ۱۳۲ - ۱۳۳ - ۱۳۴ - ۱۳۵ - ۱۳۶ - ۱۳۷ - ۱۳۸ - ۱۳۹ - ۱۴۰ - ۱۴۱ - ۱۴۲ - ۱۴۳ - ۱۴۴ - ۱۴۵ - ۱۴۶ - ۱۴۷ - ۱۴۸ - ۱۴۹ - ۱۵۰ - ۱۵۱ - ۱۵۲ - ۱۵۳ - ۱۵۴ - ۱۵۵ - ۱۵۶ - ۱۵۷ - ۱۵۸ - ۱۵۹ - ۱۶۰ - ۱۶۱ - ۱۶۲ - ۱۶۳ - ۱۶۴ - ۱۶۵ - ۱۶۶ - ۱۶۷ - ۱۶۸ - ۱۶۹ - ۱۷۰ - ۱۷۱ - ۱۷۲ - ۱۷۳ - ۱۷۴ - ۱۷۵ - ۱۷۶ - ۱۷۷ - ۱۷۸ - ۱۷۹ - ۱۸۰ - ۱۸۱ - ۱۸۲ - ۱۸۳ - ۱۸۴ - ۱۸۵ - ۱۸۶ - ۱۸۷ - ۱۸۸ - ۱۸۹ - ۱۹۰ - ۱۹۱ - ۱۹۲ - ۱۹۳ - ۱۹۴ - ۱۹۵ - ۱۹۶ - ۱۹۷ - ۱۹۸ - ۱۹۹ - ۲۰۰ - ۲۰۱ - ۲۰۲ - ۲۰۳ - ۲۰۴ - ۲۰۵ - ۲۰۶ - ۲۰۷ - ۲۰۸ - ۲۰۹ - ۲۱۰ - ۲۱۱ - ۲۱۲ - ۲۱۳ - ۲۱۴ - ۲۱۵ - ۲۱۶ - ۲۱۷ - ۲۱۸ - ۲۱۹ - ۲۲۰ - ۲۲۱ - ۲۲۲ - ۲۲۳ - ۲۲۴ - ۲۲۵ - ۲۲۶ - ۲۲۷ - ۲۲۸ - ۲۲۹ - ۲۳۰ - ۲۳۱ - ۲۳۲ - ۲۳۳ - ۲۳۴ - ۲۳۵ - ۲۳۶ - ۲۳۷ - ۲۳۸ - ۲۳۹ - ۲۴۰ - ۲۴۱ - ۲۴۲ - ۲۴۳ - ۲۴۴ - ۲۴۵ - ۲۴۶ - ۲۴۷ - ۲۴۸ - ۲۴۹ - ۲۵۰ - ۲۵۱ - ۲۵۲ - ۲۵۳ - ۲۵۴ - ۲۵۵ - ۲۵۶ - ۲۵۷ - ۲۵۸ - ۲۵۹ - ۲۶۰ - ۲۶۱ - ۲۶۲ - ۲۶۳ - ۲۶۴ - ۲۶۵ - ۲۶۶ - ۲۶۷ - ۲۶۸ - ۲۶۹ - ۲۷۰ - ۲۷۱ - ۲۷۲ - ۲۷۳ - ۲۷۴ - ۲۷۵ - ۲۷۶ - ۲۷۷ - ۲۷۸ - ۲۷۹ - ۲۸۰ - ۲۸۱ - ۲۸۲ - ۲۸۳ - ۲۸۴ - ۲۸۵ - ۲۸۶ - ۲۸۷ - ۲۸۸ - ۲۸۹ - ۲۹۰ - ۲۹۱ - ۲۹۲ - ۲۹۳ - ۲۹۴ - ۲۹۵ - ۲۹۶ - ۲۹۷ - ۲۹۸ - ۲۹۹ - ۳۰۰ - ۳۰۱ - ۳۰۲ - ۳۰۳ - ۳۰۴ - ۳۰۵ - ۳۰۶ - ۳۰۷ - ۳۰۸ - ۳۰۹ - ۳۱۰ - ۳۱۱ - ۳۱۲ - ۳۱۳ - ۳۱۴ - ۳۱۵ - ۳۱۶ - ۳۱۷ - ۳۱۸ - ۳۱۹ - ۳۲۰ - ۳۲۱ - ۳۲۲ - ۳۲۳ - ۳۲۴ - ۳۲۵ - ۳۲۶ - ۳۲۷ - ۳۲۸ - ۳۲۹ - ۳۳۰ - ۳۳۱ - ۳۳۲ - ۳۳۳ - ۳۳۴ - ۳۳۵ - ۳۳۶ - ۳۳۷ - ۳۳۸ - ۳۳۹ - ۳۴۰ - ۳۴۱ - ۳۴۲ - ۳۴۳ - ۳۴۴ - ۳۴۵ - ۳۴۶ - ۳۴۷ - ۳۴۸ - ۳۴۹ - ۳۵۰ - ۳۵۱ - ۳۵۲ - ۳۵۳ - ۳۵۴ - ۳۵۵ - ۳۵۶ - ۳۵۷ - ۳۵۸ - ۳۵۹ - ۳۶۰ - ۳۶۱ - ۳۶۲ - ۳۶۳ - ۳۶۴ - ۳۶۵ - ۳۶۶ - ۳۶۷ - ۳۶۸ - ۳۶۹ - ۳۷۰ - ۳۷۱ - ۳۷۲ - ۳۷۳ - ۳۷۴ - ۳۷۵ - ۳۷۶ - ۳۷۷ - ۳۷۸ - ۳۷۹ - ۳۸۰ - ۳۸۱ - ۳۸۲ - ۳۸۳ - ۳۸۴ - ۳۸۵ - ۳۸۶ - ۳۸۷ - ۳۸۸ - ۳۸۹ - ۳۹۰ - ۳۹۱ - ۳۹۲ - ۳۹۳ - ۳۹۴ - ۳۹۵ - ۳۹۶ - ۳۹۷ - ۳۹۸ - ۳۹۹ - ۴۰۰ - ۴۰۱ - ۴۰۲ - ۴۰۳ - ۴۰۴ - ۴۰۵ - ۴۰۶ - ۴۰۷ - ۴۰۸ - ۴۰۹ - ۴۱۰ - ۴۱۱ - ۴۱۲ - ۴۱۳ - ۴۱۴ - ۴۱۵ - ۴۱۶ - ۴۱۷ - ۴۱۸ - ۴۱۹ - ۴۲۰ - ۴۲۱ - ۴۲۲ - ۴۲۳ - ۴۲۴ - ۴۲۵ - ۴۲۶ - ۴۲۷ - ۴۲۸ - ۴۲۹ - ۴۳۰ - ۴۳۱ - ۴۳۲ - ۴۳۳ - ۴۳۴ - ۴۳۵ - ۴۳۶ - ۴۳۷ - ۴۳۸ - ۴۳۹ - ۴۴۰ - ۴۴۱ - ۴۴۲ - ۴۴۳ - ۴۴۴ - ۴۴۵ - ۴۴۶ - ۴۴۷ - ۴۴۸ - ۴۴۹ - ۴۵۰ - ۴۵۱ - ۴۵۲ - ۴۵۳ - ۴۵۴ - ۴۵۵ - ۴۵۶ - ۴۵۷ - ۴۵۸ - ۴۵۹ - ۴۶۰ - ۴۶۱ - ۴۶۲ - ۴۶۳ - ۴۶۴ - ۴۶۵ - ۴۶۶ - ۴۶۷ - ۴۶۸ - ۴۶۹ - ۴۷۰ - ۴۷۱ - ۴۷۲ - ۴۷۳ - ۴۷۴ - ۴۷۵ - ۴۷۶ - ۴۷۷ - ۴۷۸ - ۴۷۹ - ۴۸۰ - ۴۸۱ - ۴۸۲ - ۴۸۳ - ۴۸۴ - ۴۸۵ - ۴۸۶ - ۴۸۷ - ۴۸۸ - ۴۸۹ - ۴۹۰ - ۴۹۱ - ۴۹۲ - ۴۹۳ - ۴۹۴ - ۴۹۵ - ۴۹۶ - ۴۹۷ - ۴۹۸ - ۴۹۹ - ۵۰۰ - ۵۰۱ - ۵۰۲ - ۵۰۳ - ۵۰۴ - ۵۰۵ - ۵۰۶ - ۵۰۷ - ۵۰۸ - ۵۰۹ - ۵۱۰ - ۵۱۱ - ۵۱۲ - ۵۱۳ - ۵۱۴ - ۵۱۵ - ۵۱۶ - ۵۱۷ - ۵۱۸ - ۵۱۹ - ۵۲۰ - ۵۲۱ - ۵۲۲ - ۵۲۳ - ۵۲۴ - ۵۲۵ - ۵۲۶ - ۵۲۷ - ۵۲۸ - ۵۲۹ - ۵۳۰ - ۵۳۱ - ۵۳۲ - ۵۳۳ - ۵۳۴ - ۵۳۵ - ۵۳۶ - ۵۳۷ - ۵۳۸ - ۵۳۹ - ۵۴۰ - ۵۴۱ - ۵۴۲ - ۵۴۳ - ۵۴۴ - ۵۴۵ - ۵۴۶ - ۵۴۷ - ۵۴۸ - ۵۴۹ - ۵۵۰ - ۵۵۱ - ۵۵۲ - ۵۵۳ - ۵۵۴ - ۵۵۵ - ۵۵۶ - ۵۵۷ - ۵۵۸ - ۵۵۹ - ۵۶۰ - ۵۶۱ - ۵۶۲ - ۵۶۳ - ۵۶۴ - ۵۶۵ - ۵۶۶ - ۵۶۷ - ۵۶۸ - ۵۶۹ - ۵۷۰ - ۵۷۱ - ۵۷۲ - ۵۷۳ - ۵۷۴ - ۵۷۵ - ۵۷۶ - ۵۷۷ - ۵۷۸ - ۵۷۹ - ۵۸۰ - ۵۸۱ - ۵۸۲ - ۵۸۳ - ۵۸۴ - ۵۸۵ - ۵۸۶ - ۵۸۷ - ۵۸۸ - ۵۸۹ - ۵۹۰ - ۵۹۱ - ۵۹۲ - ۵۹۳ - ۵۹۴ - ۵۹۵ - ۵۹۶ - ۵۹۷ - ۵۹۸ - ۵۹۹ - ۶۰۰ - ۶۰۱ - ۶۰۲ - ۶۰۳ - ۶۰۴ - ۶۰۵ - ۶۰۶ - ۶۰۷ - ۶۰۸ - ۶۰۹ - ۶۱۰ - ۶۱۱ - ۶۱۲ - ۶۱۳ - ۶۱۴ - ۶۱۵ - ۶۱۶ - ۶۱۷ - ۶۱۸ - ۶۱۹ - ۶۲۰ - ۶۲۱ - ۶۲۲ - ۶۲۳ - ۶۲۴ - ۶۲۵ - ۶۲۶ - ۶۲۷ - ۶۲۸ - ۶۲۹ - ۶۳۰ - ۶۳۱ - ۶۳۲ - ۶۳۳ - ۶۳۴ - ۶۳۵ - ۶۳۶ - ۶۳۷ - ۶۳۸ - ۶۳۹ - ۶۴۰ - ۶۴۱ - ۶۴۲ - ۶۴۳ - ۶۴۴ - ۶۴۵ - ۶۴۶ - ۶۴۷ - ۶۴۸ - ۶۴۹ - ۶۵۰ - ۶۵۱ - ۶۵۲ - ۶۵۳ - ۶۵۴ - ۶۵۵ - ۶۵۶ - ۶۵۷ - ۶۵۸ - ۶۵۹ - ۶۶۰ - ۶۶۱ - ۶۶۲ - ۶۶۳ - ۶۶۴ - ۶۶۵ - ۶۶۶ - ۶۶۷ - ۶۶۸ - ۶۶۹ - ۶۷۰ - ۶۷۱ - ۶۷۲ - ۶۷۳ - ۶۷۴ - ۶۷۵ - ۶۷۶ - ۶۷۷ - ۶۷۸ - ۶۷۹ - ۶۸۰ - ۶۸۱ - ۶۸۲ - ۶۸۳ - ۶۸۴ - ۶۸۵ - ۶۸۶ - ۶۸۷ - ۶۸۸ - ۶۸۹ - ۶۹۰ - ۶۹۱ - ۶۹۲ - ۶۹۳ - ۶۹۴ - ۶۹۵ - ۶۹۶ - ۶۹۷ - ۶۹۸ - ۶۹۹ - ۷۰۰ - ۷۰۱ - ۷۰۲ - ۷۰۳ - ۷۰۴ - ۷۰۵ - ۷۰۶ - ۷۰۷ - ۷۰۸ - ۷۰۹ - ۷۱۰ - ۷۱۱ - ۷۱۲ - ۷۱۳ - ۷۱۴ - ۷۱۵ - ۷۱۶ - ۷۱۷ - ۷۱۸ - ۷۱۹ - ۷۲۰ - ۷۲۱ - ۷۲۲ - ۷۲۳ - ۷۲۴ - ۷۲۵ - ۷۲۶ - ۷۲۷ - ۷۲۸ - ۷۲۹ - ۷۳۰ - ۷۳۱ - ۷۳۲ - ۷۳۳ - ۷۳۴ - ۷۳۵ - ۷۳۶ - ۷۳۷ - ۷۳۸ - ۷۳۹ - ۷۴۰ - ۷۴۱ - ۷۴۲ - ۷۴۳ - ۷۴۴ - ۷۴۵ - ۷۴۶ - ۷۴۷ - ۷۴۸ - ۷۴۹ - ۷۵۰ - ۷۵۱ - ۷۵۲ - ۷۵۳ - ۷۵۴ - ۷۵۵ - ۷۵۶ - ۷۵۷ - ۷۵۸ - ۷۵۹ - ۷۶۰ - ۷۶۱ - ۷۶۲ - ۷۶۳ - ۷۶۴ - ۷۶۵ - ۷۶۶ - ۷۶۷ - ۷۶۸ - ۷۶۹ - ۷۷۰ - ۷۷۱ - ۷۷۲ - ۷۷۳ - ۷۷۴ - ۷۷۵ - ۷۷۶ - ۷۷۷ - ۷۷۸ - ۷۷۹ - ۷۸۰ - ۷۸۱ - ۷۸۲ - ۷۸۳ - ۷۸۴ - ۷۸۵ - ۷۸۶ - ۷۸۷ - ۷۸۸ - ۷۸۹ - ۷۹۰ - ۷۹۱ - ۷۹۲ - ۷۹۳ - ۷۹۴ - ۷۹۵ - ۷۹۶ - ۷۹۷ - ۷۹۸ - ۷۹۹ - ۸۰۰ - ۸۰۱ - ۸۰۲ - ۸۰۳ - ۸۰۴ - ۸۰۵ - ۸۰۶ - ۸۰۷ - ۸۰۸ - ۸۰۹ - ۸۱۰ - ۸۱۱ - ۸۱۲ - ۸۱۳ - ۸۱۴ - ۸۱۵ - ۸۱۶ - ۸۱۷ - ۸۱۸ - ۸۱۹ - ۸۲۰ - ۸۲۱ - ۸۲۲ - ۸۲۳ - ۸۲۴ - ۸۲۵ - ۸۲۶ - ۸۲۷ - ۸۲۸ - ۸۲۹ - ۸۳۰ - ۸۳۱ - ۸۳۲ - ۸۳۳ - ۸۳۴ - ۸۳۵ - ۸۳۶ - ۸۳۷ - ۸۳۸ - ۸۳۹ - ۸۴۰ - ۸۴۱ - ۸۴۲ - ۸۴۳ - ۸۴۴ - ۸۴۵ - ۸۴۶ - ۸۴۷ - ۸۴۸ - ۸۴۹ - ۸۵۰ - ۸۵۱ - ۸۵۲ - ۸۵۳ - ۸۵۴ - ۸۵۵ - ۸۵۶ - ۸۵۷ - ۸۵۸ - ۸۵۹ - ۸۶۰ - ۸۶۱ - ۸۶۲ - ۸۶۳ - ۸۶۴ - ۸۶۵ - ۸۶۶ - ۸۶۷ - ۸۶۸ - ۸۶۹ - ۸۷۰ - ۸۷۱ - ۸۷۲ - ۸۷۳ - ۸۷۴ - ۸۷۵ - ۸۷۶ - ۸۷۷ - ۸۷۸ - ۸۷۹ - ۸۸۰ - ۸۸۱ - ۸۸۲ - ۸۸۳ - ۸۸۴ - ۸۸۵ - ۸۸۶ - ۸۸۷ - ۸۸۸ - ۸۸۹ - ۸۹۰ - ۸۹۱ - ۸۹۲ - ۸۹۳ - ۸۹۴ - ۸۹۵ - ۸۹۶ - ۸۹۷ - ۸۹۸ - ۸۹۹ - ۹۰۰ - ۹۰۱ - ۹۰۲ - ۹۰۳ - ۹۰۴ - ۹۰۵ - ۹۰۶ - ۹۰۷ - ۹۰۸ - ۹۰۹ - ۹۱۰ - ۹۱۱ - ۹۱۲ - ۹۱۳ - ۹۱۴ - ۹۱۵ - ۹۱۶ - ۹۱۷ - ۹۱۸ - ۹۱۹ - ۹۲۰ - ۹۲۱ - ۹۲۲ - ۹۲۳ - ۹۲۴ - ۹۲۵ - ۹۲۶ - ۹۲۷ - ۹۲۸ - ۹۲۹ - ۹۳۰ - ۹۳۱ - ۹۳۲ - ۹۳۳ - ۹۳۴ - ۹۳۵ - ۹۳۶ - ۹۳۷ - ۹۳۸ - ۹۳۹ - ۹۴۰ - ۹۴۱ - ۹۴۲ - ۹۴۳ - ۹۴۴ - ۹۴۵ - ۹۴۶ - ۹۴۷ - ۹۴۸ - ۹۴۹ - ۹۵۰ - ۹۵۱ - ۹۵۲ - ۹۵۳ - ۹۵۴ - ۹۵۵ - ۹۵۶ - ۹۵۷ - ۹۵۸ - ۹۵۹ - ۹۶۰ - ۹۶۱ - ۹۶۲ - ۹۶۳ - ۹۶۴ - ۹۶۵ - ۹۶۶ - ۹۶۷ - ۹۶۸ - ۹۶۹ - ۹۷۰ - ۹۷۱ - ۹۷۲ - ۹۷۳ - ۹۷۴ - ۹۷۵ - ۹۷۶ - ۹۷۷ - ۹۷۸ - ۹۷۹ - ۹۸۰ - ۹۸۱ - ۹۸۲ - ۹۸۳ - ۹۸۴ - ۹۸۵ - ۹۸۶ - ۹۸۷ - ۹۸۸ - ۹۸۹ - ۹۹۰ - ۹۹۱ - ۹۹۲ - ۹۹۳ - ۹۹۴ - ۹۹۵ - ۹۹۶ - ۹۹۷ - ۹۹۸ - ۹۹۹ - ۱۰۰۰

کہتے ہین) اس زندگانی دنیا کے سوائے اور کسی حیات کی اعتقاد کا حکم نہین ہے۔ کل سلسلۂ قوانین موسوی کا دار و مدار دنیاوی سزا و جزا[1] پر ہے۔ حشر و نشر اور اوسکے لوازم کا اعتقاد حضرت موسیٰ کے زمانہ کے بعد یہود نے پیروان زردشت سے اخذ کیا تھا اور اس اعتقاد کی تصریح خاصتہً صحیفہ دانیال اور صحیفہ حزقیل مین ہوتی ہے۔ یہود کی قدیم کتابون مین جو ایک مقام کی کیفیت لکھی ہے جسکا نام شیول ہے اور جو نیک و بد سب کی ارواح کا مقر قرار دیا گیا ہے وہ کیفیت بھی عبرانی الاصل نہین معلوم ہوتی اور اولاد سام ابن نوح کے خیالات سے کچھ نسبت اور کچھ علاقہ ہی نہین رکھتے۔ اس مقام شیول مین انسان تسبیح و تہلیل و تحمید نہین[2] کر سکتا۔ یہود کے اعتقاد مین عالم ارواح یہی تھا اور مشرکین بھی اسی کے معتقد تھے اور اونکے نزدیک یہ وہ مقام تھا جہان روح غمگین اور سست اور بیچین رہتی ہے اور جن لوگون سے دنیا مین محبت رکھتی تھے اونکا کچھ حال نہین جانتی ہے بلکہ ہمیشہ اپنے ہی حال پر گریہ و زاری کیا کرتی ہے[3]۔ یہ کیفیت دین یہود کی ابتدا مین تھی۔ مگر آخر زمانہ مین اس دین مین بھی اعتقاد کامل عقبیٰ کا پیدا ہوا۔ یہود کی روایات مین جنات عدن کی تعریف اور عذاب جہنم کی مذمت خوب لکھی ہے[4]۔ دین مجوس کے دہری تاثیر قوم عبرانی پر ہوئی۔ یعنے اسی دین کی تاثیر سے یہود کو ادراک روحانی اور اعتقاد خالص آخرت کا ہوا اور اسی مذہب کی باعث سے اخبار یہود کے اعتقادات عذاب و ثواب اخروی مین مادیت اور جسمانیت کا رنگ پیدا[5] ہوا۔ زندگانی دنیا کے بعد حیات آخرت کا اذعان و اعتقاد کامل اگر ہوا ہے تو ممالک مشرقی مین اقوام ایرین کو ہوا ہے۔ خاندان ایرین کے

---

[1] الجر صاحب کی کتاب حیات الاخرت صفحہ ۱۵۷ - اور ملین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۱۱ و ۲۵ و ۷۵ وغیرہ ملاحظہ ہو ۲ - مؤلف [2] زبور ۶ آیت ۵ - ملاحظہ ہو ۱۱ - مؤلف [3] صحیفہ ایوب باب ۱۴ آیت ۲۲ - اور ڈاکٹر صاحب کی تاریخ یہود و مشرکین جلد ۲ صفحہ ۳۸۹ - اور الجر صاحب کی حیات الآخرت صفحہ ۱۵۱ و ۱۵۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [4] بشپ ملین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۲۴۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [5] الجر صاحب کی کتاب حیات الاخرت

بین دو باب ملاحظہ ہو جسمین یہ بیان کیا ہے کہ یہود کی ذہنیت کی بنا پر یہود کی اور کیونکر ہوئی صفحہ ۱۰۵ - ۱۲ مؤلف

ایک شعبہ مین یہ اعتقاد تناسخ ارواح کے پیرایہ مین جاری ہوا ہی جسکا مفاد و مآل یہ ہی کہ ولادت اور موت کا سلسلہ ہر فرد بشر مین ہمیشہ جاری رہتا ہی یا یہ اعتقاد اس صورت سے شایع ہوا ہی کہ دنیا دار الامتحان ہی اس دنیاے فانی سے رحلت کرنے کے بعد انسان کی روح فنا فی اللہ ہو جاتی ہے یا لاشے محض ہو جاتی ہی - اس خاندان ایرین کی دوسرے شعبہ مین آخرت کا اعتقاد اس پیرایہ مین جاری ہوا ہی کہ عذاب و ثواب کے درجے اوس معنی سے قرار دیے گئے ہین جس معنی سے اس زمانہ کے عیسائی اور مسلمان انسان کو مکلف یعنی نیک و بد کا ذمہ دار اور جواب دہ سمجھتے ہین - اس باب مین علما مین بہت اختلاف ہی کہ آیا پیروان زردشت یعنی مجوس ابتدا سے حشر و نشر جسمانی کے قائل تھے - ڈاکٹر صاحب اور برگوئن صاحب اور علماے یورپ کا قول یہ ہے کہ یہ اعتقاد فی الواقع پیروان زردشت کا نہ تھا بلکہ یہ اعتقاد اوس زمانہ کے بعد پیدا ہوا ہی اور شاید عبرانیون یعنی یہود سے اخذ کیا گیا ہی - خیر یہ تو جو ہو سو ہو - اسمین شک نہین ہے کہ آنحضرت کی بعثت کے زمانہ مین مجوس آخرت کا مضبوط اور کامل اعتقاد رکھتے تھے - اونکی مذہبی کتاب زندا وستا سے جو کچھ اسوقت تک باقی ہے عذاب و ثواب اخروی کا اعتقاد صاف ثابت ہوتا ہی - زندا وستا مین جو اعتقادات لکھے ہین اونپر مندرجہ

---

۵۱ اسپرنجر برہمنون نے عذاب جہنم اور نعمات بہشت کو بڑے شد و مد سے بیان کیا ہی اور آیات جسمانیات سے تعبیر کیا ہی - مگر غالبًا یہ جسمانی تعریفین بہشت و دوزخ کے عوام الناس کے سمجھانے کے لیے کی گئی ہین اور روحانی تعریفین یعنی مفہوم عقلی جنت و نار کا برہمنون نے اپنے لیے مخصوص رکھا ہے - جو ناظرین زبان عربی سے واقف ہین اونکو مناسب ہی کہ شہرستانی کے ملل نحل صفحہ ۴۴۶ - مین مذہب لوہاد کے اعتقادات جو آخرت کے بارے مین پوست کندہ بیان کیے ہین اونکو ملاحظہ کرین ۱۲ مؤلف

۵۲ البحر صاحب نے قوی وجوہ سے بیان کیے ہین کہ ابتدا مین پیروان زردشت حشر و نشر جسمانی کے قائل تھے - اس قول کے ابطال کی دلیل یہ نہین ہو سکتی کہ مجوس مردون سے کراہیت شدید رکھتے تھے کیونکہ غالبًا یہ کراہیت فرقہ ناکیسیا یعنی پیروان مانی کی صحبت سے اخیر سے پیدا ہوئی تھی ۱۲ البحر صاحب کی حیات الاخرت صفحہ ۱۳۸ - ملاحظہ ہو ڈاکٹر صاحب کی تاریخ مشرکین و یہود جلد ۲ صفحہ ۴۰۹ - نیز دیکھیے کہ آنحضرت کے زمانہ مین پارسی لوگ مردون سے کسقدر کراہت کرتے ہی ۱۲ مؤلف ۵۳ یہ

بندہش مین اور کچھ اضافہ کیا گیا ہی اور جو پارسی ان دونون کتابون پر عمل کرتے ہین اونکا
اعتقاد یہ ہی کہ مرنے کے بعد آدمی کے جسم پر شیاطین مسلط ہوجاتے ہین مگر تیسرے روز
آدمی کو ہوش و حواس پھر آجاتے ہین اور جن ارواح نے دنیا مین اغوای شیطانی سے گناہ
کیے ہین وہ اوس ہولناک پل سے نہین گذر سکتین جسکا نام چناوہ ہی اور جہان آدمی کے
مرنے کے بعد تیسری شب کو اوسکی روح کو لیجاتے ہین - مگر نیک آدمیون کو نیر اسپ (جسکو اس
زمانہ کے فارسی مین ایزد کہتے ہین) بآسانی اوس پل سے گذر لیجاتا ہی اور داخل بہشت ہوکر وہ
ارمزد اور امشاسپندہ سے ملاقات کرتا ہی جو تختہاے طلائی پر بیٹھے ہوے حوران بہشت کی صحبت
سے محظوظ اور تمام لذات سے متلذذ ہوتے ہین - اور گنہگار آدمی اوس پل سے نیچے
گر پڑتا ہی اور فرشتگان عذاب اوسکو کشان کشان دوزخ مین لیجاتے ہین - اور اس عذاب کی
مدت کو ارمزد مقرر کرتا ہی اور بعض گنہگار اپنے دوستون کی التجا یا شفاعت سے بخش دیجاتے
ہین اور آخر زمانہ مین ایک پیغمبر پیدا ہوگا جو دنیا سے ظلم و شر کو دفع کریگا اور جسکی حکومت
مین سب کو راحت[1] ہوگی - اور اسکے بعد تمام عالم مین حشر برپا ہوگا اور اعزا و احباب
سے پھر ملاقات نصیب ہوگی - اس ملاقات سے جو فرحت ہوگی اوسکے بعد نیکون اور
بدون مین پھر جدائی ہوجایگی اور گنہگار اور بیدین عذاب الیم مین مبتلا ہونگے -
اور اہرمن نہایت ملول و محزون پل چناوہ پر ادھر اودھر دوڑتا پھریگا - اور ایک دم دار
ستارہ زمین پر گریگا جس سے ساری دنیا مین آگ لگجایگی اور پہاڑ پگھل پگھل کر مس گداختہ
کے مانند بہجائین گے اور تمام بنی آدم چہ نیک و چہ بد اس دریاے آتشین سے عبور کرکے پاک و
پاکیزہ نکل آئین گے - یہانتک کہ خود اہرمن بھی بدل جایگا اور دوزخ پاک ہوجائیگا -
پھر یہ ندی بالکل فنا ہوجایگی اور سب بنی آدم بہ عیش و عشرت تمام بسر کرینگے -

[1] شہرستانی نے ملل و نحل مین مجوس کے اس پیغمبر آخرالزمان کا نام اشدیر کا لکھا ہی - مگر موبدین پارسی اسکا نام سوشیانس لکھتے ہین

مورخین ایشیا اور مورخین یورپ دونون نے اوس مذہب[۵۱] کی اعتقادات پہ لکھے ہین جنکا خلاصہ عرض کیا گیا- اسمین شک نہین ہے کہ اس دین کی تاثیر اون سب مذاہب[۵۲] پر ہوئی ہے جو اولاد سام ابن نوح مین شایع ہین علی الخصوص اسلام پر اسکی تاثیر ہوئی ہے کہ یہ دین تمام ادیان کے خوبیون کا ترجمہ ہے-

جب حضرت یسوع[۵۳] ناصری مبعوث بہ رسالت ہوے تو اہل فنیسیہ اور[۵۴] اہل عشر کا زمانہ گذر چکا تھا- اوس زمانہ مین رومیون کی سلطنت دنیا مین تھی اور رومی بھی ایسے جو سب باتون مین یونانیون کے مقلد تھے اور جنکو ممالک مشرقی مین صرف دین مجوس آگے بڑھنے دیتا تھا یہود کی آزادی اور خودسری ہمیشہ کے لیے فنا ہوگئی تھی اور ایک ذلیل مسخرہ حضرت داؤد کا خلیفہ بنا تھا- اوس سرکش کو وہ بادشاہ دبائے رہا جو سلیوقوس بادشاہ شام سے بھی زیادہ زبردست تھا- ہر قوم اپنے ملک اور اپنے دین کے عاشق زار ہوتی ہے اور اپنی[۵۵] شخصیت مرتی ہے- علی ہذا القیاس جب یہودی زمانہ روز بروز خلاف ہوتا گیا تو روز بروز انکو یہ اُمید ہوتی گئی کہ کوئی پیغمبر فرستادہ خدا ہماری عظمت و شوکت گذشتہ کو بحال کریگا- اور ہمکو اس قابل[۵۶] کریگا کہ ظالمون کی گردنون کو اپنے پاؤن سے توڑ ڈالین گے- تمام انبیاء بنی اسرائیل نے اس مضمون کو بعبارت رنگین بیان کیا ہے کہ اخیر زمانہ مین ایک مسیح پیدا ہوکر بنی اسرائیل کی سلطنت کو دنیا مین دوبارا قائم کریگا- ممالک مشرقی مین دین مجوس کی تاثیرات سے اور ممالک مغربی مین حکماے یونان کے اقوال کے اثر سے یہود کے بعض فرقون مین اعلے الخصوص اون فرقون مین جنپر غیر[۵۷] صوبہ دار روم کی

---

۵۱ یعنی دین مجوس ۱۲- سترجم ۵۲ یعنے دین یہود اور دین نصاری ۱۲- سترجم ۵۳ یہ حضرت عیسی کا عبرانی نام ہے اور یہودی اور اونکی بہت نصاری کہلاتی ہے ۱۲- سترجم ۵۴ یعنی اہل شام اور اہل بابل ۱۲- سترجم ۵۵ یہود کا اعتقاد یہ ہے کہ ایلیاہ نبی یا اور کوئی پیغمبر آخر زمانہ مین دوبارا مبعوث ہوکر ہماری سلطنت کو بحال کریگے مگر اس سے یہ نہین لازم آتا جیسا الجاحب نے گمان کیا ہے کہ یہود تناسخ ارواح کے قائل ہین ۱۲- سترجم ۵۶ یہ عطوس اور طرہاس قیصران رومیہ الکی کیطرف سے شیاے کو پکہ یعنی شمالات وغیرہ کا عامل تھا اور اسی کے عہد حکومت مین حضرت عیسی مبعوث ہوئے تھے اور پانیٹس پایلیٹ حاکم یہود جس

حکومت مین یونانیت غالب ہوگئی تھی اور اسرائیلیت ضعیف ہوگئی تھی مسیح کا اعتقاد نہا ضعیف اور سہم ہوگیا تھا یا صرف عوام کا لانعام مین باقی رہگیا تھا - مگر شپ ملمین صاحب نے کیا خوب فرمایا ہے کہ اس زمانہ مین فلسطین کے یہود نے مختلف اسباب و علامات کو دیکھکر یہ پیشین گوئی کی تھی کہ اخیر زمانہ مین ایک مسیح خروج کریگا اور سب خرابیون کی اصلاح دفعتہً کریگا اور مُردے زندہ ہوجائینگے اور مسیح کی سلطنت تمام عالم[1] مین ہوجاے گی - اور یہ سب واقعات فوراً وقوع مین آئینگے یا ایک دوسرے کے بعد متواتر واقع ہونگے - اور وہ مسیح حضرت داؤد کی نسل سے ہوگا اور اسباط بنی اسرائیل کی اولاد اجداد کو ساری دنیا سے سمیٹ کر یکجا کریگا اور اونکے دشمنون کو نکالدیگا اور فنا کردیگا - اور اوس مسیح کے عہد حکومت مین اہل قبور زندہ ہوجائینگے اور حشر و نشر ہوگا مگر صرف انبیا و[2] بنی اسرائیل پر محدود و منحصر رہیگا - الغرض - اس سب جوش و خروش مین اور ان سب بہم خواہشون مین حیات جاودانی اور راحت ابدی کی اُمیدین ضرور آمیختہ تھین - جب یہود پر غایت درجہ یاس و ہراس طاری ہوا اور بیرونی اعانت و امداد کی امید غالب ہوئی تو ایسی خیالات اونکے دلمین پیدا ہوے - اور ایک فرقہ کو یہ امید ہوئی کہ ایک آسمانی سلطنت قائم ہوگی جسکا بادشاہ خود خداوند عالم ہوگا اور بندگان خدا ظلم صریح اور جور شدید سے محفوظ رہکر آسایش تمام بسر کرینگے - دوسرے فرقہ کو یہ توقع ہوئی کہ انھین یا ایسے ہی ذریعون سے اغیار اور کفار قتل کیے جائینگے اور آسمانی سلطنت قائم ہوگی -

مسیح کے باب مین ان پیشین گوئیون کی ابتدا اوسوقت سے ہوئی جسسے یہود پر آفتین آنی شروع ہوئین - جتنی پیشین گوئیان اس باب مین ہوئی ہین کہ آخر زمانہ مین ایک نجات دہندہ بنی آدم کا پیدا ہوگا اون سب کی اصل ایک ہی ہے اور ایسی سب پیشین گوئیون کی تکمیل کسی

[1] ایک گروہ مسیحیون کا بھی اعتقاد تھا کہ مسیح فوق العالم پیدا ہوگا اور اسکا ملک آسمان پر ہوگا - مرتب [2] ملمین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۲۰۰ - اور حاشیہ ۱ متعلقہ باب ۱۰ - ملاحظہ ہو ۱۱ مرتب [3] عیسائیون کے

ایسے برگزیدہ بندہ مین ہوئی ہے جسکی اپنی عقل و ادراک کے موافق اوس فرض کو ادا کیا ہے جو خداوند عالم نے اوس سے متعلق کر دیا ہے مگر جسنے کچھ نہ کچھ اون مبہم پیشین گوئیون کے خلاف بھی ضرور کیا ہے جو پیشین گوئیون اور غیب دانون نے عوام الناس سے اوس عالم مین کی تھین جبکہ وہ اپنے اخلاقی اور تمدنی خرابیون پر رو رہی تھے اور خدا سے دعا مانگ رہی تھے کہ ہماری حال پر رحم کر اوس عالم یاس ہراس اور ذلت و نکبت مین ایسی بشارتون سے عوام الناس کو بڑی تشفی اور تسکین ہوئی۔ الغرض۔ یہود کا اعتقاد مسیح موعود کے باب مین ایسا تھا جب حضرت عیسیٰ مبعوث ہوئے۔

جن روایات مین حضرت مسیح کے احکام منقول ہین اونمین اخراج و انتخاب اس کثرت سے ہوا ہے کہ اس زمانہ مین یہ کہنا تقریباً محال ہے کہ کون سے الفاظ فی الواقع اونھون نے فرمائے تھے اور کون سے الفاظ نہین فرمائے تھے[۱] لیکن خیر۔ اناجیل اربعہ جس حیثیت سے وہ اب موجود ہین اوسی حیثیت سے اونکو دیکھیے اور اوسیقدر اعتبار اونکا کیجیے جسقدر اور مذہب کی کتابون کا کیا جاتا ہے (مگر اونکے باطن یعنی اصل منشا سے چشم پوشی نہ کیجیے اور بعض عیسائیان پاک اعتقاد کیطرح اونکے معانی مین تاویل کرکے محالات عقلی کا استنباط اونسے کیجیے جیسے وحدت فی التثلیث اور قلب ماہیت[۲] کا مسئلہ ہے) تو اون روایات کے دیکھنے سے جو اناجیل اربعہ اور مکاشفات حواریین وغیرہ مین منقول ہین صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ "ایک آسمانی سلطنت" یعنے روز قیامت کا خیال حضرت مسیح کے دلمین سب خیالات پر غالب تھا۔ اونکے کلام مین جابجا یہی لکھا ہے کہ ابن آدم آیا ہے اور خدا کی سلطنت[۳] قریب ہے اور یہ سلطنت اوس نظام تمدن اور اوس طرز حکومت کے بدلے قائم ہونے والی تھی جسکو حضرت مسیح بالکل ناقص اور قبیح سمجھتے تھے۔ اونکے کلام سے اونکے حواریین کو بارہا یہ گمان ہوا ہے کہ یہ نئے پیغمبر اسلئے

[۱] حاشیہ ۲۔ متعلقہ باب ۱۶۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۲] یہ مسئلہ روسن کیتھولک کے اصول عقادات مین داخل ہے کہ پادری کی دعا کی برکت سے نان فطیر اور شیرہ انگور بسبب قلب الماہیت ہوکر حقیقۃً و مجازاً حضرت مسیح کا گوشت و خون ہو جاتا ہے جسکے کھانے سے گنہگار روح کے

مبعوث ہوے ہین کہ فقط فقرا و مساکین کو عزت اور راحت بخشین اور جس سلطنت آسمانی کی امید دلاتے ہین اوسمین صرف غریبون کا بھلا ہوگا بلکہ اونھین کی حکومت ہوگی۔ کیونکہ اغنیا اور اہل دولت پر حضرت مسیح نے سخت لعنت[1] کی ہے۔ اور بارہا حضرت عیسیٰ کے کلام کے معنی حواریین یہی سمجھے ہین کہ انبیا اور غیب دانان سلف نے جو پیشین گوئیان مسیح کے باب مین کی ہین وہ بیشارتین لفظاً بالفظ پوری ہونگی۔ اور بعض اوقات حواریین آسمانی سلطنت سے ایک دنیاوی سلطنت سمجھے ہین اور نجات اُخروی کے معنی صرف یہ سمجھے ہین کہ روح اس دنیاے فانی کے قید حیات سے رہا ہوجائیگی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان سب تصورات نے حضرت عیسیٰ کے دل مین یکبارگی خطور کیا تھا[2]۔ مگر جو قوم اوس زمانہ مین حاکم تھی اوسکے تعصب و نفسانیت کے باعث سے اور سلطنت قاہرۂ رومۃ الکبریٰ کے رعب و ہیبت کیوجہ سے حضرت عیسیٰ کے مواعظ سے اوس زمانہ کے نظام تمدن مین کوئی تغیر فوری نہ ہوسکا۔ اور جب حالت موجودہ کی اصلاح کی امید بالکل منقطع ہوگئی تو آیندہ کے رفاہ و بہبود کی امیدین اور حوصلے لوگون کے دلون مین پیدا ہوے۔ حضرت عیسیٰ کو معلوم ہوا کہ یہ حالت موجودہ زیادہ عرصہ تک نہ باقی رہیگی۔ بلکہ بنی آدم کی اصلاح حال کا زمانہ قریب[3] آگیا ہے۔ یعنے وہ زمانہ قریب آگیا ہے جب خود حضرت عیسیٰ[4] لباس نور سے ملبوس سریر سلطنت پر جلوہ آرا ملائکہ اور حواریین کے غول مین اور ابر کے سایہ مین آسمان پر ظاہر[5] ہونگے اور اہل قبور زندہ ہوجائین گے اور حضرت مسیح[6] اونکا انصاف اور دادرسی کرینگے۔ اور خاصان خدا اور برگزیدگان درگاہ کبریا کو ایک

---

[1] لوقا کی انجیل باب ۶ آیت ۲۰ ملاحظہ ہو۔ متی کی انجیل مین لفظ غربا کی جگہ ہے روحانی غربا۔ لکھا ہے مگر لوقا کا قول اسوجہ سے زیادہ معتبر معلوم ہوتا ہے کہ اوس زمانہ کے حکام اور اہل دول کے ناخدا ترسی اور عیاشی کے سبب سے حضرت عیسیٰ کو اونسے ضرور نفرت بکلی ہوگئی ہوگی ۱۲۔ مؤلف [2] رینن صاحب کا تذکرہ حضرت مسیح صفحہ ۲۸۲۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [3] متی کی انجیل باب ۱۰ آیت ۲۳ اور باب ۱۶ آیت ۲۸ اور باب ۲۴ آیت ۳۴ اور باب ۲۶ آیت ۲۱۔ ۱۲۔ مؤلف

مرغوب ومحبوب مقام پر بھیجدینگے جو ابتداے خلقت عالم سے اونکے لیے تیار ہے اور گمراہون بے ایمانون کو آتش جہنم مین ڈال دینگے جو شیطان اور اوسکے حوالی موالی کے لیے ابدالاباد تک مشتعل رہیگی جہان وہ گریہ وزاری کیا کرینگے اور اپنے دانت کٹکٹایا کرینگے اور خاصان خدا کو جنکی لعد آدبہت نہوگی ایک عالیشان اور نورانی مکان مین لیجائینگے وہان اونکی دعوتین ہونگی جنمین بنی اسرائیل کے جدا علی یعنے حضرت ابراہیم اور انبیاء مقدسین ومرسلین اور شہداء وصدیقین صدر نشین ہونگے اور جنمین خود حضرت عیسیٰ بھی شریک ہونگے - خود حضرت مسیح کے کلام سے ظاہر ہے کہ یہ نئی آسمانی سلطنت قائم ہونا اور اونکا دوبارہ زمین پر تشریف لانا اور حشر ونشر برپا ہونا یہ سب واقعات عنقریب وقوع مین آئینگے - کیونکہ اونہون نے حواریین کو یقین دلایا ہے کہ خدا کی سلطنت کا زمانہ قریب ہے پس اس حیات چند روزہ کے حوائج واشغال کی فکر کرنا محض عبث وبیکار ہے

چونکہ یہ کلام حضرت عیسیٰ کا اوس کیفیت کے موافق تھا جو اوس زمانہ کے حالات سے حواریین کے مزاج کی ہوگئی تھے لہذا یہ کلام اونکے دل پر نقش کالحجر ہوگیا اور اونکو یقین واثق اور اعتقاد کامل ہوگیا کہ یہ پیشین گوئی جو حضرت مسیح نے کی ہے کہ آسمانی سلطنت دنیا مین قائم ہوگی اور اوسکا بادشاہ مین ہونگا اور اہل قبور زندہ ہوجائینگے - یہ لفظاً بالفظ پوری ہوگی - چنانچہ رنین صاحب مورخ فرانسیسی تذکرہ مسیح صفحہ ۲۸۷ مین لکھتے ہین کہ "اگر عیسائیون کے پہلی نسل کو کسی بات کا یقین کلی اور اعتقاد کامل تھا تو اس

لہ متی کی انجیل باب ۲۵ - آیت ۴۱ - ۱۲ مؤلف لہ لوقا کی انجیل باب ۱۳ آیت ۲۲ - ۱۲ مؤلف لہ متی کی انجیل باب ۱۳ آیت ۱۱ - اور لوقا کی انجیل باب ۱۳ - آیت ۲۸ - اور باب ۲۲ - آیت ۳۰ - ۱۲ مؤلف لہ متی کی انجیل باب ۲۶ - آیت ۲۹ - ستاخرین محدثین مسیحی نے بہشت اور دوزخ کی تعریف اس سے بھی زیادہ لکھی ہے اور بڑے بلند پرواز بیان اور نادر خیالیان کی زمین جو وحی والہام کے نام سے مشہور ہین کو بعض فرق نصاری نے اونکو نہین تسلیم کیا ہے - مکاشفات حواریین مین مکاشفہ ۲۱ - آیت ۱ - ۲۱ - اور مکاشفہ ۲۲ - آیت ۲ ملاحظہ ہو - محدثین مسیحی کی مخالف وحرافت اور مذاہب کے محدثین کی روایات سے کچھ کم نہین ہے - چنانچہ وہ روایت دیکھئے جو اریوس نے یوحنا واری سے نقل کی ہے کہ بہشت میرے گھر کے برابر ہے اور آسمان سے ایک بڑا شہر اترے گا جو ۱۲ ہزار فرلانگ لمبا ہوگا اور اوسکی دیوار ۱۴۴ ہاتھ اونچی ہوگی

امر کا تھا کہ اس دنیا کا خاتمہ عنقریب ہوگا اور مسیح کی پیشین گوئی جلد پوری ہوگی۔ جب کلیسیای مسیحی بخوبی قائم اور مرتب ہوچکا اوسوقت عیسائیون کے خیالات مین اتنی وسعت اور ترقی ہوئی کہ اوس دائرہ سے آگے بڑھے جو یہود نے باندھ رکھا تھا اور اوس "آسمانی سلطنت" کے خواب وخیال کو فراموش کرکے فلسفۂ روم ویونان کے معرکہ مین قدم رکھا اور اپنے دین کو بے شمار وحشی قومون مین جاری کیا جو حضرت عیسیٰؑ اور اونکی والدہ کو اشتال واشباہ اپنے قدیم معبودون اوڈن اور فریا کے سمجھنے لگی جنکی پرستش وہ جنگلون مین کیا کرتے تھے۔ مگر اس "آسمانی سلطنت" کی امید اور نبی ناصریؑ کی دوبارا آنے کی توقع نے تلاطم وانتشار کے زمانہ مین عیسائیون کو بارہا سخت حیران وپریشان کیا ہے۔ بہ مرور دہور اور ترقی وتہذیب عقل کیوجہ سے "خدا کی سلطنت" کا اعتقاد یا تو روحانی محض رہگیا ہی یا بالکل زائل ہوگیا ہے یا اگر یہ اعتقاد ابتک اپنی ہیئت اصلی پر باقی ہے تو چند راسخ الاعتقاد عیسائیون مین اونکے حالات مخصوصہ کی وجہ سے باقی رہگیا ہے۔

پس آنحضرتؐ کی بعثت کے وقت مختلف اہل مذاہب وادیان کے اعتقادات آخرت کے باب مین ایسے تھے جیسے بیان کیے گئے۔

دین اسلام مین آخرت کا اعتقاد خاص کر اس یقین پر مبنی ہے کہ اس دنیا کے فانی کے بعد جو ایک عالم جاودانی آئیگا اوسمین ہر مکلف کو خواہ مرد ہو خواہ عورت اون اعمال کا حساب دینا پڑیگا جو اوسنے اس دنیا مین کیے ہین اور ہر شخص کی سزا اور جزا اسیر موقوف ہوگی کہ وہ اپنے خالق کے احکام کو کسطرح بجالایا ہی۔ مگر اوسکا فضل ورحمت بے حد ہے اور سب بندون پر برابر ہوگا۔ اصل اعتقاد آخرت اسلام مین یہی ہی باقی سب اسکے فروع ہین اور صرف اتنی ہی بات کے قبول کرنے اور اسی پر ایمان لانے کا حکم ہی ہی۔ اور جتنی امور

* اور ذی شعور عیسائیون سے اگر صحبت کا اتفاق ہوا ہو تو ہمارے اس بیان کی صحت مین کسی کو شک نہین ہوسکتا ہے اور اگر کسی کا اعتقاد نہین ہے تو اوسکو اختیار ہے۔ ۱۲ مؤلف

[1] جسٹس لمین صاحب کی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۳۷۹ بھی ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [2] مجھکو فہمیدہ وسنجیدہ

آخرت سے متعلق ہین وہ سب اسی اصل کے فروع ہین خواہ اونکا استخراج خود پیغمبر خدا نے وحی و الہام سے کیا ہے خواہ اوس زمانہ کی قومون اور لوگون مین جو روایات مشہور تھے اونمین توافق کرکے اونسے ان فروع کا استنباط کیا گیا ہی - اگر اس سے قطع نظر کیجاے کہ جتنے اعتقادات عذاب و ثواب اخروی کے نسبت ہین بلکہ یہ کہئے کہ جتنے اقوال مطلق حیات بعد الموت کے باب مین ہین آیا وہ محض ذہنی ہین یا وجود خارجی بھی رکھتے ہین تو بھی یہ سمجھنا چاہیئے کہ ایسے ہی اعتقادات سے تمام مصلحان بنی آدم اور مہذبان اخلاق کو نہایت قوی ذریعہ اشخاص اور اقوام کا حال چلن درست کرنے کا بہم پہونچا ہے - لکن اگرچہ ہر مذہب مین حساب آخرت کا اعتقاد کم و بیش موجود ہے تاہم اسکی حقیقت کوئی مذہب بخوبی نہین سمجھا ہے اور کسی ملت نے اسکو دائمی ذریعہ عوام الناس کی تہذیب اخلاق کا نہین گردانا ہی - خیر محض لینے نیکی کرنا صرف اس خیال سے کہ نیکی فی نفسہ اچھی چیز ہے صرف چند اعلی درجہ کے نفوس زکیہ اسکا تعقل کرسکتے ہین - مگر اوسط درجہ کے عقول کے لیئے اور عوام کالانعام کے واسطے کسی پیغمبر یا شارع کے احکام کا ہونا ہمیشہ ضرور ہوگا -

اب ان احکام کی حقیقت ملاحظہ کیجیے اور یہ سمجھ لیجئے کہ یہ ہرگز ممکن نہین ہے کہ لذت روحانی یا الم روحانی کا تصور عوام الناس کو ہوسکے بے اسکے کہ وہ لذت اور الم جسمانیات اور مرئیات کے پیرایہ مین بیان کیا جاے یا اوسکے اظہار مین مرئیات و مشاہدات کو دخل دیا جاے - فلاسفہ نے معقولات ذہنی محض پر بہت کچھ بحث کی ہے بے اسکے کہ اونکو کسی خارجی پیرایہ مین لاکر دکھا دیا ہو - ایسے معقولات اور ایسے خیالات کا بھی ایک زمانہ تھا اور ایک زمانہ مین یہ رائج بھی ہوئے اور زائل بھی ہوگئے مگر اونکا اثر کسی پر خاک بھی نہ ہوا سواے چند خواب و خیال دیکھنے والون کے جو اپنی

اوہام فاسدہ اور تخیلات بیجا مین ہمیشہ مبتلا رہتے تھے۔

آمدم برسر مطلب۔ آنحضرتؐ کا خطاب فقط اون چند حکمار کے عقول عالیہ سے نہ تھا جو اوس زمانہ مین موجود تھے بلکہ آپؐ کا خطاب اپنے گرد و نواح کے سب قومون سے تھا جو ہر قسم کے کفر و الحاد اور مادہ پرستی مین سرشار تھے۔ لہذا آپؐ کو سب کے عقول کے موافق کلام کرنا پڑا بمقتضا نکلموا الناس علے قدر عقولھم قحط زدہ اعراب صحرائی کو اس سے زیادہ کیا چیز مرغوب و مطبوع ہوتی اور نعمات بہشت کی حقیقت وہ اس سے زیادہ اور کس بات سے سمجھ سکتے تھے کہ صاف اور شفاف پانی[1] کی نہرین یا شیر و شہد کے دریا جاری ہونگے اور بے حد میوے کھانے کو ملینگے اور بے انتہا سرسبزی و شادابی ابدالآباد تک رہیگی۔ اون وحشیون کے ذہن مین کوئی نعمت ان لذات جسمانی سے خالے نہ آسکتی تھی یہی حجت اون علماے اسلام نے کی ہے جو شل حکیم سنائی اور امام غزالی کے اسکے قائل ہین کہ لذات جسمانی کو حور و قصور اور اشجار و انہار اور اشیاے خارجی کے پیرایہ مین بیان کیا ہے مگر اس سب کے معنے باطنی اور ہین یعنی باطناً اس سے یہ مراد ہے کہ جب وہ حجاب اوٹھ جائیگا جو انسان اور اوسکے خالق کے درمیان حائل ہے اور جب روح اس لباس جسمانی سے سبکدوش اور اس دنیاے فانی کے قیدخانہ سے رہا ہو جائیگی اوسوقت بہترین لذات اوسکو یہ لذت حاصل ہوگی کہ نور الٰہی و جمال کبریا کو مشاہدہ کریگی۔ اور اس قول کی تائید مین اونھون نے بعض آیات[2] قرآنی اور چند احادیث معتبرہ نقل کیے ہین۔ چنانچہ ایک حدیث مین آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ دو مقرب ترین

---

[1] ایک عجیب حکایت ایک اعرابی کی لکھی ہے کہ امیر الرشید کی سخاوت کی کیفیت اوسنے سنی اور اتفاقاً ایک کنوان اوسنے دیکھا جسمین آب باران بھرا ہوا تھا اور اوسکے پانی کو چکھا تو بیحد عمدہ کے آب شور کے مقابلہ مین بہت خوشگوار پایا اور سمجھا کہ یہ پانی بہشت سے آیا ہے اور کسیقدر اوسمین سے خلیفہ کو لاکر نذر دیا ۱۲۔ [2] یَا اَیَّتُھَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّۃُ ارْجِعِیْ اِلٰی رَبِّکِ رَاضِیَۃً مَّرْضِیَّۃً فَادْخُلِیْ فِیْ عِبَادِیْ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ

بندگان خدا وہ بندہ ہی جو اپنے پروردگار کے مُنھ کو لینے اوسکی عزت وجلال کو صبح وشام دیکھے گا اور یہ لذت تمام لذات جسمانی پر اسطرح فائق ہوگی جسطرح ایک قطرہ آب ایک بحر مواج مین ہے ایک روز آنحضرتؐ نے ابوہریرہ سے فرمایا کہ خدا نے اپنے نیک بندون کے لیے وہ چیز بنائی ہے جسکو کسی آنکھ نے نہین دیکھا اور نہ کسی کان نے سُنا ہی اور نہ کسی کے ذہن مین خطور کرسکتی ہے اور اسکے بعد یہ آیت پڑھی[۱] اما الذین امنوا وعملوا الصّٰلحٰت فلھم جنّٰت المأوی نزلا بما کانوا یعملون دوسری حدیث مین آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ نیک آدمیون کو خدا کا دیدار نصیب ہوگا اور آیت ذیل مین اسکی طرف اشارہ کیا ہی[۲] للذین احسنوا الحسنیٰ وزیادۃ ولا یرھق وجوھھم قتر ولا ذلۃ اولئک اصحاب الجنۃ ھم فیھا خالدون قرآن مجید مین دو قسم کے آیات ہین محکمات اور متشابہات۔ متشابہات کی نسبت بعض متکلمین کے اقوال اس آیت پر مبنی ہین ھو الذی انزل علیک الکتاب منہ ایات محکمات ھن ام الکتاب واخر متشابھات فاما الذین فی قلوبھم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون اٰمنا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب سورہ آل عمران آیت ۵۔ ایک فرقہ اہل اسلام کا یہ قول ہے کہ لذات والام اُخروی محض ذہنی اور روحانی ہونگے کیونکہ الم شدید روحانی اذیت جسمانی کے بہ نسبت زیادہ موذی ومولم ہوتا ہی اور اسیطرح سے لذت روحانی سرور جسمانی سے کہین زیادہ مفرح ومنشط ہوتی ہی اور چونکہ موت جسمانی کے بعد انسان کی روح خدا کیطرف رجوع کرتی ہے جیسا قرآن مجید مین جابجا فرمایا ہی یا خالق ارواح سے جاکر ملجاتی ہی لہذا تمام لذات والام جنکو آنحضرتؐ نے الہاماً بعبارت

[۱] قرآن مجید سورۃ سجدہ آیت ۱۷۔ مشکات کتاب ۲۲۔ باب ۱۲۔ جزو ۱۔ [۲] قرآن مجید سورہ یونس آیت ۲۷۔ علامہ زمخشری نے تفسیر کشاف صفحہ ۲۴۲ مین مختلف متکلمین اور فرق اسلام کے اقوال رویت کے باب مین تفصیلاً بیان کیے ہین علی الخصوص

رنگین اس غرض سے بیان کیا ہے کہ عوام کالانعام ان اعتقادات حقہ کو بخوبی سمجھ سکین ذہنی اور روحانی ہونگے۔ اس فرقہ مین بڑے بڑے صوفی داخل ہین۔

مگر جمہور اہل اسلام قرآن کی عبارات رنگین کے معانی حقیقی لفظی کا اعتقاد رکھتے ہین ہم ان مختلف اقوال و اعتقادات پر اپنی رائے کچھ نہین بیان کرتے۔ البتہ عذاب و ثواب اخروی کا ذکر جو قرآن مجید مین ہے اوسکی نسبت اپنا اعتقاد عرض کرتے ہین۔

قرآن مجید کو بغور دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلعم کے نفس قدسی کو کمال اوسیطرح تدریجًا حاصل ہوا جسطرح حضرت عیسیٰؑ کو عرفان تدریجًا حاصل ہوا تھا۔ تاریخ عالم مین رسول اللہ صلعم اور حضرت عیسیٰؑ یہی دو پیغمبر سب سے بزرگ معلوم ہوتے ہین لہذا ہم ان دونون بزرگوارون کو ایک نظر سے دیکھتے ہین۔ یہ کمال نفسانی حضرت عیسیٰؑ کو تدریجًا کیونکر حاصل ہوا یہ اس امر سے ظاہر ہے کہ جب اس دنیاے فانی سے کوچ کرنے کا زمانہ قریب آیا تو "آسمانی سلطنت" یعنے روز قیامت کی خبر اونھون نے ایسی دی جس سے روحانیت ٹپکتی ہے اور اس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اخیر زمانہ مین حضرت عیسیٰ کا طرز کلام غیر بنی اسرائیل[1] کی نسبت بدل گیا تھا۔ ابتدا[2] مین تو حضرت مسیحؑ کے خیالات بالکل اپنی قوم یعنے بنی اسرائیل مین محدود تھے مگر جتنا ایمان و عرفان کا درجہ بڑھا اوتنی ہی اونکے دل[3] مین زیادہ وسیع ہمدردیان پیدا ہوئین۔

پس جو حال حضرت عیسیٰؑ کا ہوا وہی کیفیت بعینہ رسول اللہ صلعم کی ہوئی۔

وہ مختلف سورے قرآن مجید کے جنمین بہشت کی کوائف و حالات بیان کئے ہین خواہ اونکے معنی حقیقی لیے جائین خواہ مجاز و استعارہ سمجھا جاے کلًا یا جزًا مکی ہین یعنے مکہ مین نازل ہوے تھے۔ غالبًا ابتداء بعثت مین جب عرفان کا درجہ ابتدائی تھا

[1] یعنی وہ لوگ جو بنی اسرائیل سے نہ تھے ۱۲ مترجم [2] متی کی انجیل باب ۱۰ آیت ۵۔ اور باب ۱۵ آیت ۲۴-۲۶-۲۷ مؤلف [3] متی کی انجیل باب ۲۸ آیت ۱۹ و ۲۰ و مرقس کی انجیل باب ۱۶ آیت ۱۵ و لوقا کی انجیل باب ۲۴ آیت ۴۷ اور اعمال کی کتاب باب ۱ آیت ۸ اور باب ۲ آیت ۳۸ و ۳۹ اور باب ۱۰ آیت ۴۳ اور باب ۱۳ آیت ۳۸ و ۳۹ اور باب ۲۶ آیت ۱۸ مؤلف

آنحضرتؐ کو بعض اون روایات کا یقین تھا جو آپؐ کے قرب وجوار کی قومون مین مشہور تھین - مگر جب عرفان کا درجہ بڑھا اور خداوند عالم سے تقرب و توسل زیادہ ہوا تو وہ خیالات جنسے پہلے مادیت اور جسمانیت ٹپکتی تھی اب محض روحانی ہوگئی - آپؐ کا نفس قدسی کو اوتنا ہی کمال حاصل ہوتا گیا جتنا زمانہ ترقی کرتا گیا اور جتنا عرفان کا درجہ بڑھتا گیا اور جتنے صحابہ رضی اللہ عنہم کو روحانیات کی فہم و ادراک کی قابلیت آتی گئی - یہی وجہ ہے کہ جو سورے بعد نازل ہوے اونمین جسمانیات روحانیات کے ساتھ بالکل مخلوط و ممزوج ہوگئی ہین - گلذار جنت مین انہار کا جاری ہونا اور سایہ کا ہمیشہ رہنا اور ہر نعمت کا بافراط ہونا اور سب اہل بہشت مین باہم اتفاق و اتحاد ہونا - یہ سب باتین تشنہ و گرسنہ بے آب و گیاہ صحرانشینان عرب کو کسقدر مرغوب و مطبوع تھین اور کیسی فصاحت و بلاغت سے انکو بیان کیا ہے - مگر صالحین سے جس نعمت اور جس لذت کا وعدہ فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ ابدالآباد تک باامن عافیت اپنے خالق کے حضور مین حاضر رہین گے - چنانچہ آیات ذیل ملاحظہ ہون[1] ان المتقین فی جنات و عیون ادخلوھا بسلام امنین ونزعنا ما فی صدورھم من غل اخوانا علی سرر متقابلین لا یمسھم فیھا نصب وما ھم منھا بمخرجین آیات ذیل سے زیادہ عالی مضمونی اور بلند پروازی کسکی کلام مین ہوسکتی ہے یا اور کس بات سے معلوم ہوسکتا ہے کہ آنحضرتؐ زندگانی دنیا اور حیات آخرت کے باب مین کیا اعتقاد رکھتے تھے[2] ھو الذی یسیرکم

فی البر والبحر حتی اذا کنتم فی الفلک وجرین بھم بریح طیبۃ وفرحوا بھا جاءتھا ریح عاصف

[1] مثل الجنۃ التی وعد المتقون تجری من تحتھا الانھار اکلھا دائم وظلھا تلک عقبی الذین اتقوا

سورہ رعد آیت ۳۴ - مثل الجنۃ التی وعد المتقون فیھا انھار من ماء غیر اسن وانھار من لبن لم یتغیر طعمہ وانھار من خمر لذۃ للشاربین وانھار من عسل مصفی ولھم فیھا من کل الثمرات ومغفرۃ من ربھم کمن ھو خالد فی النار وسقوا ماء حمیما فقطع امعاءھم سورہ محمد آیت ۱۶ و ۱۷ [2] سل صاحب

وجاءهم الموج من کل مکان وظنوا انهم احیط بهم دعوا اللہ مخلصین لہ الدین لئن انجیتنا من ھذہ لنکونن من الشاکرین فلما انجاھم اذا ھم یبغون فی الارض بغیر الحق یا ایھا الناس انما بغیکم علی انفسکم متاع الحیاۃ الدنیا ثم الینا مرجعکم فننبئکم بما کنتم تعملون انما مثل الحیوۃ الدنیا کماء انزلناہ من السماء فاختلط بہ نبات الارض مما یاکل الناس والانعام حتی اذا اخذت الارض زخرفھا وازینت وظن اھلھا انھم قادرون علیھا اتاھا امرنا لیلا او نھارا فجعلناھا حصیدا کان لم تغن بالامس کذلک نفصل الایات لقوم یتفکرون واللہ یدعوا الی دار السلام ویھدی من یشاء الی صراط مستقیم للذین احسنوا الحسنی وزیادۃ ولا یرھق وجوھھم قتر ولا ذلۃ اولئک اصحاب الجنۃ ھم فیھا خالدون والذین کسبوا السیئات جزاء سیئۃ بمثلھا وترھقھم ذلۃ ما لھم من اللہ من عاصم کانما اغشیت وجوھھم قطعا من اللیل مظلما اولئک اصحاب النار ھم فیھا خالدون (سورۂ یونس آیت ۲۳ - ۲۸)

پھر آیات ذیل کو بغور ملاحظہ کیجئے کہ عظمت وجلال اور علو ورفعت اور لطافت ولطافت میں بلحاظ حیثیت علمی کے اعتبار سے بھی انکا عدیل ونظیر تمام عالم کی تاریخ اخلاق میں نہیں ہے الذین یوفون بعھد اللہ ولا ینقضون المیثاق والذین یصلون ما امر اللہ بہ ان یوصل ویخشون ربھم ویخافون سوء الحساب والذین صبروا ابتغاء وجہ ربھم واقاموا الصلوٰۃ وانفقوا مما رزقناھم سرا وعلانیۃ ویدرءون بالحسنۃ السیئۃ اولئک لھم عقبی الدار جنات عدن یدخلونھا ومن صلح من اٰبائھم وازواجھم وذریاتھم والملائکۃ یدخلون علیھم من کل باب سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار (سورۃ الرعد آیت ۲۰ - ۲۴)

کہ اور جس کو خدا ہدایت کرتا ہے اس کو سیدھی راہ پر چلاتا ہے

لہ سیل صاحب نے تفسیر بیضاوی کو سند گردانکر یھدی من یشاء کے معنی یہ لکھے ہیں کہ وہ ہدایت کرتا ہے اور لوگوں کو

سابق مین جو کچھ عرض کیا گیا وہ اس قول کی تکذیب کو کافی ہے کہ آنحضرت نے جو تصویرین بہشت و دوزخ کی کھینچی ہین وہ شہوانی ہین - اس باب کو ہم آیت ذیل پر ختم کرتے ہین جسنے ثابت ہوتا ہی کہ اسلام مین کسقدر جہ روحانیت ہی اور وہ امیدین اور وہ حوصلے کتنے پاک و پاکیزہ ہین جو اسلام مین نباز زندگانی دنیا قرار دئے گئے ہین یا ایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی قرآن مجید سورہ ۸۹ - آیت ۲۷-۳۰ - مولف

حاشیہ ۱ متعلقہ باب ۱۲

مجوس کو جو یہ اعتقاد تہا کہ اخیر زمانہ مین ایک نجات دہندہ آئیگا اور دنیا مین دین اور انتظام کو دوبارا قائم کریگا اس عقیدہ مین اور یہود کے اس اعتقاد مین کہ اخیر زمانہ مین ایک مسیح آئیگا عجیب و غریب مشابہت ہی یہ امر یقینی ہی کہ یہود نے یہ اعتقاد پیروان زردشت سے اخذ کیا تھا اور جب یہود مصایب مین مبتلا ہوے تو اس اعتقاد کو اور بھی رونق اور جلا دی - مگر میری راے غالب یہی ہے کہ مسیح کے اخیر زمانہ مین خروج کرنے کا اعتقاد پارسیون مین اوس زمانہ مین پیدا ہوا تھا جبکہ وہ ایک غیر قوم کے محکوم تھے خواہ وہ اہل بابل ہون جو سام ابن نوح کے نسل سے تھے خواہ اہل مقدونیہ ہون جو یونانی تھے - جس ملک مین مجوس کا مسیح پیدا ہوگا وہ ذی یہبی صاحب مورخ کے قول کے موافق حرسا مین ایک مقام کنکدیز نامی ہے اور ڈالنجر صاحب مورخ کے اسناد کے موافق اوس ملک کا نام کشمیر ہی - اس سے ثابت ہوتا ہی کہ جب پارسیون پر آفت آئے تو انکو یہی امید ہوئی کہ ہمارا نجات دہندہ بلاد مشرق مین پیدا ہوگا - ۱۲ - مولف

حاشیہ ۲ متعلقہ باب ۱۲

خود بشپ ملمین صاحب اپنی تاریخ دین مسیحی جلد ۱ صفحہ ۱۲۶ مین اس امر کو تسلیم کرتے ہین کہ جن روایات سے حضرت عیسیٰ کے افعال و اقوال منقول ہین اور جو عیسائیون مین مشہور تھے اس ہیئت کذائی سے جو اب اونکی ہی دوسری صدی عیسوی کے آخر تک نہ مرتب ہوئی تہی - اس سے خواہ مخواہ یہ لازم آتا ہے کہ جن لوگون نے اناجیل اربعہ کو جمع اور مرتب کیا تھا اور جنکو ملمین صاحب نے بے تمیز اور سادہ لوح مورخین کے لفظ سے تعبیر کیا ہے اونہون نے ان روایات کو قبول کرنے مین ضرور اپنے راے کو دخل دیا ہوگا اور ہر مسئلہ مین اجتہاد کیا ہوگا - ملمین صاحب نے فرمایا ہی کہ ہے اگر کسی قصہ یا روایت کی عبارت یا مضمون اونکی متعصبانہ راے کے موافق ہوتا تہا تو بیرونی شہادت کو کیسی ہی ناقص ہوتی تہی اوسکو بہی وہ کامل اور قطعی سمجھتے تہے اور اگر کوئی قصہ یا روایت ظاہراً یا بالفاظ یا معنی اونکی راے کے خلاف ہوتی تہی تو کیسی ہی شہادت کافی اوسکی صحت و واقعیت پر موجود ہوتی تھی اوسکو بہی وہ غلط کہکر رد کر دیتے تھے ۔ پس حضرت عیسیٰ کے افعال و اقوال مین بہت کچھ زیادہ کر دیا گیا ہی گو عمداً نہین مگر سہواً بہی - اس باب مین سلسوس مورخ کی شہادت قطعی سمجھنی چاہیئے گو اونکی یہ مقدر مبالغہ بہی کیا ہو

یہ سرخ لکھتا ہے کہ عیسائی لوگ اپنی احادیث و روایات کو خود گڑھ لیا کرتے تھے اور جسطرح چاہتے تھے اونکو اپنے طور پر درست کر لیتے تھے۔ (تاریخ سلسوس سرخ باب ۱ صفحہ ۲ ملاحظہ ہو) اور یہی اصول سر ولیم سیور صاحب (نہ کہ پیغمبر اسلام) جلد ۱ صفحہ ۱۱ میں مقرر کر دیا ہے۔ چونکہ یہ ایک تاریخی اصول ہے لہذا ہر ایک مضمون تاریخی سے اسکو متعلق کرنا چاہیئے۔ مگر چونکہ میں مسلمان ہوں اور حضرت عیسیٰ کو اولی العزم من الرسل میں داخل سمجھتا ہوں لہذا سر ولیم سیور صاحب کے اس جواز تحریف کے اصول کو صرف عیسائیوں سے متعلق کرونگا خود حضرت عیسیٰ پر اسکو نہ لگاؤں گا۔ ۱۲۔ مؤلف

سترھوان باب

جبتک دین اسلام نہیں جاری ہوا تھا اوسوقت تک عرب خاص یعنی ملک حجاز مخزرہ نمائی عرب کے حدود کے اندر محدود تھا اور چند قطعات ارض شمال و شرقی اور شمال و مغرب کی بھی اوسمیں داخل تھے اوسوقت تک اس ملک میں عقلی ترقی کے آثار و علامات مطلق نہیں پائے جاتے ہیں۔ اگر اتفاقاً کوئی شخص فلسفی یا عالم ہوتا تھا تو وہ فوراً اون لوگوں کے زمرہ میں داخل ہو جاتا تھا جو علوم و فنون کا شوق رکھتے تھے اور اونکی قدر کرتے تھے اور اپنے تئیں یونانی یا عجم مشہور کرکے اپنی قومیت کو بھلا دیتا تھا۔

جزیرہ نمائے عرب کے باشندوں کو فقط فن شعر اور فصاحت و بلاغت اور علم نجوم کا شوق تھا۔ عقدہ کے سالانہ جلسوں میں شعرائے عرب طبع آزمائی کی غرض سے مشاعرے کرتے تھے۔ اور قبائل عرب میں علی الخصوص اون قبائل میں جو عرب میں سکونت پذیر تھے اور خانہ بدوش نہ تھے طرز حکومت ایسا تھا کہ کسیقدر شخصی اور کسیقدر جمہوری تھا اور اونکو اپنی آزادی اور خودسری پر ہمیشہ گھمنڈ رہتا تھا اور اسیوجہ سے علم فصاحت و بلاغت میں اونھوں نے بڑی ترقی کی تھی۔ الغرض ان وجوہ سے عرب کی زبان میں ایک عجیب حسن و لطافت پیدا[1] ہو گئی تھی۔ شعر گوئی اونکی جان و روح تھی۔ یہانتک کہ اگر ایک

[1] ڈی سلین صاحب کا ترجمہ تاریخ ابن خلدون دیباچہ صفحہ ۶۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف

بھی وہ آتش مزاج صحرائی اپنی عورتوں کی غزلخوانی کی برکت سے دشمن پر فتحیاب ہوتے تھے اور اوس سے انتقام لیتے تھے۔

جب قیصران روم نے غلبۂ نصرانیت سے فلاسفۂ یونان و روم کو مشرک و ملحد قرار دیکر اونپر ظلم و تعدی کرنے شروع کی تو وہ بیچارے خوف جان سے بھاگ کر فارس میں چلے گئے اور کتنے چند اونمیں سے عرب میں بھی چلے آئے۔ مگر ان تازہ وارد حکما کی صحبت کا اثر عرب پر کچھ نہیں ہوا۔ لیکن حضرت خاتم الانبیاءؐ کی تعلیم و تلقین کی برکت سے بیس ہی برس کے عرصہ میں اوس ملک کا رنگ ایسا بدل گیا کہ گویا معجزہ ہوا۔ اور قبائل عرب میں باہم جدال و قتال جو ہمیشہ رہتا تھا وہ سب موقوف ہو کر اتفاق و اتحاد کامل اونمیں ہو گیا۔

جب وہ لوگ وحشت و جہالت کی تاریک خندق سے نکلکر نور اسلام کے میدان میں آئے اور آخرت کا اعتقاد کامل اونکے دل میں راسخ ہو گیا جس سے وہ دنیا کو مزرعۃ الاخرۃ سمجھنے لگے تب اونہوں نے اوس رسول جلیلؐ کے بلا عذر اطاعت کی جسنے اونکی اصلاح حال میں ایسے معجز نمائی کی تھی۔ اوس بیس سال کی کیفیت اور احکام اسلام کی آزادی و فرزانگی جیسے اس حدیث سے ثابت ہوتی ہے ویسی کسی چیز سے نہیں معلوم ہوتی۔ منقول ہے کہ رسول اللہ صلعم جب سعد ابن معاذ رضی اللہ عنہ کو سفیر مقرر کرکے کسی قبیلہ پاس بھیجنے لگے تو اونسے پوچھا کہ اگر وہ لوگ کسی مقدمہ کا فیصلہ تمسے کرائینگے تو تم کیونکر انصاف کروگے اور فصل خصومات کس قاعدہ کی رو سے کروگے۔ سعد نے عرض کیا "یارسول اللہ پہلے میں قرآن مجید میں دیکھونگا۔ پھر خدا کے حبیبؐ کے افعال پر نظر کرونگا بعد اوسکے اپنی عقل پر بھروسا کرونگا۔"[۲]

---

[۱] اسپرنگر صاحب مورخ جرمنی کی تاریخ اسلام صفحہ ۱۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف [۲] شہرستانی کی ملل و نحل ملاحظہ ہو۔ مؤلف

آپؐ نے جو اصول جاری کیے وہ سب عملی اصول ہین - زمانہ سلف کے حکمانے جنسے مراد ساتوین صدی عیسوی کے فلاسفۂ یونان ہین خدا کی ماہیت اور انسان کی حقیقت پر بحث کرتے کرتے یہ نوبت پہونچادی کہ نہ اونکو خداہی کا اعتقاد باقی رہا نہ انسان کی قائل[1] ہوے - (نہ خداہی ملا نہ وصال صنم + نہ ادھر کے ہوئے نہ ادھر کے ہوئے)
آنحضرتؐ کے زمانہ مین تمام عالم کے علوم وفنون اور تہذیب وشائستگی رومیون مین جمع تہی اونہون نے حکمت عملی کو حکمت نظری سے بالکل علیحدہ کردیا تھا - کیونکہ رومی یونانیون کے مقلد تھے اور یونانیون کا خاصہ یہ تھا کہ علم کو عمل سے ہمیشہ علیحدہ رکھتے تھے - اونکے نزدیک حضرت مسیحؑ کی الوہیت اور بشریت کا مسئلہ اون تمام اعمال نیک سے اہم و اعظم تھا جنکا حکم اونھون نے فرمایا تھا - رسول اللہ صلعم نے ایک واقعی اور حقیقی خدا اون لوگون کو بتادیا جو اوسکے کنہ حقیقت اور اوسکی صفات پر لڑ مرتے تھے چنانچہ پروفسر مارس صاحب مرحوم کا قول ہے کہ یہ کوئی چیز عیسائیان روم کو اوس ضلالت وغوایت کے خندق سے نہ نکال سکتے تھے جسمین وہ گر پڑے تھے سوائے اوس آواز کے جو سرزمین عرب مین غار حرا سے آئی - اوسی آواز نے اعلاء کلمۃ اللہ دنیا مین کیا جس سے یونانی انکار کرتے جاتے تھے اور اعلاء کلمۃ اللہ ایسی عملی پیرایہ مین کیا کہ اوس سے بہتر ممکن نہ تھا" اسوقت ہمکو آنحضرتؐ کے جمال مبارک کا تصور ہے اور آپؐ کا حلیہ شریف جس سے عظمت وجلال رسالت اور رعب وسطوت شاہانہ نمایان ہے ہمارے پیش نظر ہے - آپؐ بادشاہ بھی تھے - امیر بھی تھے - حاکم بھی تھے اور ہادی ومقتدائے خلق بھی تھے - آپؐ نے وحی والہام کے زور سے بندگان خدا کے قلوب کو مسخر کرلیا تھا - تمام اطراف واکناف عالم سے لوگ جوق جوق آکر آپؐ کے کلام معجز نظام کو سنتے تھے جسکی برکت سے انسان خواب غفلت سے بیدار ہوا اور اوسکے دل مردہ مین جودت

[1] اس صاحب کی تقریر فلاسفہ یونان اور انکے عقائد کے متعلق ۱۲ - ۱۲ صفحہ پر ہے

اور قوت بلکہ حیات تازہ پیدا ہوئی۔ اللہ اللہ۔ وہ زمانہ بھی عجب ایمان و عرفان کا زمانہ تھا جبکہ انسان کی روح ایک بے سود اور بے جان فلسفہ کے غلبہ و استیلا کو دفع کرنے کے لیے جہاد پر آمادہ ہوئی تھے۔ اور اوسی زمانہ مین یہ بخوبی ثابت ہوگیا کہ اصول عملی کے مقابلہ مین خالی بک بک زق زق نہین چل سکتی۔

وہ زمانہ حکمت عملی کا تھا۔ مگر اوسکے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد حکمت نظری کا زمانہ شروع ہوگیا جسکا تخم آنحضرتؐ کے احکام مین موجود تھا اور آپؐ کے شاگرد رشید کہ بابُ العلم تھے عمل کے ساتھ ہی علم و عرفان بھی حاصل کرتے جاتے تھے۔ خود آنحضرتؐ نے فرمایا تھا کہ جو شخص میرے احکام کے معانی کو سمجھنا چاہے وہ میرے اس شاگرد کے کلام کو بگوش ہوش سُنے۔ آپؐ کے کلام بلاغت فرجام و ہدایت انضمام کو حضرت علیؑ سے زیادہ کون سن سکتا تھا جو آپؐ کے دوست صادق اور شاگرد رشید اور برادر جان نثار اور صہر رسول و زوج بتولؑ تھے۔ جس محبت و شفقت سے خود رسول مقبول نے اپنے شاگرد رشید کو سن طفولیت مین احکام و اسرار تعلیم کیے تھے اوسکا ثمرہ ظاہر ہوا۔

خلفاء راشدین مین سے خلیفۂ اول اور خلیفۂ ثانیؓ کے عہد خلافت مین حکومت اسلام کے تحفظ یا استحکام کی غرض سے خود دارالاسلام یعنے عرب مین اور بیرونجات مین بھی سخت لڑائی جھگڑے ہوا کیے۔ خلیفۂ ثالث کی حکومت ایسی ضعیف اور مذبذب رہی اور اوس قلیل مدت خلافت مین ایسی بدعملی اور بدانتظامی رہی کہ وہ جوش و خروش جو اسلام نے لوگون کے طبائع مین پیدا کیا تھا فرد ہوا۔ خلیفۂ ثالث کی عبرت انگیز وفات کے بعد اعلم الناس بعد رسول اللہ باجماع امت منصب خلافت پر جلوہ

لہ خود قرآن مجید اور احادیث مین جابجا حکم ہے کہ اثبات وجود واجب الوجود مین اپنی عقل سے کام لو اور اپنی فہم پر عمل کرو ۱۲۔ نوٹ لہ کا قال صلی اللہ علیہ وسلم انا مدینۃ العلم وعلی بابھا ایک شاعر عجم نے کیا خوب ترجمہ

اس صفحہ کی ہائیکو شعر کی شرح علم کی درست ہے۔ نوٹ: ہائیکو جاپانی شاعری کی ایک صنف ہے۔

اوس گوشہ نشینی اور عزلت گزینی کے زمانہ مین حضرت علیؑ اپنے مالک[1] کے احکام کی تحقیق و تنقیح دلائل عقلیہ سے کرتے رہتے تھے۔ اگر حضرت علیؑ شہید نہو جاتے تو مسلمان کو اپنے پیغمبرؐ کے احکام کی حقیقت واقعی اسطرح معلوم ہو جاتی کہ عقلؔ و نقل یعنے احکام عقلی اور احکام شرع باہم آمیختہ ہو جاتی اور اصول اولیہ فلسفہ حقہ اور حکمت الہیہ اصول عملی قرار پاتے۔ وہی ذوق و شوق علم و فضل کا جو آنحضرتؐ کو تھا اور جو تمام نا صحان امین اور مہذبان اخلاق پر آپؐ کی شرف و فضیلت کا باعث ہے آپؑ کے شاگرد رشید کے کلام کے ہر ہر لفظ سے پایا جاتا ہے اوسسے زیادہ کریم النفس اوس زمانہ مین بھی کوئی نہ تھا اور اوس کریم النفسی کے ساتھ ہی اعلیٰ مدارج ایمان اور اکمل مراتب عرفان پر فائز تھے حضرت علیؑ کے اشعار خداوند عالم کی تعریف اور دنیا کی مذمت مین فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے بے مثل و نظیر ہین۔ ان اشعار آبدار سے انکے مصنف کا غایت درجہ خضوع و خشوع اور کمال عجز و نیاز اپنے خالق کی درگاہ مین نمایاں ہے۔

افسوس صد افسوس ابن ملجم لعین کے دست بخیس سے یہ سب امیدین خاک مین مل گئین۔ جب بنی امیہ نے مکر و کید سے اور سازشین کر کرکے اوس تخت خلافت پر قدم رکھا جسکو خلفاء راشدین نے اپنے قدوم سعادت لزوم سے شرف اور بزرگی بخشی تھی بس اوسیوقت علوم اسلامیہ کو اور اسلام کی آزادی کو صدمۂ عظیم پہونچا۔ اونکے فتنہ انگیز عہد مین جنگ و جدل کا بازار ہمیشہ گرم رہا اور مسلمانون کو اتنی مہلت نہ ملی کہ ترقی علوم پر توجہ کرتے۔ اوپر طرہ یہ ہوا کہ خلفاے بنی امیہ مین اپنے اسلاف شرک

[1] یہ قول حضرت علیؑ کا کہ انا عبد من عبید محمد صلعم یعنے مین ایک غلام ہون غلامان محمدؐ مین سے۔ اسپر دال ہے کہ آنحضرتؐ کو حضرت علیؑ کا مالک کہنا جیسا جناب مصنف علامہ نے انگریزی مین ماسٹر کا لفظ لکھا ہے جائز ہے ۱۲ مترجم

[2] النسر صاحب کی تاریخ صفحہ ۱۴۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [3] حاشیہ ۱ متعلقہ باب ہذا ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [4] صاحب

وبت پرستی کی بو ابتک موجود تھی - بنی امیہ کی خلافت تقریباً سو برس تک رہی - اس عرصۂ دراز مین فقط ایک شخص ایسا ہوا جسنے کچھ سعی ترقی علم مین کی - وہ شخص ابو ہاشم خالد ابن یزید تھا جسکو خاندان مروانیہ کا حکیم فلسفی کہتے ہین اور جو فقط اپنی علم و فضل کی وجہ سے خلافت سے محروم[۱] رکھا گیا -

ہندۂ جگر خوارہ اور ابو سفیان[۲] کی اولاد کے رشک و حسد اور بغض و عناد سے مجبور ہوکر اولاد رسول ؐ اور بنی فاطمہ ؑ نے زاویہ نشینی اور عزلت گزینی اختیار کی تھی اور رنج و مصیبت کی شب دیجور مین اپنے جدامجد ؐ کے احکام کو نیت خالص سے بجا لاتے تھے اور تعلیم و تدریس کے شغل سے اور مراقبہ اور ذکر خدا سے جو اولیاء اللہ کا خاصہ ہے اپنے دل حزین کو تسکین دیا کرتے تھے - وہ سب بزرگوار علم و عرفان کے عاشق زار تھے اور بندگان خدا کی اصلاح حال اور تہذیب اخلاق کی فکر مین ہمیشہ سرگرم و دشار رہتے تھے اور اونکے نفوس قدسیہ ظواہر احکام شرع[۳] سے تجاوز کرکے اونکی مصالح و حکم باطنی کی تحقیق و تفتیش مین مصروف رہتے تھے - الغرض - سچے عارف[۴] اور خدا شناسا تھے اور اونھین کی برکت سے اسلام کی روحانیت اور حقانیت کا شمس فی الظہیرہ کہنا ہویدا و آشکار ہوے - اونکے متوسلین براہ بغض و عداوت اوس قوم سے جسنے اونکے

---

[۱] مخزن العلوم صفحہ ۴۸ و ۴۹ - اور تاریخ ابن خلدون جلد ۱ صفحہ ۱۸۱ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۲] ابو سفیان معویہ کا باپ اور سرپرستی خاندان بنی امیہ تھا - بنی امیہ کے بغض و عداوت کی کیفیت بنی فاطمہ ؑ سے تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صفحہ ۲۱۰ - و ۲۱۱ مین ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۳] تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صفحہ ۱۴۴ و ۱۴۵ - مین ایک لطیف حکایت حضرت امام حسن عسکری کی لکھی ہے ۱۲ مؤلف [۴] تاریخ ابن خلدون جلد ۲ صفحہ ۲۱۲ - ۱۲ ملاحظہ ہو - اور پہلا خطبہ نہج البلاغہ کا اور وہ احادیث جو افوز ملا محمد باقر مجلسی علیہ الرحمۃ نے جلد ۱۴ بحار الانوار مین علم کے باب مین لکھے ہین ملاحظہ ہون حضرت امام جعفر صادق ؑ نے علم کی تعریف بیان فرمائی ہے کہ وہ کہ روشن ضمیری علم کا جوہر ہے اور تحقیق حق اوسکا مقصود اعظم ہے - اور وحی الہام اوسکی ہادی رہنما ہے اور عقل

اوسکی قبول کرنیوالی ہو اور حضرت امام علی نقی ابن حضرت امام محمد تقی ابن حضرت امام موسی کاظم ابن حضرت امام جعفر صادق ابن حضرت امام محمد باقر ابن حضرت امام علی زین العابدین ابن حضرت امام حسین ابن حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہم السلام کی ہو جو الہام ہوا ہو ۱۲ مؤلف

حق کو غصب کرلیا تھا خود لڑتے تھے اور اونکا نام لگاتے تھے۔ مگر خلفاء بنی امیہ مین گل سرسبد عمر ابن عبدالعزیز تھا وہ اون بزرگوارون کی قدر و منزلت خوب سمجھتا تھا یہانتک کہ اوسنے اپنا تاج اتار کر اونکے قدمون پر رکھدیا۔

ان بزرگوارون کو اکثر وہ لوگ گھیرے رہتے تھے جنکو اہلبیتؑ کی محبت اور اونکے مصائب و صعوبات کا خیال کھینچ لاتا تھا۔ پس مامومین کے مختلف خیالات کا اثر امامون پر کم و بیش خواہ مخواہ ہوتا تھا تاہم اونکا فلسفہ اوس قسم کے لغو اور بیہودہ نزاع لفظی سے بُرا اور معرا ہے جیسے حکمای یونان و مصر یا بہ عہد متاخرین خلفاے عباسیہ حکمای بغداد کے فلسفہ مین پائی جاتی ہے۔ خلفاے عباسیہ کے عہد خلافت مین ایک قرن جدید پیدا ہوا۔ اس خاندان کے لوگ اوسی چشمۂ فیض سے سیراب ہوے تھے جس سے بنی فاطمہ[1] مستفیض ہوے تھے اور جو نصیحتین عالم مصیبت مین اونکو حاصل ہوئی تھین اونکا اثر خلافت پر مغلوب ہونے کے بعد بھی اونپر باقی رہا۔ ابو العبّاس سفّاح جیسا خونخوار جنگ جو تھا ویسا ہی شائق علوم بھی تھا۔ منصور دوانقی اور ہادی اور مہدی نے صرف اون اہل علم کے دست گیری اور مربی گیری نہین کی جو تمام اطراف و اکناف عالم سے اونکی دار الخلافت مین آتے تھے بلکہ خود اونھون نے بھی بڑی مشقت سے ہر قسم کا علم حاصل کیا۔

تاریخ عالم مین چند زمانے ہمیشہ ایسے دکھائی دیتے ہین جنمین ہر قوم کی زندگی کے بعض حصے تابان و درخشان ہوتے ہین۔ مثلاً تاریخ یونان مین پرکلس حکیم و مصنّف کا زمانہ اور تاریخ رومۃ الکبری مین اغسطوس قیصر کا زمانہ ایسا ہی تھا۔ علی ہذا القیاس تاریخ اسلام مین بھی ایک ترقی علوم کا زمانہ تھا اور انصاف کی بات یہ ہے کہ ہارون الرشید اور مامون الرشید کا عہد خلافت ترقی علوم کے اعتبار سے اگر یونان و روم سے اعلی و افضل نہ تھا تو اونکے برابر تو ضرور تھا

م۔ اسی بزرگوار کے نام سے بزرگوار مذکور کی عالی کلمہ و بزرگ ارسطاطالیس کے واقف ہونے کا پتہ ملتا ہے۔

[1] سر ولیم میور صاحب اپنے تذکرہ پیغمبر اسلام جلد ۱ دیباچہ مین سب بنی فاطمہ پر عموماً سخت طعن کیا ہے اور بغاوت کا فتوی دیدیا ہے مگر

انہین دونون خلیفون کے عہد مین مسلمانون نے اوس مقصود اعظم کو پورا کر دکھایا جس مقصد سے خداوند عالم نے اونکو پیدا کیا تھا - عرب کی قوم اول تو خلقت ہی طبّاع تھی دوسرے اوسکا ملک بلادِ علوم کے بیچوبیچ مین واقع تھا یعنے ایک طرف خزائن علوم روم یونان دوسری طرف معادن فنون فارس - (ہندوستان اور چین بڑی دور پڑی ہوے صدہا برس سے خواب غفلت مین سرشار تھے -) لہذا کل بنی آدم کا معلّم بننے کی لیاقت عرب سے زیادہ کس قوم کو تھی - حضرت خاتم الانبیاءؐ کی تعلیم و تلقین کی برکت سے عرب بھی ایک قوم ہوگئی اور ایسی شریعت سہلہ سمجھ اوسکو ملی - بعد اوسکے کچھ بادشاہان وقت نے بھی اعانت کی - پھر اس قوم نے ممالک شرقی اور بلاد مغربی سے مسائل حکمت اخذ کرکے اپنے پیغمبرؐ کے احکام کے ساتھ اونکو جمع کیا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ پہلے نرے سپاہی تھے اب خاصے عالم ہوگئے - خلفاے بنی اُمیّہ کا عہد خلافت مسلمانون کی آزمایش و امتحان کا زمانہ تھا یعنے یہ وہ زمانہ تھا جسمین اوس کار عظیم کے انجام دہی کی تیاریان وہ کر رہی تھے جس کام پر وہ خدا کیجانب سے مامور ہوئی تھی - خلفاء عباسیہ کے عمال اور اہل کار خزائن علوم سلف کی تلاش مین ساری دنیا کی خاک چھان رہے تھے - آخر الامر اون خزائن کو دار الخلافت بغداد مین لاکر شائقان علم اور قدردانان حکمت کے سامنے کھولا - ہر طرف مدارس و مکاتب کی افراط ہوگئی اور بڑے بڑے فلاسفہ روم و یونان کی کتابین قرآن مجید کے ساتھ پڑھائی گئین - جالینوس و قیانوس - طمسوس - ارسطاطالیس - اور افلاطون کا بڑا اعزاز و احترام ہونے لگا اور ایسی تعظیم و تکریم ہوئی کہ خود اونکی قوم نے اتنی تعظیم اونکی نہ کی تھی - مجالس و محافل علمی مین خود خلفا شریک ہوکر مسائل فلسفہ پر بحث کرتے تھے الغرض - تاریخ بنی آدم مین یہ پہلا زمانہ تھا کہ ایک دینی اور خود سر حکومت نے فلسفہ کا ساتھ دیا تھا اور نتائج فلسفی کے استخراج مین شرکت کی تھی -

تمام سلطنت اسلام مین ہر شخص یہی چاہتا تھا کہ ترقی علوم مین دوسرے شہر پر کوئی سبقت لیجاے۔ اور ہر ایک ناظم اور عامل خلیفہ وقت کی ذوق و شوق علم پر غبطہ کرتا تھا۔ تمام اطراف و اکناف عالم سے طلبہ اور شائقان علم جوق جوق شہر قرطبہ و بغداد و قاہرہ مین آکر حلقاے عرب کے درس مین شریک ہوتے تھے۔ یہانتک کہ وہ لوگ جو[1] چند عرصہ کے بعد ائمہ دین عیسوی اور پیشوایان کلیساے مسیحی ہوگئے شارع اسلام کے چشمہ علم سے سیراب ہوئے تھے۔ جب خلفاے عباسیہ کا تسلط خلافت پر نہ باقی رہا تو جو لوگ اونکے مقام پر بادشاہ ہوے وہ بھی یہی کوشش کرتے رہے کہ ترقی علوم و فنون مین خلفاء عباسیہ پر کوئی سبقت لیجائین۔ چنانچہ سلاطین بیاضیہ و سمانیہ وغزنویہ ممالک مشرقی مین اور بادشاہان فاطمیہ و ایوبیہ ممالک مغربی مین اور سلاطین عرب اندلس مین۔ یہ سب بادشاہ یہی کوشش کرتے رہے کہ ترقی علوم و فنون مین دوسرے کو اپنے اوپر سبقت نہ کرنے دین۔ الغرض مسلمانون ہی کی تعلیم و تدریس کی برکت سے فلسفہ اور علوم عقلی کی آواز سواحل بحر ظلمات سے بحر الہند تک بلکہ اس سے بھی کہین دور بحر الکاہل تک تمام عالم مین گونج گئی۔ یہ زمانہ اسلام کی عظمت و شوکت علمی کا پندرہوین صدی عیسوی کے آخر اور سولہوی صدی عیسوی کی ابتدا تک باقی رہا۔ پھر جو اپنے پیغمبر کے احکام کو فراموش کرنے سے مسلمانون کو تنزل ہوا تو اون وحشی قومون کے ہم پایہ ہوگئے جو ایشیا کے بلاد اسلامیہ پر ٹوٹ پڑی تھین بلکہ ممالک مفتوحہ کی مشرکین کے ہم رتبہ ہوگئی اور وہ قساوت قلب اور ضعف ایمان و اوہام و وساوس شیطان اونکے دل مین پیدا ہوے جو احکام خدا و رسول کے سراسر خلاف ہین

[1] جیسا جبر برٹ تھا جو بعد ازان پوپ سلوسٹر ثانی کے لقب سے ملقب ہوکر خلیفہ مسیح اور امام کلیسا ہوگیا ۱۲۔ مؤلف [2] مسلمانون کی طبیعت کا خلاق ہونا ان فقیر و رقیق کتابون سے بخوبی ثابت ہے۔ کتاب المعارف ابن قتیبہ و نیوری۔ کتاب جلال ابن خلکان

دوزری۔ اور جامع الاثبات حاجی خلیفہ مؤلف کشف الظنون ۱۲ مؤلف

اول تو خود شارع اسلام نے فلسفہ اور علوم عقلیہ کو رتبہ عالی بخشا دوسرے اونکی اولاد امجاد نے علوم عقلیہ کے ہر قسم اور ہر شعبہ کو رونق اور جلا دی - اسوجہ سے عقلی آزادی مسلمانون مین بہت جلد درجۂ کمال کو پہونچ گئی - قرآن مجید کے فضائل مین سے ایک فضیلت یہ ہے کہ مشیت ایزدی کے اعتقاد کو انسان کے فاعل مختار ہونے اور اوسکی عقل کے آزاد ہونے کے مسئلہ کے ساتھ جمع کیا ہے اور مشیت ایزدی وہ چیز ہے جو صرف سب باتون کا حکم ہی نہین کرتی ہے بلکہ انسان پر صرکیا اور بلا واسطہ فعل کرتی ہے اور اوسکے خیالات کی اصل اور منشار سے واقف ہے البتہ ان دونو مسئلون مین توافق کرنا کم مین ظاہر پرستون کے نزدیک اجتماع نقیضین کا قائل ہونا ہے - بادی النظر مین یہ امر خلاف عقل معلوم ہوتا ہے - کہ انسان کے افعال و اعمال کے بازپرس ہوگی (یہی مسئلہ اسلام مین اخلاق کے اصل و بنیاد ہے) اور پھر اوسکے افعال و اعمال مشیت ایزدی کے تابع ہین[1] - یہ دقیق مسئلہ اسطرح حل ہو سکتا ہے کہ یہ سمجھا جاے کہ آنحضرتؐ ایک علۃ العلل اور مسبب الاسباب کا اعتقاد کامل رکھتے تھے اور اوسکو حی القیوم فعّال لما یرید جانتے تھے - مگر ساتھ ہی اسکے انسان کی ترقی و عروج پر بھی بھرو سا رکھتے تھے - آنحضرتؐ کے نزدیک احکام الٰہی کا لُبّ لُباب اور اصل اصول وہ قوانین قدرت اور احکام حق و باطل تھے جنکا حس و ادراک کرنا انسان کے خواص طبیعی مین داخل ہے - لفظ قوانین کے ٹھیک معنی لیجیے تو قوانین اخلاق بھی اوسی قسم کے ہین جیسے وہ قوانین ہین جو اجرام سماویہ کی حرکت کا باعث ہوتے ہین - مگر خداوند عالم کی مشیت خودسرانہ اور جابرانہ نہین ہے بلکہ حکیمانہ اور رحیمانہ مشیت ہے جسکی اطاعت عالم کو اپنے اشغال علمی مین بھی اوسیطرح واجب ہے جسطرح زاہد کو اپنی خلوت کدہ مین ہے

[1] کما قال علیہ السلام ارادۃ اللہ غلبت علما رادۃ الناس عرفہ - رابفتح العزائم وبعونہ تتاجیدی من یشاء ویضل من یشاء

مخلوقات خدا میں گھنٹہ بھر غور و فکر کرنا اور عالم کون و فساد کی تغیرات کی اصول کو ایک ساعت نظر تامل سے دیکھنا خدا کے نزدیک ستر برس کی عبادت سے زیادہ بقبول ہے۔

اسلام نے ہر مسلمان کو عقلی آزادی بخشی ہے اور بجائے خود احقاق حق کا حکم دیا ہے مگر یہ عقلی آزادی مختلف اشخاص میں باوقات مختلفہ مختلف پیرایوں میں ظاہر ہوئی ہے۔

دین اسلام میں جو اختلافات ہوئے اور اون اختلافات سے مختلف فرقے پیدا ہوئے اونکا باعث یا ملکی اسباب ہوئے یا قبائل عرب کا باہمی رشک و حسد ہوا کہ سیقدر عناد مذہبی بھی نفسانیت و جنبہ داری میں معین ہوا۔

علماء و فقہائے اسلام بھی اپنے مثل و مانند علمائے یورپ کیطرح مسائل دینی میں اجتہاد کرنے کا بڑا شوق رکھتے ہیں اور پرانی پرانی باتوں کی سخت پابند ہیں۔ پس اونہوں نے بھی مسائل دینی کو قدیم الایام سے دو قسموں پر منقسم کیا ہے۔ اصول دین اور فروع دین۔ اصول دین میں وہ امور داخل ہیں جنکا اعتقاد اور اقرار کرنا ہر مسلم پر واجب ہے مثلاً وجود باری تعالےٰ کا اعتقاد اور یوم الحساب یعنی روز قیامت کا اعتقاد اور فروع دین سے مراد وہ فرائض ہیں جو ان اعتقادات سے پیدا ہوئے ہیں قسم اول کو اصول دین شاید اسوجہ سے کہتے ہیں کہ ہر ایک مذہب و مسلک میں اخلاق عامہ کی بنا رکھا خاص کر انھیں امور پر ہے۔ علمائے اسلام نے ابتدا ہی میں اصول دین کو فلسفۂ حقیقی سے علاحدہ کرکے علم کلام میں داخل کر دیا اور جب اصول دین معقولات کے دائرہ میں آگئے تو اونمیں قیل و قال کی گنجایش ہوگئی اور صدہا اختلافات پیدا ہوئے۔ ایک فرقہ کا قول یہ ہے کہ اصول دین اور فروع دین دونوں عقل کے تابع و محکوم ہیں۔ دوسرے فرقہ کی رائے یہ قرار پائی کہ اصول دین کو عقل سے کچھ تعلق نہیں ہے

۱؎ تاریخ الحکما اور پہلا خطبہ نہج البلاغت ملاحظہ ہو ۱۲۔ مؤلف ۲؎ مختلف فرق اسلام کی تفصیل شہرستانی کے

۱۲۔ مؤلف کی تصنیف ملاحظہ ہو ۱۰۔ ۱۲۔ مؤلف

البتہ فروع دین عقل پر موقوف ہین - اور اور فرقون کے اعتقادات اوسط مین رہے ہے -
جبر و اختیار کے مسئلہ مین تین شخصون نے روایات قدیمہ سے عدول کرکے انسان
کو فاعل مختار قرار دیا ہے - یعنے معاذ الجہنی اور گیلان دمشقی اور یونس الانصاری
شہرستانی نے اسکو بدعت لکھا ہے اور اسکا باعث یہ بیان کیا ہے کہ جہم ابن صفوان
چونکہ جبر محض کا قائل تھا لہذا اوسکی تردید مین اختیار مطلق کا مسئلہ قائم ہوا -
جہم ابن صفوان بھی انسان کے فاعل مختار ہونے کا ویسا ہی منکر تھا جیسا علماے
یورپ مین گیلون گذرا ہے اور اوسکے اعتقادات اون بدمزاج اور متعصب لوگون
کو بہت پسند ہوئی جو مسند خلافت پر متمکن تھے - اسکے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد
واصل ابن عطا ہوا جو حسن بصری کا شاگرد تھا - خود حسن بصری نے اہل بیتؑ کے
مذہب مین تعلیم پائی تھی جنکو صاحب مخزن العلوم نے "فلاسفہ خاندان رسالتؐ"
کے لقب سے بہت خوب ملقب کیا ہے - اور حسن بصری کے خیالات اوتنے ہی وسیع
و فرزانہ تھے جتنے اونکے معاصرین کے اعتقادات مضیق و متعصبانہ تھے - واصل
ابن عطا نے بھی اوسی ماخذ سے علم اخذ کیا تھا مگر چند مدت کے بعد ایک مسئلہ دینی مین
اوسنے حسن بصری سے اختلاف کیا اور ایک خاص مسلک اور فرقہ کا بانی ہوا - اوس
فرقہ کا نام معتزلہ ہوگیا - چند ہی مدت مین اوسنے اون اصول کو شایع کیا جنکی بنا پر
اوسنے اور فرقون سے اختلاف کیا تھا - یہ مختصر مصلح دین مسیحی اور بانی مذہب پراٹسٹنٹ

---

۱ شہرستانی کی ملل نحل - کل - علی الخصوص صفحہ ۲۸ - ۲۹ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۲ ملل نحل صفحہ ۱۷ - ۱۲ مؤلف
۳ نک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۲۱۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۴ واصل ابن عطا ۸۰ھ مین پیدا ہوا تھا
اور ۱۳۱ھ مین انتقال کیا - نک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۲۱۱ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف ۵ ہلیبٹ کا جو اعتقاد اس
مسئلہ جبر و اختیار مین تھا اور غالباً خود آنحضرتؐ اور حضرت علیؑ کا بھی یہی اعتقاد تھا اوسکی کیفیت اوس حدیث مین مندرج ہے

فصل کی ۲۱ ہو جاتا ہے - ۱۲ - مؤلف

کیطرح واصل ابن عطا بھی بڑا تیز آدمی تھا اور لوگون کی عقل پر جو اوس زمانہ مین ظلم عظیم ہو رہا تھا اوسکو دفع کرنے مین بعض امور خلاف عقل بھی کہدیتا تھا - مگر چونکہ اوسکا مسلک بہ نسبت اور مسالک کے عقل سلیم کے زیادہ تر موافق تھا لہذا سب سے زیادہ سلیم العقل اور آزاد خیال جو لوگ تھے وہ اوسکی طرف ہو گئے - اونھین کی وجہ سے اصول منطق و فلسفہ مسائل دینی مین جاری ہوے جس سے ایک خاص علم پیدا ہو گیا اوسکو علم کلام کہتے ہین - شہرستانی نے ملل نحل مین لکھا ہے کہ "معتزلہ بالاتفاق اسکے قائل ہین کہ خداوند عالم قدیم ہے اور قدم ایسی صفت ہے جو اوسکی ذات سے مختص ہے اور صفات باری عین ذات باری ہین کیونکہ اونکا قول ہے کہ وہ عالم لعینہ بالذات ہے یعنے علم اور قدرت اور حیات اوسکے عوارض ذاتیہ قدیمہ سے نہین ہین بلکہ کہ ذات مین داخل ہین اسواسطے کہ اگر صفات قدیمہ ذات باری سے علاحدہ سمجھے جائین تو تعدد قدما لازم آئیگا اور وہ عقلاً محال ہے"

"معتزلہ کا قول یہ بھی ہے کہ خدا کو پہچاننا بھی اوسیطرح عقل انسانی کے امکان مین ہے بسطح اور اشیاء کا ادراک کرنا ہے - مگر خدا کو اس جسمانی آنکھ سے نہین دیکھ سکتے -

---

لہ ابو الحسن علی المسعودی مصنف مروج الذہب جسکو امام و عالم و مورخ لکھا ہے معتزلی تھا - اور مصنف حبیب السیر کو بھی معتزل لکھا ہے ۱۲ - کہ مؤلف ۵۳ ملل نحل صفحہ ۱۹ - اور ٹنک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۳۱۱ - و ۳۱۲ و ۳۲۰ و ۳۲۲ - اور رین صاحب کا تذکرہ شیخ الرئیس ابو علی ابن سینا صفحہ ۷۹ - ۸۱ - اور شمولڈر صاحب مورخ جرمنی کا رسالہ فلسفہ عرب صفحہ ۱۳۸ - ۱۳۹ - اور تاریخ ابن خلکان جلد ۳ - صفحہ ۴۸ - ملاحظہ ہو - مین گین صاحب مورخ سے بالکل اتفاق رائے کرتا ہون کہ علماے اسلام مین متکلم فلسفی عقار صفت معلوم الاسم مجہول الجسم ہے - تاہم میرے نزدیک ایسے فلسفہ کا ہونا ممکن ہے جسمین مسائل فلسفہ کے ساتھ اصول متدورہ دین جمع کر دیے جائین اور دونون مجبوراً متناقض اور متضاد نہ باقی رہے ۱۲ مؤلف ۵۳ ملل نحل صفحہ ۲۰ - ملاحظہ ہو - ذات باری اور صفات باری مین کیفیت یا غیریت مسئلہ علم مابعد الطبیعہ سے متعلق ہے اور یہ علم عقل انسانی کے احاطہ سے باہر ہے - لہذا ہمارے نزدیک اس مسئلہ مین ایسے باریک فرق نکالنا جیسے معتزلہ نے نکالے ہین محض تکلف و مزخرف ہے اگر یہ کہدیا جاے کہ یہ مسئلہ کیفیت ذات و صفات کا خاص کر عیسائیون کے تردید مین جاری کیا گیا ہے کیونکہ جب عیسائیون نے حضرت مسیح کو خدا اور بیشمار تو قرار دیا تو ذات واحد مین الوہیت اور بشریت کی اجتماع سے اجتماع نقیضین لازم آیا اور جب زنادقہ

اور سوائے ذات واجب الوجود اور سب اشیا متغیر و حادث ہین - اور معتزلہ کا قول یہ بھی ہے کہ عدل اصل اصول انسان کے افعال کا ہی اور عدل کے معنی اونکے نزدیک یہ ہین کہ جس چیز کا حکم عقل کرے اور جو نتائج آخری انسان کے کردار سے پیدا ہون وہ عقل کے نزدیک ممدوح و مستحسن ہون - پھر یہ بھی اونکا مقولہ ہے کہ انسان کے افعال کے باب مین کوئی قانون ایسا نہین ہے جو ابدالآباد تک جاری رہسکے اور احکام الٰہی جو انسان کے اعمال سے متعلق ہین وہ تکمیل نفس اور تہذیب اخلاق کے نتائج ہین اور کل اوامر و نواہی اور وعدہ و وعید جو خدا کیجانب سے ہوا ہے اسی شرع کے ذریعہ سے ہوا ہے جو تدریجاً جاری ہوئی تھی - مگر سائھی اسکے وہ اسکے بھی قائل ہین کہ جو شخص کوئی عمل نیک کرتا ہے وہ لائق جزا ہوتا ہے اور جو شخص کسی فعل قبیح کا مرتکب ہوتا ہی وہ مستوجب سزا ہوتا ہے - اور یہ امر اونکے نزدیک عقل کے موافق ہے - معتزلہ کا قول یہ بھی ہے کہ مطلق علم عقل کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہی اور فقط اوسکے ذریعہ سے حاصل ہوسکتا ہی اور یہ بھی کہتے ہین کہ حق و باطل کا ادراک بھی عقل ہی سے متعلق ہے اور جبتک کسی چیز کا حسن یا قبح عقلاً نہ ثابت ہوجاے اوسوقت تک اوسی حسن یا قبیح نہین کہسکتے - اور نعمات خدا کا شکر بجالانا اوس زمانہ مین بھی عقلاً فرض تھا جب اس باب مین کوئی حکم شرع نہ جاری ہوا تھا[1] - کل معتزلہ کا اسپر اتفاق ہے کہ حسن و قبح اشیا کا عقلی ہے اور انسان فاعل مختار ہے اور اعمال نیک و بد اوسکے اختیار سے صادر ہوتے ہین اور اونھین کے موافق اوسکو عقبی مین جزا یا سزا[2] ملیگی -

معتزلہ کا عکس نقیض فرقہ صفاتیہ ہے - اس فرقہ کے اعتقادات بالکل قدما کے رنگ پر ہین اور اوسی قدیم سانچہ مین ڈھلے ہوے ہین - فرقہ اشاعرہ فرقہ صفاتیہ کا

[1] عل نحل ملاحظہ ہو ۱۲ سوگلف [2] عل نحل صفحہ ۲۹ - اور شنک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۲۱۱-۲۱۲-۲۱۳

ایک شعبہ ہے۔ اس فرقہ کا بانی ابو الحسن اشعری ہوا۔ اور اسکے اعتقادات بھی صفاتیہ کے مرغوبات کے مشابہ ہین اور اسکا یہ قول ہے کہ صفات باری تعالے قدیم ہین اور انسان وجود واجب الوجود کا علم عقل سے نہین حاصل کرسکتا اور نہ عقل سے حق و باطل مین تمیز کرسکتا ہے۔ اور احکام الٰہی قدیم ہین اور خدا کو دیکھ سکتے ہین۔ اور صرف قبایح کے صدور کا اختیار انسان کو نہین اور کل حسنات منجانب اللہ ہین۔ مگر فرقۂ جبریہ انسان کے فاعل مختار ہونے کا انکار قطعی کرتا ہے اور کہتا ہے کہ انسان کے کل افعال مشیت الٰہی سے سرزد ہوتے ہین۔

اس فرقہ کا نام معتزلہ نے جبریہ صحیح و درست رکھا ہے۔ اور اپنے تئین اصحاب العدل والتوحید بجا کہا ہے۔ کیونکہ تمام فرق اسلامیہ مین عقلیہ یعنے معقول پسند فرقہ صرف معتزلہ ہے کہ اس فرقہ کے نزدیک ہر مسئلہ مین جو انسان کی ترقی و تہذیب سے تعلق ہے عقل مداخلت تامہ رکھتی ہے۔ اس فرقہ کو افادیہ بھی کہسکتے ہین کیونکہ اسنے اس مسئلہ کو تسلیم کرلیا ہے کہ خیر و شر اور حق و باطل کا معیار جمہور خلائق اور کافۂ انام کے نفع رسانی اور راحت افزائی ہے۔ اور اسکو استخراجیہ اسوجہ سے کہسکتے ہین کہ اسکے نزدیک ہر ایک قانون جو بندگان خدا کے باہمی تعلقات سے متعلق ہے مصالح وقت پر مبنی ہے اور واقعات سے استخراج کیا گیا ہے۔ اس فرقہ کے اعتقادات جو انسان کی قدامت کے

لہ ملل نحل صفحہ ۶۶ - اور سنک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۳۲۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۲ تعجب یہ ہے کہ یہ سب فرقے اپنے اقوال پر قرآن مجید اور احادیث نبوی سے استدلال کرتے ہین مگر ظن غالب یہ ہے کہ فرقہ معتزلہ جو ان سب فرقون مین معتدل الرای ہے اون اعتقادات کا مظہر ہے جو حضرت علی اور ائمہ اطہار کے تھے نبی فاطمہ کے اعتقادات معتزلہ کے اعتقادات سے اکثر امور مین مشابہت تامہ رکھتے ہین - پہلا خطبہ حضرت افصح العرب کا نہج البلاغت مین ملاحظہ ہو اور بحار الانوار مین جو احادیث جبر و اختیار کے مسئلہ مین وارد ہوے ہین وہ بھی ملاحظہ ہون - یہ بات مشہور و معروف ہے کہ عاظم علماے معتزلہ نے اہلبیت یعنے بنی فاطمہ سے تعلیم پائی تھی ۱۲ - مؤلف ۵۳ ملل نحل صفحہ ۲۹ و ۳۰ - وغیرہ اور سنک صاحب

باب مین ہین وہ اس زمانہ کے فلاسفۂ طبیعی کے اقوال پر ترجیح رکھتے ہین۔ معتزلہ کے اعتقادات اوس کتاب مین خوب جمع کیے ہین جسکا نام تحفۃ الاخوان الصفا ہی۔ یہ ایک بہت بڑی کتاب ہی جسمین نہایت پاک و پاکیزہ مضامین لکھے ہین اور تمام بنی آدم کے ساتھ خلوص و محبت قلبی ظاہر کیا ہے اور انسان کی ترقی و تہذیب پر اعتماد کلی کیا ہے بلکہ انسان کا کیا ذکر ہے حیوانات کے ساتھ بھی حسن سلوک کی ترغیب دی ہے۔ پس ان اعتبارات سے یہ کتاب بے نظیر ہے۔

معتزلہ کے اعتقادات کو مامون الرشید نے بھی قبول کر لیا جو سب سے زیادہ اولوالعزم اور قدردانِ علم و ہنر خلفاے عباسیہ اور بادشاہان عرب مین گذرا ہے بلکہ کسی عہد اور کسی زمانہ مین اوس سے زیادہ عاقل اور دور اندیش شاید چند ہی بادشاہ گذرے ہونگے اس خلیفہ کی عمر اور اسکے بعد معتصم باللہ اور واثق باللہ کی عمرین اسی کوشش مین گذر گئین کہ وہ معتقدات کا مذاق جو اونکو اور اونکے بعض رعایا کو تھا سب مسلمانون کے دلمین پیدا کرین۔ مگر بقول ایک مورخ فرانسیسی کے اسلام کی بدقسمتی سے خلفاء بغداد کے خلفاء سے بھی زبردست نکلے اور متوکل علی اللہ کے عہد خلافت مین اعتقادات قدیم غالب آگئے اور یہ بھی ایک سبب قوی زوال و انحطاط خلافت کا ہوا۔

شیعہ کا فرقہ عموماً معتزلہ کے اقوال کیطرف مائل ہے۔ اور اہل سنت و جماعت عموماً صفاتیہ کے اعتقادات کی طرف راغب ہین۔ پھر شیعہ جو معتزلہ کیطرح معتدل آرا رکھتے ہین دو فرقون پر تقسیم ہین۔ اصولی اور اخباری۔ اصولی وہ ہین جو اجتہاد کے قائل ہین یعنے متشابہات مین اصول عقلیہ کے موافق تاویل کر کے شرعیہ کا استخراج و استنباط کرتے ہین اور جو احادیث صحیح و موثق کے درجہ کو نہین پہونچتین اونپر عمل نہین کرتے۔ اور اخباری وہ ہین

لہ رنگ صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۲۲۱ - حاشیہ ہو ۱۲ - مؤلف سے سیڈلاٹ صاحب کی تاریخ عرب صفحہ ۱۰۱ اور

الشیخ محمد صاحب کی تاریخ اسلام اور سید محمد صاحب کی تاریخ اسلام کا مطالعہ ضرور ہے

جو اجتہاد کے قائل نہیں ہیں یعنے مسائل شرعیہ میں صرف قول معصوم کو حجت سمجھتے ہیں
اہل سنت کو شہرستانی نے دو فرقوں پر تقسیم کیا ہے۔ اہل الحدیث اور اہل الرائے شافعی
اور مالکی اور حنبلی اہل الحدیث میں اور حنفی اہل الرائے میں داخل ہیں۔ یہ فرقہ اہل سنت
کے ائمہ اربعہ کے اسم سے موسوم ہوئے ہیں[۵]۔ شافعی اور مالکی اور حنبلی کئی صفاتیہ ہیں اور
اونکے اعتقادات صفات باری تعالے کے باب میں اوسی قسم کے ہیں جیسے صفاتیہ کے ہیں
اور وہ ہر ایک اصول کتنہ اور روایت پارینہ کی سخت پابندی کرتے ہیں۔ حنفیہ احادیث کو
تسلیم کرتے ہیں مگر اونکے معانی کو ہر شخص کی عقل اور قیاس پر موقوف رکھتے ہیں۔
پس شیعوں میں اخباری اور سنیوں میں حنفی کے اصول باہم مشابہ ہیں[۵۶]۔

صوفیہ کا مسلک بھی عجیب و غریب مسلک ہے اس زمانہ کے فارسی اشعار وغیرہ کی روح و
جان تصوف ہے۔ ایک عظیم الشان فرقہ اہل اسلام نے قرآن مجید کے بعض آیات کو عوام
و اسرار پر متضمن سمجھکر ایسی تاویلیں کی ہیں جنسے یہ مسلک پیدا ہوا ہے مسلمانوں میں تصوف
کا ماخذ اور منشا وہ احادیث ہیں جنمیں آنحضرتؐ نے باری تعالے کی نسبت فرمایا ہے کہ
اوسکی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ از ثری تا ثریا سب اشیاء میں ساری و طاری ہے اور
جس خضوع و خشوع اور حضور قلب اور محویت اور وجد کے ساتھ آپ عبادت خدا فرماتے
تھے وہ بھی اس مسلک[۵۷] کا موید ہے۔ جبتک آنحضرتؐ زندہ رہے اوسوقت تک عبادت
واجب محض ذکر و مراقبہ پر مقدم سمجھے جاتے تھے اسوجہ سے متقدمانہ مراقبہ اور اسرار کی گنجائش تھی

[۵] امام اعظم ابو حنیفہ نعمان ابن ثابت ۹۹ھ سے ۱۵۰ھ تک ہے۔ امام احمد ابن ادریس شافعی ۱۵۰ھ سے ۲۰۴ھ تک ہے امام مالک
ابن انس ۹۳ھ سے ۱۷۹ھ تک ہے۔ امام احمد ابن حنبل ۱۶۴ھ سے ۲۴۱ھ تک ہے۔ ملل نحل صفحہ ۱۶۰ و ۱۶۱۔ اور سیڈلاٹ صاحب کی تاریخ
عرب صفحہ ۴۰۳ و ۴۰۴۔ اور حاشیہ تاریخ ابن خلدون اور دیباچہ تاریخ ابن خاکان ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۵] شاید اس مقام پر جناب
مصنف علامہ سے مسامحہ ہوا ہے کیونکہ مشابہت اگر اصول اجتہادیہ میں ہے تو اصول اخباری اور حنفی میں ہے اخباری اور حنفی میں کچھ نسبت

تصوف یعنی درویشی اور مراقبہ پسندی سب مذاہب اور سب قومون مین رہی ہے
جسقدر انسان کے علائق جسمانی اور افکار دنیوی کم ہوتے جاتے ہین اور تہذیب اخلاق
اور تذکیۂ نفس حاصل ہوتا جاتا ہی اوسیقدر وہ خلوت گزینی اور مراقبہ کو بہترین کمالات انسانی
سمجھکر اختیار کرتا جاتا ہی - مگر مدارج تصوف ہر شخص اور ہر قوم کے خصائص طبیعی کے اعتبار
سے مختلف ہوتے ہین یعنے جس قوم اور جس شخص کو جتنی استعداد ظاہر و باطن اور مجرد و مادے
مین تمیز کرنے کی ہوتی ہے اوتنا درجہ اوسکا تصوف مین ہوتا ہی - مثلاً ہندوؤن کا اعتقاد
یہ ہی کہ منتہی شرف و فضیلت انسان کا یہ ہی کہ عالم لاہوت و ناسوت مین پہونچکر خدا سے ملجاے اسی غرض
سے سنیاسی لوگ ایک ہی مقام پر جمے رہتے ہین اور جنبش نہین کرتے اور بالکل بے حس و حرکت
ہوجاتے ہین - جب ایک غیر متناہی اور غیر مرئی چیز کے تصور مین وہ منہمک ہوتے ہین تو پرمیشر
اور برہمن مین امتیاز نہین کرسکتے - آخر کو یہ نوبت پہونچتی ہے کہ مختلف مخلوقات کو نظر کرکے
تصور کرکے اونمین اور اونکے خالق مین تمیز نہین کرسکتے - اور ہمہ اوست کا دم بھرنے لگتے
ہین اور پھر جو اس خیال مین ترقی ہوتی جاتی ہے اور مراقبہ کا زور ہوتا جاتا ہے تو
اونکو یقین کلی ہوجاتا ہے کہ خالق اور مخلوق ایک ہی [illegible]
ظاہر ہے - پس اس سے معلوم ہوتا ہی کہ جب ہمہ اوست کا اعتقاد منتہی کو پہونچ جاتا ہی
تو شرک و بت پرستی کا باعث ہوتا ہی اور جتنے اعتقادات خدا کے باب مین ہین اون سب سے
بیشتر یہی اعتقاد بت پرستی کا ہوا تھا - اور اسکا باعث یہ ہوا تھا کہ ابتدا خلقت مین
انسان کے دل مین کوئی روحانی خیال نہ آتا تھا جسمین خوف اور ہیبت شریک نہ ہوتی
ہو - جب وہ بڑے بڑے جنگلون کو دیکھتا تھا جنپر انسان کا دست رس کبھی نہین ہوا ہے
اور بڑے بڑے عظیم الشان پہاڑ دور سے اوسکو دکھائی دیتے تھے اور شب
تیرہ و تار مین مہیب صورتون کو اڑتے دیکھتا تھا اور جنگل بیابان مین ہوا کا سناٹا

۷۴ دوسری جلد صفحہ ۲۱۴ مین تصوف کا باب

سنتا تھا تو ان سب باتون سے اوسکے دل مین ایک عجب خوف اور ہیبت پیدا ہوتی تھی
اور جس مادّی چیز کو اپنے سے زیادہ قوی پاتا تھا یا اوسکے قریب جو اور چیزین ہوتی تھین
اونسے زبردست دیکھتا تھا اوسیکی پرستش کرنے لگتا تھا۔ رفتہ رفتہ ان تمام مخلوقات
خدا مین ایک روحانیت اوسنے قرار دی لی اور ان روحانیات کو سزاوار پرستش سمجھنے لگا
پھر چند عرصہ کے بعد ان سب روحانیات کو باہم خلط ملط کرکے ایک روح قرار دے لی
جو تمام عالم پر محیط اور حاوی اور سب کائنات مین ساری و طاری ہے۔ بت پرستی ایک
مقدمہ توحید اور حلول کا ہے اور جب یہ تینون اعتقاد انتہا کو پہونچ جاتے ہین تو باہم
خلط ملط ہوکر ایک اعتقاد ہوجاتا ہے۔ زمانۂ سلف مین مذہب زردشت مین حلول
کا اعتقاد بہت کم تھا اور زیروانی مذہب اوسکے بعد پیدا تھا۔

مذہب افلاطونی خود مشرقی خیالات سے پیدا ہوا تھا اور اوسکی تاثیر دین مسیحی پر
بہت کچھ ہوئی۔ غالباً عشاء ربانی کا اعتقاد عیسائیون نے اسی فلسفۂ افلاطونی یعنی
حکمت اشراقیہ سے اخذ کیا ہے۔ قرن[1] اوسط مین جو صوفی یورپ مین ہوئے اونکے مسلک
کا دارومدار صرف اسی مسئلہ پر تھا۔ مشائخ یورپ مین سے فقط ایک شخص جوہانس
اسکوٹس اس سے مستثنیٰ تھا۔ جس مسلک کا نام تصوف ہے یعنے جذبۂ معرفت الٰہی اوسکو
یورپ مین مسلمانون ہی نے جاری کیا تھا جیسا آیندہ عرض کیا جائیگا۔

بعض نفوس ذکیہ مین جو یہ اعتقاد پیدا ہوا کہ قرآن مجید کے آیات کی معانی باطنی
اور محامل روحانی یہی ہین تو یہ اعتقاد اسوجہ سے نہین پیدا ہوا کہ وہ لوگ بعض ظواہر
کتاب اللہ سے جو عقلی دقتین پیدا ہوتی تھین اور محالات عقلی لازم آتے تھے اونسے اپنی
جان بچانا چاہتے تھے بلکہ یہ اعتقاد کمال عرفان سے پیدا ہوا تھا کہ اون لوگون کو اذعان کامل

[1] اسکو زمانہ جاہلیت بھی کہتے ہین اور یہ وہ زمانہ ہے جو ابتدا سے زوال سلطنت رومۃ الکبریٰ اور ظہور اسلام تک واقع ہوا ہے

اس بات کا تھا کہ ان الفاظ کے معانی اوس سے دقیق تر اور باریک تر ہین جو نیچرین نے لکھے ہین[1] - اول تو اون لوگون کو یہ خیال ہوا پھر اسکے ساتھ وہ اس بات کا بھی اعتقاد کامل رکھتے تھے کہ حق سبحانہ تعالے کی قدرت اور حکمت کل اشیاء مین ساری اور طاری ہے اور یہ اعتقاد احکام قرآنی سے پیدا ہوا تھا اور بالکل اون احکام کے موافق تھا اور احادیث نبوی بھی اسکے معاضد موجود تھے - الغرض - ان وجوہ سے مسلمانون مین وہ فلسفہ اشراقیہ پیدا ہوا جسکا نام تصوف ہے اور بلاد مغربی کے مسلمانون مین فلسفہ اشراقیہ یعنے افلاطون کے اقوال کا جاری ہونا اس مسلک تصوف کا اور زیادہ معین ہوا - ممالک ایشیا مین امام ابو حامد محمد غزالی صاحب احیاء العلوم اور ممالک یورپ مین ابن طفیل بہت بڑے عالم اور پیشوا فلسفۂ اشراقیہ یعنے تصوف کے گذرے ہین امام غزالی کو جب کسی فلسفہ سے اطمینان نہوا جسکی بنا رشاہدہ اور عقل پر تھی تو تصوف کو بے خدشہ سمجھکر اس مسلک کو اختیار کر لیا - پس اوسیوقت سے اونھون نے فلاسفہ کو تہس نہس کرنا شروع کیا اور اونکے اقوال کی خوب چھاڑ کی - امام غزالی کے اعتراضات اکثر شیخ الرئیس ابو علی ابن سینا اور شائعین[2] پر ہین - اور اونھین کے زور قلم سے یہ مسلک ممالک مشرقی کے مسلمانون مین شایع ہوا - لہذا اونکو مسلمانون کا افلاطون کہنا بجا ہے

---

[1] اس اجمال کی تفصیل اوس تفسیر سے خوب ظاہر ہے جو خواجہ عبید اللہ نے تفسیر حسینی مین سورۃ الفاتحہ کی بیان کی اھدنا الصراط المستقیم یعنے بتادی ہمکو وہ راستہ جس سے تجھ تک پہونچ جائین اور اپنی محبت ہمارے دلمین پیدا کر کہ خود تیرا جو ہر محبت ہے اور خلاص کر ہمکو ہر چیز سے جو ہمکو تجھسے دور رکھتی ہو اور ہمکو وہ راہ بتادی جسمین ہم تیرے سوا کسی کی نہ دیکھین اور تیرے سوا کسیکو نہ سنین اور تیرے سوا کسی کا عشق نہ رکھین ہ مؤلف [2] منک صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب صفحہ ۳۶۶ - اور رمن صاحب کا تذکرۂ ابوالرشد و فلسفۂ ابوالرشد - اور شمولڈر صاحب کی تاریخ فلسفہ عرب جسمین خاص کر امام غزالی کے اقوال بیان کیے ہین ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [3] شائعین سے مراد وہ حکماء ہین جنکا مذہب ارسطو کی استدلالی طریقہ سے بہت شایع ہوا

امام غزالی کے بعد بڑے بڑے علما اور مشائخ صوفیہ گذرے۔ اور ممالک مشرقی کے مسلمانون مین جو سب سے زیادہ کامل العقل تھے اونھون نے فلسفۂ اشراقیہ یعنے تصوف اختیار کیا۔ مولانا جلال الدین رومی جنکے مثنوی کے شرف و فضیلت کے اظہار کو یہ شعر کافی ہے۔ مثنوی مولوی معنوی + ہست قرآن در زبان پہلوی + حکیم سنائی جنکو خود مولانا[1] روم نے اپنے اوپر ترجیح دی ہے۔ فرید الدین عطار۔ شمس الدین حافظ۔ خاقانی۔ معلم الاخلاق شیخ سعدی شیرازی۔ ملک الشعرا نظامی۔ یہ سب صوفی تھے۔ بلکہ بعض صوفی فردوسی طوسی کو بھی اپنا ہم مشرب کہتے ہین جو فارس مین ہومر ملک الشعرائے یونان کا ہمپایہ گذرا ہے۔ مگر یہ قول اونکا کہ اجل شعرائے ایران جو دنیا کے بڑے جلیل القدر شاعرون مین سے ہے صوفی تھا بے اصل و بنیاد معلوم ہوتا ہے۔ فردوسی کی طبیعت سب سے زیادہ رسا تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اوسکے کلام کا جو حکیمانہ رنگ ہے وہ صوفیون کے جاہلانہ مذاق سے جدا ہے۔ بعض عاشق تنون کے لیے تصوف عجب نعمت عظمی ہے۔ مگر جن لوگون کے نفوس عقل کے سانچے مین ڈھلے ہوے ہین وہ تصوف کو ایک خواب و خیال سمجھ کر کبھی اسکا اعتقاد نہین کرتے۔ یہی وجہ ہے کہ ابو علی ابن سینا کہ رئیس الحکما تھے اور خواجہ نصیر الدین طوسی کہ تیرھوین صدی عیسوی مین بہت بڑے منجم مسلمانون مین گذرے ہین تصوف سے نفرت کلی رکھتے ہین۔

صوفیہ کے نزدیک اخلاق کا دار و مدار بالکل عشق خدا پر ہے اور اس اعتقاد کو وہ مکروہ جانتے ہین کہ احکام و عبادات شرعیہ کی اصل خوف جہنم ہے۔ ایک صوفی سے کسی نے پوچھا

[1] حکیم سنائی کے باب مین مولانا روم فرماتے ہین۔ نیم جوشے کرد ام من نیم خام + از حکیم غزنوی شنو تمام + پھر فرید الدین عطار کی نسبت فرماتے ہین۔ عطار روح بود و سنائی دو چشم او + ما از پی سنای و عطار آمدیم + تذکرہ مشائخ صوفیہ صفحہ ۶۹۱۔ ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف ۵۲ اس شعر سے صوفیون نے استدلال کیا ہے کہ فردوسی صوفی تھا

کہ بُرے لوگ کون ہین تو اوسنے جواب دیا کہ "وہ لوگ جو خدا کی عبادت طمع ثواب یا خوف عذاب سے کرتے ہین" تب سائل نے پوچھا کہ "آپ کس نیت سے خدا کے عبادت کرتے ہین" اوس صوفی نے جواب دیا کہ "اوسکے عشق سے" اور اس دعوی کی دلیل اوس حدیث کو گردانا جسمین آنحضرتؐ نے فرمایا ہی کہ خدا نے عشق کو سو حصون پر منقسم کیا اونمین سے ۹۹ حصے اپنے لیے مخصوص رکھے اور ایک حصہ بنی آدم کو عطا فرمایا - چنانچہ دنیا مین جسقدر عشق ہے وہ اوسے ایک جزو سے پیدا ہوا اور اوسی جزو کی برکت سے بنی آدم ایک دوسرے سے محبت رکھتے ہین اور سب سے زیادہ تقرب بندہ کو اپنے معبود سے اوسوقت حاصل ہوتا ہے جسوقت اوسکا دل عشق خدا مین بالکل محو ہوتا ہے"

اس لطیف مسلک اشراقی کے صنف خالص اور نوع عالی یعنے تصوف حقیقی کے بنا احکام نبی پر ہے - اور اسمین جو عرفان و حقانیت ہی اوس سے شعرائے اسلام کو نہایت لطیف اور عالی مضامین ہاتھ لگے ہین - مولانا روم اور حکیم سنائی اور فریدالدین عطار کے عارفانہ غزلون کو جنمین عشق خدا کیسے پیرایہ رنگین اور وجد انگیز الفاظ مین نظم کیا ہے کہ تمام کائنات و موجودات ادنے و اعلی اوسکے عشق کا دم بھرتے ہین صوفی لوگ قرآن مجید کے نظر احترام سے دیکھتے ہین بلکہ بعض اوقات کلام اللہ کے برابر اوس معرفت آمیز کلام کا احترام کرتے ہین -

تصوف اہل اسلام اور نصاری دونون مین موجود ہے - مگر اس مسلک سے نتائج عملی اکثر خراب پیدا ہوے ہین - نفوس کاملہ مین تصوف فلسفۂ اشراقیہ کا لطیف و پاکیزہ پیرایہ مین ظاہر ہوتا ہی مگر عوام الناس تصوف کے جوش مین آکر غوامض اسرار کُنہ واجب الوجود مین اور جو تعلق انسان اوسکے ساتھ رکھتا ہے اوسمین غور و فکر

کرتے کرتے اپنے دماغ کو خراب و پریشان کر دیتے ہین - اور اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہی کہ ہر ایک جاہل عامی کندہ ناتراش علم حقیقی کو حقیر سمجھکر سچے فلسفہ اور اوسکے مفید شعبون کو ترک کر دیتا ہے اور گوشۂ تصوف مین پناہ لیکر اپنے تئین خواہ مخواہ اہل معرفت بنا لیتا ہی چنانچہ خود امام غزالی کے زمانہ مین یہی کیفیت تھی کیونکہ وہ شکایت کرتے ہین کہ اہل باطن کی کساد بازاری اسقدر ہے کہ کسان لوگ اپنی کھیتی باڑی کو چھوڑ کر اہل اللہی اور عرفان کے مدعی ہوے ہین - اہل اسلام اور نصاری دونون مین عوام الناس کے تصوف پر سب سے بڑا اعتراض یہ ہوتا ہے کہ چونکہ تصوف فی نفسہ کوئی دین نہین ہی لہذا جہان یہ مسلک جاری ہوتا ہے عوام الناس کے ایمان کو ضعیف کر دیتا ہے - اور اخلاق کی اصل و بنیاد کو کمزور[۵۱] کر دیتا ہے بلکہ وہ کیفیت پیدا کرتا ہی جو ہندوستان مین ہر روز ہندو بیراگیون اور جوگیون کے دکھائی دیتے ہین -

مگر اعلی درجہ کے فلسفۂ اشراقیہ سے جو فوائد عظیمہ حاصل ہوے ہین انسے چشم پوشی نہین ہو سکتی شیخ الرئیس ابو علی ابن سینا اور ابو الفلاسفہ ابو الرشد اندلسی کے فلسفہ اشراقیہ کی برکت سے یورپ مین وجود باری تعالے کا اعتقاد اسقدر شایع ہوا ہی کہ اونکے بعد جو حکماء گذرے ہین اونکو قیاسات و تخیلات سے کبھی نہین ہوا - یورپ کے عیسائی سلطنتون مین جو تصوف کا جوش اور روحانیت کا غلبہ ہوا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ[۵۲] احکام کلیسا جنسے شدید و غلیظ مادہ پرستی ٹپکتی تھی اور وہ اعتقادات فاسد اور وساوس شیطانی جنسے کنیسہ مین عیسائی لوگ جکڑے ہوے تھے سب دفع ہو گئے - یہ کسکا طفیل سے ہوا یہ اوس تاثیر کی برکت سے ہوا جو اہل اسلام کے تصوف اور حقانیت نے اہل یورپ[۵۳] کے

---

[۵۱] دیباچہ تذکرہ شیخ صوفیہ صفحہ ۱۸ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۵۲] حاکم صاحب کی تاریخ فارس جلد ۱ - باب صفحہ ۱ اور گربو صاحب کی تاریخ فلسفہ وسط ایشیا صفحہ ۱۰۰ - ملاحظہ ہو صوفیون کے اعتقادات کی تفصیل تاریخ ابن خلدون جزو ۳ صفحہ ۱ مین

* ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۵۳] ۱۲ دیباچہ ہو عیسائیون کا ایک بڑا دل اور بیرحم فرقہ گذرا ہی جو سلطان ہای عثمانیہ کے عروج کے زمانہ مین صفحہ ۳۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

نفوس پر کے تھے - یورپ کی عیسائیون کے مذہب کو فلسفۂ افلاطونی سے قطع نظر کرکے دیکھیے جو حضرت عیسیٰؑ کے بعد پانسو برس تک اوسمین خوب کوٹ کوٹ کر بھر دیا گیا تھا تو اوس مذہب کو بالکل مادی پائیگا روحانیت اوسمین مطلق نہ دیکھیے گا - اوس دین کی صفت یہ ہی کہ اوسکی روسے باری تعالیٰ کو اوصاف بشری سے معرا کرکے دیکھیے تو کوئی چیز نہین باقی رہتی - بلکہ اوس دین مین خدا بشریت مین بالکل ڈوبا ہوا ہی - چنانچہ لیکی صاحب مورخ نے جو یورپ کے معقول پسند مذہب کی تاریخ لکھی ہے اوسکی جلد ۱ صفحہ ۳۷۴ مین فرماتے ہین کہ "ابوالرشد اور پیروان ابوالرشد نے جو تصوف اور فلسفۂ اشراقیہ مین کتابین تصنیف کی تھین اونھین کی برکت سے یورپ مین وہ پرانے اعتقادات جو حکمائے یونان باستثنا کی نسبت رکھتے تھے دوبارا زندہ ہوگئے اور اونھین کیوجہ سے لوگون کو اسکی فکر پیدا ہوئی کہ عالم مادیات اور عالم ارواح مین باہم کیا تعلق ہے - یعنی مادیات مجردات سے کیا نسبت رکھتے ہین - یہ اعتقاد کہ ایک روح ہے جو تمام موجودات مین ساری ہی - جو پتھر مین سو رہی ہے حیوان مین خواب دیکھتی ہے - انسان مین جاگتی ہے - اور یہ اعتقاد کہ وہ پوشیدہ سیدا حیات جو مادہ کی مختلف صورتین پیدا کرتا ہی صرف ایک جلوہ ہی اوس خدا کا جو اون سب صورتون مین موجود ہے[۱] عیسائیون مین دوبارا جاری ہوا تو کس صورت سی ہوا کہ ایک خفیف سا سایہ اوس تصوف حقیقی کا باقی رہگیا جو اسلام کی رگ وپے مین ساری ہی -

[۱] ایک فارسی شاعر نے کیا خوب کہا ہی - شعر جان عالم گو میت گر ربط جان دانم بہ تن + در دل ہر ذرہ ہم پنہان و ہم پیدا ستی + یہ شعر ابوالقاسم خراسانی کا ہے اور آتشکدہ صفحہ ۲۰۹ مین لکھا ہی - ۱۲ - مؤلف

حاشیہ ۱ - متعلقہ باب ۱۷

صدہا احادیث فضیلت علم اور علماء مین خود آنحضرت اور حضرت علیؑ سے وارد ہوے ہین جنسے معلوم ہوتا ہی کہ یہ حضرت علم اور اہل علم کے کسقدر قدر فرماتے تھے - یہ سب احادیث یا اسناد معتبرہ صحیح بخاری مین (جسکی شرح قسطلانی نے جلد ۱ صفحہ ۱۶۶ مین لکھی ہی) - اور جامع ترمذی صفحہ ۳۳۶ مین - اور کتاب المستطرف باب ۱ مین (جو ایک نایاب کتاب

حکمت عملی مین ہے) اور مشکات وغیرہ مین لکھے ہین مستطرف باب مین فضائل علم سے زیادہ شرح وبسط کے ساتھ بیان کیے ہین - تاریخ الحکماء مین جسکا مصنف شمس الدین محمد سہروردی ہے اور جسکا ترجمہ عربی سے فارسی مین حضرت جلال الدین اکبر کے عہد مین ہوا تھا نہایت شرح وبسط کے ساتھ بیان کیا ہے کہ خود آنحضرتؐ نے لفظ پیغمبر کے کیا معنی فرمائے ہین اور علم کا احترام آپ کسقدر فرماتے تھے - جب عمرو ابن العاص مصر سے پھرآیا تو آنحضرتؐ نے اوس سے پوچھا کہ کیا کیا عجائب وغرائب تو نے دیکھے - عمرو نے عرض کیا یارسول اللہ جس بات کو دیکھکر مجھے سخت تعجب ہوا وہ یہ ہے کہ مین نے دیکھا کہ صدہا آدمی ایک مقام پر جمع ہوجاتے ہین جہان ایک شخص کی کتاب پڑھی جاتی ہے جسکا نام اون لوگون نے ارسطاطالیس بیان کیا - آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مین نے سُنا ہے کہ ارسطاطالیس ایک پیغمبر تھا پھر فرمایا کہ داللہ اعلم بالحقوق ایک اور حدیث مین جو معاذ ابن جبل سے منقول ہے آنحضرتؐ نے فرمایا ہے کہ پڑھے علم سکھاؤ کیونکہ جو علم سکھاتا ہے وہ خدا سے ڈرتا ہے اور جو علم کا ذکر کرتا ہے وہ حمد خدا بجالاتا ہے - جو علم پر بحث کرتا ہے وہ خدا کی راہ مین جہاد کرتا ہے - جو علم کو طلب کرتا ہے وہ حق کی عبادت کرتا ہے - جو اوسکو شائع کرتا ہے وہ جہلا کو زکات دیتا ہے - اور جو علم رکھتا ہے سب اوسکا احترام کرتے ہین اور اوس سے راضی رہتے ہین - علم سے آدمی حق و باطل اور حرام وحلال مین تمیز کرسکتا ہے - وہ آخرت کے راہ کو روشن کردیتا ہے - وہ جنگل بیابان مین ہمارا دوست اور گوشۂ تنہائی مین ہمارا مونس وغمخوار ہے سفر مین ہمارا رفیق ہے - راحت مین ہمارا رہنما اور مصیبت مین ہمارا غمگسار ہے - ہمچشمون مین ہماری پایہ بلند کرتا ہے اور دشمنون سے ہمارا سینہ سپر ہوتا ہے - علم سے بندہ خدا اعلی درجہ کی نیکی کو پہونچ جاتا ہے اور عالی مرتبہ ہوجاتا ہے - اور اس دنیاے فانی مین بادشاہون کا مصاحب بنجاتا ہے اور دار البقاء مین راحت ابدی حاصل کرتا ہے - تعلیم وتدریس عبادت خدا کے برابر ہے " (یہ حدیث مستطرف باب ۱۰ مین لکھی ہے اور صاحب کشف الظنون نے بھی کسیقدر اختلاف کے ساتھ اسکو نقل کیا ہے) اس حدیث سے زیادہ کون تقریر علم کی تعریف مین فصیح و بلیغ ہوسکتی ہے پس کچھ مقام تعجب نہین ہے کہ جبتک یہ امت بہت مرحومہ اپنے پیغمبر کی بواطن احکام کی مطیع رہے اوسوقت تک اقلیم عقل کی مالک رہے - مشکات مین جو احادیث فضائل علم مین وہ بھی ملاحظہ ہون ۱۲ - مؤلف

اٹھارہوان باب

اسلام کی سیاستی یعنی ملکی حیثیت کو مخالفین نے بالکل غلط بیان کیا ہے - سیاست دان کے اعتبار سے دیکھئے تو اوس چند سال کے عرصہ مین یعنے جبتک شارع اسلام [illegible] تشریف فرما رہے اسلام نے اوس سے زیادہ فوائد بنی آدم کو پہنچائے

جتنے پیروان اشراقیین و شائین یونان اور خوشہ چینان فقہاء و مفتیان رومۃ الکبریٰ نے صدہا برس علم بے عمل مین اوقات ضایع کرکے بخشی تھی۔ اسلام نے خلق اللہ کو ایک مجموعۂ قوانین بنادیا اور سلطنت کا ایک آئین اور ضابطہ مقرر کردیا اور احکام دین کے ذریعہ سے اوسکو جاری اور نافذ کیا۔ اوسنے ٹیکس کو محدود کردیا۔ اور سب بندگان خدا کو قانون شرع کے نظر مین برابر کردیا اور سلف گورنمنٹ یعنی اپنے اوپر خود حکومت کرنے کے اصول کو مقدس بنادیا۔ اوسنے حکام اور عمال کو شرع کا پابند کرکے اونکے خودسری اور مطلق العنانی کو مٹا دیا۔ اور شرع ہی ایسی جو احکام دینی اور فرائض اخلاقی پر مبنی ہے۔ چنانچہ ارکہارٹ صاحب مورخ فرماتے ہین کہ "اصول شرع اسلام مین سے ہر ایک اصل کو دیکھیئے تو فی نفسہ ایسی عمدہ اور مؤثر ہے کہ شارع اسلام کی شرف و فضیلت کو قیامت تک کافی ہے اور اون سب اصول کے مجموع سے ایک ایسا نظام سیاست قائم ہوگیا ہے جسکی قوت و متانت کے سامنے اور سب انتظامات سیاست ہیچ ہین۔ ایک شخص کی حین حیات اور وہ بھی ایسا شخص جو ایک جاہل۔ وحشی۔ تنگ مایہ و کم ظرف قوم کے قابو مین تھا وہ شرع اون ممالک مین شایع ہوگئے جو سلطنت قاہرہ رومۃ الکبریٰ سے کہین عظیم و وسیع تھی۔ جبتک اس شرع مین اسکی اصلی کیفیت باقی رہی اوسوقت تک کوئی چیز اسکا مقابلہ نہ کرسکے" اللہ اللہ۔ جس ملک مین مسلمان پہونچے اوسکی صورت بدل گئی۔ اوسکا اور ہی رنگ ہوگیا۔ بڑے بڑے شہر بنگئے۔ جہان بدنظمی تھی وہان انتظام ہوگیا۔

خلیفۂ اول کے قلیل عہد خلافت مین قبائل صحرائی کے سرکش اور گوشمالی کی اتنی مہلت نہ ملی کہ اون صوبون کا انتظام کیا جاتا جو رومیون کے بغض و عناد سے مسلمانون کے ہاتھ لگے تھے۔ مگر خلیفہ ثانی کے عہد خلافت سے رعایا کی رفاہ و بہبود کا

سلسلہ کی تاریخ کے مطالعہ سے ہمارے نوجوان تعلیم یافتہ مسلمان بھائیون کو بہت فائدہ ہوگا۔ سرکار

انتظام اوس دانشمندی اور بیدارمغزی سے ہونے لگا جو خلفاے راشدینؓ کی حکومت مین یادگار ہے۔ جنگ قادسیہ جسمین مسلمانون نے فارس کو فتح کرلیا اسکے علامت تھی کہ خسروان فارس کے مظلوم و مقہور و ستم رسیدہ رعایا نے ظلم و جور سے نجات پائی یہود کو مجوس (یعنے پیروان زردشت) ہمیشہ قتل و قمع کرتے رہے تھے اور عیسائیون کو جلا وطن کردیا تھا اور اور ملکون مین نکالدیا تھا۔ ان دونون قومون نے بھی بقول گونیو صاحب مورخ فرانسیسی کے "اوس پیغمبرؐ کے ظل حمایت مین آکر اس درجہ راحت پائی جو اونکو موسیٰ جانتا تھا گو اونکے ایمان کو ناقص سمجھتا تھا اور جسنے خدمات جنگ کے معافی کے معاوضہ مین کچھ خفیف سا جزیہ اونپر باندھدیا تھا" یہانتک کہ کسان اور چھوٹے چھوٹے زمیندار بھی جنکو حکام جائر نے پامال کردیا تھا اور ملاؤن نے حقیر و ذلیل بنادیا تھا مسلمانون کو اپنا نجات دہندہ سمجھکر اونکے آنے سے نہایت خوش اور مسرور ہوے سبحان اللہ کیا برکت تھی رسول عربیؐ کی کہ وہ قومین جو صدہا برس سے خواب غفلت مین پڑے ہوئی تھین چونک اوٹھین اور وہ قومین جو صدہا سال کی ذلت و نکبت سے بے حس و ادراک ہوگئی تھین اونکے قالب مردہ مین دوبارا جان آگئی۔ الغرض۔ جہان جہان مسلمان گئے جمہور خلائق اونکو اپنا نجات دہندہ اور آزاد کنندہ سمجھکر بڑی تعظیم و توضیح سے پیش آئے۔ اور اگر کہین اونکا مقابلہ کیا تو علما و امرا نے کیا۔

مسلمانون کی حالت بعہد خلافت خلفاے راشدینؓ نظر غور سے دیکھی جاے تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ ایک حکومت جمہوری تھی جو ایک محدود و معین مجموعہ قوانین پر مبنی تھی اور جسکا انتظام منتخب شدہ حکام سے متعلق تھا اور اون حکام کے اختیارات محدود تھے

گونیو صاحب کی تاریخ صفحہ ۵۵ - ۱۲ مؤلف ۲ السنر صاحب کی تاریخ صفحہ ۹۰ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف

اُمرا اور ارکین سلطنت پر رائے جمہور حاکم تھی اور ذلیل ترین رعایا بھی اونکو زجر و توبیخ کر سکتے تھے چنانچہ خلیفہ ثالثؓ کو ہر روز بیت المال کا حساب دینا پڑتا تھا - اور خلیفہ رابعؓ کو معمولی عدالتون مین حاضر ہوکر ایک عیسائی چور کے مقابلہ مین روبکاری کرنی پڑی قضات کے فیصلہ ناطق اور قطعی ہوتے تھے اور خلفاے راشدینؓ یہ قدرت نہ رکھتے تھے کہ جن لوگون کو حاکم عدالت نے مجرم قرار دیا ہو اونکے گناہ کو معاف کر دین گو غاصبین خلافت ایسا کرتے تھے - مزدور غربا دونون کے لیے ایک ہی قانون تھا اور اہل مقدرت اور مزدور دونون کا انصاف برابر ہوتا تھا - رئیس المتکلمین امام فخر الدین رازی کی مشہور و معروف کتاب تاریخ الدول مین جو آنحضرت کے زمانہ کے سو ہی برس کے بعد تصنیف ہوئی تھی ملاحظہ کیجئے کہ اسلام مین سلاطین کے آداب و فرائض رعایا و برایا کی نسبت کیا لکھے ہین اور رعایا کی آزادی اور برابری کو کس قدر دینے کی کسقدر تاکید لکھی ہے اور اوسکو حکام وقت کے ظلم و جور سے بچانے کی کیا تدبیر بیان کی ہے قوانین اسلامیہ اصول عدل و انصاف پر مبنی ہین اور اونکی سادگی اور صحت مشہور ہے اور شرع مین عسر و حرج اور تکلیف مالا یطاق بندگان الٰہی کے لیے جائز نہین ہے - یعنی اوس بات کا حکم نہین ہے جو عسیر العمل یا خلاف عقل ہو چنانچہ اسٹنز صاحب مورخ فرماتے ہین کہ "اگر قانون وراثت خلائق کے امن و عافیت اور رفاہ و بہبود کے لیے ضروری و لابدی ہے تو یہ شرف مسلمانون ہی کے لیے مخصوص ہے کہ اونکے قوانین اس باب مین سب قوانین سلف سے اعلیٰ و افضل ہین"[۱]

[۱] جبکہ کی ملاقات کا حال خلیفہ ثانی سے تاریخ ابوالفدا جلد ۱ صفحہ ۲۳۹ مین ملاحظہ ہو - تاریخ کامن ڈی پرسول جلد ۳ صفحہ ۵۰۱ بھی ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۲] اس کتاب کا پورا نام یہ ہے کتاب الفخری فی اداب السلطانیہ والدول الاسلامیہ ۱۲ - مؤلف [۳] لقولہ تعالیٰ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا لھا ما کسبت وعلیھا

جن ملکون مین مسلمانون کا تسلط ہوا وہ فیوڈل سسٹم اور فیوڈل قوانین کے نتائج بد سے محفوظ رہے۔ قوانین اسلامیہ مین چونکہ مروت و رعایت کو کچھ دخل نہ تھا اور قومیت بھی کوئی چیز نہ تھی لہذا وہ بہت بڑے نتیجے اونسے پیدا ہوے۔ ایک یہ کہ اراضی اون سنگین محصولون سے سبکدوش ہوگئے جو وحشیانہ اور ظالمانہ قوانین کے بموجب مقرر کیے گئے تھے۔ دوسرے یہ کہ افراد قوم کے حقوق مین مساوات کلی ہوگئی۔ چنانچہ السنر صاحب مورخ فرماتے ہین کہ "اگلے زمانہ کے مسلمانون مین عجب اوصاف حمیدہ جمع تھے کہ سادگی اور بے تکلفی کے ساتھ قوت و جودت اور ایمانداری اور نیک نیتی کے ساتھ بے طمعی اور بے لوثی اور شرم و حیا کے ساتھ شجاعت و جوانمردی اور زہد و تقوی کے ساتھ حلم و مروت جمع تھی" شرع شریف مین مسکرات مطلقاً حرام کردیے گئے۔ جس سے یہ فائدہ ہوا کہ عوام اہل اسلام اون خرابیون اور اعتقادیون سے محفوظ رہے اور اہل مذاہب کے طرز و معاشرت مین داخل ہوگئی ہین۔ اور صدق مقال اور کسب حلال اور احکام شرع کے لحاظ و خیال کو فرض کردینے سے اسلام نے بندگان خدا کو ظلم و جور سے محفوظ و مامون کردیا۔ فقط۔

انیسوان باب

عبداللہ المامون کو عرب کا اغسطس قیصر کہنا بجا ہے۔ ابوالفرج نے اوسکی بابت مین لکھا ہے کہ "مامون اس سے ناواقف نہ تھا کہ خاصان خدا اور برگزیدہ گان کبریا وہ لوگ ہین جو اپنے عمرون کو اپنی قوی عقلی کی ترقی و تہذیب کی کوشش مین بسر کردیتے ہین اور عقل و دانش کے سکھانے والے سچے ستارے اور حقیقی قانون بنانے والے دنیا کے ہین"

لہ یہ ایک خاص انتظام زمینداری زمانہ سلف مین انگلستان مین جاری تھا جسکے بموجب لگان اور مالگذاری اراضی کے عوض مین زمیندار رعایا سے اور بادشاہ وقت زمیندار سے فوجی خدمات لیتا تھا یعنی خراج دینے کے بدلے رعایا کو تعلقدار کی طرف سے اور تعلقدار کو بادشاہ وقت کیطرف سے میدان جنگ مین لڑنا پڑتا تھا۔ ۱۲ مترجم لہ یہ قیصر روما الاعظم ۴

مامون الرشید کے بعد چند روشنضمیر بادشاہ ایسے ہوے جنہون نے اون کارہاے عظیم کو جنکی ابتدا رمامون نے کی تھی جاری رکھنا باعث اپنے فخر و مباہات کا سمجھا مامون اور اوسکے جانشینون کے عہد سلطنت مین علماے بغداد کو خصوصاً بلکہ تمام اہل بغداد کو عموماً علوم عقلیہ کا ایسا ذوق و شوق پیدا ہوا کہ کبھی نہ ہوا تھا۔ طریقۂ استخراجیہ یعنے وہ طریقہ جس سے معلومات سے استدلال اور استنباط مجہول کا کیا جاتا ہے اور جسکو بڑے فخر و مباہات سے اس زمانہ کے اہل یورپ کا اختراع بلکہ اونکا املاک شخصی قرار دیدیا ہے مسلمانون کو بھی خوب معلوم تھا۔ جیسا سیڈلاٹ صاحب مورخ فرانسیسی اپنی تاریخ فلسفۂ عرب صفحہ ۲۴۴ مین فرماتے ہین کہ "معلوم سے مجہول کا استنباط کرکے علماے بغداد نے ٹھیک ٹھیک اصلی کیفیت کائنات عالم کون و فساد کی دریافت کرلی اور اثر سے موثر اور سبب سے مسبب اور معلول سے علت کو پہچان لیا۔ اور صرف وہی امور تسلیم کیے جو تجربہ اور مشاہدہ سے ثابت ہوے مسلمان استادون نے اہل یورپ کو ایسے اصول سکھلائے تھے" پھر یہی مورخ فرماتے ہین کہ "نوین صدی عیسوی مین عرب ہی کے پاس وہ شمہ و مؤثر طریقہ استدلال اور استخراج نتائج کا تھا جو مہتاے مدید کے بعد اس زمانہ کے حکماے کے ہاتھ آیا ہے اور اوسی طریقہ سے اونھون نے عمدہ عمدہ مسائل علمیہ کا استخراج کیا ہے"

قریب اس زمانہ کے جو علما و حکماے اسلام گذرے اور جنکے کمال علمی کی کوئی نہ کوئی علامت ترقی و تہذیب کی تاریخ مین ابتک موجود ہے اگر اونکا شمار کیا جاے تو کئی جلدین تصنیف کرنی پڑین۔ اس مقام پر صرف مختصر کیفیت اون علوم عقلیہ اور رسائل حکمیہ کے لکھے جاتی ہے جنکو مسلمانون نے اختراع کیا علم ہیئت مین پسران موسی ابن شاکر نے ہارون الرشید اور مامون الرشید کے عہد مین آفتاب اور

سیارات کے حرکات سے متعلق وہ امور تحقیق کیئے جو صحت و واقعیت کے اعتبار سے اون اختراعات سے کم نہیں ہین جو اونکے بعد اس زمانہ کے حکماے یورپ نے کیے ہین جو لات رصدی ان حضرات کو میسر آئے اونکے لحاظ سے کہا جاتا ہے کہ اونھون نے دائرہ معدل النہار کا منحنی ہونا اور ماہتاب کے ارتفاعات کے اختلافات کس صحت اور خداقت کے ساتھ ثابت کیئے ہین کہ گویا اعجاز کیا ہے۔ یونانی کبھی اس مسئلہ کو نہ سمجھے تھے کہ قواعد علم ریاضی مساحت سطوح مین کیونکر جاری ہو سکتے ہین معتضد باللہ کے عہد مین پہلے مسلمانون ہی نے جبر و مقابلہ کے قواعد ہندسہ یعنے اشکال اقلیدس مین جاری کیئے اونہین نے اعتدال ربیعی اور اعتدال خریفی کے تقدم و تاخر کو اور آفتاب کی منتہی البعد کو زمین سے (جو یونانیون کو بالکل نہ معلوم تھا۔) اور دائرہ معدل النہار کے منحنی ہونے کو اور اسی قسم کے اور امور متعلقہ علم ہیئت کو بڑی صحت کے ساتھ مشاہدہ اور مشخص کیا۔ جس زمانہ مین محمد ابن جابر البطنی ہوا اوس زمانہ مین مسلمانون نے قدما کے بے قاعدہ علم ہیئت سے ایک باقاعدہ اور با اصول علم بنا لیا[1]۔ بیلی صاحب لکھتے ہین کہ مسلمانون مین صرف البطنی ایک علم جلیل القدر علم ہیئت کا گذرا ہے۔ مگر البطنی نے صرف اتنا کیا کہ اوسکے پیشتر کے محققین نے جو مسائل ہیئت اختراع کیئے تھے اوسنے ایک حیثیت خاص سے اونکو مرتب کر دیا۔ تاہم تاریخ علوم ریاضیہ مین اوسکا نام مشہور ہے کہ مسائل علم ہیئت اور علم مثلث کے استخراج کی نئی قاعدے اوسنے اختراع کیئے۔ علم و فضل کا ذوق و شوق جو خلفاے عباسیہ اور خلفاے فاطمیہ کو تھا وہی اون پادشاہان اسلام کو بھی ہوا جو اونکے بعد گذرے۔ اور ماوراء النہر مین سلاطین سامانیہ اور فارس مین پادشاہان صفریہ اور غزنی مین ملوک غزنویہ سے ترقی علم اور سرپرستی

[1] ابو الحسن مبشر ابن فرزدہ شخص ہے جسنے پہلے اس علم کو اختراع کیا۔ اسنے ۴۸۸ ہجری مین وفات کی (نزہۃ العلوم صفحہ ۲۱۳)

* ملاحظہ ہو ۱۲ سنہ ۱۲ صفحہ ۱۲ سنہ ۱۲ صفحہ ۱۲ سنہ ۱۲ صفحہ

اہل علم مین رقابت کو تشویش کرتے۔ سلاطین سلجوقیہ مین طغرل اور الپ ارسلان اور سنجر اور ملک شاہ نہ صرف اسلیے مشہور ہین کہ عظمت و سطوت شاہانہ رکھتے تھے اور اپنی رعایا کے رفاہ و بہبود کی باتون کو خوب سمجھتے تھے بلکہ اسواسطے بھی مشہور ہین کہ بڑے عالی دماغ اور ذی شعور تھے اور علوم و فنون کا بے انتہا ذوق و شوق رکھتے تھے۔

جنگیز خان ہلاکو کے فوج ایشیا کی ممالک اسلامیہ کو سیلاب کی مانند بہالے گئے۔ اور جہان جہان وہ فوج گئی سبکو تہس نہس کر دیا۔ مگر جو مین اون وحشیون نے دین اسلام اختیار کیا اونکا رنگ ہی بدل گیا۔ پہلے تو وہ مخرّبان علوم و دار العلوم تھے اب بانیان مدارس اور سرپرستان اہل علم بنگئے۔ سلطان خدابندہ جسکا نام الجیتو قاآن تھا اور جو چنگیز خان کی چھٹی پشت سے تھا علم و فضل اور سرپرستی اہل کمال کے لیے مشہور تھا۔ بلکہ ہلاکو قاآن نے جو چنگیز خان کا پوتا اور بغداد کا غارت کنندہ تھا زبدۃ الحکمائ والمنجمین خواجہ نصیر الدین طوسیؒ کی حفاظت و حمایت کی۔

سلاطین بیاضیہ کے عہد مین ابو الوفا گذرا جسنے علم مثلثہ مین خط قاطع اور خط مماس کا استعمال جاری کیا مگر بقول سیڈلاٹ صاحب سورخ کے دربار حکیم نے صرف اتنا ہی نہین کیا۔ بلکہ نظام قمری بطلیموسی کو ناقص سمجھکر اوسنے قدیم مشاہدات رصدی کے تصدیق کی اور تیسرا اختلاف اوسنے ماہتاب مین پیدا کیا اور اوسی اختلاف کو چھ سے برس کے بعد یورپ مین ٹائیکو براہی نے ظاہر کیا۔

فاتح ہند سلطان محمود غزنوی اور اوسکے جانشینون کے عہد دولت مین البیرونی بیرونی ایک بہت بڑا حکیم فلسفی اور ریاضی دان اور جغرافیہ دان گذرا۔ اور ملک الشعرا فردوسی طوسی اور رفیقی اور عنصری اور سنائی یہ سب شاعر اونہین کے عہد مین گذرے اس عرصہ مین جو راہ و رسم سلطنت اسلامیہ غزنی اور ممالک ہندوستان مین پیدا ہوا اوسکا

* سیڈلاٹ صاحب کی تاریخ عربی صفحہ ۳۵۰ - ۳۵۱ ظہور ۳۷۰ - مرتب

باعث سے مسلمانون نے اپنی اختراعات علمی مین ہنود کے علوم بھی شریک کرلیے جو اوقت تک کسی دوسری قوم اور غیر ملک مین نہ جانے پائی تھی

سلاطین سلجوقیہ کے زمانہ مین علی الخصوص ملک شاہ اور سلطان سنجر کے عہد دولت مین بعض اعاظم حکماے اسلام گذرے - جو شاہدات رصدی ملک شاہ کے عہد مین ہوے تھے اونہین کے روسے ۱۰۷۹ء مین تقویم مین اصلاح ہوئی اور اس سے چھ سو برس کے بعد پوپ گرگری نے تقویم یورپ مین اصلاح کی - شاعر و منجم عمر خیام جسکے دیوان کا ترجمہ اب زبان فرانسیسی اور زبان انگریزی مین ہوا ہے اور شاعر غزالوری سلطان سنجر کے عہد مین ہوے چنگیز خان کے بعد جو پادشاہان اسلام ہوے اونہین کے عہد دولت مین علم کی روشنی تمام ممالک مشرقی مین پھیل گئی بلکہ چین تک پہونچ گئی ابن یونس منجم کے زیج کا ترجمہ ۱۸۰۸ء مین چینیون نے کیا - پس علم نجوم جسکو اہل چین کی قدیم تہذیب و شائستگی کی طرف منسوب کیا ہے مسلمانون ہی سے اونہون نے اخذ کیا تھا —

مسلمانون نے صرف علم ہیئت ہی مین ترقی اور اصلاح نہین کی بلکہ ہر ایک شعبہ علوم ریاضیہ مین اونکی ذہانت و طباعی کے آثار و علامات موجود ہین - یونانیون کو جبر و مقابلہ کا موجد کہا ہے مگر بقول اسٹرلنگ[1] صاحب مورخ کے یونانیون مین جبر و مقابلہ صرف ایک کھیل کے طور پر جاری تھا - مسلمانون نے اس علم سے مفید نتائج نکالے اور عمدہ عمدہ کامون مین اسکو صرف کرکے اسکی قدر و منزلت ایسی بڑھائی کہ یونانیون کو کبھی خواب مین بھی معلوم ہوئی تھی - مامون الرشید کے عہد مین حکماے اسلام نے دوسرے درجہ کی معادلہ البسیطہ کے حل کرنے کا طریقہ اختراع کیا اور اوسکے تھوڑے عرصہ کے بعد معادلات مرکبہ کا مسئلہ بھی اختراع کیا علوم طبیعیات کا بھی اسیقدر ذوق و شوق مسلمانون کو رہا جلیل ترین حکماے اسلام نے

---

[1] لیتے ہین کہ اصلاح یافتہ تقویم فارسی کے بموجب دس ہزار برس مین صرف دو روز کا فرق پڑتا ہے مگر جو تقویم پوپ گرگری نے

* مغرور کہ ہے اسکی اور سنجیدہ اور متین قوم کی نسبت یہ لفظ نہایت بیجا ہے اسکے علاوہ ۱۲ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مترجم

اپنے قوی عقلیہ کو علم کیمیا۔ علم نباتات۔ علم الارض۔ علم دولت۔ علم فلاحت۔ اور علم حیوانات مین صرف کیا۔ البتہ مسلمان اسی کے مستحق ہین کہ اس زمانہ کے لوگ اونکا شکریہ ادا کرین کہ یونانیون کے علم محض کے بدلے تجربہ اور عمل اونہین نے علوم ریاضیہ مین جاری کیا۔

اسمین کچھ قال وقیل کی جگہ نہین ہے کہ علم کیمیا مسلمانون ہی نے اختراع کیا تھا ابو موسی جعفر کوفی (جسکو عیسائی مورخون نے گبر لکھا ہے) علم کیمیا کا موجد تھا۔ چنانچہ ڈریپر صاحب مورخ اپنی تاریخ جلد ۱۔ صفحہ ۲۹۸۔ مین اس حکیم کے باب مین فرماتے ہین کہ "اوسکا نام اسوجہ سے تاریخ علم کیمیا مین یادگار ہے کہ اوسنے اس علم مین وہ کارنمایان کیا جو اس زمانہ مین ڈاکٹر پرسٹلی صاحب اور ڈاکٹر لاوازیر صاحب نے کیا ہے"۔

علم تشریح اور فن دواسازی مین بھی مسلمان سب قدماء پر گوئی سبقت لیگئے۔ اور اوران شعبہائے علم کو باقاعدہ علوم بنادیا۔ علم نباتات کو اونھون نے اوس سے بہت زیادہ ترقی دی جس حالت مین دسقوریوس حکیم یونانی اس علم کو چھوڑ گیا تھا۔ اور یونانیون نے جو قرابادین ادویہ نباتیہ کی بنائی تھے اونمین دو ہزار جدید نباتات شامل کیئے قرطبہ[1] بغداد۔ قاہرہ۔ اور فیض مین عمدہ عمدہ باغات تعلیم کے لیے بنائے جنمین بڑے بڑے علماء وحکماء درس دیا کرتے تھے۔

مسلمانون مین الدمری نے ایسی عمدہ تاریخ حیوانات تصنیف کی کہ سات سو برس کے بعد بڑے محقق اس علم کے لفن صاحب ہوے اونکو بھی ایسی تاریخ لکھنی نہین نصیب ہوئی۔ جیالوجی جسکے اختراع کے مدعی اہل یورپ ہین مسلمانون مین علم تشریح الارض کے نام سے جاری تھا۔ مگر علم فلاحت کو مسلمانون نے سب علوم سے زیادہ ترقی دی۔ چنانچہ یورپ کا ایک مورخ کا قول ہے کہ "مسلمانون کے زمانہ مین کسی مہذب وشائستہ قوم

[1] قرطبہ اندلس کا۔ بغداد عراق عرب کا۔ قاہرہ مصر کا۔ اور فیض ممالک بربر کا دارالخلافت ہے ۱۲ مترجم

پاس ایسی عمدہ اور ایسی مکمل قواعد علم فلاحت نہ تھی جیسے اونکے پاس تھی[1]۔ علم معدنیات مین بھی کوئی قوم مسلمانون پر کوئی سبقت نہین لیگئی۔ اس زمانہ کے عمدہ ترین صابن بھی طولیدہ[2] اور دمشق اور غرناطہ کی تلوارون کے سامنے ہیچ ہین۔ سکون کا علم بھی سوائے مسلمانون کے کسیکو نہ معلوم تھا اور اس علم مین مقرظی کی کتاب ہر زمانہ کے محققین کے لیے ایک ہدایت نامہ[3] رہی ہے۔ فن عمارت مین مسلمانون کی فضیلت بیان کرنا فضول ہے اور علم دولت مین جو ترقیان اونھون نے کین وہ بھی اسقدر مشہور ہین کہ اونکو بیان کرنا تحصیل حاصل ہے۔ فنون لطیفہ[4] مین سے صرف فن سنگ تراشی اور فن نقاشی مین مسلمان خام رہگئے لہذا عیسائی مورخون کو اونکے طعن مین اپنی طلاقت لسان اور فصاحت بیان کے اظہار کا موقع ملا ہے۔ ان فنون مین اونکی خام ریجائی کیوجہ یہ لکھی ہے کہ تصویرات حجری وعکسی وغیرہ بنانا احکام قرآنی کے بموجب حرام ہے حالانکہ احکام توراۃ کی رو سے بھی یہ فعل حرام ہے۔ یہ الزام عیسائیون نے اہل اسلام کو اسوجہ سے دیا ہے کہ تحریم تصویر سازی کے حکم شرعی کی حقیقت سے وہ محض ناواقف ہین اور نہ یہ جانتے ہین کہ کن وجوہ سے یہ فعل حرام کردیا گیا۔ غالبًا قدمائے اہل اسلام جو بت شکن بمشہور تھے تصاویر حجری وغیرہ بنانے کو شرک و بت پرستی کا باعث سمجھکر اس فعل کو قبیح جانتے تھے یہ رائے ہماری صحیح ہے اور اسکی صحت پر تاریخ گواہ ہے البتہ مسلمانون کی اس احتیاط نے اونکو دیگر اہل مذاہب وادیان کے انجام بد سے بچالیا جو جام شرک و بت پرستی کا دُردتک پی گئے اور دنیا مین اونکو موحدین کے لقب سے نیکنام کیا۔ مگر جو ہین

---

[1] کرٹین صاحب کی تاریخ جلد ۲ صفحہ ۱۱۱۔ اور کتاب الزراعت ابن کرکاشت الفلون مین ملاحظہ ہو۔ مؤلف

[2] طولیدہ ایک مشہور شہر اسپین یعنی اندلس مین ہے۔ دمشق شام کا مارا لخلافت ہے۔ اور غرناطہ ایک نامی وگرامی شہر مسلمانون کا اندلس مین تھا۔ ۱۲ مترجم [3] ڈی سیسی صاحب نے مقرظی کی دو کتابین فرانسیسی زبان مین ترجمہ کی ہین۔ ایک کتاب کا نام تاریخ

[4] مسلمانون کے ہر زمانہ مین فنون لطیفہ کی ترقی کے ثبوت مین ہمارے ناظرین کو ہماری کتاب تاریخ تمدن اسلام کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ مترجم

مسلمانون کو دشمنان پر دفعۃً کی حملہ سے امان ملی اور جو بین اونھون نے علوم و فنون کی ترقی مین اپنی ہمت صرف کی اوسیوقت اونکو اس فعل کی ممانعت شرعی کی معلومت معلوم ہوگئی - یعنے وہ خوب سمجھ گئے کہ یہ ممانعت خاص اسوجہ سے کی گئی تہی کہ پرستش کے لیے مورتین اور تصویرین نہ بنائی جائین - یہی وجہ ہوئی کہ علوم و فنون کی ترقی کے ساتھی تمام ممالک اسلامیہ مین تصویر سازی اور نقاشی کا شوق بہی پیدا ہوا - اور ایشیا اور یورپ دونو مین خلفاء اور سلاطین اور امراء کے مکانات عالی شان ہمیشہ تصویرات حجری و قلمی سے مزین و آراستہ کیے جاتے تھے - چنانچہ الف لیلہ مین مسلمانون کا طرز معاشرت اور اونکے آداب و اخلاق بعہد خلفاے عباسیہ بہ کمال لکھے ہین اور اوسی کتاب مین یہ بہی لکھا ہے کہ ہارون الرشید نے اپنے خاص محلسرا کے کمرون کو انواع و اقسام کی تصویرون سے سجایا تہا - علی ہذا القیاس مامون الرشید اور اوسکے بعد کے خلفاء اور سلاطین بویہ و صفویہ کا ذوق و شوق نقاشی و تصویر سازی سے مشہور و معروف ہی - الغرض - اسلام فنون لطیفہ کی ترقی کا مانع نہین ہے - البتہ مساجد کو جاندار چیزون کی تصویرون سے سجانا حرام ہے -

علم ادب مین بہی مسلمانون نے ایسی ہی کارنمایان کیے جیسے اور علوم مین کیے تھے علم معانی و بیان مین - علم الانشا مین - فن شعر مین - علم تاریخ مین - فن افسانہ نویسی مین اکثر کتابین اہل اسلام کی زبانون مین علی الخصوص زبان عربی مین ایسے موجود ہین جنسے ثابت ہوتا ہی کہ وہ اعلی مدارج کمال عقلی پر فائز تھے -

فصاحت و بلاغت مین قوت زبانی بہی عرب پر گوی سبقت نہین لیگئے - اور علم معانی[1] و بیان کے قواعد کو اونہون نے ایسا مرتب و منضبط کر دیا کہ کسی قوم نے نہین کیا -

[1] اس علم مین دو بہت بڑی کتابین زبان عربی مین موجود ہین - (۱) تلخیص المفتاح قزوینی اور اوسکی شرح

مولف - (۲) علم البلاغت مولانا شبلی نعمانی مرحوم

قبائل عرب کے باہمی نفاق اور حسد کیوجہ سے اونکی محاورات مین اختلاف تو باقی رہا
مگر ایک وسیع قومی زبان اونکی پیدا ہوگئی جو حجاز مین بولی جاتی ہے۔ اور ہر سال مقام عکاظ
مین تمام قبائل عرب کے جمع ہونے سے اور شعرای عرب کی باہمی مباحثون اور مشاعرون سے
زبان عربی ایک باقاعدہ اور لطیف و سلیس زبان ہوگئی۔ مگر بقول ایک مورخ جرمنی کے کہ
"عربی زبان کو جس چیز نے ایک باقاعدہ اور مضبوط بنیاد پر قائم کردیا اور باقی رکھا وہ قرآن مجید
ہے۔ اور یہ وہ کتاب ہے جسکی برکت سے عرب نے اتنے ملک کو فتح کرلیا جو اسکندر اعظم کی مملکت
سے عظیم تر اور سلطنت قاہرۂ رومۃ الکبریٰ سے وسیع تر تھا۔ اور جن ممالک کو اسکندر اعظم
اور رومیون نے صدہا برس مین فتح کیا تھا اونکو عرب نے دس بارہ برس مین مسخر کرلیا۔
اور یہ وہ کتاب ہے جسکی برکت سے تمام اولاد سام ابن نوح مین سے صرف عرب نے یورپ مین آکر
سلطنت کی جہان اہل فنیسیہ سوداگر بنکر اور یہود مسفر در اور مسافر بنکر رہے تھے اور یورپ مین
سلطنت کی تو کیونکر کی کہ علم کا چراغ روشن کرکے تمام دنیا کو دکھا دیا۔ اور جس زمانہ مین ظلمت جہالت
تمام یورپ پر چھائی ہوئی تھی اوس زمانہ مین عرب ہی نے یونان کی علم و حکمت کو دوبارا زندہ
کیا اور فلسفہ و طب و ہیئت اور شعر و سخن اشیا و یورپ دونو اقلیمون کو سکھایا اور اندلس کو گہوارہ
علوم جدیدہ بناکر غرناطہ دار العلوم کے زوال و بربادی پر آیندہ کی نسلون کو خون کے آنسو[1] رولایا
"قرآن کی حقیقت کیا بیان کیجائے کہ وہ کیسی کتاب ہے۔ اور اوسمین سادگی کے ساتھ کسقدر بلند پروازی
کی ہے اور اوسکی عبارت کیسی فصیح و بلیغ ہے اور مضامین کیسے عالی و لطیف و پاکیزہ ہین اور کیسے عمدہ
استعارات سے مملو ہے اور کیسے کیسے مضامین آبدار صاعقہ وار چمک رہے ہین جنسے ثابت ہوتا ہے کہ ایک
ناصح امین نصیحت کر رہا ہے اور ایک حکیم فلسفی اسرار و غوامض حکمت الٰہی بیان کر رہا ہے اور
ایک ستم رسیدہ محبّ وطن کس جوش و خروش اور ولولۂ وطنانہ سے اپنی قوم کی بداعمالی اور ذلت

[1] واضح ہو کہ یہ کلام کسی مسلمان کا نہین ہے۔ بلکہ یہ ایک نہایت جلیل القدر عالم یورپ دوش صاحب کی تقریر ہے اور اخبار

کمرشل گزٹ کلکتہ مورخہ ۲۲ مارچ ۱۸۷۳ء سے ترجمہ ہوا

وخواری پر زجر و توبیخ کر رہا ہے اور ان سب امور کے ساتھی خداوند عالم و عالمیان ایک عبد صالح کے ذریعہ سے اون اصول حقہ کو جنپر کل عالم اخلاق کا دارومدار ہے کیونکر ظاہر کر رہا ہے۔ اور جو رعب و ہیبت احکام قرآنی کو سنکر اوس زمانہ کے بڑے بڑے شعرا[1] عظام کے دل پر طاری ہوتا تھا اوس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کلام پاک کی کیسی قوی تاثیر اوس قوم پر ہوئی تھی۔ گو قرآن مجید کی آیات اسوجہ سے متفرق اور پریشان معلوم ہوتی ہین کہ مختلف اوقات مین نازل ہوئی اور اون ساعات مین نازل ہوئی جبکہ کفار طرح طرح کی ایذائین اور صدمے آنحضرتؐ کو پہونچا رہے تھے یا جب آپؐ میدان کارزار مین مصروف جہاد تھے یا صرف مقاصد علمی کے لیے نازل ہوئی تھی تاہم قرآن مجید مین ایک قوت اور ثابت اور ایک جوش و ولولہ ایسا پایا جاتا ہے جس سے صاف اس آیۂ وافی ہدایہ کی تصدیق ہوتی ہے۔ وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَىٰ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَىٰ یا جیسا کہ ایک فارسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ شعر۔ درپس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند + ہرچہ استاد ازل گفت ہمان میگویم +

اس زمانہ مین اہل یورپ کو یہ عادت پڑگئی ہے کہ قرآن مجید کا استخفاف و استہجان کرتے ہین اور فصاحت بیان اور عالی مضمونی کے اعتبار سے اوسکو اذنی یونانی اور لاطینی کتابون سے بھی کم سمجھتے ہین۔ اس مقام پر ہم ڈوشن صاحب مورخ کا کلام بجنسہٖ نقل کرتے ہین تاکہ ہمارے یہ رائے تعصب مذہبی پر محمول کیجاے۔ وہ فرماتے ہین کہ "وہ کلمات رنج و راحت اور عشق و محبت اور ہمت و شجاعت اور غیظ و غضب جنکی کچھ حقیقت نہین اب ہمارے کان مین آتی ہین پیغمبر اسلام کے زمانہ مین بہت پرمعنی اور پرتاثیر کلمات تھے۔ اور اب کو افصح الفصحاء اور ابلغ البلغاء سے حرف برابری نہین کرنی پڑی بلکہ اونپر فوق لیجانا پڑا۔ اور

[1] لبید جو اون شعرے عظام مین سے تھا جنکی سبعہ معلقہ محراب کعبہ مین لٹکی ہوئی تھی صرف قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت کا قائل ہوکر ایمان لایا۔ اور کا قصیدہ ہے کہ لبید نے ایک بہت عمدہ قصیدہ کہکے کعبہ مین لٹکا دیا تھا۔ دوسرے روز صبح کو اوسنے دیکھا کہ چند آیات سورہ بقر کے اوس قصیدے کے برابر لٹکے ہوئے ہین۔ جو مین ان آیات کو اوسنے پڑھا بے ساختہ چلایا کہ خدا اور

جو کچھ آپؐ فرماتے تھے اوسکی فصاحت[۱] و بلاغت کو اپنی دعوی رسالت کی دلیل گردانا پڑا —
آپؐ کے پیشتر کے شعرا نے عاشقانہ اشعار بہت کہے تھے۔ چنانچہ انتر نے جسکے عشق کا حال
ایک بہت مشہور داستان مین لکھا ہی اور امراء القیس نے جسکو آنحضرتؐ نے پیشوائے شعرائے
عرب مگر جہنمی فرمایا ہے نہایت عالی اور آبدار مضامین عشقیہ نظم کیے اور شراب و
کباب اور معشوقان ماہ وش و سیمین تن کے تعریف مین فصاحت و بلاغت کے دریا بہا دیے۔
مگر آنحضرتؐ نے عاشقانہ مضامین نہین نظم کیے۔ نہ کوئی عاشقانہ غزل کہی۔ نہ اس دنیائے
فانی کے رنج و راحت۔ نہ عرب کی شمشیر آبدار و شتر بے مہار۔ نہ عرب کے رشک و حسد اور
خواہش انتقام۔ نہ کسی قوم و قبیلہ کے آبا و اجداد کی شجاعت و جوانمردی۔ نظم کی۔ نہ کوئی
ایسا مضمون فرمایا جس سے معلوم ہو کہ آپؐ کے نزدیک وجود بشر کی کوئی حقیقت ہی نہین ہی
اور انسان کے لیے فنا محض و مطلق ہے۔ الغرض آپؐ نے لوگون کو شعر و سخن نہین سکھایا
بلکہ اسلام سکھایا۔ اور کیونکر سکھایا کہ زمین و آسمان کو شق کر کے جنت و نار کو مجسم کر کے
دکھا دیا[۲]"

شعر و سخن اور اخلاقی مضامین مین بھی کوئی قوم مسلمانون پر گوئی سبقت نہین لیگئی
ہر قسم کے شعر مین۔ عاشقانہ۔ نصیحت آمیز۔ مرثیہ۔ نوحہ۔ قصیدہ۔ مثنوی وغیرہ مین
شعرائے اسلام کی تعداد کوئی نہین بیان کر سکتا کہ کتنے گذرے۔

اب رہا یہ الزام جو مسلمانون کو دیا گیا ہے کہ اونہون نے ڈرامایعنے ناٹک کی کچھ
قدر نہین کی سو اسکا سبب ظاہر ہے اور بعض مورخین یورپ نے وہ سبب لکھدیا ہی۔
عرب و عجم جو قصص و حکایات کہتے تھے اونکے نزدیک یہ کچھ ضرور نہ تھا کہ سارا قصہ

---

[۱] وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ

[۲] بقول تعالیٰ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ دروش صاحب کی تقریر اخبار کوار ٹرلی ریویو صفحہ ۲۰۷ مین

یا حکایت نظم ہی کردی جاے یعنی اشعار[1] ہی مین بیان کیجاے جب اونکو کسی چیز کی کیفیت بیان کرنا یا کوئی تشبیہ دینا یا کوئی تقریر لکھنا منظور ہوتا تھا تو اوسکو نظم کرتے تھے مگر جب وقایع نگاری منظور ہوتی تھی تو واقعات کو ٹھیک ٹھیک اپنے خیال سے نثر مین بیان کرتے تھے چنانچہ اغانی مین اکثر قصے اسی طور سے بیان کیے ہین کہ نظم و نثر ملی ہوئی ہے۔

تاریخ نویسی مین بھی مسلمانون نے اپنی ذہانت و طباعی کا نمونہ خوب دیا ہے کردی ہے۔ حاجی خلیفہ کے کشف الظنون اول اسلام کی ہر وقت تاریخ کا بہت کی قاطع و برہان ساطع ہے۔ بلکہ علم تواریخ کے ایک شعبہ مین تو مسلمانون کو علی العموم عرب کو اختراع کا دعوی کرنا جایز ہے شاید تاریخ کا فن خواہ وسط صدی کی شستہ تک یورپ مین کوئی نہ جانتا تھا یا کوئی قدر نہ کرتا تھا مسلمانون کو جب معلوم تھا جب اونکو اکثر مقتضاے احادیث اپنے پیغمبر کے آداب و اخلاق اور واقعات تاریخ کے باب مین ملے تو اس سے علم الرجال پیدا ہوا[2] جس سے علم جسمین روایات کے ثقہ یا غیر ثقہ ممدوح یا مطرود ہونے سے بحث کیجاتی ہے۔

پس مسلمانون نے ایسے ایسے کارنمایان عقل کے وسیع میدان مین کیے۔ اور یہ سب اختراعات علمی صرف ایک ظلم دیدہ و ستم رسیدہ شخص کے مواعظ و نصایح کی برکت سے ہوئی جسنے ناخدا ترس دشمنون کے ظلم و بیداد سے ہجرت اختیار کی تھی اور جسکی آواز اونکو وحشت و جہالت کی خندق سے نکالکر جسمین وہ صدہا برس سے

[1] اس سے ہماری مراد وہ مرثیے اور نوحے نہین ہین جنمین معرکہ کربلا کے حالات نظم کیے جاتے ہین ۱۲ المؤلف

[2] سب سے بڑا عالم علم الرجال ابو علی حسین قرا سبی بغدادی المکنی بابن خلکان تھا۔ علم الرجال کو عربی مین علم الجرح والتعدیل بھی کہتے ہین ۱۲ المؤلف [3] ڈی سلین صاحب کا دیباچہ ترجمہ تاریخ ابن خلکان صفحہ ۷۔ ملاحظہ ہو ۱۲

پڑے ہوئے تھے اور دنیا و آخرت کی اسید و بیم کچھ نہ رکھتے تھے دنیا مین لے آئے اور جب وہ دنیا مین آئے تو بنی اسرائیل کیطرح ہزارہا بندگان خدا کو تہ تیغ بیدریغ نہین کیا بلکہ بنی آدم کو محاسن اخلاق اور محامد آداب اور تہذیب و شائستگی سکھاکر آدمی بنادیا - اور مظلوم و مقہور اور مصیبت زدہ بندگان خدا کو حیات تازہ بخشی - جب یورپ کے جاہل اور وحشی قومین ایک سلطنت[1] کہنہ و پارینہ کو تخت و تاراج کرکے ظلمت جہالت اور تیرہ ضلالت مین آوارہ و سرگردان پھر رہی تھین اوسوقت مسلمان ہی دنیا مین تہذیب و شائستگی پھیلا رہے تھے[2] - اور جب یورپ کے ممالک عیسائی مین صدہا برس سے اخلاق اور عقل پر اوس پڑگئی تھی اوسوقت مسلمان ہی ترقی علوم عقلیہ مین مقدمۃ الجیش بنے تھے - فسانۂ عجائب مین ایک سرزمین کی حکایت لکھی ہے کہ اوسپر تاریکی چار طرف سے چھائی ہوئی تھی اور شیاطین واحنہ کسیکو جانے نہ دیتے تھے - یہ سرزمین محض خیالی نہین ہے بلکہ ایک زمانہ مین یورپ کا بعینہٖ یہی حال تھا - دین مسیحی قیصران روم کی تخت سلطنت پر جگیا تھا مگر بنی آدم کو مہذب و شائستہ بنانے کے کام مین بالکل ناشاد و نامراد رہا تھا - چوتھی صدی عیسوی سے بارھوین صدی عیسوی تک یورپ مین ظلمت جہالت روز بروز بڑھتی ہی گئی - اور اس عرصۂ دراز مین اہل کلیسا نے تمام مجاری و منافذ کو جنمین سے نور علم مسلمانون کی تہذیب و شائستگی کی برکت سے پہونچ جاتا بند کردیا تھا - گو متعصبین و حسادنے اسلام کے زور کو بہت روکا مگر وہ کب رُک سکتا تھا - اسلام کی دم جان بخش سے یورپ کے قالب مردہ مین پھر جان آگئی - جہان دیکھو وہان اسلام ہی اسلام تھا - اسلام کی آواز سارے یورپ مین

[1] یعنی سلطنت رومۃ الکبریٰ ۱۲ - ترجم [2] ڈریپر صاحب کی تاریخ ترقی علوم عقلیہ یورپ جلد ۱ - صفحہ ۲۰۰ - ملاحظہ ہو

گونج گئی اور جزیرۂ صقلاب کے بادشاہان نارمن کے دربار سے شہنشاہ فرڈرک ثانی کے دربار سے۔ صوبۂ اندلس سے قیصران[1] قسطنطنیہ کی تاریک محلسراؤں سے۔ غرض ہر مقام سے اسلام نے یورپ کے سرگشتگان وادی جہالت سے کلام کر رہا تھا۔ جو لڑائیاں بادشاہان خاندان گوتف و خاندان گیلائن مین ہوئین اور جو مجادلہ و مطارحہ قسطنطنیہ کے فرقۂ بت شکن اور پیشوایان کلیسائی مسیحی سے ہوا اونسے قدرے قلیل کیفیت اوس جنگ عظیم کی ظاہر ہوگئی جو مذہب معقول پسند اور دین آبائی مین اور اسلام کی تہذیب و شائستگی اور یورپ کی جہالت و ضلالت مین اور موحدین اسلام اور مشلثین نصاریٰ مین ہو رہی تھی۔ سکرنیو۔ بغداد دمشق۔ غرناطہ۔ قرطبہ۔ ملاغہ۔ ایسے ایسے نامی و گرامی دار العلم اسلام کے تھے۔ جہان مسلمانون نے کلیات فلسفہ نظری اور مسائل حکمت عملی جہال یورپ کو سکھائے۔ یہانتک کہ خود پاپایان روم کہ خلفاء حضرت مسیح ۱۲ اور قسیم جنت و نار سمجھے جاتے تھے دار العلوم اسلامیہ مین حاضر ہوکر علماے اسلام کے درس مین سماعت کرتے تھے۔

سب سے پہلے جو مذہب معقول پسند یورپ مین پیدا ہوا تو اوس صوبہ مین پیدا ہوا جسپر اسلام کی تہذیب و شائستگی کا اثر کماحقہ ہو چکا تھا۔ مگر افسوس ہے اسلام کے اس گل سرسبد کو اہل کلیسا نے آگ سے جلاکر اور تلوار سے کاٹکر دنیا کی ترقی کو سیکڑون برس پیچھے ہٹا دیا اور بنی آدم مین ترقی معکوس یا رجعت قہقری کی کیفیت پیدا کردی لیکن عقلی آزادی کے اصول جو مسلمانون کے دلپر نقش تھے یورپ کے عیسائیون کے دل پر بھی اثر

[1] انسے خاندان اساریں کے قیصران روم مراد ہین جو اسلام کی طرف میلان و رجحان رکھتے تھے ڈریپر صاحب کی تاریخ ترقی علوم عقلیہ یورپ جلد ۲ صفحہ ۴۰۹ ملاحظہ ہو۔ ۱۲ مؤلف۔

کر چکے تھے - ابو العاص جو ایک عورت حلوسہ نامی پر دل وجان سے عاشق تھا ابو الرشد اندلسی کا لوہا مان گیا تھا اور ابو الرشد وہ حکیم فلسفی تھا جس سے نور علم ساطع ہو کر تمام اطراف واکناف یورپ مین پہونچ گیا - ابو العاص اوسیکا شاگرد تھا جسنے یورپ مین عقلی آزادی کے لیے کوشش بلیغ کی اور اوسکے بعد جو حکیم ہوے اونہون نے بھی اس کار خیر مین بہت بذل جہد کیا - ابو العاص اور ابو الرشد وہ فلاسفہ سلف تھے جو اعاظم حکماے خلف یعنے وسقار طوس اور ہاب اور لاک کے مقدمۃ الجیش بنے -

ابو العاص اور اوسکے فلسفہ کی تاثیر اہل انگلستان پر بہت جلد ہوے - جان وکلیف[۵۱] کی نجتہ مغزی اور آزاد منشی عقلیین سلف کی مردانہ خیالات سے پیدا ہوے تھے - اوسکے بعد جو مصلحان دین مسیحی جرمنی مین گذرے اونکے اعتقادات کی اصل و ماخذ ایک طرف قسطنطنیہ کے مجاہدین بت شکن تھے اور دوسری طرف فرقہ البجنسز اور پیروان وکلیف اور تابعان گولف تھے - لہذا اون مصلحان جرمنی مین بھی اسلام کے خیالات کوٹ کوٹ کر بھرے ہوے تھے گو اونکا اظہار ایشیاے پیرایہ مین نہین ہوا یورپ کے پیرایہ مین ہوا - لیوتھر بانی مذہب پراٹسٹنٹ نے جسکو عالم صاحب مورخ نے بجا فرمایا ہے کہ اس شخص کو ایک قسم کا جنون تھا اسلام کے احسانات کا انکار قطعی کیا ہے اور اپنے ترجمہ قرآن مجید مین شارع اسلام کی نسبت سخت کلمات لکھے ہین - مگر اسمین کون شک کر سکتا ہے کہ لیوتھر کے دل پر قرآن نے تاثیر کی تھی - علی ہذا القیاس ملانکتھن اور اور مصلحان جرمنی آنحضرتؐ کے احکام کو

---

[۵۱] جن صاحبون کو میرے اس قول مین شک ہو وہ گوٹہ صاحب کی تاریخ صفحہ ۲۰۲ - ملاحظہ کرین ۱۲ مؤلف [۵۲] یہ ایک بہت بڑا مصلح دین مسیحی انگلستان مین گذرا ہے ۱۲ - مؤلف [۵۳] ہالم صاحب کی تاریخ ازمنہ وسطیٰ

ہو جانتے اور دل سے مانتے تھے۔

اب ہم پھر اوسی بحث کو شروع کرتے ہین جسکو پہلے چھیڑے تھے اور عرض کرتے ہین کہ ایک زمانہ یورپ مین یقیناً ایسا گذرا ہے جبکہ اوس ملک کے عیسائی قومین علم کو بالکل ناچیز جانتے تھین اور اہل علم کی ایذا رسانی کرتی تھین جبکہ خود خلیفہ[1] حضرت مسیح ؑ عقلی آزادی کا ابتدا ہے مین گلا گھونٹ کر اس مصرع کا مصداق بنگیا تھا۔ ؎ چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی + جبکہ خود علماے دین یعنے قسیسین جہال پر تقدیم کرکے ہزار ہا بیگنا ہون کو صرف اسوجہ سے زندہ جلا دیتے تھے کہ شاید اونکی عقل نے خطا کی تہی یا وہ اس مہمل و مزخرف مسئلہ کا اعتقاد نہ رکھتے تھے کہ پادری کی دعا کی برکت سے نان و شراب مقلوب الماہیت ہوکر حضرت مسیح ؑ کا گوشت اور خون حقیقۃً ہو جاتا ہے لا مجازاً و استعارۃً۔ جبکہ یورپ کے عیسائی قومین دیو اور پری کا عیب چھاڑ رہی تھین اور اولیاء مسیحی کے لباس کہنہ اور استخوان خاک آلودہ کو اوصاف الٰہی سے متصف کرکے اونکی پرستش کر رہی تھین اوس زمانہ مین علم و سر سلاطین اسلام کے زیر حمایت جاری تہا اور اوسکی عظمت اور قدر و منزلت اسقدر کیجاتی تہی کہ سلف مین کبھی نہ ہوئی تہی۔ خلفاء اسلام خود تہذیب و شائستگی کی ترقی مین مصروف ہوئی اور عقلی آزادی اور عقلی تحقیق و تفتیش جسکو خود شارع اسلام نے اپنی امت پر واجب کر دیا تھا اوسکے شایع کرنے مین خود مدد دیتے تھے۔ لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ اس آیہ والی ہدایہ پر پورا پورا عمل کیا جاتا تھا۔ یعنے دین مین کسی پر ظلم و جبر نہ کیا جاتا تھا۔ ان پادشاہان اسلام کا

[1] یعنے پوپ ۱۲۔ مترجم۔

ملکی کردار جو رہا ہو سو رہا ہو مگر اوسنسے زیادہ دنیا مین کسی بادشاہ نے عدل و انصاف نہین کیا نہ اوسنسے زیادہ کسی بادشاہ نے تمام مذاہب و ادیان کو پوری مذہبی آزادی بخشی - مسلمانون نے اپنی ساری عمرین علم طبیعیات کو ترقی دینے مین بسر کردین اور یہی علم ہر قوم کی عقلی آزادی کا جوہر اعظم ہے -

بنی آدم پر تین بلائین بڑی عظیم نازل ہوئی ہین جو اونکی ترقی عقلی مین سخت حارج ہوئی ہین بلکہ ترقی معکوس کا باعث ہوئی ہین - پہلی بلا تو اونپر یہ نازل ہوئی کہ عجم یونان مین ناکام ہوے یعنی شیر شاہ نے یونانیون سے شکست فاش کھائی - دوسری بلا یہ تہی کہ آٹھوین صدی عیسوی مین مسلمانون نے قسطنطنیہ کا محاصرہ کیا مگر کامیاب نہ ہوے - اور تیسری بلا یہ نازل ہوئی کہ مسلمانون سے جنکا سپہ سالار عبد الرحمن فہری تھا اور عیسائیون سے جنکا سردار چارلس مارٹل سیراکوٹیین تھا مقام ٹورس مین جنگ عظیم ہوئی اور مسلمان ناکام رہے -

انمین سے ہر ایک واقعہ تہذیب و شائستگی نشو و نما مین حارج اور ترقی کا مانع ہوا - اسواسطے کہ اگر اہل عجم یونان کو اپنی سلطنت مین ملا لینے مین کامیاب ہوتے تو یونانیون کی ذہانت و طباعی کا اثر بہت زیادہ ہوتا اور بڑی بڑی دور پہونچ جاتا نہ یہ کہ یونان کے چھوٹے چھوٹے ریاستون مین محدود و محصور رہتا جو

سلہ گو نبوصاحب کی تاریخ صفحہ ۲۶ - ملاحظہ ہو - اس باب مین دو حدیثین بہت مشہور ہین اور اب زرہ کے لکھنے کے قابل ہین اور معقول پسند لوگون مین ضرب المثل ہین - ایک حدیث مین آنحضرتؐ نے فرمایا ہو کہ "روشنائی قلم عالم کی بہتر اور پاکیزہ تر ہے خون شہید سے" اور دوسری حدیث مین فضائل عقل مین فرمایا ہو کہ "خداوند عالم نے عقل کو پیدا کیا اور وہ سب مخلوقات سے بہتر تہی - اور خدا نے اوس سے فرمایا کہ مین نے کوئی چیز تجھسے بہتر اور کامل تر اور حسین تر نہین پیدا کی ہو - تیری ہی برکت سے میرے بندے میری نعمتون کے مستحق ہونگے اور جیسا وہ تجھپر عمل کرینگے ویسی ہی پاداش اونسے کیجائیگی" کتاب استطرف باب ۲ مین یہ حدیث لکھی ہے اور مشکاۃ کتاب ۲۲ - باب ۱۰ فصل ۲ مین بھی ابوہریرہ سے منقول ہو کہ

ہمیشہ باہم برسر پرخاش رہتی تھین اور جنمین سے اکثر ریاستین ہندوستان اور انگلستان کی ذرا ذرا سی ریاستون سے بھی چھوٹی تھین - کیانیون کے عہد سلطنت مین فارسیون اور رومیون سے جو لڑائیان ہوئین اونمین فارسیون نے بڑی دور اندیشی ظاہر کی کہ جن ممالک کو فتح کیا اونکو ایک نوع کی آزادی اور خودسری بخشی - جس اصول پر وہ لڑتے تھے وہ مال غنیمت کے طمع اور تسخیر بلاد کی ہوس سے نہین پیدا ہوا تھا بلکہ وہ ایک عمدہ اور معقول حکمت عملی پر مبنی تھا جسکا مال ومفاد یہ تھا کہ ممالک مفتوحہ کو تاج بخشی کرکے اپنا شریک ورفیق بنالین[۱] - اگر فارس یونان کو اپنے ساتھ ہلا لینے مین کامیاب ہوتا تو جو نتیجہ اوس ترقی و عروج سے حاصل ہوا تھا جو یونانیون نے اسکندر ابن فیلقوس بادشاہ مقدونیہ کے عہد مین کیا تھا صدہا برس پیشتر حاصل ہو چکا ہوتا[۲] -

الغرض - مسلمان دو معرکون مین ناکام رہے - ایک محاصرۂ قسطنطنیہ مین دوسرے اوس لڑائی مین جو مقام ٹورس واقع فرانسیس مین ہوئی تھی - اور اونکی اس ناکامی کے باعث سے دنیا کی ترقی صدہا برس تک رک گئی - اگر ٹورس کی لڑائی مین عرب ایسی غفلت وسہلانگاری نہ کرتے اور اون وحشی فوجون کو بھگا دیتے جنکو ایک وحشی امیر[۳] نے جمع کرلیا تھا جسکی تکفیر بعد ازان خود پادریون نے

---

[۱] ڈریپر صاحب کی تاریخ ترقی علوم عقلیہ یورپ جلد ۱ - صفحہ ۱۲۵ و ۱۲۷ - ملاحظہ ہو ۱۲ مؤلف [۲] یونانیون کے ساتھ منصفانہ انصاف یہی ہے کہ یہ تسلیم کرلیا جاے کہ اونمین جو لوگ سب سے زیادہ لائق وفائق تھے وہ اس امر کے واقف تھے فائیوس اور تھسطاقلیس کو لوگون نے ناحق مکار اور دغاباز بنا دیا ہے کیونکہ فی الواقع وہ یونان کے دوست صادق تھے - اگر وہ یونان کو فارس سے ملحق کردینے مین کامیاب ہوتے تو آج یورپ اور ایشیا مین ایسا فرق عظیم ہرگز نہوتا - گروٹ صاحب کی تاریخ یونان جلد ۱۰ - صفحہ ۱۳۴ - ملاحظہ ہو ۱۲ - مؤلف [۳] یعنی چارلس مارٹل فرانس جسکی شجاعت وجوانمردی پر ناز کرکے عیسائیون نے اوسکو مارٹل یعنے ہتوڑہ خطاب دیا ہے ۱۲ - مترجم -

کی اور کہا کہ یہ ظالم ہمیشہ عذاب الیم مین مبتلا رہیگا تو سب سے بدتر اور تاریک تر زمانہ جاہلیت کے واقعات غم انگیز وعبرت خیز سے صفحۂ تاریخ سیاہ نہ کیا جاتا۔ اور تہذیب وشائستگی اور عقلی آزادی سات سے برس پیشتر ہی وقوع مین آچکی ہوتی اور آج اوس خونریزی اور قتل وقمع کا حال دیکھکر ہمارے بدن مین رعشہ نہ پڑجاتا جو خود خلیفۂ حضرت مسیح یعنے پاپائے روم کے اغوا سے فرقۂ البجنسیر پرانسیس مین ہوا تھا نہ فرقہ ہیوجناٹ کی خونریزی کا حال دیکھکر ہمارے رونگٹے کھڑے ہوجاتے جسکی تہنیت اور شکریہ خود پاپائے روم نے ادا کیا تھا اور ہمکو بُرونو اور سَروَنٹس کے حال عبرت مآل پر بھی حسرت وافسوس نہ کرنا پڑتا جنکو اون لوگون نے ناحق قتل کرڈالا تھا جو کلیسیائے اصلی سے منحرف دماغی ہوگئے تھے۔ بلکہ اگر جنگ لوٹرس مین عرب ناکام نہ ہوتے تو علاوہ ان سب ظلمون کے اور بہت سے ظلم جو اسنے بھی شدید وغلیظ تھے عیسائیون کے ہاتھ سے نہ ہونے پاتے۔ یعنے اسپین مین وہ دار القصاص نہ قائم ہوتا جسمین علمائے دین مسیحی نے ہزارہا بیگناہون کو صرف مخالفت دین کے جرم مین جلتا ہوا سیسہ پلوا پلوا کر اور سولی دے دیکر اور اور عقوبات کرکے مروا ڈالا۔ اور بیچارے غریب ومظلوم ارٹیک اور انکاس کیون ناحق قتل کیے جاتے۔ اور محاربۂ سی سالہ مین بندگان خدا پر صدہا آفتین اور مصیبتین کیون نازل ہوتین اور ان سب باتون سے بڑھکر یہ ہے کہ اسپین یعنے اندلس جو کسی زمانہ مین معدن علوم وفنون تھا صدہا برس کے جمع کی ہوئی دولت علم سے خالی ہوکر ایسا وحشت خیز اور بے رونق ملک کیون ہوجاتا۔ دنیا مین ایسا کون ہے جو اس نامور اور برگزیدہ قوم کے غم انگیز وعبرت خیز انجام پر خون کے آنسو نہین رویا

جسکو ایک ظالم وجابر بادشاہ اندلس نے غلبۂ نصرانیت اور عداوت اسلام سے
اوسکے وطن مالوف سے نکالدیا اور اوس ملک سے دور کردیا جسکو اوسنے خاک سے
پاک کرکے دنیا مین ایسا سرخرو اور نیکنام کردیا تھا۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے کہ
وہ بھی کیا بُری گھڑی تھی جب غرناطہ کی عالی شان بُرجون پر اسلام کے علم ہلالی
کو اُکھاڑ کر اوسکی جگہہ نشان صلیبی نصب کیا گیا۔ بڑے حسرت و افسوس کا مقام
ہے کہ کیسے کیسے نامی و گرامی لوگ اوس ملک مین گذرے جنکا اب کوئی نام لینے والا
بھی نہین باقی ہے۔ ابوالرشد و ابوالعاص اندلسی جنکو آبا فلسفہ یورپ بجا کہا
ہے اور ولیدہ خاتون و عائشہ خاتون جو قرطبہ کے بادشاہان بنی امیہ کے خاندان
کی شاہزادیان تھین اور جنکا حسن و جمال اور ہنر و کمال شہرۂ آفاق ہے۔
اب ان بزرگوارون کی روحین قصر الحمرا اور دیگر قصور سلطانی کے خرابون مین
بیٹھی رو رہی ہین کہ اب کوئی شاعر ہماری مدح سرائی نہین کرتا نہ کوئی عاشق
ہمارے عشق کا دم بھرتا ہے نہ کوئی عالم ہمارے علم و ہنر کو ظاہر کرتا ہے۔ اب
ان مقامات سے بعض اوقات تو مذاہب پر جھگڑا کرنے والون کے مہیب آوازین
آتی ہین اور بعض اوقات امور سیاست پر لڑنے والون کی ہولناک صدائین
سنائی دیتی ہین۔ عیسائیون نے اندلس کے مسلمانون کی اولاد اجداد کو جنگل
بیابان مین نکالدیا اور اوس سرسبز و شاداب ملک کے مادہ حیات کو بالکل
چوس لیا اور علوم عقلیہ اور فن اخلاق کا نام و نشان بھی اوسمین نہین
باقی رکھا۔ شعر بس نامور بزیر زمین دفن کردہ اند۔ کز ہستیش
نشان نماند در بسیط خاک ۔

اگر سیلم قسطنطنیہ کو فتح کرلیتا جو ملکہ ایرین کا دار السلطنت تھا اور یہ ملکہ

بڑے کٹے نصرانیہ اور بڑے پکے حامیۂ دین مسیحی اور بڑے بے رحم قاتلہ اپنے فرزند کے تھے تو غالباً وہ اعمال بد کبھی نہ وقوع مین آتے جنکا دھبہ عیسائی قیصران روم کے نام پر قیامت تک رہیگا - نہ وہ ہولناک نتائج پیدا ہوتے جو اس واقعہ سے پیدا ہوے کہ رومیون نے قسطنطنیہ کو تسخیر کر لیا - اور اس سب سے بڑھکر یہ ہے کہ وہ ناپاک لڑائیان نہ ہوتے پاتین جنکو عیسائیون نے غزوات صلیبی کی لقب سے ملقب کرکے پاک بنایا ہی اور جنمین اونہون نے ایشیائی قومون کا گلا گھونٹ ڈالنا چاہا تھا - خیر یہ تو جو ہوا سو ہوا - ایک امر یقینی ہے - وہ یہ ہی کہ اگر قسطنطنیہ مسلمانون کے ہاتھ لگ جاتا تو بت شکنی اور شرک کنی کی کوشش جو اونھون نے شروع کی تھی وہ بالکل رائیگان نہو جاتے اور کلیسای مسیحی یعنے دین مسیحی مین اصلاح لیوتھر سے صدہا برس پیشتر ہو چکے ہوتے - مگر مشیت ایزدی اور حکمت الٰہی مین کسکو دخل ہے بقول شخصیکہ جف القلم بما ھو کائن خدا ہی کو یہ منظور نہ ہوا - عقلی آزادی کی موج جو ممالک اسلامیہ سے چلے تو قیصران اسارینہ تک پہونچ گئے مگر جہل مرکب اور عقائد فاسدہ اور تعصب مذہبی کے پہاڑ سے ٹکرا کر وہین رہ گئے اور آگے نہ بڑھ سکے اور اوسکی تاثیر اوسوقت تک محسوس نہ ہوئی جبتک کہ سلیرنو اور قرطبہ کے حکماء اسلام کے مساعی جمیلہ سے اور ابو الرشد اندلسی کے فیض تعلیم سے اور شاید چند یونانیون کی حسن سعی سے بھی جو اوسی اسلام کے چشمۂ علم سے سیراب ہوے تھے کلیسا اور اہل کلیسا کا زور ٹوٹ نہین گیا اور اونکا عظمت و جبروت زائل نہین ہو گیا -

پس پڑ ظاہر ہے کہ اس زمانہ کی ساری تہذیب و شائستگی حکمت و فلسفہ اور علوم و فنون کا ماخذ اسلام ہے - بلکہ ہر چیز جو انسان کے دل و دماغ کو درست

اور عالی کر دیتے ہے اسلام ہی سے پیدا ہوئی ہے - اور اسلام ہی نے عقلی آزادی دنیا مین شایع کی ہے -

یہ قول بالکل صحیح ہے کہ جبتک اسلام اپنی اصلی کیفیت اور ابتدائی حالت پر باقی رہا اوسوقت تک اوسنے دنیا پر ثابت کر دیا کہ وہ بڑا سرگرم حافظ و حامی علوم و فنون کا اور ترقی دینے والا تہذیب و شائستگی کا اور رونق دینے والا عقلی آزادی کا عالم مین ہے - مگر جو مین خارجی اسباب اسلام مین مل گئے بس اوسیوقت سے اوسکی ترقی کا باب مسدود ہو گیا -

اس کتاب کے آخر مین ہم یہ امید ظاہر کرتے ہین کہ اب وہ زمانہ قریب آگیا ہے جب اسلام علوم قدیمہ اور بزرگان سلف کے عامیانہ پرستش کو بفاد کریمہ انا وجدنا اٰبائنا واناعلےٰ اٰثارھم لمقتدون ترک کر کے اپنی ہیئت اصلی اور کیفیت واقعی پر عود کریگا اور نبی ناصری کے دین سے اتفاق و اتحاد پیدا کر کے دونون بالاشتراک بنی آدم کی تہذیب و شائستگی کی فکر و کوشش کرین گے کیونکہ دین اسلام اور دین مسیحی دونون کا مقصد ایک ہی ہے یعنی بنی آدم کو ترقی و عروج بخشنا - پس ایک کا فائدہ بعینہ دوسرے کا فائدہ ہے - پھر ان دونون کو باہم نفاق رکھنے کی کیا وجہ ہے - دونون مین موافقت و موالفت کیون نہو جاے - نہ اسلام نے دنیا مین کوئی برائی کی ہے نہ دین مسیحی نے کوئی نقصان پہونچایا ہے - بلکہ دونون نے فوائد عظیمہ و منافع جلیلہ بنی آدم کو پہونچائے ہین - پھر یہ دونون اوس آب حیات سے جو انکے دلمین مخزن ہے ایک چمکتا دمکتا لہراتا ہوا دریا کیون نہ بنالین جو بنی آدم کو اعلی درجہ کے فضائل و کمالات انسانی تک پہونچا دے - اسواسطے کہ جو چیز انسان کے دل کو پاک

تاریخ دکن - مطبوعہ مطبع جعفری -	۴ر
مجالس المومنین از قاضی نوراللہ شوشتری -	۱۰ر
تاریخ وصاف جلد اول دوم سوم -	۱۰ر
نائہ دانشوران - طبع طہران	۱۰ر
نجوم السماء در احوال علما -	۶ر
قصص العلماء طبع عمدہ -	۳ر
رسائل اخوان الصفا فارسی -	۶ر
شرح گلشن راز -	۱ر
وصایائے خواجہ نظام الملک -	۵ر
اخلاق محسنی -	۴ر
ترجمہ رسالہ محقق طوسی در اداب تعلیم -	۳ر
اردو ترجمہ حیات القلوب ہر سہ جلد -	مع
ترجمہ جلد دہم بحار اردو در مصائب -	۳ر
استقصاء الافحام -	مع
بحر الغمہ ہر دو جلد -	للع
حدیقۃ الشیعہ فارسی -	للع
عین الحیات فارسی	۶ر
رسالہ رجعت -	۳ر
ہفت رسالہ اخوند مجلسی -	۴ر
برق خاطف در مناظرہ -	۱۲ر
رسالہ غیبت از غفرانماب -	۱۲ر
عبقات حدیث منزلت -	۳ر
جامع الاحکام در فقہ فریقین ہر دو جلد -	للع

منافع الابرار اردو -	۱۲ر
مکارم الاخلاق طبرسی چاپہ مصر -	۳ر
ترجمہ فارسی مکارم الاخلاق -	مع
صراط النجاۃ مشتمل بر چہار ہزار مسئلہ -	۴ر
منہج الیقین شرح وصیت امام جعفر صادقؑ	۶ر
فصول مہمہ فی معرفۃ الائمہ -	للع
استبصار شیخ طوسی در دو جلد -	۵ر
من لایحضرہ الفقیہ در دو جلد -	للع
خصال ابن بابویہ قمی -	۵
اکمال الدین - چاپہ طہران -	۵ر
احتجاج طبرسی قلمی -	۵ر
خرائج الجرائح -	۱۰ر
جواہر سنیہ در احادیث قدسیہ -	۱۰ر
نفحات الاسرار در علم رمل -	۱۰ر
نفائس الفنون در رمل -	۱۰ر
حرز الامان من فتن الزمان -	۶ر
خلاصۃ الکشف در رمل کہ باب قلمی -	۱۰ر
بحر الغرائب و بر حاشیہ منتخب النجوم -	۱۰ر

جو صاحب کتب بالا کی خریداری فرمائیں بذریعہ تحریر مطلع کریں فوری تعمیل ہوگی المشتہر - مرزا محمد علی مالک مطبع جعفری ساکن محلہ نخاس جدید لکھنؤ ڈاکخانہ منصور نگر -

کتب خانہ

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔